باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

198

نومبر 2022ء ربیع الثانی 1444 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

سلمان سلیم

مورخہ 30 دسمبر 2022ء بروز جمعۃ المبارک

شیخ الوظائف کی سکھر آمد

بمقام: لب مہران پارک

بعد نماز جمعہ 1:30 بجے

مزید تفصیلات صفحہ نمبر 48

جنات کا پیدائشی دوست

جناتی دنیا کا صدیوں سے آزمودہ

"چھٹا" لاہوتی نقش!

دسمبر 2022ء میں شائع کیا جائیگا

200 مہینوں کا نچوڑ! انتظار کیجئے!

خاص شمارہ

عبقری جنوری 2023ء

مزید تفصیلات صفحہ نمبر 63

شیخ الوظائف کی کوئٹہ آمد

10 مارچ 2023ء

بروز جمعۃ المبارک دوپہر 2 بجے

روحانی محفل دم اور شفائیہ دعا

مزید تفصیلات صفحہ نمبر 34

شیخ الوظائف کی کراچی آمد

5 مارچ 2023ء

بروز اتوار صبح 10 بجے ہوگی

مزید تفصیلات صفحہ نمبر 64

- پتھر دل کو پگھلانا چاہتے ہیں تو اس دعا کا اہتمام کیجئے
- پہلوانی خوراک صرف چند ٹکوں میں، پڑھیں ضرور!
- بچوں کیلئے ایسی غذائیں جو بڑھاپے میں بھی ساتھ نبھائیں
- سر کے بالوں سے پاؤں کے ناخنوں تک بیوٹی پاؤڈر
- جنات کی قاتلانہ دھمکیاں، حملے مقابلہ اور میری جیت
- دوسری شادی کے خواہش مند یہ دم کروا لیجئے!
- دس منٹ کے عمل سے کاروبار کو چار چاند لگ گئے
- آنت کا کینسر پتے میں پتھری یا جوڑ درد! چند قطرے علاج
- بے اولادی اور امتحانات میں ناکامی! دونوں ختم
- عبقری نے ذلت سے نکال کر عزت کے تاج پہنا دیئے
- ککھ سے لکھ پتی بننے کیلئے آیئے طلسماتی دنیا کی سیر کیجئے
- عبقری حویلی میں ہونے والے مشکل کشاء اعمال تفصیلات صفحہ 52 پڑھنا ہرگز نہ بھولیں

اسم اعظم کا روحانی دم اور شفائیہ دعا: 6 نومبر 2022ء بروز اتوار بعد از نماز فجر تسبیح خانہ لاہور میں۔ شفائیہ دعا، آن لائن دم، انفرادی دم، حلقہ کشف المحجوب، مراقبہ اور شفائیہ دعا

★ماہنامہ عبقری ★عبقری ویب چینل ★روزنامہ عبقری کرائم پوسٹ

ubqari · ubqariofficial1 · ubqari

UbqariTasbeehKhana · www.ubqari.org · +92 332 755 2382, +92 321 434 3500

قیمت فی شمارہ 50 روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (القرآن)

بیاد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب رحمۃ اللہ علیہ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی رحمۃ اللہ علیہ

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی۔ایچ۔ڈی امریکہ)

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان ☆ فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

نومبر 2022ء

شمارہ نمبر 05 جلد نمبر 17 نومبر 2022ء ربیع الثانی 1444 ہجری

قیمت فی شمارہ 50/- روپے سالانہ ممبر شپ (بمع ڈاک خرچ) 1260 روپے بیرون ملک سالانہ 64US$

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

نوٹ: شیخ الوظائف کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جا سکے

ایڈیٹر آپ کا شکر گزار! ایڈیٹر کی کتابیں رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب، رسائل، جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔ عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

گوگل میپ پر لکھیں Ubqari Dawakhana

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

اللہ نے مسلمانوں کی کامیابی کا ذمہ لیا ہے

فرمانِ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ: صبر کا دامن پکڑلو'یاد رکھو صبر دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک اعلیٰ اور ایک ادنیٰ۔ مصیبتوں میں صبر کرنا اچھا ہے لیکن ان امور سے بچنا جن سے اللہ نے روکا ہے'اعلیٰ صبر ہے۔ یہ بھی یاد رہے صبر ایمان کا ستون ہے۔ اس لئے کہ خوفِ خدا سب سے افضل بھلائی ہے اور خوفِ خدا صبر ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ ☆ اپنے مُردوں کو بیری کے پتوں سے غسل دیا کرو۔ ☆ سب سے بڑا ہوش مند وہ ہے جس کا زادِراہ خوفِ خدا ہو۔ ☆ قرآن کی تعلیمات کو سمجھو کیونکہ وہ علم کا سرچشمہ اور دلوں کی بہار ہے۔ ☆ اللہ نے مسلمانوں کی کامیابی کا ذمہ لیا ہے'وہ اپنے ذمے سے پھرنے والا نہیں۔ وہ اسلام کو پوری طرح سربلند کرے گا۔

ایڈیٹر کے قلم سے جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا — حالِ دل

ایک جنازے کا آنکھوں دیکھا حال

خوش قسمت جنازہ کون سا؟

ایک جاننے والے فوت ہوگئے'ایک بیٹا باہر تھا باقی اولاد اِدھر اُدھر تھی'کسمپرسی میں موت آئی۔ جنازے میں ایک بڑے کی بات یاد آئی خوش قسمت جنازہ وہ ہے جس میں دو لوگ شامل ہوں' ایک وہ جن کا وضو ہو اور دوسرا وہ جن کو جنازہ آتا ہو'اور اس سے زیادہ خوش قسمت جنازہ وہ ہوگا جو باوضو بھی ہو اور انہیں جنازہ بھی آتا ہے ورنہ تو جنازہ میں بے وضو ہوتے ہیں اور لوگوں کو جنازہ عموماً نہیں آتا۔

بے وضو فرض نماز

میں آپ کو ایک چھوٹا سا واقعہ سناتا ہوں'لاہور کی بات ہے میں اچانک ایک صاحب کے ہاں حاضر ہوا'اس سے پہلے انہیں اطلاع نہیں تھی۔ ہاں! یہ وعدہ ضرور تھا کہ اگر کبھی گزرا تو آپ کے گھر دعا کرتا جاؤں گا۔ وہ وقت مغرب کا تھا جب میں نے ان کا دروازہ کھٹکھٹایا تو مغرب کی اذانیں شروع ہوگئیں'قریب مسجد نہیں تھی'میرے آنے کی اطلاع گھر میں پہنچی'ہلچل مچی۔ میں نے فوراً عرض کیا کہ جائے نمازیں لے آئیں ہم اپنی جماعت کروالیں'ہم تین افراد تھے اور ہمارا وضو تھا لیکن میری حیرت کی انتہا نہ رہی'گھر کے مرد حضرات نے چادریں بچھا کر ہمارے ساتھ جماعت سے نماز پڑھی'اب میں کیا گمان کروں۔ انہیں پہلے سے ہماری خبر تھی کشف کے ذریعے یا سیٹلائٹ کے ذریعے کہ وہ باوضو تھے'لیکن حقائق بتارہے تھے وہ بے وضو فرض مغرب کی نماز میں کھڑے ہوگئے۔ جنازہ کے لیے بے وضو کھڑا ہونا تو عمومی بات ہے۔

جنازہ پر گھروالوں کے قہقہے'کھانا اور چائے

میں حالات دیکھ رہا تھا اور مجھے حیرت ہورہی تھی کہ ان کے جنازہ میں چہرے'حلیے اور انداز بتارہے تھے کہ وہ لوگ ہیں جن کو وضو سے سروکار نہیں جو صرف رسمی جنازہ کے لیے آئے ہیں اور رسماً ان کی حاضری ہے۔ کوئی بھی نہیں جانتا کہ ان کی اس حاضری میں وہ اللہ کو حاضر ناظر جان کر جنازہ پڑھ رہے ہیں یا سیاسی جنازہ۔ بالکل یہی حال اسی جنازہ کا تھا بس جنازہ سمیٹا اور اس کے بعد اس سے بھی حیرت انگیز منظر دیکھا وہ دفنانے کے لیے لے گئے اور گھر والے قہقہے لگا کر چائے' کھانا' پینا اور ذائقہ کے لوازمات۔

باپ کی لاش کمرے میں اور باہر ڈانس پارٹی

لاہور میں ایک میرے دوست ہیں وہ بالکل مفت ثواب سمجھ کر میت نہلاتے ہیں۔ مجھے کہنے لگے: لاہور کی مالداروں کی ایک سوسائٹی سے انہیں رات کے کسی پہر فون آیا کہ آپ نے میت کو نہلانا ہے'میں جب پوچھتے پوچھتے وہاں پہنچا جس گھر کا مجھے پتہ بتایا گیا تھا تو اس گھر میں جھنڈیاں لگی ہوئی تھیں'اونچی آواز میں میوزک چل رہا تھا'لڑکیاں اور لڑکے ناچ رہے تھے۔ مجھے مغالطہ ہوا کہ یہ میت والا گھر نہیں۔ میں نے فون کیا تو مجھے کہا گیا یہی گھر ہے۔ ایک خاتون بہت زیادہ ڈھلتی عمر کی باہر آئیں جنہوں نے مختصر لباس پہنا ہوا تھا۔ کہنے لگی ہاں میت ہمارے گھر ہے۔ میں نے ہچکچاتے ہوئے کہا کہ مجھے لے چلیں۔ بہت بڑا بنگلہ'اندر اس کے سرونٹ کوارٹر'جب میں اوپر پہنچا تو دیکھا کہ ایک بوڑھا سو رہا ہے لیکن وہ تو میت نہیں ہے'میں نے کہا یہ تو زندہ ہے'کہا: اسی لیے بلایا ہے یہ مرنے والا ہے' اس کو لے جاؤ میرے گھر میں میرے بچے کی سالگرہ ہے اور میں اپنے فنکشن کو خراب نہیں کرنا چاہتی۔ میں نے کہا یہ تو مرا نہیں'اس مائی کی غراتی ہوئی خطرناک آواز آئی'خبردار یہاں بیٹھو جب تک مرے نہیں اس کے ساتھ رہو'اگر تم یہاں سے گئے میں پولیس کو فون کروں گی تم ڈاکو تھے'میرے گھر آئے تھے اور میں اپنے شوہر کا قتل تمہارے اوپر ڈال دوں گی۔

بیٹا بڑے ہوکر کیا بنو گے! آدمی یا انسان؟

مجبوراً میں بیٹھ گیا اور کلام الٰہی پڑھنے لگا شاید اس کی روح اٹکی ہوئی تھی اور وہ صاحب مرے' میں نے اس کی میت کو بہت مشکل سے نیچے اتارا اور ایمبولینس پہلے سے آئی ہوئی تھی اور ہم ایمبولینس میں لے کر گئے۔ گھر کا کوئی فرد ہمارے پیچھے نہیں آیا' گھر میں ناچ گانا ویسے چل رہا تھا اور کسی کو علم نہیں تھا یہ وہ شخص تھا جس نے یہ گھر کیسے بنایا تھا؟ اور اس نے پہلے دن اپنے بچے کو یہ سبق پڑھایا تھا کہ بیٹا بڑے ہوکر کیا بنو گے؟ ہر ماں باپ اپنی اولاد سے کہتے ہیں کہ بڑے ہوکر کیا بنو گے؟ بڑے ہوکر بڑا بننا کوئی عیب نہیں' بڑے ہوکر پائلٹ ڈاکٹر انجینئر بننا کوئی عیب نہیں لیکن انسان بننا ضروری ہے۔ آدمی سارے ہوتے ہیں انسان کوئی کوئی ہوتا ہے کہ بیٹا بڑے ہوکر کیا بنو گے کہ میں انسان بنوں گا اور بڑا بھی بنوں گا۔ یہ سبق کسی ماں باپ نے نہیں دیا۔ انسان انبیاء کرام علیہ الصلوٰۃ والسلام آکر بناتے تھے' آدمی تو بہت ہوتے تھے کہ ہمیں انسان بننا ہے جب انسانیت اندر آتی ہے تو پھر جذبے بیدار ہوتے ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جب کوئی بچہ شرارت کررہا ہو' آپ اسے یہ نہیں کہتے کہ آدمی بن بلکہ انسان بن۔ یا کوئی شخص آپ کو ناگوار گزر رہا ہو آپ اس کو آدمی نہیں کہتے بلکہ انسان بننا کہتے ہیں۔

اپنی اولاد کو بڑا آدمی ضرور بنائیں مگر پہلے انسان

میری درخواست ہے کہ اپنی اولاد کو بڑا آدمی ضرور بنائیں لیکن پہلے انسان بنائیں' یہی زندگی میں آپ کو پوچھیں گے' یہی موت کے بعد بھی پوچھیں گے۔ کیا خیال ہے میرا مشورہ غلط ہے یا درست؟ آپ کے معاشرے میں ایسے پھیلے ہوئے بے شمار واقعات ہوں گے اور ہیں جن واقعات کے اندر سبق ہے کہ نسلوں کو بڑا تو بنایا اور پہلے دن یہ سبق دیا کہ بڑے ہوکر کیا بنو گے اور یہ سبق نہ دیا کہ انسان بھی بنو گے۔

موجودہ واقعات جو کہ بے شمار ہیں میں نے جو آپ کو بتائے ان واقعات میں سب کچھ تھا لیکن انسان نہیں تھا اس انسان کی کمی نے ایسے واقعات رونما ہونے میں مدد لی۔

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

(حصہ نہم)

کالا جادو کرنے والے عامل نے ساڑھ ستی کے راز فاش کر دیئے

بغداد کی بابرکت سرزمین پر شیخ الوظائف نے ساڑھ ستی کے راز کھول دیئے!

کالا جادو، بندش، سفلی عمل جب اپنی انتہا پر پہنچ جاتا ہے، وہ ساڑھ ستی کہلاتا ہے اور یہ بعض اوقات نسل در نسل بندش کی شکل میں چلتا ہے اور زندگی کا ہر نظام تنگ، مشکلات، مسائل، ناکامیاں پریشانیاں مقدر بن جاتی ہیں۔ آئیے! خود اور اپنی نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے شیخ الوظائف سے یہ راز جانیے، سمجھیے، ان پر عمل کیجئے اور پرسکون زندگی گزاریئے!

(گذشتہ سے پیوستہ) لاہور کے کالے جادوگر (جواب توبہ کر چکا ہے) نے حیرت انگیز انکشافات کیے۔ اس نے بتایا کہ کالا جادو کرنے والے عاملین اپنے جادو کو طاقت دینے کے لئے جو پیشاب کرتے ہیں، اسی پیشاب سے اپنے ہاتھوں کو دھوتے ہیں کیونکہ جتنا زیادہ ناپاکی کو اختیار کریں گے اتنا ہی زیادہ ان کا جادو طاقتور ہوگا۔ ناپاکی ہی ان کے جادو کی اصل بنیاد ہے۔ اس کے برعکس اگر وہ پاک صاف رہنا شروع کر دیں تو اس سے ان کے جادو کرنے کی طاقت کمزور ہو جائے گی۔

ساڑھ ستی کا عمل خطرناک کیوں ہوتا ہے؟

ایک بہت بڑے کالے جادوگر کے عامل نے مجھے یہاں تک بتایا کہ میں اپنے کالے جادو کے وار سخت اور خطرناک بنانے کے لئے مختلف لوگوں سے پہاڑی علاقوں میں خنزیر کا شکار کرواتا تھا اور اس کا گوشت فریج میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے محفوظ کر لیتا تھا اور پھر اس خنزیر کے محفوظ کیے ہوئے گوشت کو وقتاً فوقتاً کھاتا رہتا، مزید حرام پرندوں کا گوشت مثلاً کوے کا گوشت بھی مرغوب غذا تھی، اس کے علاوہ ہر وہ چیز کھاتا تھا جو اسلام میں حرام ہے۔ کالے جادوگر نے مزید بتایا کہ بکری یا کسی اور جانور کو جب ذبح کیا جاتا تو جانور کی گردن کے جس حصہ پر چھری پھیری جاتی اور جہاں سے تازہ خون نکلتا تھا میں وہاں اپنا منہ لگا لیتا اور وہ ابلتا ہوا ناپاک خون پیتا جاتا تھا۔ اس کے بعد باقی بچا ہوا خون اپنے پورے بدن پر ملتے ہوئے کالے منتر پڑھتا تھا جس سے میرا کالا جادو مزید طاقتور ہو جاتا تھا۔

عملیات میں "سات" کے عدد کی اہمیت

کالا جادوگر جس نے توبہ کر لی تھی وہ اپنے بھید بتا رہا تھا اور میں حیران کن نظروں سے اس کی طرف دیکھ رہا تھا، وہ مزید بولا: ساڑھ ستی کا عمل کرنے والے سات ناپاک جانوروں کا گوشت کھاتے ہیں اور ان کا خون پیتے ہیں جس سے ساڑھ ستی کا عمل مضبوط اور طاقتور ہوتا ہے۔ عملیات کی دنیا میں سات کی تعداد کو بہت خاص اہمیت حاصل ہے، سات کنوؤں کا پانی ہی میرے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاج کے لئے آیا تھا۔ آج بھی جادو کے علاج کے لئے سات نلکوں کا پانی اور سات کنوؤں کا پانی استعمال کیا جاتا ہے۔

میرا زندگی میں ایسے کئی لوگوں سے واسطہ پڑا جو سات حرام کاموں کو اپنے پاس جمع کرتے تھے اور اپنے کالے علم کو اس فعل کے ذریعے تقویت پہنچاتے تھے۔ کالا جادو کرنے والے یہ لوگ سات ناپاک جانوروں کے پاخانے کو جمع کرتے ہیں، ان پاخانوں کو خشک کر کے اس کی باریک نسوار بنا کر اپنی ناک میں ڈالتے ہیں اور اس کے بعد پھر اپنے سخت کالے جادو سے لوگوں کی زندگیاں اجاڑ کر رکھ دیتے ہیں۔

رحمٰن کی راہیں اور شیطان کی راہیں

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ "ہر وقت باوضو رہنے والے شخص کا رزق بڑھ جائے گا اور ہر وقت باوضو رہنے والے کو اللہ تعالیٰ غیبی رزق اور غیبی دولت عطا فرمائے گا"۔ تمام انبیاءؑ اہل بیتؓ، صحابہ کرامؓ اور اولیائے کرامؒ کی زندگی سے ہمیں یہی سبق ملتا ہے کہ جو لوگ اپنی زندگی میں ہر وقت پاکیزگی کو اختیار کرتے ہیں اور باوضو رہنے کی کوشش کرتے ہیں، وہ کالے جادو، ساڑھ ستی اور ایسی بہت سی بلاؤں، مصیبتوں اور ناگہانی آفات سے محفوظ رہتے ہیں۔ اللہ جل شانہ نے ہمیں پاکیزگی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے جس میں بہت سی خیریں اور برکات ہیں۔

قریب تھا وہ شخص رحمٰن کی راہیں چھوڑ دیتا

اب میں واپس اپنی بات کی طرف آتا ہوں۔ میرا اب اصل ٹارگٹ مائی حنیفاں تھی۔ اسلام نے ایسے ظالم کو چھوڑنے کے لئے کوئی رعایت نہیں رکھی ہے کیونکہ ایسے لوگوں کے لئے اسلام میں یہاں تک حکم ہے کہ "اگر ایسے ظالم کو چھوڑ دیا تو پھر تم نے دین کے ساتھ ظلم کیا"۔ اب آخر کار ان دو بھائیوں کے درمیان معاہدہ ہو گیا اور چھوٹے بھائی کو جائیداد میں اس کا حصہ اور حق مل گیا۔ وہ بہت زیادہ خوش تھا کہ مجھے میرا جائز حصہ مل گیا ہے۔ میں نے محسوس کیا وہ چھوٹا بھائی کام ہو جانے کے بعد اس معاملے میں ڈھیلا پڑ گیا ہے اور قریب تھا کہ وہ شخص تسبیح خانہ آنا جانا بھی چھوڑ دیتا، رحمٰن کی وہ راہیں بھی، وہ وظیفہ بھی جو میں نے اس کو بتایا تھا جس سے اس کے مسائل حل ہوئے۔ میں نے اس شخص کو نصیحت کی کہ تمہیں جو وظیفہ پڑھنے کے لئے دیا گیا ہے اسے ہرگز نہ چھوڑنا۔

میری زندگی کا بارہا تجربہ ہے کہ جس شخص کا کام ہو جاتا ہے، وہ مسنون اعمال اور روحانی دنیا سے اکثر دور ہو جاتا ہے۔ اسی ضمن میں ایک واقعہ یاد آیا۔ ایک دن میں اپنے بچوں کے ساتھ کہیں جا رہا تھا تو میری نظر ایک ایسے شخص پر پڑی جس کی بیٹی پر شیطانی جنات نے بہت بری طرح قبضہ کیا ہوا تھا اور وہ شیطانی جنات ان کی بیٹی کو مختلف برے طریقوں سے تنگ کرتے تھے۔ جب وہ ان مسائل سے پریشان اور بدحال ہو کر تسبیح خانہ آئے تو انہیں کچھ روحانی اعمال اور وظائف دیئے جن کی برکت سے ان کی بیٹی کو شیطانی جنات سے نجات مل گئی۔ (جاری ہے)

خود کو اور نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے عبقری سوشل میڈیا پر موجود شیخ الوظائف کی ویڈیوز دیکھنا ہرگز نہ بھولیں! ویڈیو دیکھنے کے لیے عبقری یوٹیوب چینل پر جا کر "sarh satti" لکھیں۔

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے

خطباتِ عبقری کا مطالعہ کریں

محفل سننے سے تمام الجھنیں سلجھ گئیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ایک مرتبہ یوٹیوب پر ویڈیوز دیکھ رہا تھا تو اچانک عبقری کا پیج سامنے آ گیا، میں نے اس میں تسبیح خانہ میں ہونے والی ہر جمعرات کی محفل سنی۔ میں نے اسی وقت پیج کو سبسکرائب کر لیا، بس روزانہ محفل سنتا اور انوکھا سکون پاتا۔ میری زندگی میں بہت سی پریشانیاں اور الجھنیں تھیں۔ ہر طرف سے مشکل حالات اور پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا۔ جب سے آپ کی محفل سننا شروع کی ہے میرے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے اور میری مشکلیں آسان ہو گئی ہیں۔ پھر مہینے میں ایک مرتبہ پشاور سے لاہور تسبیح خانہ میں آ کر نوچندی جمعرات کی محفل سنتا، اسم اعظم کی دعا میں شامل ہوتا، الحمدللہ! میری تمام پریشانیاں، مشکلات دور ہو چکی ہیں۔ (سید ثاقب علی، پشاور)

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

نام حضرت عمرؓ کے فوائد و کمالات صدیوں سے آزمودہ، آج بھی اتنے ہی مؤثر، صرف چند واقعات ملاحظہ فرمائیں!

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو عمر ثانی کا لقب کیسے ملا

خلفائے راشدینؓ کے بعد سے لے کر آج تک دنیا میں مختلف مسلم حکمران آئے اور چلے گئے لیکن ان سب میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ ایک ایسی ہستی ہیں کہ جنہیں ان کے عدل و انصاف کی وجہ سے عمرؓ ثانی بھی کہا جاتا ہے۔ یہ منصفانہ صفات' باکمال صلاحیتیں اور اپنے دور اقتدار میں عدل کی مثال قائم کرنے کی توفیق انہیں کیسے نصیب ہوئی' یہ بھی ایک راز ہے۔ ایک مرتبہ کسی بزرگ نے خواب میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سے پوچھا کہ آپ سے پہلے اور بعد بہت حکمران آئے لیکن صرف آپ کے دورِ خلافت کو خلفائے راشدین کے دور سے تشبیہ دی جاتی ہے یہ مقام آپ کو کیسے ملا؟ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا کہ جب میں نے حکومت کا عہدہ سنبھالا تو اس وقت کے نیک اور متقی بزرگ شخص نے مجھے نصیحت فرمائی کہ اگر اللہ کی زمین پر عدل اور انصاف قائم کرنا چاہتے ہو تو کبھی بھی اپنی دعاؤں اور اعمال میں حضرت عمرؓ کا حصہ رکھنا مت بھولنا، حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو سورۃ اخلاص پڑھ کر ہدیہ دیتے رہنا۔ اللہ تعالیٰ تمہارے زمانے میں حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت کی یاد تازہ کردیں گے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا میرے دل پر یہ نصیحت نقش ہوچکی تھی۔ میں ہمیشہ رات کی تنہائیوں میں جب اللہ سے راز و نیاز کرتا اس وقت سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر خلیفہ ثانی امیرالمومنین حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کر کے ان کی خاص توجہات لیتا اور اکثر ایسا ہوتا کہ حکومتی امور میں حضرت عمرؓ خوابوں کے ذریعے میری راہنمائی فرماتے۔ یہی وجہ تھی کہ انسان تو انسان' درندے بھی میرے اقتدار حدود سے تجاوز نہ کرتے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو حضرت عمرؓ سے عشق اور محبت تھی، اس لئے ان کے ساتھ حضرت فاروق اعظم عمر بن خطابؓ کی توجہات تھیں جو حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے سورۃ اخلاص کے ہدیے اور دعاؤں کے ذریعے لیں تھیں۔ (مسعود احمد' راولپنڈی)

ظالم کے ظلم کو روکنا ہو تو نام عمرؓ کی ڈھال لے لیں

افسر کا تلخ رویہ اور نوکری چھن جانے کا خوف

میں جس جگہ نوکری کرتا ہوں وہاں پر مجھ سے عہدے میں ایک سینئر افسر میرے کاموں میں مختلف طریقوں سے رکاوٹیں کھڑی کرتے اور آئے دن میرے لئے کسی نہ کسی پریشانی کا سبب بن جاتے۔ اگر میں متعلقہ ذمہ داران کو ان کی شکایت کرنے کی کوشش کرتا تو وہ مجھ پر کاموں کا ایسا بوجھ ڈال دیتے کہ مجھے کچھ کرنے اور سوچنے کی فرصت ہی نہ ملتی۔ میں انہی کاموں میں الجھ کر رہ جاتا اور نوکری چھن جانے کے خوف سے سہم جاتا۔ ایک دن میں اسی پریشانی کی حالت میں بیٹھا تھا کہ مجھے اچانک اپنی والدہ کا آزمودہ عمل یاد آیا۔ میں نے وہ عمل کرنا شروع کردیا۔ ایک ہفتہ مسلسل یہ عمل کرنے کے بعد میرے سینئر افسر کے مزاج میں میرے لیے کچھ لچک پیدا ہوئی۔ میرا اس عمل پر یقین بڑھتا گیا اور میں نے اس عمل کو صبح و شام کرنا شروع کردیا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ نے مجھے ایسے سرفرازی عطا فرمائی ہے کہ میں خود دنگ رہ جاتا ہوں۔ اس شخص پر میرا ایسا رعب طاری ہو جاتا ہے کہ جب بھی اس سے میرا سامنا ہوتا ہے تو وہ مجھ پر اپنے عہدے کا رعب نہیں ڈالتا ہے بلکہ میرے سامنے خاموشی اختیار کرلیتا ہے اور رکاوٹ پیدا کرنے کی بجائے اب سہولت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اب مجھے کوئی بھی مسئلہ ہو تو یہی عمل کرتا ہوں جس سے میری مشکل آسان اور پریشانی ختم ہوجاتی ہے۔ عمل یہ ہے: دو نفل حاجت کے پڑھیں اور ایک تسبیح سورۃ اخلاص کی پڑھ کر حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کردیں۔ (محمد جمیل الرحمٰن، کراچی)

شادی کے بعد بیٹے کا انداز بدل گیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرا ایک ہی بیٹا تھا۔ میں نے اپنے مشکل حالات کے باوجود اسے اعلیٰ تعلیم دلوائی اور پھر اسی تعلیم کی بدولت اسے اچھا روزگار بھی مل گیا۔ جب وہ شادی کی عمر کو پہنچا تو میں نے اپنے بیٹے کی بہت ارمانوں کے ساتھ شادی کی۔ میری کوئی بیٹی نہ تھی اور میں نے اپنی بہو کو ہی بیٹی والا پیار دیا۔ لیکن کچھ ہی ماہ گزرے تھے کہ میرے بیٹے کا رویہ بدل گیا۔ میری بے ادبی کرنا اور میرے سامنے اونچی آواز میں تلخ جملے کہنا' اس کے اس رویے سے میرا کلیجہ چھلنی ہوگیا۔ بہو کو اگر کوئی کام کہتی تو وہ میرے بیٹے کے سامنے رونا شروع کردیتی کہ آپ کی والدہ مجھ پر ظلم کرتی ہیں۔ بہو میرے بیٹے کو اپنے انداز سے چیزیں بتاتی تھی جس کی وجہ سے وہ بدگمان ہوگیا۔ میں نے عبقری رسالہ میں حضرت عمرؓ کے نقش کے بارے میں پڑھا کہ اس نقش میں حاجات لکھیں' آپ کی مرادیں پوری ہوں گی۔ میں نے جولائی 2022 کا عبقری رسالہ خریدا اور نقش عمرؓ میں دی گئی جگہ پر اپنی حاجات لکھنا شروع کیں، بس حاجات لکھنے کی دیر تھی کہ میری بہو کا رویہ ٹھیک ہونا شروع ہوگیا اور بیٹے کو بھی اللہ نے ہدایت دی۔ اب بیٹا میرا ادب کرتا ہے اور معافیاں بھی مانگتا ہے کہ میں نے آپ کا دل دکھایا۔ بہو کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے میرے بیٹے کو بھی گمراہ کرنا چھوڑ دیا۔ (مسز مدثر، لاہور)

70 حاجات کا تعویذ اور ہر ماہ کا خاص عمل

70 حاجات کا تعویذ جولائی 2022 کے رسالہ میں شائع ہوا۔ لاکھوں لوگوں نے اس تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں اور مرادیں پائیں۔ اگر آپ نے ابھی تک یہ تعویذ کا عمل نہیں کیا تو آج ہی قریبی بک سٹال یا عبقری ایجنسی ہولڈر سے جولائی کا رسالہ طلب فرمائیں اور تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں۔

11 خالی خانوں کا خاص عمل: یکم محرم صبح دس بجے عبقری سوشل میڈیا پر لائیو پروگرام میں شیخ الوظائف نے اس تعویذ کا خاص عمل عطا فرمایا۔ اس تعویذ میں کل 70 خانے ہیں، 11 خانے ایسے ہیں جن کے سامنے کوئی حاجت نہیں لکھی گئی وہ خالی ہیں۔ ہر ماہ چاند کی پہلی تاریخ کو دن میں کسی بھی وقت ایک خانے میں اپنی وہ تین حاجات لکھیں جو ناممکن ہوں۔ جیسے خانہ نمبر 1 میں یکم صفر کو اپنی حاجتیں لکھیں۔ خانہ نمبر 2 میں ربیع الاول کو۔ خانہ نمبر 3 میں ربیع الثانی کو۔ خانہ 9 میں جمادی الاول کو۔ خانہ 10 میں جمادی الثانی کو۔ خانہ 16 میں رجب کو۔ خانہ 17 میں شعبان کو۔ خانہ 22 میں رمضان کو۔ خانہ 38 میں شوال کو۔ خانہ 46 میں ذی القعد کو۔ خانہ 51 میں ذی الحج کو۔

نوٹ: اگر آپ تک یہ تعویذ تاخیر سے پہنچا ہے اور خانہ پُر کرنے کا وقت گزر چکا ہے تو پریشان نہ ہوں۔ شیخ الوظائف کی طرف سے خصوصی اجازت ہے۔ پورا سال جب چاہیں تعویذ پُر کرسکتے ہیں۔ جتنے چاہیں اتنے تعویذ لے کر پُر کرسکتے ہیں۔ جتنے زیادہ تعویذ پُر کریں گے اتنی جلد مرادیں پوری ہوں گی۔ 70 حاجات کے تعویذ سے جو فوائد حاصل ہوں، ہمیں لکھ کر ضرور بھیجیں صدقہ جاریہ ہے۔

اس نقش میں عملیات کی ایسی مقبول آخری طاقت اور تاثیر ہے کہ اپنی جن جائز حاجات کے لئے بھی یہ نقش لکھیں گے ان شاء اللہ پوری ہوں گی مایوس نہیں ہوں گے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

بچوں کیلئے ایسی غذائیں جو بڑھاپے میں بھی ساتھ نبھائیں

بچپن کا ابتدائی مرحلہ بچوں کی تربیت کے لحاظ سے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جس میں اردگرد کا ماحول مثلاً گھر، والدین، خاندان اور رشتے دار بچے پر گہرے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اس لیے والدین کو بہتر حکمت عملی اپناتے ہوئے بچوں کے سامنے اچھی اور مناسب بات کہنی چاہیے اور فضول گفتگو سے اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ والدین بطور نمونہ ان کے پہلے استاد ہوتے ہیں۔ والدین خصوصاً ماں بچوں سے گفتگو کے دوران (توتلی) زبان میں بولنا شروع کر دیتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچے درست الفاظ ادا نہیں کر پاتے اور غلط تلفظ ان کے ذہن پر نقش ہو جاتے ہیں۔ اس سے ان کا اندازِ گفتگو متاثر ہوتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بچوں کو بچپن سے ہی درست تلفظ کے ساتھ اچھے انداز سے الفاظ کی ادائیگی سکھائیں۔

تربیت کا آغاز بچپن سے ہی شروع کریں

اکثر والدین اپنے بچوں کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو بچپن میں نظر انداز کر دیتے ہیں۔ جب یہ بچے بلوغت کی عمر تک پہنچتے ہیں تو ان کی غلطیاں مزید پختہ ہو جاتی ہیں۔ کھانے کے وقت بچوں کو ٹی وی یا کسی بھی قسم کی ڈیوائس نہ دیکھنے دیں۔ اگر توجہ کہیں اور ہوگی تو کھانے سے جو توانائی بچے کو حاصل ہونی چاہیے وہ پوری طرح اسے حاصل نہیں ہوگی جس سے بچہ کچھ ہی دیر بعد بے چینی کا شکار ہو جائے گا۔ اگر آپ چاہتی ہیں کہ آپ کے بچے صحت مند اور توانا زندگی گزاریں تو ان کی متوازن روٹین کے لیے آپ کو چند ماہ محبت اور سختی سے کام لینا پڑے گا۔ ایک دو ماہ کی محنت کے بعد ہی بچوں کی روٹین بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔ رات کو جلدی کھانا کھائیں گے اور جلدی سوئیں گے تو ایک دو ماہ میں ہی خود جلدی اُٹھنے کی ترتیب بن جائے گی۔ بچوں کا طرز زندگی جتنی چھوٹی عمر میں پختہ ہو جائے گا اتنی ہی آپ کی اور آپ کے بچوں کی ذہنی، روحانی اور جسمانی زندگی پرسکون رہے گی۔ گھر میں آنے جانے کے اوقات کار مقرر ہونے چاہیے اور اس پر پہلے خود عمل کریں پھر نصیحت کریں۔ رات کا کھانا ہر حال میں ایک ساتھ کھائیں اور بچوں سے سارے دن کی روداد سنیں۔ اس سے بچوں اور آپ کے درمیان اعتماد کی فضا پیدا ہوگی۔

بچوں کے لئے اچھے رول ماڈل بنیں

اگر گھر میں والدین آپس میں محبت سے رہتے ہوں، ایک دوسرے کو عزت و احترام دیتے ہوں۔ چیخنے چلانے اور برے الفاظ سے ایک دوسرے کو نہ پکارتے ہوں بلکہ ''آپ جناب'' جیسے الفاظ سے ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہوں، رشتہ داروں کو اچھے الفاظ کے ساتھ یاد کرتے ہوں، ان کے ساتھ خیر خواہی و ہمدردی اور صلہ رحمی کی کوشش کرتے ہوں، وعدہ خلافی اور جھوٹ سے اجتناب کرتے ہوں۔ صفائی ستھرائی، نفاست اور سلیقہ مندی والدین کے ہر کام میں موجود ہو تو بچہ ان خوبیوں اور صفات کو گھر میں دیکھ کر خود ہی سیکھ کر تربیت یافتہ بن جائے گا۔ جب گھر کے ماحول میں یہ اقدار پائی جاتی ہوں اور بچہ شعور آنے کے ساتھ ہی اپنے گھر میں ان اقدار کا جب مشاہدہ کرتا ہے تو یقیناً یہ بچہ ان اقدار کو خود بخود اپنانے کی کوشش کرے گا۔ اس کو الگ سے تقریر اور نصیحت کرنے کی قطعاً زیادہ ضرورت نہیں پڑے گی۔ اس کے برعکس اگر یہ اقدار خود والدین کی زندگی اور گھر کے ماحول میں موجود نہ ہوں اور والدین یہ چاہیں کہ ان کے بچوں کی زندگی میں اچھی اقدار آجائیں تو یقیناً یہ کام بہت مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہوگا۔

بچوں کی عادات مت بگاڑیں

آج کل فاسٹ فوڈ کا دور ہے۔ ہر روز یا ہفتہ میں ایک سے زائد بار جنک فوڈ کھانے کے ایک نہیں بلکہ کئی اسباب ہوتے ہیں۔ جس سے بچے جنک فوڈ کے عادی ہو جاتے ہیں۔ مثلاً بچوں کو پلے ایریا، جھولے، کھلونے، ویڈیو گیمز، فری ہوم ڈلیوری کی سہولت اور ذائقہ' ہر چیز میں بظاہر کشش ہی نظر آتی ہے۔ مائیں خود بھی آرڈر دے کر مطمئن ہو جاتی ہیں کہ یہاں بچے صحت مندانہ ماحول میں کھیلتے ہوئے کھا پی بھی لیں گے اور یوں کھانا کھلانے کے لئے منتیں اور خوشامدیں کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اگر آپ کے بچے کو برگر بہت ہی پسند ہے تو کبھی کبھار مہینہ میں ایک بار منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے خود ہی گھر پر بغیر زیادہ مصالحوں کے برگر بنا کر دے سکتی ہیں بشرطیکہ بچے کو روزانہ ورزش کرنے پر سختی سے عمل کرائیں۔ والدین کو چاہیے کہ اپنے بچوں سے محبت کا ثبوت دیں۔ انہیں متوازن اور ہلکی غذاؤں کے استعمال کی ہدایت کریں اور سختی سے ورزش کرنے پر آمادہ کریں۔ بچے گھر کے کاموں میں ساتھ دیں تو اس سے موٹاپے کا شکار بچوں کا وزن کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ لیکن بے تکا اور بے وقت کھانا از روئے صحت بالکل بھی درست نہیں۔

بچوں کی صحت متاثر کیوں ہوتی ہے؟

اگر آپ اپنی پلیٹ میں تازہ سبزیوں کو بچالیتی ہیں اور صرف گوشت کھاتی ہیں تو بچے بھی ایسا ہی کرنا شروع کر دیں گے۔ اگر آپ بچے کے ساتھ بیٹھے کھانا کھا رہی ہیں تو آپ کی اخلاقی ذمہ داری میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے اور آپ کی پلیٹ میں بچائی ہوئی خوراک آپ کے طرز عمل کی چغلی کھالیتی ہے۔ ایسے ہی چند بار جب آپ اپنے بچے کے سامنے سبزی بچایا کریں گے تو آپ بچوں کو سبزی کھانے پر کیسے مائل کریں گے۔ اسی طرح آپ کی دیکھا دیکھی بچہ بھی اپنی بھوک مٹانے کے لئے اسنیکس اور جنک فوڈ کا استعمال شروع کر دیتا ہے' جس سے ان کی صحت بری طرح متاثر ہوتی ہے اور وہ کم عمری میں جسمانی کمزوری اور موٹاپے کا شکار ہونے لگتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ صحت مند اور صلاحیتوں والا ہو تو والدین بچوں کے سامنے خالص اور قدرتی غذاؤں کا زیادہ استعمال کریں اور انہیں ان کے فوائد سے آگاہ کریں تاکہ ان کی صحت کی بنیاد غیر معیاری بازاری غذاؤں کی بجائے خالص اور طاقتور غذاؤں سے ہو۔

بچوں کے سوکھے پن کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی جب پیدا ہوئی تو وہ جسمانی لحاظ سے بہت کمزور تھی اور پھر آہستہ آہستہ سوکھے پن کا شکار ہوگئی۔ ہم نے مختلف جگہ سے علاج کروایا مگر اسے افاقہ نہ ہوا اور یہ مرض دن بہ دن بڑھتا چلا گیا۔ میں بیٹی کے اس مرض کی وجہ سے بہت پریشانی کا شکار تھا۔ میری والدہ نے بیٹی کے اس مرض کے علاج کے لئے ایک ٹوٹکہ آزمایا۔ والدہ نے کچی زمین پر کچھ چنے رکھ دیئے اور اس جگہ پر بیٹی کو نہلایا۔ یہ عمل انہوں نے مسلسل 40 دن تک کیا۔ جیسے جیسے چنوں پر پودا لگتا گیا ویسے ویسے میری بیٹی صحت یاب ہوتی رہی۔ آخر کار 40 دن کے بعد بیٹی کی جسمانی کمزوری بالکل ختم ہوگئی اور وہ بالکل صحت یاب ہوگئی۔ (غلام رسول، رحیم یار خان)

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

گھر اجڑنے کے قریب تھا قرآن نے بچالیا

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! پچھلے چند سال سے میں انتہائی کشمکش' مشکلات اور آزمائشوں میں گھرا ہوا تھا۔ ایک مصیبت ابھی ختم ہونے کا نام نہیں لیتی تھی کہ دوسری شروع ہو جاتی تھی۔ ہر آنے والا دن مجھ پر سخت اور تنگ ہوتا جار ہا تھا۔ گھریلو لڑائی جھگڑے اور آپس کی ناچاقیوں نے جینا محال کر رکھا تھا' ذریعہ روزگار بھی دن بہ دن ضروریات زندگی کے لئے ناکافی ہوتا جارہا تھا۔ مجھے سمجھ نہ آرہی تھی کہ مجھ سے ایسی کون سی غلطی یا گناہ ہوا' کسی کا حق مارا یا پھر کسی کی آہ کی وجہ سے میں ان پریشانیوں کا شکار ہو چکا ہوں۔ آئے دن گھر میں کسی نہ کسی کا چھوٹی سی بات پر لڑائی جھگڑا شروع ہو جاتا تھا۔ میں جس جگہ نوکری کر رہا تھا' وہاں میرے کام کی نوعیت ایسی بنادی گئی کہ میرے لئے اپنی نوکری کو جاری رکھنا مشکل ہو گیا تھا۔ میں نے اپنا ذریعہ روزگار بدلنے کا فیصلہ کیا اور اسی وجہ سے اپنی نوکری چھوڑ کر ذاتی کاروبار کرنے کا فیصلہ کیا جس میں میرے والد صاحب نے میرے ساتھ بھر پور تعاون کیا۔ میرا یہ کاروبار شروع میں کامیاب رہا جس سے مجھے کچھ تسلی ہوئی کہ میرا مسئلہ شاید حل ہو جائے۔

کاروبار بھی زوال کا شکار ہو گیا

ابھی چند ماہ ہی گزرے تھے کہ میرا کاروبار بھی آہستہ آہستہ زوال کا شکار ہونا شروع ہو گیا۔ میں اپنے کاروبار میں ایسا مشغول ہو چکا تھا کہ بیوی بچوں کے لئے بھی وقت نہ نکال سکتا تھا مگر اس کے باوجود بھی سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہو رہا تھا۔ گھر کے حالات بھی مزید پستی اور مشکلات کی طرف جا رہے تھے۔ اپنے ان مسائل اور پریشانیوں کی وجہ سے میں ڈپریشن کا شکار ہو رہا تھا۔ مجھے اپنے ان مسائل سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آرہا تھا۔ مجھے یقین ہو چکا تھا کہ بس اب زندگی کے ایام انہی پریشانیوں میں گزریں گے۔ میں اپنے کاروبار کو چھوڑ کر کوئی اور کام بھی نہیں کر سکتا تھا کیونکہ میرے پاس جو کچھ سرمایہ بچا تھا وہ بھی کاروبار میں لگا چکا تھا۔ میں پوری طرح بے بس ہو چکا تھا۔

میں نے سوشل میڈیا سے دیکھ کر عبقری کے کچھ وظائف کرنا شروع کر دیئے۔ مگر مجھے وظائف سے بھی پوری طرح فائدہ نہ ہو رہا تھا جس کی بنیادی وجوہات وظائف میں مستقل مزاجی' توجہ اور دھیان کا نہ ہونا تھا۔

ایک طویل عرصہ کے بعد قرآن کھولا

ایک دن تسبیح خانہ میں ہونے والی شب جمعہ کی محفل سن رہا تھا' جس میں قرآن کے مضمون پر بات چل رہی تھی۔ اس محفل میں شیخ الوظائف نے فرمایا کہ جن گھروں میں قرآن کی تلاوت نہیں ہوتی وہ گھر ویران' مختلف مسائل اور پریشانیوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ باتیں سن کر مجھے یقین ہو گیا کہ میرے ساتھ جو مسائل چل رہے ہیں اس کی وجہ بھی قرآن سے دوری ہی ہے۔

محفل ختم ہونے کے بعد جب گھر پہنچا تو فوراً الماری سے قرآن کو اٹھایا اور اس کے غلاف پر لگی ہوئی گرد کو صاف کیا۔ میں نے اس دن کافی عرصہ کے بعد قرآن کو گھر میں کھولا اور تلاوت کی۔ دوران تلاوت میری آنکھوں سے مسلسل آنسو بہنا شروع ہو گئے۔ کچھ دیر تلاوت کرنے کے بعد میں نے شیخ الوظائف صاحب کی نصیحت کے مطابق قرآن سے معافی مانگی اور اللہ سے اپنے مسائل اور مشکلات ختم کروانے کے لئے سفارش کا بھی عرض کیا۔ میں نے قرآن پاک کا ایک نسخہ اپنی دکان میں رکھ لیا اور دن کے مختلف اوقات میں قرآن کو پڑھنا اور باتیں کرنا شروع کر دیا۔ میرے گھر سے لڑائی جھگڑے اور آپس کی ناچاقیاں آہستہ آہستہ ختم ہونا شروع ہو گئیں۔ اللہ نے قرآن کی سفارش کے صدقے دلوں میں وسعت پیدا کرنا شروع کر دی۔ لیکن اپنے کاروبار میں کچھ ایسا پھنس چکا تھا کہ نکلنا ناممکن نظر آرہا تھا۔ میں نے اپنے اس مسئلے کے لئے بھی قرآن کو اللہ کی بارگاہ میں سفارش کی درخواست کرنا شروع کر دی۔ یہ عمل کرتے ہوئے مجھے ابھی چند ہی ہفتے گزرے تھے کہ اللہ پاک نے غیب سے اسباب پیدا کیے میرا وہ کاروبار معقول پیسوں کے ساتھ کسی نے خرید لیا۔ اللہ نے مجھے اس کے متبادل بہترین روزگار عطا کیا جس سے میرا یہ مسئلہ بھی حل ہو گیا۔ اب میرا معمول بن چکا ہے کہ جب بھی کسی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہوتا ہوں تو قرآن سے باتیں کرتا ہوں' اپنا مسئلہ بیان کر کے قرآن سے عرض کرتا ہوں کہ اللہ کے آگے میری اس حاجت کی سفارش کر دے۔ اس عمل کے کرنے سے میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

ابن زیب بھکاری

اسلام اور رواداری

قسط نمبر 172

اسلام کا غیر مسلموں سے رواداری کا پیغام

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

غیر مسلم غرباء کو بغیر تاوان کے رہا کر دیا گیا

سلطان صلاح الدین ایوبی نے یروشلم کو فتح کرتے وقت بے شمار ایسے نقوش چھوڑے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اسلام میں غیر مسلموں سے حسن سلوک کی کس قدر اہمیت ہے۔ یروشلم کی فتح کے بعد شہر کے مسیحی منتظمین اور صلاح الدین ایوبیؒ کے درمیان معاہدہ ہوا کہ شہر کا ہر باسی معاہدے میں طے کی گئی رقم ادا کر کے آزادی سے کسی دوسرے مسیحی علاقے میں جا سکتا ہے۔ جو لوگ استطاعت رکھتے تھے وہ لوگ رقم ادا کر کے چلے گئے لیکن جو رقم ادا نہیں کر سکتے تھے ان میں سے ہزاروں لوگوں کا تاوان صلاح الدین ایوبیؒ نے خود ادا کیا اور بہت سے غرباء کو شہر کے سابق مسیحی حکمرانوں کی درخواست پر بغیر تاوان ادا کیے جانے دیا گیا۔

یہ کتابیں پڑھنا نہ بھولیں!

1 پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک۔ 2 امن اور عبقری۔ 3 اسلام اور رواداری۔ 4 غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اور ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں۔ کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔

ذرا ٹھہریئے! پرانی اشیاء ناکارہ نہیں

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے ادارہ عبقری کا شعبہ ''عبقری خدمت خلق'' لوگوں کی پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً استعمال شدہ کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے' اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے۔ یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے ''عبقری'' کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں' شکریہ! سامان بھیج کر اطلاع کیجئے: 0343-8710009

اپنی نقدی' سامان صرف دفتر عبقری ٹرسٹ پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں۔

ضدی سے ضدی اور کالے جادو، جنات کے اثرات ہیں اور ان سے نجات کے لئے در در بھٹکنے پر مجبور ہیں تو یہ نقش لکھ لیں جو اپنے نور سے ان کو جلا کر راکھ کر دے گا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

ڈپریشن کا زیادہ شکار آخر خواتین ہی کیوں؟

اس وقت دنیا میں ڈپریشن کا مرض عام ہو چکا ہے۔اس مرض میں پیدا ہونے والی نا امیدی کی شدید لہر انسان کو تباہ کن حد تک متاثر کرتی ہے۔نفسیاتی ماہرین کے مطابق ڈپریشن میں مبتلا افراد بے خوابی، توجہ کے فقدان، تھکن کے نہ ختم ہونے والے احساس، جذباتی نا آسودگی، چڑچڑاپن جیسے مسائل کی زد میں ہوتے ہیں۔نوجوانوں میں بالخصوص خواتین میں یہ مرض خطرناک حد تک بڑھ رہا ہے۔ماضی کے مقابلے میں اب ڈپریشن کی شدت میں کیوں اضافہ ہو رہا ہے؟ چند برس پہلے اس سوال کا جواب تلاش کرنا ذرا مشکل تھا۔لیکن اب بیشتر ماہرین اس کا سبب سماجی تبدیلیوں کو قرار دے رہے ہیں اور تیز رفتار انسانی زندگی بھی اس کی بڑی وجہ تصور کی جا رہی ہے۔دراصل گزشتہ تین دہائیوں میں دنیا بھر میں تیز رفتار تبدیلیاں آئی ہیں۔

سائنسی انقلاب کے انسانی ذہن پر اثرات

ایک سائنسی انقلاب سب کے سامنے ہے اور ان تبدیلیوں نے انسانی ذہن پر بھی اثرات مرتب کیے ہیں۔سماجی لحاظ سے مرد اور عورت کے کردار میں تبدیلی، خواتین کا بڑی تعداد میں ملازمت کرنا، آبادیوں کی منتقلی اور افراد کی نقل مکانی یا روزگار کی خاطر اپنے عزیز و اقارب سے دور رہنا اور اس طرح کی دیگر تبدیلیوں نے انسان کو متاثر کیا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ ڈپریشن کی علامت ظاہر ہوتے ہی اس پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے اور اس سلسلے میں باقاعدہ معالج سے رجوع کیا جانا چاہیے، اگرچہ ڈپریشن کا حملہ عارضی اور وقتی بھی ہو سکتا ہے لیکن اگر مستقل یاسیت اور اداسی انسان پر حاوی رہنے لگے، کوئی بھی کام اچھا نہ لگے یا کسی بھی کام میں دل نہ لگے اور اس کی شدت میں اضافہ ہوتا جائے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ آپ ڈپریشن کی طرف جا رہے ہیں۔

تعمیری سرگرمیاں اپنائیں

ڈپریشن سے بچاؤ اور نجات کے لیے ماہرین نے چند اہم باتوں پر خاصا زور دیا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ ڈپریشن سے نجات اور بچاؤ کے لئے ضروری ہے کہ تعمیری سرگرمیاں اپنائیں۔جمود، ٹھہراؤ اور غیر متحرک زندگی ڈپریشن کو پروان چڑھاتے ہیں جبکہ تخلیقی سرگرمیوں میں مصروفیت ڈپریشن کی دشمن ہے۔ایک نفسیاتی ماہر کا کہنا ہے کہ آپ کے اندر جس قدر زیادہ جمود ہوگا، آپ اسی قدر کسی بات پر عمل کرنے پر کم آمادہ ہوں گے۔اس لیے ضروری ہے کہ اپنے مسائل اور مشکلات کی صورت میں خود کو ٹھہراؤ کا شکار نہ رہنے دیں بلکہ خود کو مناسب آرام کے ساتھ مصروف عمل رکھیں۔

چھوٹی چھوٹی باتوں پر خوش ہونا سیکھیں

ڈپریشن میں مبتلا افراد وہ مشاغل چھوڑ دیتے ہیں جو ان کے لیے ذہنی سکون اور خوشی کا باعث ہوتے ہیں۔ایک معروف ریسرچ یونیورسٹی کے ماہر نفسیات کا کہنا ہے کہ بے تکلف دوستوں سے ملاقات ایک مثبت عمل ہے، کوئی نیا ہنر سیکھنا یا ونڈو شاپنگ بھی اسی زمرے میں آتے ہیں۔خوشی کے حصول کے لیے ضروری نہیں کہ کسی بڑی خوشی کا انتظار کیا جائے' چھوٹی چھوٹی باتوں پر خوش ہونا سیکھیں بلکہ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر آپ اداسی کا شکار ہیں تو پیروں کو مت پٹخیں، اندر ہی اندر خود کو نہ کوسیں اور نہ ہی دماغ کو کھولائیں بلکہ ہو سکے تو مسکرائیں، ایسی حالت میں یہ عمل مشکل ضرور ہے لیکن مسکرانا آپ کا موڈ خوشگوار بنا دے گا۔

گھر کا ماحول خوشگوار روشن رکھیں

ماحول انسان کے مزاج پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے، تنگ و تاریک کمرے اور ایسے گھر جہاں روشنی اور ہوا کا گزر کم ہوتا ہو وہاں کا ماحول ڈپریشن کو جنم دیتا ہے۔جبکہ روشن اور کشادہ ماحول انسان کو ذہنی طور پر فعال اور توانا رکھتا ہے۔جدید سائنس سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ روشنی مصنوعی ہو یا قدرتی ہر دو صورتوں میں انسان کے مزاج پر اثر انداز ہوتی ہے۔روشن ماحول خصوصی طور پر ایک خاص قسم کے موسمی ڈپریشن سے نجات دلاتا ہے۔ماہرین کہتے ہیں کہ اگر ارد گرد کا ماحول خوشگوار اور روشن ہو تو ذہن و دل پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں جبکہ بجھا بجھا اور تنگ و تاریک ماحول انسان کے اندر مایوسی، افسردگی اور چڑچڑاپن پیدا کرتا ہے۔

عزیز و اقارب کا دوستانہ اور ہمدردانہ رویہ

اس مرض میں گھر والوں کا تعاون اور دوستانہ رویہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ڈپریشن کے بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ اس مرض کے علاج میں ادویات شاید اتنے اچھے اثرات مرتب نہیں کرتیں جتنی گھر والوں اور دوستوں کی میٹھی اور اچھی باتیں اثر کرتی ہیں۔لہٰذا یہ بہت ضروری ہے کہ ایسے مریضوں کے ساتھ عزیز و اقارب کا رویہ دوستانہ اور ہمدردانہ ہو' خاص طور پر ڈپریشن سے متاثرہ خاتون کے شوہر کا اس ضمن میں بہت اہم کردار ہوتا ہے۔اس کے باوجود ایک بات یہ بھی یاد رکھیے کہ آپ ہی اپنے سب سے بڑے دوست اور سب سے بڑے دشمن ہو سکتے ہیں۔لہٰذا ڈپریشن سے نجات کے لیے آپ کو خود فیصلہ کرنا ہے اور آپ کا یہ عزم اور ارادہ جتنا مضبوط ہوگا آپ ڈپریشن کو اسی قدر جلد شکست دے سکیں گے۔

ورزش ایک صحت مند عمل ہے

سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ ڈپریشن کے مریضوں کے لیے چہل قدمی' جوگنگ' سائیکلنگ' تیراکی اس لیے بھی ضروری ہے کہ اس سے شکستہ اعتماد کو قوت ملتی ہے۔یہ ورزشیں بہتری اور متحرک زندگی کا احساس پیدا کرتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ انسان کو زندگی کے دیگر معمولات میں (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

جادو نے میری زندگی تباہ کردی اب میری بیٹی کی باری تھی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ آپ کا کیسے شکریہ ادا کروں، میری ساری زندگی روتے ہوئے گزر گئی۔میرے ساتھ بچپن سے جادو جنات کے عجیب واقعات رونما ہوتے رہے۔میں زندہ لاش بن چکی تھی۔میری ایک بیٹی جس کی عمر چار سال ہے، اس کے ساتھ بھی یہی معاملات ہونا شروع ہو گئے تھے۔اللہ سے رو رو کے دعائیں مانگتی تھی' میری دعا قبول ہو گئی ایک بک سٹال سے مجھے عبقری رسالہ ملا۔اس میں آستانہ منت مراد کے بارے میں پڑھا۔میں شوہر کی منت سماجت کر کے ہجویری محل آستانہ منت مراد آئی۔وہاں میں نے حزب البحر کے حاجتی بورڈ والا عمل' اصحاب کے ناموں کے بندش توڑ طلسم' جادو شکن رومال والا عمل کیا۔ان اعمال کے بعد مجھے اپنا جسم ہلکا محسوس ہوا جیسے جسم سے کوئی بہت بڑا بوجھ اتر گیا ہو۔شفائیہ فوارے کے پانی کے استعمال سے جادو جنات کے علاوہ جسمانی امراض سے بھی شفا مل گئی۔اپنی بیٹی کے فیڈر پر شفائیہ کور چڑھا کر اسے دودھ پلانا شروع کیا اور اس دن کے بعد جنات نے ہمیں کبھی تنگ نہیں کیا۔(ش،ا، ملتان)

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

آرام دہ اور پرسکون سردی گزاریئے

موسم بدلنے اور خاص طور پر سردیوں کی آمد کے وقت بچوں اور بڑوں میں کھانسی، نزلہ، زکام، بخار اور اسی طرح کی دوسری کیفیات ابھرنا شروع ہوجاتی ہیں اور لوگ بیمار پڑنا شروع ہوجاتے ہیں۔ پہلے کی نسبت آج کل ڈاکٹر ایک جملہ ضرور دہراتے ہیں ''آپ کی اس بیماری کی وجہ وائرس ہے یا یہ وائرل انفیکشن ہوگیا ہے۔''

ان طبی ماہرین کی رائے ضرور معلوم کیجئے مگر خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ ہم اور آپ جس فضا میں سانس لے رہے ہیں اس میں عین ممکن ہے کہ ہمارے طرز زندگی میں کچھ بداحتیاطیاں ایسی شامل ہوگئی ہیں جن کی وجہ سے یہ بیکٹیریل حملے ہوتے ہیں کیونکہ سائنسی ماہرین کے مطابق وائرس تو فضا اور ماحول میں بہرحال موجود ہوتے ہیں۔ بیماری اسی وقت حملہ آور ہوتی ہے جب ہمارا اعصابی نظام صحیح افعال انجام نہیں دے پاتا اور قوت مدافعت کمزور پڑنے لگتی ہے۔ کچھ ناقص غذاؤں سے بیکٹیریا جنم لیتے ہیں جس کا موسم کی شدتوں سے تعلق نہیں ہوتا۔ ایسے حالات میں اگر چند ہدایات پر عمل کرلیا جائے تو ان شاء اللہ موسم سرما میں آنے والی ان بیماریوں اور مسائل سے حفاظت رہے گی۔

متوازن خوراک اور بھرپور نیند آپ کے جسمانی افعال کی بحالی کے لیے ٹانک کا کام کرتی ہیں۔ موسم سرما آتے ہی روزمرہ خوراک میں سبزیوں سے لے کر پھلوں اور ان کی تیاری تک معمولات بدل جاتے ہیں۔ شہد کا استعمال شروع کردیں۔ نمک کے پانی کے غرارے معمول میں شامل کرلیں اور اگر ملٹی وٹامنز والی غذائیں استعمال کریں تو بہت ہی بہترین ہے۔ وٹامن سی اپنے اندر کرشماتی صلاحیتیں رکھتا ہے۔ یہ جراثیم کش بھی ہے اور متعدی امراض سے بچاؤ کی ایک تدبیر بھی ہے۔

وٹامن سی سے بھرپور غذائیں

قدرت کی مہربانی دیکھیے کہ اس موسم میں وہ دیگر میوہ جات کے ساتھ نارنگیوں، سنگتروں اور فروٹر کی شکل میں قدرتی وٹامن سی کی بہار لے آتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم صرف حلوؤں، مٹھائیوں یا گوشت کے پکوانوں ہی میں دلچسپی کا مظاہرہ نہ کریں بلکہ قدرتی مٹھاس والی خوراکوں کا استعمال کریں۔ اگر آپ نارنگیوں کو کھٹا پھل سمجھ کر چھوڑ رہے ہیں تو اس پھل کا متبادل بھی موجود ہے۔ کنوں، امرود اور مختلف چیزوں میں بھی وٹامن کی مقدار ہوتی ہے۔

خطرناک جراثیم اور وائرس سے حفاظت

سردیوں میں ادرک لہسن کا استعمال معمول سے کسی قدر بڑھا دینا چاہیے کیونکہ یہ بہترین جراثیم کش اور مدافعتی صلاحیتوں والی سبزیاں ہیں۔ لہسن کی تیار گولیاں بھی بازار میں دستیاب ہوتی ہیں تاہم اگر آپ تازہ لہسن استعمال کررہی ہیں تو ان گولیوں کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ اگر لہسن کی مخصوص مہک آپ کو ناگوار محسوس ہوتی ہے تو پودینہ کے چند پتوں کے استعمال سے اس مہک پر قابو بھی پایا جاسکتا ہے ورنہ تھوڑی دیر بعد دانت برش کیے جاسکتے ہیں۔ دوسری طرف یہ چونکانے والی خوش آئند تبدیلی آپ کے دل کے افعال سے لے کر ہاضمے تک ہوگی جس کے اثرات آپ بہت جلد محسوس کرلیں گے۔ ہر صبح باتھ مگ میں گرم پانی لے کر نمک ملائیں اور غرارے کرنا معمول بنالیں۔ نمک نہ استعمال کرسکیں تو بیکنگ پاؤڈر بھی یہی کام کرتا ہے۔ اس سے نہ صرف منہ کے جراثیم ختم ہوتے ہیں بلکہ یہ وائرس (متعدی امراض) ایسے جراثیم جو جاندار خلیوں کے ساتھ باآسانی پرورش پاکر آپ کو بیمار کرسکتے ہیں وہ منہ میں حلق کے آس پاس موجود ہوتے ہیں۔ نمک اور بیکنگ پاؤڈر میں ایسی خصوصیات موجود ہیں جو ان جراثیم کو ختم کرسکتے ہیں۔ اب یہ جواز نہیں دیا جاسکتا کہ بلند فشار کے مریضوں کے لیے نمک کے غرارے زہر کا کام کرتے ہیں۔ آپ نمک کے متبادل بیکنگ پاؤڈر بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

ادویات کے مضر اثرات کا بہترین حل

اگر موسم سرما میں ڈاکٹر آپ کو اینٹی بائیوٹکس تجویز کردیں اور آپ خرابی صحت کی وجہ سے ان ادویات کے استعمال کے پابند ہوجاتے ہیں تو اس موسم میں بھی دہی کا استعمال بڑھادیں۔ استعمال سے پہلے اسے فریج سے باہر نکال کر رکھیں۔ اس دہی میں شہد ملائیں اور کھالیں کیونکہ جراثیم سے لڑنے والی ادویات کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے بھی آپ کو صحت مند اور دوست بیکٹیریا کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ دہی کے استعمال سے قوت مدافعت بڑھتی ہے اور یہ تمام قسم کے برے اثرات یعنی بیماریوں سے لڑنے کی طاقت رکھتا ہے۔

خشکی کے مسئلے کا حل

ہاتھوں اور پیروں کی کھردری اور پھٹی ہوئی جلد تکلیف دہ ہوتی ہے۔ اس سے نجات کا طریقہ یہ ہے کہ نہانے سے پہلے بادام کے تیل کی مالش کرلیں۔ ناریل کا تیل بھی خشک اور پھٹی ہوئی جلد کے لیے مفید ہوتا ہے۔ نہانے کے لیے صابن ایسا استعمال کریں جس میں گلیسرین اور بیوٹی آئل شامل ہو۔ ایسے پانی سے نہائیں جو جسم کے درجہ حرارت کے مطابق ہو۔ بہت گرم پانی سے نہانے سے بھی جلد کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ پانی میں زیادہ دیر تک نہ رہیں۔ نہانے کے بعد موئسچرائزنگ لوشن اپنے چہرے، ہاتھوں اور پیروں پر مل لیا کریں۔ اگر آپ کی جلد بہت خشک ہے تو روزانہ نہانے سے گریز کریں۔ اپنے بالوں کا خاص دھیان رکھیں' کیونکہ سردی میں آپ کا سر خشک ہوسکتا ہے۔

سردی کے موسم سے لطف اندوز ہونا سیکھئے

اس موسم میں ہونٹوں کو بھی دیکھ بھال کی بہت ضرورت ہوتی ہے۔ ہونٹوں کو نرم رکھنے کے لیے چیپ اسٹک استعمال کریں۔ اس موسم کے لیے سر سے پاؤں تک کی مالش سے بہتر، آرام دہ اور سکون بخش اور کوئی چیز نہیں ہوتی۔ اس سے جسم کے اعضا کھل جاتے ہیں' ان کی ورزش ہوجاتی ہے اور وہ آرام محسوس کرنے لگتے ہیں۔ سردی کے لباس بھی ایسے ہونے چاہئیں جو نگاہوں کو بھلے دکھائی دیں۔ اپنے پورے جسم کو شال یا سوئیٹر وغیرہ سے نہ لپیٹیں بلکہ ایسے کپڑے استعمال کریں جو گرمی بھی پہنچائیں اور اچھے بھی معلوم ہوں۔ بہت سے لوگوں کا رجحان ہوتا ہے کہ سردیوں میں جیسے بھی گرم کپڑے ہوں بس پہن لیے جائیں تاکہ جسم کو گرمی ملتی رہے۔ لیکن یہ رجحان مناسب نہیں ہے۔ لباس کا اثر انسان کی شخصیت پر ہوتا ہے اور بے ڈھنگے لباس بھی انسان کے مزاج کو متاثر کرتے ہیں۔ کوٹ' واسکٹ یا گرم جرسی اور ایسے کپڑوں کا استعمال کرنا چاہیے جو سردی کی شدت کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ آپ تاکہ آپ موسم میں بھی دیدہ زیب دکھائی دیں۔ تازہ ہوا لیں، (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

ربیع الثانی! مرادوں سے جھولیاں بھرنے کے اعمال

ربیع الثانی اسلامی سال کا چوتھا مہینہ ہے جو کہ بڑی فضیلت اور برکتوں کا مہینہ ہے' اس مہینہ کو ربیع الآخر بھی کہا جاتا ہے۔ ربیع الثانی کے مہینے میں نوافل و وظائف کا اہتمام کرنا بہت ہی زیادہ ثواب ہے۔

وجہ تسمیہ: جب اس مہینے کا نام تجویز کیا گیا تھا تو اس وقت ربیع کے موسم کا آخری وقت تھا۔ یعنی موسم ربیع ختم ہو رہا تھا اس لیے اس کا نام ربیع الآخر رکھا گیا تھا۔ مگر ربیع الاول کی نسبت سے اس کا نام ربیع الثانی مشہور ہوگیا۔

اسی ماہ ربیع الآخر میں ہی حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا تھا۔

ماہ ربیع الثانی کے ماہ میں نوافل و عبادات ادا کرنے کا بہت زیادہ ثواب ہے۔ نوافل و عبادات کی تفصیل درج ذیل ہے تا کہ اہل ایمان ان پر عمل پیراں ہو کر اپنی دنیا و آخرت کو بہتر بنائے اور اپنی مشکلات کو اعمال کے ذریعے حل کروائیں۔

پہلی شب کے نوافل

علمائے کرام رحمہم اللہ کا قول ہے کہ جب ربیع الثانی کا چاند نظر آئے تو اس کی پہلی رات کو مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد آٹھ رکعت نفل دو دو رکعت کر کے اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کوثر تین بار اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون تین بار پڑھ کر سلام پھیرے۔ اسی طرح دوسری دو رکعت میں سورۂ الکافرون تین بار پڑھ کر سلام پھیرے۔

اس کے بعد آخری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار ہر رکعت میں پڑھ کر سلام پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان نوافل کے پڑھنے والے کو بے شمار نوافل کا ثواب حاصل ہوگا اور اس کے درجات بہت زیادہ بلند ہوں گے۔

ہزاروں گناہ معاف اور نیکیاں عطا ہوں گی

ماہ ربی الثانی کی پہلی تاریخ، پندرہویں (15) تاریخ اور انتیس (29) تاریخ کو آٹھ نوافل' چار چار رکعت کر کے پڑھے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ: نماز کی نیت کر لینے کے بعد ثناء اور فاتحہ پڑھنے کے بعد ہر رکعت میں پانچ پانچ بار سورۂ اخلاص پڑھی جائے۔ تمام رکعات اسی ترتیب کے ساتھ پڑھ کر سلام پھیر دیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پڑھنے والے کو ہزاروں نیکیاں عطا ہوں گی اور ہزاروں اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ (جواہر غیبی)

حاجت روائی کے لئے عمل

جو شخص ماہ ربیع الثانی کی تین تاریخ کو رات کے وقت بعد نماز عشاء کے چار رکعت نفل نماز اس طریقے سے ادا کرے کہ: ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیر کر چالیس (40) مرتبہ یَابَدُوْحُ یَابَدِیْعُ پڑھے۔ اس کے بعد خلوص دل سے عاجزی و انکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

جنت الفردوس کی تمنا

اگر کسی شخص کو جنت الفردوس کی تمنا ہے تو وہ ماہ ربیع الثانی کی پانچویں تاریخ کو عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نفل اس طریقے سے پڑھے کہ:۔

ہر رکعت میں ثناء و سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد نو (9) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پروردگار عالم ان نوافل کو مستقل طور پر پڑھنے کے عوض اس شخص کی بخشش فرمائے گا اور اس کو جنت الفردوس میں داخل فرمائے گا۔ مگر ان نوافل کو خلوص نیت کے ساتھ ادا کرتا رہے اور رزق حلال کا بھی خاص خیال رکھا جائے جو کہ قبولیت کی لازمی شرط ہے۔

جائز مراد کے حصول کے لئے

ماہ ربیع الثانی کی پندرہ (15) تاریخ کو عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد چار رکعت نماز نفل (بقیہ صفحہ نمبر 59 پر)

رشتوں کی بندش اور گھریلو الجھنوں کے خاتمے کا سنہری موقع

ماہانہ روحانی محفل

اپنا روحانی آپریشن خود کیجئے!

آپ پریشان ہیں' سالہا سال سے بیمار ہیں' یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروبار کی بندش ہے یا گھریلو الجھنیں' جھگڑے' بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرایئے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں' خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

اس ماہ کی روحانی محفل

9 نومبر بروز ہفتہ رات 9 بج کر 19 منٹ سے لے کر 10 بجکر 13 منٹ تک۔ 18 نومبر بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 27 نومبر بروز اتوار صبح 11 بجکر 23 منٹ سے لے کر 12 بجکر 9 منٹ تک یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پھلکی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں' ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد صدقہ ضرور کریں (اس ماہ کا صدقہ 41 روپے)

(نوٹ:) 1- روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

آپ تنگی رزق سے پریشان ہیں تو رزق میں برکتوں کا انوکھا نظام حیرت انگیز طور پر آپ کی طرف متوجہ ہوگا، بس سورۃ اخلاص کے اس عمل میں اپنی شرکت یقینی بنائیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

سائیں عبدالغفار عزیزی کے مستند روحانی وظائف

عزت و بزرگی کے لئے

اگر کسی شخص کی یہ تمنا ہو کہ جہاں اور جس جگہ بھی کسی کے پاس جاؤں تو میرا وقار اور عزت بڑھے تو اسے چاہیے کہ بعد نماز فجر کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ۔ دس مرتبہ اور بیس مرتبہ بعد نماز ظہر، تیس مرتبہ بعد نماز عصر، چالیس مرتبہ بعد نماز مغرب، پچاس مرتبہ بعد نماز عشاء اور وتر کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھتا رہے۔ جمعرات کے دن کسی غریب کو کھانا کھلا دے اور اس عمل کا ثواب حضور ﷺ کو ہدیہ کر دے۔ جو شخص بھی یہ عمل کرے گا وہ ہر جگہ عزت وقار اور شان و شوکت پائے گا اور اس کے علاوہ اس عمل کی برکت سے موت کے وقت فرشتہ آسانی سے روح قبض کرے گا۔

مضبوط حافظہ اور یادداشت کے لئے

حضور پرنور حضرت محمد ﷺ کا نام مبارک "محمد ﷺ" چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس دن پیئے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ! اس نام کی برکت سے جو پانی میں نے پیا ہے، اس کے ذریعے میرے حافظہ میں ترقی کر۔ پس اس نام مبارک کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر اور باطن کو کھولے گا۔ حافظہ مضبوط ہو گا اور یادداشت کی کمزوری دور ہوگی۔

بینائی تیز کرنے کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد ایک بار آیت الکرسی پڑھے اور جب وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا پر پہنچے تو دونوں ہاتھ کی انگلیاں دونوں آنکھوں پر رکھ لے اور وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا کو گیارہ بار پڑھے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر مل لے، انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی بینائی تیز ہوگی۔

اپنی پسندیدہ جگہ ٹرانسفر کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا تبادلہ مطلوبہ اور پسندیدہ جگہ پر ہو جائے تو اول سات بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد 70 بار درج ذیل آیت پڑھے جب مُدْخَلَ صِدْقٍ کے الفاظ پڑھے تو جہاں تبادلہ مقصود ہو اس جگہ کا تصور کرے اور سلطانا نصیرا کے الفاظ پڑھتے تو یہ تصور کرے کہ عزت و عافیت کے ساتھ تبادلہ ہو۔ اس کے بعد آخر میں 7 بار درود شریف پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے۔ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا (بنی اسرائیل ۸۰)

ہر قسم کے شر سے بچنے کے لئے

اگر کسی بھی جاندار سے کسی بھی قسم کے شر کا خطرہ ہو تو ہر وقت ہر حالت میں لاتعداد اس دعا کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے۔ دعا پڑھتے وقت جس سے شر کا خطرہ ہو اس کی صورت کو بھی اپنے تصور میں رکھے۔ ایک بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے کے بعد درج ذیل دعا کو لاتعداد پڑھنا شروع کر دے۔ وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۔ ان شاء اللہ اس دعا کی برکت سے ہر قسم کے شر سے حفاظت ہوگی۔

کشائش رزق کے لیے

رزق کی تنگدستی دور کرنے اور برکت کے لئے یَاوَهَّابُ ایک ہزار چار سو چالیس بار پڑھیں۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھیے۔ "یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ"
یہ دعا 100 مرتبہ پڑھنی ہے، کشائش رزق اور برکت کے لیے نہایت ہی مجرب ہے۔

ضدی بچوں کے لئے

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے، رونے، ضد اور غصہ کو دور کرنے کے لیے یہ عمل بہت ہی مجرب ہے۔ اس عمل سے بچے ان شاء اللہ اپنی ضد چھوڑ دیں گے اور بات بات پر پریشان کرنا ختم کر دیں گے۔ لوہے کی چھری پر درج ذیل کلمات لکھیں اور چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالیں اور وہ پانی بچے کو پلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ بچہ خوش و خرم رہے گا۔ (وہ الفاظ یہ ہیں) حَقٌّ حَقٌّ بَارٌّ حَسِیْبٌ حَكِیْمٌ مُعِیْدٌ حَفِیْظٌ حَلِیْمٌ قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا

11 دن کے عمل سے شادی میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ

جس شخص کی بیٹی یا بہن کی شادی نہ ہو رہی ہو کسی جگہ سے نکاح کا پیغام نہ آتا ہو لوگ رشتہ دیکھنے کے لئے آتے ہوں مگر کوئی بھی شادی کے لئے راضی نہ ہوتا ہو یا شادی کے لئے رشتہ میسر ہو لیکن اسباب نکاح نہ ہونے کی وجہ سے شادی تاخیر کا شکار ہو رہی ہو تو ان حالات میں تمام گھر والے مل کر گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء گیارہ روز تک اللہ کا یہ اسم مبارک یَامُعْطِیُ اس طرح پڑھیں کہ جمعرات سے یہ عمل شروع کر کے اتوار کو ختم کریں اور پھر اس عمل کا کمال دیکھیں کہ اچھا اور نیک رشتہ میسر ہوگا اور اللہ پاک پردہ غیب سے شادی کے لئے اسباب عطا فرمائیں گے۔ بے اولادی کا مسئلہ نہیں ہو گا۔ یہ شادی لڑکا اور لڑکی دونوں کے لئے ان شاء اللہ خیر اور عافیت کا سبب بنے گی۔

اگر آپ یا آپ کے کسی عزیز پر کسی نے جھوٹا مقدمہ کر دیا ہے یا جھوٹے مقدمے کی وجہ سے قید میں ہے اور کسی بھی طرح اسے مقدمہ یا قید سے رہائی نصیب نہیں ہو رہی تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اپنے مقدمے کا تصور کرتے ہوئے 21 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے۔ اس کے علاوہ دن میں کسی بھی وقت اول و آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ تین سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد نہایت یقین اور توجہ کے ساتھ گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقدمہ سے خلاصی کے لئے دعا کرے۔ اس عمل کو چند دن یا چند ہفتے کرے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ جلد خلاصی نصیب فرمائیں گے۔ یہ عمل آپ اپنے کسی عزیز کی طرف سے اس کا تصور کرتے ہوئے خود بھی کر سکتے ہیں لیکن اگر متاثرہ شخص خود یہ عمل کرے گا تو ان شاء اللہ زیادہ اور جلد فائدہ ہوگا۔

ازدواجی زندگی تلخیوں کا شکار ہے گھریلو ناچاقیوں اور جھگڑوں سے پریشان ہیں تو میاں بیوی میں مثالی محبت پیدا کرنے کے لئے اس نقش کا بے چینی سے انتظار کریں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

دل، دماغ اور جسم کو طاقتور بنائیے! امرود کا حلوہ کھائیے

امرود اللہ تعالیٰ کی قدرت کا وہ عظیم تحفہ ہے جو غذائیت اور ذائقہ کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں کے علاج میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتا۔ وٹامن اے، بی اور سی کے ساتھ اس میں فولاد، کیلشیم اور فاسفورس بھی وافر مقدار میں موجود ہوتے ہیں جس کی وجہ سے یہ حاملہ خواتین اور بچوں کے لیے بھی بہت ہی مفید ہے۔ اس پھل کے استعمال سے جلدی امراض بھی دور ہوتے ہیں۔ امرود دل، دماغ اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اس سے جسم کی غیر ضروری حرارت کم ہوجاتی ہے۔ امرود کا استعمال مختلف بیماریوں کے علاج کی صورت میں بھی ہوتا ہے، اس کے کچھ مجربات درج ذیل ہیں۔

منہ کے چھالوں کا علاج

جن لوگوں کے منہ میں چھالے نکلے ہوں ان کو چاہیے کہ امرود کے تازہ پتے پان کی طرح چند منٹ چبائیں، چند دن میں منہ کے چھالے ختم ہوجائیں گے۔ دانت درد کی صورت میں بھی امرود کے پتوں کو چبانے سے دانتوں کا درد بھی جلد ختم ہوجاتا ہے۔

بدہضمی اور بچوں کے دستوں کے لئے

جن لوگوں کو بدہضمی کا مسئلہ ہو وہ چند دن کچے امرودوں کا ناشتے کے طور پر استعمال کریں۔ اس کے علاوہ جن بچوں کے دست نہ رکتے ہوں ان کے لئے مجرب ٹوٹکہ ہے۔ ایک امرود کے چار حصے کرلیں اور ایک ٹکڑا آدھے کپ پانی میں ڈال کر ابال لیں۔ پانی جب آدھا رہ جائے تو اتار لیں۔ اس میں حسب ضرورت شہد حل کرلیں اور پانی نارمل ہونے پر ایک چمچ بچے کو وقفے وقفے سے دیں، ان شاء اللہ پرانے سے پرانے دست بھی ختم ہوجائیں گے۔ اس کے علاوہ امرود کے پتوں اور جڑ کا جوشاندہ پینے سے بھی بڑوں اور بچوں کے دست ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

دل اور دماغ کی کمزوری کے لئے

جن لوگوں کو دل کی کمزوری کا مسئلہ ہو، اکثر دل میں گھبراہٹ اور بے چینی رہتی ہو تو ان امراض کی صورت میں پکے ہوئے امرود کو باریک پیس کر چینی ملالیں، اس سے امرود کا حلوہ تیار ہوجائے گا۔ اس تیار شدہ امرود کے حلوہ کو حسب ضرورت صبح وشام استعمال کریں۔ یہ نسخہ دل کو قوت اور راحت بخشتا ہے۔

اس کے علاوہ امرود کو شہد کے ساتھ استعمال کرنے سے دل، دماغ اور معدہ تندرست رہتے ہیں۔

کھانسی کے مرض کا خاتمہ

جن لوگوں کو سردی کی وجہ سے کھانسی لگ جاتی ہو یا پھر نزلہ کی شکایت ہو تو وہ گرم ریت میں چند امرودوں کو بھون لیں۔ ان بھنے ہوئے امرودوں میں نمک ملا کر کھالیں، کھانسی اور نزلہ کے امراض میں بہت مفید نسخہ ہے۔

پیشاب کی تکلیف کا علاج

امرود کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں۔ ان ٹکڑوں کو تین گھنٹے تک ایک گلاس پانی میں ڈال کر بھگودیں۔ تین گھنٹے کے بعد اس پانی کو چھان کر شوگر کے مریض کو پلادیں، ان نسخہ سے شوگر کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ جن لوگوں کو بار بار پیشاب کی شکایت ہو ان کے لئے بھی یہی نسخہ لاجواب ہے۔

بواسیر کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ

جو لوگ بواسیر کے مرض میں مبتلا ہوں اور ادویات کے استعمال کے باوجود بھی مرض سے نجات نہ مل رہی ہو تو انہیں چاہیے کہ پکے ہوئے امرود میں سوراخ کرکے اجوائن کا سفوف 5 گرام بھر دیں۔ امرود کا جو ٹکڑا نکال کر سوراخ بھرا ہو اسی ٹکڑے سے سوراخ کو دوبارہ بند کردیں۔ اس امرود کو صاف مٹی سے لیپ کرکے کوئلوں سے بھون لیں۔ اچھی طرح پک جانے پر اس امرود کو رات کو شبنم (اوس) میں رکھ دیں۔ صبح اس امرود سے مٹی کو صاف کرکے کھالیں۔ چند بار یہ نسخہ استعمال کرنے سے بواسیر ہمیشہ کے لیے ختم ہوجائے گی۔

بھوک کی کمی کا علاج

جن لوگوں کو بھوک نہ لگتی ہو اور اس بیماری کی وجہ سے دن بہ دن وہ کمزوری کا شکار ہورہے ہوں تو وہ امرود کے کچے پتوں کے رس میں 15 گرام چینی ملا کر استعمال کریں۔ اس سے معدہ تندرست اور بھوک کی کمی کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ امرود کھانے اور اس کا رس استعمال سے بھنگ و دھتورے کا زہر بھی ختم ہوجاتا ہے۔

قبض کا علاج

ایسے افراد جو قبض کے مرض میں مبتلا ہوں اگر وہ کھانا کھانے کے بعد چند پکے ہوئے امرود کھالیں۔ ان شاء اللہ ایک سے دو ہفتے اس نسخہ کو مسلسل استعمال کرنے سے پرانی قبض ختم ہوجائے گی۔ اگر کسی کو موشن لگے ہوں تو اس صورت میں کھانا کھانے سے پہلے امرود کھائیں۔

جسمانی کمزوری کا خاتمہ

جو لوگ جسمانی کمزوری کا شکار ہوں ان کے لئے امرود کا شربت بہت مجرب ہے۔ اس شربت کے استعمال سے جسمانی کمزوری کا خاتمہ، طاقت اور چستی پیدا ہوتی ہے۔

نسخہ: ایک پاؤ امرود، عرق گلاب تین پاؤ اور آدھا کلو چینی لیں۔ امرود کے چھلکے اتار کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں۔ ان میں آدھا حصہ عرق گلاب شامل کرلیں اور ہلکی آنچ پر تین گھنٹے مسلسل پکا کر چھان لیں۔ عرق گلاب کے بقیہ آدھے حصہ کو بھی چھنے ہوئے عرق گلاب میں شامل کرلیں۔ آدھا کلو چینی ڈال کر اسے دوبارہ ابال کر چاشنی بنا کر اتار لیں۔ یہ شربت ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔ 25 گرام شربت 100 گرام پانی میں ملا کر صبح وشام استعمال کریں۔ ہر قسم کی کمزوری ختم ہوجائے گی۔

بیمار شوہر کو اس ٹوٹکے سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھتی ہوں اور اس رسالہ میں شائع ہونے والے لوگوں کے آزمودہ ٹوٹکوں اور وظائف سے بہت نفع ہوتا ہے۔ میرے شوہر کافی عرصہ سے بیمار تھے اور ان کی صحت دن بہ دن خراب ہوتی جارہی تھی۔ انہیں اکثر بخار ہوجاتا اور جوڑوں میں درد کی شکایت رہتی تھی، مسلسل بیمار رہنے کی وجہ سے وہ کمزوری کا شکار ہوتے جارہے تھے۔ ان کے علاج کے لئے مختلف ڈاکٹروں سے رجوع کیا مگر افاقہ نہ ہوا۔ ایک دن عبقری رسالہ سے دیکھ کر میں نے انہیں ایک ٹوٹکہ استعمال کروایا۔ اس ٹوٹکے کے استعمال کرنے کے چند دنوں بعد ہی میرے شوہر کی صحت بہتر ہونا شروع ہوگئی۔ اس کے بعد کچھ ہی دنوں میں بخار اور کمزوری بھی ختم ہوگئی۔ جسم کے جوڑوں میں جو تکلیف تھی اس سے بھی آرام مل گیا۔ ٹوٹکہ یہ ہے۔ ھوالشافی: ایک کپ نیم گرم پانی میں ایک چھٹانک دار چینی پسی ہوئی اور آدھا لیموں نچوڑ کر مکس کرکے مریض کو پلائیں۔ مریض کو چند دن استعمال کروائیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ (صوفیہ شکیل، کراچی)

اپنے پیچیدہ مسائل اور آزمائشوں سے نکلنے کے لئے چند جمعراتیں مغرب سے عشاء تک کا وقت اللہ کو دے دیں، پھر زندگی سے مصائب آزمائشوں کو نکلتا دیکھیں (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

بہن کی شادی نہیں ہو رہی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم پانچ بہن بھائی ہیں۔ ایک بہن اور بھائی کی شادی نہیں ہوئی۔ میری بہن کی عمر 32 سال سے زیادہ ہونے والی ہے مگر ابھی تک رشتہ نہیں ہو رہا۔ بہت سارے رشتے دیکھنے والے آئے مگر لوگ آتے ہیں اور دیکھ کر چلے جاتے ہیں، کچھ بتاتے بھی نہیں۔ میری بہن پڑھی لکھی سمجھدار ہے۔ ایم اے اردو کیا ہوا ہے، ہم بہت پریشان ہیں۔ اب تو لوگوں نے باتیں کرنا شروع کر دی ہیں۔ برائے مہربانی آپ کوئی وظیفہ بتائیں تاکہ میری بہن کا گھر بس جائے۔ (عالیہ ثاقب، ملتان)

مشورہ: آپ اپنی بہن سے کہیں کہ قرآن پاک کے غلاف سلائی کریں اور قریبی مسجد میں جتنے بھی قرآن پاک ہوں ان کے لئے نئے صاف ستھرے غلاف پر اچھی خوشبو لگا کر مسجد میں بھیجیں۔ اس عمل کی برکت سے بے شمار لوگوں کو بہترین ہمسفر ملے۔ اگر غلاف کا رنگ سبز ہو تو زیادہ بہتر ہے۔

داماد نشے پر لگ گیا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بیوہ ہوں، میری ایک بیٹی ہے۔ اس کی شادی ہو گئی ہے۔ میرا داماد بہت اچھا اور پڑھا لکھا ہے۔ اس کے دوستوں نے اسے دھوکے سے ہیروئن کا سگریٹ پلا دیا جس سے اسے نشہ لگ گیا۔ اب نشے کے سگریٹ بہت پیتا ہے، جو نشہ ملے وہ پی لیتا ہے، اس کا علاج بھی کروا رہے ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں، کوئی وظیفہ بتائیں کہ یہ نشہ چھوڑ دے اور اس کی نوکری لگ جائے۔ اس سے وہ مصروف ہو جائے گا اور امید ہے اچھی صحبت بھی میسر ہو۔ (مسز شہزاد، پشاور)

مشورہ: آپ اور آپ کی بیٹی کثرت سے یَا مَانِعُ کا ورد کریں، اگر داماد خود بھی پڑھ سکتا ہے تو اسے بھی یہی وظیفہ دیں۔ یَا مَانِعُ کی برکت سے بڑی بڑی علتیں، نشہ اور بری عادتیں ختم ہو کر زندگی میں سکون عافیت اور چین بھر جاتا ہے۔ نوکری کے لئے روزانہ 800 بار تسمیہ پڑھیں۔

پنشن میں رکاوٹیں ہیں کوئی وظیفہ بتائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کی پنشن کے کاغذات سرکاری ادارہ میں جمع کروائے ہیں۔ محکمہ نے ان کاغذات پر مختلف اعتراض لگا دیئے۔ محکمہ کی طرف سے اعتراضات ختم کرنے کے لیے ہم نے بار بار کاغذات بھیجے ہیں۔ ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی نے ہم پر بندش کروائی ہے۔ برائے مہربانی کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ ہمارے کاغذات کی منظوری ہو جائے اور پینشن مل جائے۔ (پوشیدہ)

آپ سورہ قریش چالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے کاغذات دوبارہ جمع کروائیں، جب تک جواب نہ آئے آپ روزانہ اس عمل کو بار بار کریں، چالیس بار سورۃ قریش کے دس نصاب روزانہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس وظیفے کی برکت سے مایوسی نہیں ہوگی۔

کپڑوں پر کٹ اور خون کے چھینٹے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سکول ٹیچر ہوں اور بہت مشکل سے گزارا کر رہی ہوں۔ گھر بھی کرائے کا ہے۔ مالی لحاظ سے بہت سے مسائل ہیں۔ چھ سال پہلے سسرال میں رہتے تھے، کپڑوں پر کٹ اور خون کے چھینٹے اور پانی کے قطرے پڑتے تھے۔ اس سے پہلے ہمارا کاروباری کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ جب سے کپڑوں پر کٹ لگنا شروع ہوئے تب سے سسرال والوں سے تعلقات بہت خراب ہیں' گھریلو ناچاقیاں ہیں۔ برائے مہربانی کوئی وظیفہ بتا دیں۔ (بشریٰ، لاہور)

مشورہ: اگر آپ رزق میں برکت اور بے بہا نعمتیں پانا چاہتی ہیں تو آپ ایک چیز اپنے اوپر لازم کر لیں۔ ہر ماہ کچھ رقم مختص کر لیں جس سے چرند پرند کے لئے اناج خریدیں۔ روزانہ بلا ناغہ یہ دانہ اور پانی اپنی چھت پر رکھیں۔ آپ گمان نہیں کر سکتیں کہ اس عمل سے آپ کے لئے رزق عزت اور دولت کے کیا کیا فیصلے ہو جائیں گے۔

شوہر خرچہ نہیں دیتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تین سال ہو گئے ہیں، دو بچے ہیں۔ شوہر ان پر بالکل توجہ نہیں دیتے۔ اگر بچے بیمار ہوں تو بھی کسی چیز کی پرواہ نہیں کرتے، ہمیں کسی چیز کا خرچہ نہیں دیتے، ہم پیسے کے لئے محتاج ہیں، کام پر بھی توجہ نہیں دیتے جبکہ اپنے اوپر خوب خرچہ کرتے ہیں۔ میں مختلف وظائف کرتی ہوں مگر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اس کا حل بتا دیں۔ (غزالہ مقبول، لاہور)

مشورہ: آپ یَا لَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لیں۔ شوہر کو یہی پانی پینے کے لئے دیں۔ اگر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے شوہر کو کھلائیں گے تو نفع زیادہ ہوگا۔ ان شاء اللہ شوہر کی طبیعت میں نرمی اور دل میں آپ کی محبت اور فکر پیدا ہوگی۔

حاسدین نے اولاد کی بندش کروا رکھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تقریباً 18 سال ہو گئے ہیں اور میری اولاد نہیں ہے۔ ٹیسٹوں میں ہر چیز کلیئر ہے لیکن اولاد نہیں ہو رہی۔ میں نے مختلف جگہوں سے علاج بھی کروایا ہے مگر ناکامی ہوئی۔ مجھے کسی نے بتایا ہے کہ آپ پر کالا جادو کیا گیا ہے۔ برائے مہربانی میرے مسئلے کا کوئی حل بتا دیں۔ (شکیلہ نذر، لاہور)

مشورہ: آج کے دور میں بے اولادی بہت زیادہ بڑھ رہی ہے، اس کی بہت سی طبی وجوہات بھی ہوتی ہیں، لیکن بعض شیطان صفت لوگ جادو کے ذریعے بھی اولاد کی بندش بھی کروا دیتے ہیں۔ آپ 1001 مرتبہ سورہ کافرون پڑھ کر کسی تیل اور پانی پر دم کر کے خود بھی اور شوہر کو بھی یہ پانی استعمال کروائیں۔ اس کے علاوہ روزانہ دو تسبیح سورۃ اخلاص کی پڑھ کر حضرت ابراہیمؑ اور حضرت زکریاؑ کی ارواح مبارکہ کو ہدیہ کریں۔

جو لوگ گھر بیٹھی کنواری بہن بیٹیوں کے رشتوں سے پریشان ہیں ان کے بہترین نصیب نیک رشتوں کے لئے اس مبارک نقش کو اپنے گھر میں لے آئیے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

لاعلاج بیماریاں، دکھیاروں کے غم علاج سستا اور بالکل آسان

براہِ راست شیخ الوظائف سے جانیئے

ضدی کھانسی اور بلغم کے لئے آسان ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کافی عرصہ سے مجھے سوتے وقت بلغم حلق میں پھنس جاتا ہے۔ مجھے حلق میں تالو میں چھوٹے چھوٹے نوکیلے دانے نکلتے ہیں جو چبھتے ہیں۔ کافی علاج کروایا ہے، ہومیو پیتھک، یونانی ایلو پیتھک مگر کچھ خاص فرق نہیں پڑا۔ سارا حلق گلا اور غذائی نالی تک ان دانوں اور کھانسی کی وجہ سے زخمی ہوجاتی ہے، تھوڑی سی مرچ مصالحہ یا کھٹی چیز کھالوں تو گلا خراب ہوجاتا ہے اور کھانسی شروع ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے سب کے سامنے سخت تکلیف اور شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے۔ (ش۔ کوہاٹ)

مشورہ: بعض مرتبہ چھوٹے سے ٹوٹکے سے ایسی ضدی بیماریاں ٹھیک ہوجاتی ہیں۔ جو بڑے بڑے مہنگے علاج سے ٹھیک نہیں ہوتیں۔ آپ اس کھانسی اور ریشہ بلغم کے لئے کیکر کی چھال تقریباً آدھا پاؤ لے کر آدھا کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر کپڑے کے ذریعے نتھار لیں۔ دن میں تھوڑا تھوڑا کر کے چار پانچ دفعہ پئیں۔ کھانسی فوری بند ہوجائے گی اور حلق کے دانے بھی ٹھیک ہوجائیں گے

لیکوریا نے وقت سے پہلے بوڑھا کردیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بہت عرصے سے لیکوریا کی بیماری ہے۔ بہت علاج کروائے لیکن جب تک دوا کھاتی ہوں تو فرق پڑ جاتا ہے لیکن مستقل ٹھیک نہیں ہورہی۔ جسم بہت کمزور ہوگیا ہے۔ مجھے اور بھی مسائل کا سامنا ہے مثلاً دائمی نزلہ ہر وقت ریشہ گلے میں گرتا ہے۔ چہرے پر جھریاں بن گئی ہیں۔ عمر سے بڑی لگتی ہوں، براہ کرم میرے ان مسائل کا حل بتادیں۔ (ب۔ن، جہلم)

مشورہ: بہروزہ خشک اور چنے بھنے ہوئے چھلکے کے بغیر ہموزن لے کر اچھی طرح پیس لیں، ایک چمچ صبح و شام ہمراہ دودھ کے استعمال کریں، کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ دوا استعمال کریں۔ بہت پُرتاثیر ٹوٹکہ ہے۔ ان شاءاللہ اس کے استعمال سے بیماری جڑوں سے ختم ہو جائے گی۔

والدہ کو فالج ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی والدہ کی بیماری کی شکایت لے کر حاضر ہوا ہوں۔ والدہ محترمہ کو دائیں طرف فالج ہوا ہے۔ 6 ماہ سے کافی علاج وغیرہ کروایا۔ مگر ٹھیک نہیں ہوا۔ ان کی عمر تقریباً 70 تا 75 سال ہے۔ آپ سے گزارش ہے مہربانی فرما کر دوا تجویز فرمادیں۔ (شوکت محمود، ملکوال)

مشورہ: اللہ تعالیٰ آپ کو والدہ کی خدمت میں استقامت عطا فرمائے۔ والدین کی فکر کرنے والے بہت کم خوش نصیب ہوتے ہیں، انہی کو دنیا اور آخرت میں کامیابیاں نصیب ہوتی ہیں۔ آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ معجون ''شفاء یابی'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق والدہ کو استعمال کروائیں، فالج کے مریضوں کے لئے بہت آزمودہ اور کامیاب دوا ہے۔ مالش کیلئے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔

جسم میں رسولیاں ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بائیں بازو میں رسولیاں اور کہنی سے اوپر سوجن ہے اور بازو کے پٹھے درد کرتے ہیں۔ (علی عمران، گوجرانوالہ)

مشورہ: گلو سبز ایک بالشت کے بقدر لے کر اس کے باریک ٹکڑے کرلیں، کالی مرچ اکیس عدد، اجوائین دیسی دس گرام، مغز بادام اکیس عدد اور ریوند خطائی چنے کے برابر۔ ان سب کو آدھا کلو گرم پانی میں رات کو بھگو دیں، صبح بلینڈر میں شیک بنا کر چھوٹے چھوٹے گھونٹ پی لیں، پانی اگر کم ہو جائے تو زیادہ بھی کر سکتے ہیں، جہاں تازہ گلونہ ملے وہاں خشک گلو 2 بالشت استعمال کر سکتے ہیں۔

خواتین کے بانجھ پن سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی کو 8 سال ہوگئے ہیں اور اولاد نہیں ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق میرے جراثیم انتہائی کم تھے، میں نے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''بے اولادی کورس'' استعمال کیا تو یہ مسئلہ حل ہوگیا مگر اب میری بیوی کی دونوں ٹیوبز ہی بند ہوگئی ہیں، ڈاکٹروں نے تو جواب دے دیا ہے۔ (ش، لاہور)

مشورہ: آپ مزید دو سے تین کورس ''بے اولادی کورس'' کے استعمال کریں۔ مزید آپ کی بیوی عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''پوشیدہ کورس'' چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کروائیے۔ ان شاءاللہ آپ کی صحت مزید بہتر ہوجائے گی اور آپ کی اہلیہ کا مسئلہ بھی حل ہوجائے گا۔

کمر، جوڑوں میں درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ صحت کا ہے۔ آدھے سر کی درد رہتی ہے اور کمر اور جوڑوں میں درد رہتی ہے۔ میرا جینا مشکل ہو چکا ہے۔ ہر وقت درد سے نجات کے لئے پین کلر کھاتی ہوں لیکن عمر بھر اسی پر تو نہیں رہ سکتی۔ براہ مہربانی کوئی مستقل علاج تجویز فرمائیں۔ (بشریٰ نذر، چکوال)

مشورہ: سبز پودینہ، ادرک یا سونٹھ، انار دانہ ہموزن ملا کر خوب کوٹ پیس لیں، جتنا زیادہ رگڑیں گے اتنا مفید ہوگا۔ حسب ذائقہ کالا نمک ڈال کر محفوظ کرلیں۔ (بلڈ پریشر کے مریض نمک نہ ڈالیں) روزانہ ایک چمچ دن میں تین سے پانچ بار استعمال کریں، کھانے کے فوراً بعد بھی لے سکتی ہیں۔ سر کے بالوں سے پاؤں کے ناخن تک صحت اور شفاء کا نسخہ ہے۔ آپ استعمال کریں اور حیران ہو جائیں۔ یہ نسخہ بہت بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

آپ کے مسائل کا حل لیکن پہلے مجھے پڑھ لیں!

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

عبقری نے ذلت سے نکال کر عزت کے تاج پہنا دئیے

قارئین! حضرت جی کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے گناہوں کی ندامت میں لتھڑے ہوئے ہاتھوں سے کچھ بھی لکھنے کی جرأت نہیں ہورہی تھی لیکن آپ کی محفل میں جب آپ کی یہ نصیحت سنی کہ شیخ کی توجہ حاصل کرنے کے لئے ان سے رابطے میں رہنا اور اپنے احوال پہنچاتے رہنا بہت ضروری ہے۔ آپ کی اس نصیحت بعد مجھے اپنے احوال لکھنے کی ہمت پیدا ہوئی۔ گناہوں کی دلدل میں پھنسا ہوا میں وہ شخص ہوں کہ جس کی زندگی شراب، جواء اور ایسے کئی بے شمار گناہوں میں گزری ہے۔ زندگی کی انہی علتوں میں میری صبح وشام گزر رہی تھی۔ میں نے اپنے گناہوں بھری زندگی کو چھوڑنے کا کئی بار فیصلہ کیا مگر ہر بار ناکام رہا۔

بغیر کسی وجہ کے بیوی کو مارتا اور پیٹتا

یہ گناہ میرے خون میں رچ بس گئے تھے اور کسی بھی طرح ان سے خلاصی کا کوئی راستہ نظر نہ آرہا تھا۔ میرا سارا گھر اور خاندان میرے ان گناہوں کی وجہ سے مجھ سے سخت نفرت کا اظہار کرتا تھا۔ گھر کے حالات ایسے تھے کہ پریشانیوں نے ہر جگہ سے گھیرا ہوا تھا۔ میرے نشہ کرنے کی عادت کی وجہ سے اکثر گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا تھا جس سے میرے بچے بھی متاثر ہوتے تھے اور میں اپنی اہلیہ کو بھی بغیر کسی وجہ کے مارتا پیٹتا تھا۔ میں وہ شخص ہوں جو اپنے اور اپنے خاندان کے لئے ایک مصیبت بن چکا تھا۔

وظیفہ پڑھا لیکن گناہوں کی عادت ختم نہ ہوئی

ایک دن مجھے میرا ایک مخلص دوست ملنے آیا جو میرے حالات سے بخوبی واقف تھا۔ ایک دن میں پریشان حال بیٹھا تھا میرا دوست آیا اور مجھے عبقری رسالہ دیا' میں نے سرسری نظر دیکھا اور ایک طرف رکھ دیا' میرا دوست مجھے دیکھ کر مسکرایا میں نے وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ میں نے تمہارے ہاتھ میں تمہاری پریشانیوں' الجھنوں' مشکلات کا حل دیا تھا مگر تم نے توجہ ہی نہ کی' میں حیران ہوا کہ یہ کیا کہہ رہا ہے؟ میں نے پوچھا: کیا مطلب؟ میرا دوست دوبارہ بولا کہ جناب! یہ کوئی فلمی یا سنسنی خیز کہانیوں پر مشتمل میگزین نہیں بلکہ ''عبقری'' ہے۔ اس کا مطالعہ کرو' لکھی باتوں پر عمل کرو تمہیں تمہارے مسائل کا حل مل جائے گا۔

میں نے جلدی سے دوبارہ ''عبقری'' اٹھایا اور پڑھنا شروع کردیا' میرا دوست تو چلا گیا مگر مجھے واقعی میرے مسائل کا حل دے گیا۔ بس پڑھتا گیا' پڑھتا گیا اور پڑھتا ہی گیا۔ ایک ہی نشست میں پورا میگزین ختم کردیا۔ ہر صفحہ' ہر مضمون' ہر پیراگراف' ہر سطر اور ہر لفظ لگتا تھا میرے لیے ہی لکھا گیا ہے۔ مجھے میری الجھنوں کا حل ہر صفحے پر بکھرا ہوا نظر آرہا تھا۔ بس مجھے چننا تھا اور بس!!!

اس میں موجود چند وظائف پڑھنا شروع کیے' زندگی بدلنا شروع ہوگئی' دن رات سنوارنا شروع ہوگئے' میری بُری عادات کا سورج ڈوبنا اور زندگی میں سکون اور اچھائی کا سورج طلوع ہونا شروع ہوگیا۔ مجھے محسوس ہونا شروع ہوگیا کہ میرے قدم خود بخود اچھائی کی طرف اٹھنا شروع ہوگئے ہیں' برائی میرے اندر سے ختم ہورہی ہے اور میرے قدم چاہ کر برائی کی طرف نہیں اٹھتے۔ یہ لفظ لکھتے ہوئے شرمندہ ہوں کہ شراب پیے بغیر مجھے نیند نہ آتی تھی' مگر اب شراب سامنے پڑی ہو' کمرے میں اکیلا ہوں مگر مجھے اس کو دیکھنے سے بھی نفرت محسوس ہوتی ہے۔ عشاء کی نماز پڑھتا ہوں' درود شریف کی ایک تسبیح پڑھتا ہوں اور پرسکون نیند سوجاتا ہوں۔ فجر کی نماز نامعلوم آخری مرتبہ کب پڑھی تھی مگر جب سے عبقری رسالہ اور اس میں موجود وظائف پڑھنا شروع کیے میری خود بخود فجر کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے اور جسم میں نہ سستی ہوتی اور نہ کاہلی' بالکل تازہ دم اٹھ کر نماز پڑھتا ہوں۔ اعمال کرتا ہوں' رب نے عبقری رسالہ کی وجہ سے تسبیح اور مصلیٰ عطا فرمادیا۔ لب پر درود شریف کا ورد جاری ہوگیا۔

زندگی میں اعمال نام کی کوئی چیز نہیں

عبقری رسالہ سے مجھے تسبیح خانہ کا معلوم ہوا' ایک مرتبہ تسبیح خانہ آیا تو گلیوں میں سکون' اعمال کا نور اور روشنی دیکھ کر بہت مزہ آیا' تسبیح خانہ کے اندر عجب قسم کی روحانیت ہے' ہر بندہ بس اللہ، اللہ کررہا ہے۔ وہاں جب کوئی بندہ کسی کو ''اللہ والے'' کہہ کر مخاطب کرتا ہے تو جسم میں الگ ہی سرسراہیت پھیل جاتی ہے۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ میری زندگی میں پہلے اعمال نام کی کوئی چیز نہیں تھی مگر پہلے عبقری اور پھر تسبیح خانہ نے میری زندگی کو حقیقت میں بدل دیا ہے۔ میرا دل خود نماز اور اعمال کی طرف متوجہ ہونا شروع ہوگیا۔

سود کی نحوست سے بے خبر تھا

میں نے ایڈوانس تنخواہ کے نام پر بینک سے لاکھوں روپے سود لیے تھے جو مجھے پانچ سالوں میں ادا کرنا تھے۔ میں سود کی نحوست سے بے خبر تھا' عبقری رسالہ میں ایک مرتبہ سود کی تباہ کاریاں پڑھیں اور پھر رب کا مجھ پر ایسے کرم ہوا کہ تسبیح خانہ میں دوران محفل شیخ الوظائف نے سود کے متعلق مکمل درس دیا۔ بس! میں کانپ اٹھا' ساری رات نہ سویا' مجھے لگا میرے جو مسائل اٹکے اور مشکلات ابھی بھی میرا پیچھا نہیں چھوڑ رہیں وہ صرف سود کی نحوست ہے۔ بس اسی رات میں نے سود سے نجات حاصل کرنے کی ٹھان لی۔ میں نے بہت کوشش کی لیکن کہیں سے کوئی اسباب نظر نہ آئے اور بالآخر میں نے اپنی قیمتی زمین کا ایک حصہ کم قیمت میں بیچ کر سود کی رقم ادا کی' سود کی اس لعنت سے نجات پائی اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

اللہ کے نام کا نشہ لگ گیا

میرا دل مطمئن ہوگیا اور زندگی میں سکون آگیا۔ یہ صرف عبقری رسالہ ہی کی برکت سے ہوا۔ میں گناہوں سے دور ہوتا گیا اور ذکر میں اتنی لذت ملی کہ اللہ کے نام کا نشہ لگ گیا۔ زندگی میں ہونے والی مثبت تبدیلیوں کے بعد میری شیخ الوظائف سے ملاقات کی حسرت بڑھتی گئی۔ میں ہر ماہ ٹوکن والے نمبر پر کال کرتا مگر ہر بار ناکامی ہوتی۔ لیکن اللہ سے مانگتا رہتا۔ اللہ کی کرنی ایسی ہوئی کہ ہمارے قریبی شہر میں آپ کی محفل تھی۔ میں وقت سے پہلے اس محفل میں پہنچ گیا اور منبر کے قریب جا بیٹھا۔ جب آپ محفل کے لئے تشریف لائے تو آپ سے مصافحہ کا موقع مل گیا' میرا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں آگیا۔ اس کے بعد آپ نے خود اپنا جوٹھا پانی مجھے پلایا۔ مجھے اپنی اس خوش نصیبی پر یقین نہیں آرہا تھا اور یہ سب ایک خواب کی مانند لگ رہا تھا لیکن اعمال کی طاقت تھی کہ آپ سے ملاقات بھی ہوگئی اور یہ سعادتیں بھی مل گئیں۔

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

پتھر دل کو پگھلانا چاہتے ہیں تو اس دعا کا اہتمام کیجئے

(ع۔ر، ایبٹ آباد)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کے علم وعمل میں برکات عطا فرمائے اور ہمیں آپ کے اس علم سے فیض یابی نصیب ہو اور آپ ہمیشہ ایمان کی سلامتی کے ساتھ سلامت تا قیامت رہیں۔ آمین! میں آج عبقری قارئین کیلئے کچھ دل کی باتیں لائی ہوں۔ قارئین! وہ خاندان قابل رشک ہیں جہاں بھائی والدین کی وفات کے بعد بہنوں کو دل سے لگا کر رکھتے ہیں، ان کے سر پر ہاتھ رکھ کے ان سے پیار، محبت کی باتیں کرتے ہیں اور ان کی تمام ضرورتوں کا خیال رکھتے ہیں جبکہ میں نے چند سالوں سے گھر میں اپنے بھائیوں کا ایسا رویہ دیکھا کہ اللہ کسی کو نہ دکھائے۔ میں زندگی سے مایوس ہو چکی تھی کیونکہ خوشی نام کی کوئی چیز زندگی میں میسر نہ تھی۔ میری شادی کی عمر گزرتی جا رہی تھی لیکن جب بھی کوئی رشتہ آیا تو میرے بھائی اس میں رکاوٹ بن گئے اور مختلف حیلوں اور بہانوں کے ذریعے اس رشتہ کو ٹھکرا دیتے تھے۔ میری سگی پھوپھی نے اپنے بیٹے کے لئے میرا رشتہ مانگا لیکن گھر والوں نے بغیر کسی وجہ کے رشتے سے انکار کر دیا۔ جب کہ میری پھوپھی اور ان کی اولاد ایسی ہے جن کی اعلیٰ صفات کی خاندان میں مثالیں دی جاتی ہیں اور اس کے علاوہ معاشی طور پر ان کے حالات بھی خاندان میں سب سے بہتر ہیں۔

جب اس رشتے کو میرے گھر والوں نے ٹھکرایا تو میں اندر سے ٹوٹ گئی اور ایسے لگا جیسے اب ساری زندگی مجھے ایسے ہی گزارنی پڑے گی۔ رشتے سے انکار کی وجہ سے میری پھوپھی والد صاحب سے ناراض ہو گئیں اور اسی ناراضگی کے دوران ان کا انتقال ہو گیا۔

تنہائیوں میں بیٹھ کر روتی تھی

میں نے آخری کوشش کے طور پر آپ کو اپنے مسائل کے متعلق خط لکھا۔ جواباً آپ نے مجھے ایک مسنون دعا ''بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ'' کا وظیفہ بتایا۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں کہ دعاؤں کو پڑھیں نہیں بلکہ اللہ سے مانگیں۔ میں نے انہی کیفیتوں کے ساتھ اس دعا کے ذریعے اللہ سے اپنے مسائل اور الجھنوں کے حل کے لئے مانگنا شروع کر دیا۔ میری زبان پر ہر وقت یہ دعا جاری رہتی اور تنہائیوں میں بیٹھ کر اللہ سے رو رو کر مانگتی۔ یہاں تک کہ اگر کسی شادی وغیرہ میں بھی جانا ہوتا تو میری توجہ اسی دعا کے مانگنے میں لگی رہتی تھی۔ مجھے گھر والوں کے رویے میں کچھ لچک محسوس ہونے لگی اور میرے اندر امید کی ایک کرن پیدا ہوئی۔ ایک دن گھر والوں کے ساتھ ہمارے ایک قریبی عزیز کی شادی پر جانا ہوا۔ سب لوگ شادی کی تقریب میں مصروف تھے مگر میں دنیا کی ان رنگینیوں سے توجہ ہٹا کر آپ کی بتائی ہوئی مسنون دعا کا ورد جاری رکھے ہوئے تھی اور اللہ سے مانگ رہی تھی کہ یا اللہ اب مجھ پر اپنا کرم کر دے اور اس دعا کے صدقے میرا گھر بھی بسا دے۔

والد کی آنکھوں میں آنسو

شادی سے فارغ ہونے کے بعد جب ہم سب اپنے گھر واپس آئے تو اس دن خاص توجہ اور دھیان کے ساتھ آپ کی بتائی مسنون دعا کا ورد کرتی رہی اور مسلسل اللہ سے مانگتی رہی کہ یا اللہ آج تو فیصلہ کر دے اور میرا مسئلہ حل کر دے۔ انہی فریادوں کے ساتھ میری آنکھ لگ گئی۔ صبح کے وقت اٹھ کر گھر والوں نے جب ناشتہ کیا تو میری پھوپھی کی بیٹیوں اور بیٹوں کی اچانک ہمارے گھر آمد ہوئی۔ میری پھوپھی کی دونوں بڑی بیٹیاں میرے والد صاحب سے لپٹ کر رو کے کہنے لگیں کہ آخری بار میری والدہ آپ کے انکار کی وجہ سے خفا ہو کر گئیں اور پھر اسی غم میں ان کی وفات ہو گئی۔ والدہ نے وصیت کی تھی کہ اپنے ماموں کو میرے بیٹے کے رشتہ کے لئے راضی کر لینا، میں چاہتی ہوں کہ میرے بھائی کی بیٹی ہی اس گھر کی زینت بنے۔ میرے والد صاحب کی آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے اور انہوں نے کہا کہ پہلے یہ میری بیٹی تھی لیکن اب یہ آپ کی امانت ہے۔ اس وقت ان سب کی خوشی دیدنی تھی۔ ابو نے اس وقت میرے لئے خاص دعائیں کیں اور مٹھائی بھی تقسیم کر دی۔ میری تو خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ یقین نہیں آ رہا تھا کہ یہ کرشمہ کیسے ہو گیا۔ میں نے فوراً شکرانے کے نوافل ادا کر کے اللہ کا شکر ادا کیا۔ اب گھر والوں کا رویہ بھی بدل چکا ہے۔ پہلے جو بات بات پر اعتراض کرتے تھے اب ان سب کا رویہ پہلے سے بہت بہتر ہو گیا اور گھر والے خود کہتے ہیں کہ میرے سسرال والے بہت اعلیٰ ظرف لوگ ہیں۔ میں نے پتھر دلوں کو موم ہوتے سنا تھا لیکن اس دعا کی برکت سے پگھلتے بھی دیکھ لیا ہے۔ اب اسی کیفیت سے آپ کو دعائیں دیتی ہوں کہ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

مولانا وحید الدین خانؒ

بالٹی کا پیندا اور انسان

بالٹی کے پیندے میں سوراخ ہو اور اوپر سے آپ اس میں پانی ڈالیں تو سارا پانی بہہ کر نکلتا رہے گا اور بالٹی کے اپنے حصہ میں کچھ نہیں آئے گا۔ ایسا ہی معاملہ انسان کا بھی ہے۔ آدمی کا وہی عمل حقیقتاً عمل ہے جو خود اس کو کچھ دے رہا ہو۔ اگر عمل وہی عمل ہے جس کے دوران آدمی کے ذہن میں شعور کی چنگاری چمکے۔ اس کے دل میں سوز و تڑپ کا کوئی لاوا ابلے۔ اس کی روح کے اندر کوئی کیفیاتی ہل چل پیدا ہو۔ اس کے اندر کوئی ایسا حادثہ گزرے جو برتر حقیقتوں کی کوئی کھڑکی اس کے لیے کھول دے۔ یہی بات کسی عمل کی کامیابی کا اصل معیار ہے۔ وہی عمل ہی اصل عمل ہے جو آدمی کو اس قسم کے تحفے دے رہا ہو۔ جس عمل سے آدمی کو یہ چیزیں نہ ملیں وہ ایسا ہی ہے جیسے سوراخ دار بالٹی میں پانی گرانا۔

دیکھنے کی چیز یہ نہیں ہے کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ دیکھنے کی چیز یہ ہے کہ آپ کیا ہو رہے ہیں۔ اگر آپ کی "مصروفیات" بہت بڑھی ہوئی ہوں، اگر بتانے کے لیے آپ کے پاس بہت سے کارنامے ہوں مگر آپ کی اندرونی ہستی خالی ہو، آپ خود کچھ نہ ہو رہے ہوں تو آپ کی مصروفیات محض بے فائدہ سرگرمیاں (IdleBusiness) ہیں اس کے سوا اور کچھ نہیں۔ ہوائیں ہوں مگر ان سے آکسیجن نہ ملے۔ پانی ہو مگر اس سے سیرابی حاصل نہ ہو، غذا ہو مگر اس سے آدمی کو قوت نہ ملے۔ سورج ہو مگر وہ روشنی نہ دے رہا ہو تو ایسا ہونا ہونا نہیں ہے بلکہ نہ ہونے کی بدترین شکل ہے۔ اسی طرح جو عمل آدمی کی اپنی غذا نہ بن رہا ہو وہ عمل نہیں صرف بے عملی ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ کوئی بے معنی چیز ہے۔

پتھر کے اوپر آپ پانی ڈالیں تو وہ بظاہر پانی سے بھیگ جائے گا۔ اس کے چاروں طرف پانی ہی پانی نظر آئے گا۔ مگر پتھر پانی کے مزے اور تراوٹ کو نہیں جانتا۔ اس نے پانی کی اس دوسری حیثیت کا تجربہ نہیں کیا۔ اس کے برعکس ایک زندہ آدمی جب پیاس کے وقت پانی پیتا ہے تو اس کی رگیں تر ہو جاتی ہیں۔ وہ پانی کی حقیقت کا ایک "اندرونی تجربہ" کرتا ہے۔ اس مثال سے سمجھا جا سکتا ہے کہ کرنا کیا ہے اور ہونا کیا۔ کرنا یہ ہے کہ آدمی کچھ مقررہ اعمال کو بس رسمی طور پر دہرا لے۔ آدمی کی زبان کچھ الفاظ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

اللہ کے فضل سے تسبیح خانہ کو روحانیت کے وہ سمندر ملے ہیں کہ بے شمار لوگ جادو جنات سے چھٹکارا پا گئے۔ اس عمل کی پابندی کریں اور مسائل کا حل پائیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

ایک تجربہ کار حکیم سے ہیپاٹائٹس کا علاج لے لیجئے

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا حکمت کے شعبہ سے ساتھ دیرینہ تعلق ہے، میرے پاس اکثر لوگ اپنے طبی مسائل کے حل کے لئے تشریف لاتے ہیں۔ میں مریضوں کو دوا اس کے مرض کی نوعیت اور مالی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے تجویز کرتا ہوں۔ آج سے تقریباً چار ماہ پہلے میرے ایک عزیز دوست ہیں وہ بھی طب کے شعبہ سے ہی وابستہ ہیں۔ پچھلے کچھ عرصہ سے میں نے دیکھا کہ ان کا کام مجھ سے بہت زیادہ وسیع ہو رہا تھا اور ان کے پاس اکثر مریضوں کا رش لگا رہتا تھا۔ ایک دن میں نے ان سے اس کا راز پوچھا تو انہوں نے مجھے عبقری ادویات کی شفایابی کتاب دی اور بتانے لگے کہ یہی میری طب کے شعبہ میں ترقی کا راز ہے اور میں آنے والے اکثر مریضوں کو عبقری کی ادویات تجویز کرتا ہوں جس سے انہیں شفاء ملتی ہے۔ میں نے پہلے بھی عبقری کا نام سنا تھا لیکن تفصیل سے نہیں جانتا تھا کہ لوگوں میں اتنا مقبول اور بااعتماد ادارہ ہے۔ میں نے بھی اس عزیز دوست کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے متعدد مریضوں کو عبقری کی ادویات استعمال کروائی۔ الحمدللہ 100 فیصد رزلٹ ملا ہے۔ حال ہی میں ایک عجیب کیس میرے پاس آیا۔ ایک شخص کی ہیپاٹائٹس کی وجہ سے بہت بری حالت ہو چکی تھی۔ جسم میں خون کی بہت کمی تھی اور رنگت پیلی ہو چکی تھی۔ میں نے اسے عبقری کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کروانے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے میری بات پر عمل کیا اور اس مریض کی صحت بہتر ہونا شروع ہوگئی۔ جبکہ اس مریض کو خون کی اتنی کمی ہو چکی تھی کہ جسم کا رنگ پیلا ہو گیا تھا۔ تھوڑے ہی عرصے میں اس مریض کی یہ تمام علامات ختم ہوگئیں اور وہ شخص اب تندرست حالت میں ہے۔

مسلسل استعمال کروانے سے یہ مشاہدہ ہوا ہے کہ ہیپاٹائٹس نجات سیرپ سے خون بھی صاف ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ پھنسیوں اور چہرے کے دانوں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ کیونکہ میں نے کئی ایسے مریضوں کو یہی سیرپ پھنسیوں اور چہرے کے دانوں کے لئے بھی استعمال کروایا۔ اس کے بہت حیران کن اور زبردست نتائج ملے، جو لوگ بے شمار علاج کروا کر تھک چکے تھے لیکن چہرہ صاف نہیں ہو رہا تھا' اس سیرپ سے ان کو شفاء ملی اور چہرے کی رونقیں بحال ہو گئیں۔ نوجوانوں کے بلوغت میں داخل ہوتے وقت چہرے پر دانے نکلتے ہیں اگر وہ بھی ہیپاٹائٹس نجات سیرپ استعمال کریں تو دانے نکلنا بند ہو جاتے ہیں۔ میں عبقری کی دوسری ادویات بھی اپنے پاس آنے والے مریضوں کو دیتا ہوں' لوگوں کو بہت نفع ہوتا ہے۔ (حکیم محمد اکرم۔ خانیوال)

دوست کا قد کیسے بڑھ گیا!

میرا ایک قریبی دوست ہے۔ ہم دونوں نے سکول کی ابتدائی تعلیم بھی اکٹھے حاصل کی۔ اسے سپورٹس کا بہت شوق تھا' اس کا قد 5 فٹ اور تین انچ تھا' اس نے کئی بار اپنی اس خواہش کا ذکر کیا کہ میں چاہتا ہوں کہ میرا قد بڑھ جائے۔ میرے گھر میں ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھا جاتا ہے' میں نے ایک مرتبہ عبقری رسالہ میں ''قد دراز کورس'' کا اشتہار پڑھا۔ میرے ذہن میں فوراً اپنے دوست کا خیال آیا۔ میں نے اپنے اس دوست سے رابطہ کر کے اسے یہ کورس استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس نے میری بات پر عمل کیا اور کچھ عرصہ مسلسل یہ کورس استعمال کیا جس سے اسے بہت زیادہ نفع ہوا۔ کچھ نجی معاملات کی وجہ سے جب میری ان سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو میں نے دیکھا کہ اس کا قد پہلے کی نسبت کافی حد تک بڑھ چکا تھا۔ (وقار امتیاز، فیصل آباد)

سوشل میڈیا پر اشتہار دیکھا' چھینکوں کا حل مل گیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے کچھ سالوں سے ایک مرض میں مبتلا تھا جب بھی سردی کا موسم شروع ہوتا تو مجھے فوراً الرجی شروع ہو جاتی۔ مسلسل چھینکیں آتیں اور اس کے علاوہ ناک کی ہڈی بھی بڑھی ہوئی تھی جس کی وجہ سے میرے لئے سانس لینا مشکل ہو جاتا۔ جسم میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے کوئی کام بھی نہیں کر پاتا تھا۔ ہر وقت سستی اور تھکن کا احساس ہوتا۔ میں نے سوشل میڈیا پر ''بنفشی قہوہ'' کا اشتہار دیکھا۔ میرے گھر والوں نے پہلے بھی عبقری کی کچھ ادویات استعمال کی ہوئی تھیں جن کا بہت اچھا رزلٹ ملا۔ میں نے فوراً عبقری کے دفتر کال کر کے بنفشی قہوہ کا آرڈر کر دیا اور ملنے پر اس کا قہوہ بنا کر استعمال کرنا شروع کر دیا۔ میری ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی چند دن بعد ہی پیچھے ہٹنا شروع ہوگئی۔ اس قہوے سے مجھے ان سردیوں میں کوئی مسئلہ بھی پیش نہیں آیا۔ میرے سانس کی تکلیف بھی چند ہفتوں میں ختم ہوگئی اور میری صحت بھی بہتر ہونا شروع ہوگئی ہے۔ جسم صحت مند اور طاقتور ہو گیا ہے اور ہر وقت جسم میں چستی رہتی ہے۔ اللہ کا مجھ پر یہ خاص کرم ہوا کہ میرا مسئلہ بنفشی قہوہ سے آسانی سے حل ہو گیا ورنہ میں ہر سال سردیوں میں مختلف ہسپتالوں میں علاج کے لئے جاتا تھا اور مہنگی ادویات استعمال کرنے کے باوجود بھی مسئلہ برقرار رہتا تھا۔ اللہ کا بہت شکر ادا کرتا ہوں کہ میری بیماری بھی ختم ہوگئی اور خرچہ بھی زیادہ نہیں ہوا (مشتاق احمد، اسلام آباد)

دو ہفتوں میں خونی بواسیر کا علاج

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی تعلیم کے سلسلہ میں چند سال ایک ہاسٹل میں رہائش پذیر رہا' مجبوری کے تحت میں اکثر باہر سے ہی کھانا کھاتا تھا۔ جس کے کچھ عرصہ بعد میرے پاخانے میں خون آنا شروع ہو گیا۔ میں سخت پریشان ہوا کہ شاید معدے میں کوئی زخم ہو گیا ہے۔ اس مرض کے بعد تو ہلکی سی مرچ مصالحہ والی غذا کھانے سے بھی بہت زیادہ جلن محسوس ہوتی اور خون بھی نکلتا تھا۔ میں نے معدے کے اسپیشلسٹ ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا۔ جس کے بعد معلوم ہوا کہ یہ معدہ کا نہیں بلکہ بواسیر کا مرض ہے۔ والد صاحب کو پتہ چلا وہ بھی حیران ہوئے کہ اس کم عمر میں یہ مرض کیسے ہو گیا، شاید اس کی وجہ بھی تھی میں باہر کے کھانے بہت زیادہ کھاتا تھا۔ میرے والد صاحب نے مجھے عبقری دواخانہ سے ایک دوا لا کر دی جس کا نام ''نور تن شفاء'' ہے۔ میں دیسی ادویات کے استعمال پر یقین نہیں رکھتا تھا مگر والد صاحب کے اصرار پر اس دوا کا استعمال شروع کیا تو چند ہی دن میں مجھے کچھ بہتری محسوس ہوئی۔ خون آنا بہت کم ہو گیا اور تقریباً دو ہفتوں کے مسلسل استعمال کے بعد خون آنا بالکل بند ہو گیا۔ اب مجھے دیسی ادویات کی تاثیر پر یقین ہو گیا ہے اور میں بروشر پر دی گئی ہدایت کے مطابق باہر کے کھانوں سے بھی اجتناب کرتا ہوں۔ (علی عمران، لاہور)

کیا آپ کے بچے نافرمان اور ضدی؟ بات نہیں مانتے یا بدتمیزی کرتے اور آپس میں جھگڑتے ہیں تو خاص ساعت میں یہ نقش لکھیں اور بچوں میں تبدیلی دیکھیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

جلد کو سرخی مائل اور شگفتہ بنائیے!

کینو، مسمی اور مالٹے کے چھلکے سنبھال لیجئے!

خشک موسم میں جلد کی خشکی بڑھ جاتی ہے۔ ایسے میں بازاری کریمیں اور غیر معیاری لوشن استعمال کر کے آپ صحت مند جلد نہیں پاسکتیں بلکہ اس کے لیے آپ کو جسمانی نظام کا اندرونی طور پر بھی خیال رکھنا ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ اپنی غذا میں کچی سبزیوں اور پھلوں کا استعمال زیادہ کریں۔ موسمی پھلوں میں فروٹر، کینو اور مسمی کا استعمال آپ کی جلد کو شگفتہ، دلکش اور شاداب بناتا ہے۔ دانوں، داغ دھبوں سے نجات دلاتا ہے، تیزابیت ختم کرتا ہے اور قبض دور کرتا ہے۔ پانی زیادہ پئیں۔ مرچ، مصالحوں اور چکنائی والی غذا سے اجتناب کریں۔ چہرہ چھپا کر دن میں کم از کم پندرہ بیس منٹ دھوپ میں رہنا مفید ہے۔

پھلوں کے چھلکوں کا استعمال

دنیا کے تمام ماہرین جلد اور ڈرماٹالوجسٹ متفقہ طور پر کہتے ہیں کہ یہ دھوپ کے ہی نقصانات ہیں جس کی وجہ سے رنکلز اور پمپلز نکلتے ہیں اور رنگت کالی ہوتی ہے۔ اس لیے دھوپ میں بیٹھتے وقت چہرے کا رخ سورج کی طرف نہ کریں ورنہ رنگت کالی ہوجائے گی۔ دھوپ میں نکلنے سے پہلے سن سکرین کا استعمال کریں۔ اس موسم میں کینو، مسمی اور مالٹے کے چھلکے سکھا کر پیس لیں اور بوتل میں محفوظ کرلیں۔ ہفتے میں دو تین بار ہلدی ملا کر پانی میں گھول لیں اور اس آمیزے کو جلد پر لگائیں۔ خشک ہونے پر چہرہ دھولیں، یہ نہایت مفید ہے۔

صابن کی بجائے بیسن سے منہ دھوئیں

ماہرین جلد کا کہنا ہے کہ دس پندرہ منٹ روزانہ سردیوں میں دھوپ میں رہنا چاہیے کیونکہ یہ جسمانی نظام کو فعال بناتی ہے۔ اسی طرح تازہ ہوا بھی بے حد ضروری ہے۔ صبح اٹھ کر تازہ ہوا میں لمبے لمبے سانس لیں۔ موسمی پھلوں کا جلد پر لیپ کریں۔ صابن کی بجائے بیسن سے منہ دھوئیں تو چہرہ ملائم ہوگا۔ گاجریں خون صاف کرتی ہیں۔ جلد کو سرخی مائل اور شگفتہ کرتی ہیں۔ آپ باقاعدگی کے ساتھ گاجروں کا استعمال کریں گی تو جلد میں ایسی دلکشی اور جاذبیت پیدا ہوگی کہ آپ خود حیران رہ جائیں گی۔ ماہرین جلد کا کہنا ہے کہ صبح نہار منہ گاجر کا جوس پئیں اور پھر اس کے آدھے گھنٹے بعد دودھ کا گلاس پی لیں تو یہ آپ کی صحت پر غیر معمولی اثرات پیدا کرے گا۔ جلد سرخ و سفید اور صاف شفاف ہوگی۔ آنکھیں چمکدار اور پرکشش ہوں گی۔ کچی گاجریں دوپہر کا کھانا کھانے سے پہلے کھائیں۔ یہ ٹوٹکہ ان بہنوں کے لیے بہت مفید ہے جن کی رنگت کالی اور داغ دھبوں والی ہے۔ اس سے نظام ہضم بہتر ہوگا اور صحت پر اچھا اثر پڑے گا۔

چہرے کے مسائل میں ہلدی کا استعمال

اگر جلد پر زیادہ خشکی ہو تو تازہ بالائی میں ہلدی ملا کر روزانہ رات کو چہرے پر لگائیں اور صبح اٹھ کر منہ دھولیں۔

ٹماٹر، گاجر، آلو اور موسمی سبزیوں کا پیسٹ بنا کر چہرے پر لگائیں اور کچھ دیر بعد منہ دھولیں۔ گلیسرین اور عرق گلاب میں لیموں کا رس ملا کر محلول بنا کر اسے فریزر میں رکھ دیں، روزانہ رات کو سونے سے پہلے چہرے اور ہاتھوں پر لگائیں اور تازہ پانی سے منہ دھولیں۔

جو کا آٹا، زیتون کا تیل، لیموں کا رس، گلیسرین اور پانی یکساں مقدار میں لے کر پیسٹ بنالیں۔ رات کو جلد اور ہاتھوں پر اس آمیزے سے مالش کریں۔ پندرہ منٹ بعد نیم گرم پانی سے منہ دھولیں۔ جلد پر نکھار آجائے گا۔

ہماری قدیم روایت کے مطابق ہلدی ہربل میڈیسن کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ ہلدی کے استعمال کے بے شمار فوائد ہیں۔ خاص طور پر جلدی امراض کے لیے ہلدی اکسیر ہے۔ ابٹن میں ہلدی کا استعمال آپ کی جلد کو نرم و ملائم اور داغ دھبوں سے پاک کردیتا ہے اور جلد میں نکھار پیدا کرتا ہے۔ بیسن اور ہلدی دودھ میں ملا کر پیسٹ بنالیں۔ اسے جلد پر لگائیں تو رنگت دمکنے لگے گی۔

چہرے کے مہاسوں اور داغ دھبوں کا علاج

چہرے پر مہاسوں کے لیے روزانہ دن میں دو دفعہ تازہ پانی سے چہرے کو دھو کر سفید پھٹکڑی کا ایک ٹکڑا گیلا کر کے چہرے پر ملیں، اس سے مہاسے جلد ٹھیک ہوجائیں گے۔

چہرے کے دھبوں کے لیے جائفل کو پانی میں آہستہ آہستہ رگڑ کر داغ دھبوں پر لگائیں۔ انہی داغ دھبوں کے لیے پودینہ، کھیرے کا رس، ٹماٹر اور تلسی کا رس بھی مفید ہے۔

جلد کی ملائمت اور رنگت نکھارنے کے لئے

بادام روغن، گلیسرین اور لیموں کا رس ملا کر اس مرکب کو رات کو جلد پر لگائیں۔ صبح منہ دھولیں۔ اس سے چہرہ نکھر جائے گا اور کھردری جلد بھی ملائم ہوجائے گی۔

سردیوں کے موسم میں ہینڈ لوشن کا استعمال

بیس سال کی عمر تک پہنچنے کے بعد ہارمونز میں ایک واضح تبدیلی آتی ہے جس کے باعث ہاتھوں کی انگلیاں اور ان کی پوریں بے حد حساس ہوجاتی ہیں۔ ہمیشہ سردیوں کے موسم میں ان کی حفاظت کریں۔ ہینڈ لوشن کا استعمال نہ بھولیں تاکہ آپ کے ہاتھ اور انگلیاں بھی خوبصورت دکھائی دیں۔

چہرے پر کیل نکلنے کی وجہ اور اس کا حل

کیل چکنائی کی وجہ سے بھی نکلتے ہیں۔ اس کی ایک وجہ قبض بھی ہے، اس لئے ایسی غذاؤں کا استعمال کریں کہ قبض نہ ہو۔ کیل کھلے مسامات کی وجہ سے بھی ہوسکتے ہیں۔ اس کا سب سے آسان حل یہی ہے کہ گرم پانی کی بھاپ لیں۔ جب چہرے کے یہ کیل نرم ہوجائیں تو انہیں نکال دیں۔

غیر معیاری بازاری کریموں کے مضر اثرات

بعض خواتین شکایت کرتی ہیں کہ ان کی جلد پر داغ دھبے اور کیل وغیرہ نکل آئے کیونکہ ان خواتین نے علاج کرنے کی بجائے جلد کو نکھارنے والی مہنگی کریمیں لگائیں، مگر جلد صاف ہونے کی بجائے دن بدن کالی ہوتی جارہی ہے اور کالی رنگت پر داغ دھبے واضح نظر آتے ہیں۔ دراصل رنگ گورا کرنے والی کریمیں وقتی طور پر جلد پر اچھے اثرات چھوڑتی ہیں مگر بعد میں رنگت کالی ہوجاتی ہے اور جلدی امراض بھی جلد کو بدنما بنادیتے ہیں۔ اس کا واحد حل یہ ہے کہ رنگ گورا کرنے والی کریموں کا استعمال چھوڑ دیا جائے۔ جائزہ لیں کہ آپ کی رنگت خراب ہونے اور کیل مہاسے نکلنے کی اصل وجہ کیا ہے۔ تلی ہوئی چیزوں اور بیکری کے سامان کا استعمال ترک کردیں۔ سادہ متوازن غذائیں کھائیں، گاجروں کا رس پئیں، کینو، فروٹر کھائیں۔ ہماری بڑی بوڑھیاں جلد کی سختی، ملائمت اور جاذبیت برقرار رکھنے کے لیے انڈے کی سفیدی کا استعمال کرتی تھیں۔ لیکن آج کل مارکیٹ میں طرح طرح کے جیل اور کریم آگئی ہیں۔ ان فارمولوں سے جلد میں تازگی اور شادابی وغیرہ سب کچھ بظاہر شامل ہیں لیکن بدقسمتی سے ان کا اثر دیرپا نہیں ہوتا اور مضر اثرات ہونے لگتے ہیں۔ یاد رکھیں کچھ کریمیں ایسی ہوتی ہیں جو نازک اور پتلی جلد کو الٹا نقصان پہنچاتی ہیں۔ ایسی کریم جس میں کسی قسم کا روغن شامل ہو، وہ جلد کے لیے مضر ثابت (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

جب تسبیح خانہ میں سورہ اخلاص کا اجتماعی عمل ہوتا ہے تو اس عمل کی برکت سے آسمان سے نور کی ایسی بارش برستی ہے کہ جو بھی اس عمل میں شامل ہوجائے وہ رنگا جاتا ہے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

خاندانی جھگڑوں سے نجات کیلئے ضرور پڑھیں!

سسرالی رشتے کیسے نبھائیں!

(الحاج شمس الدین فاروقی)

شادی سے محبت کا ایک نیا چشمہ رواں ہوتا ہے، اس چشمے کو بہت زیادہ فیض والا ہونا چاہئے۔ یہ محبت صرف شوہر، بیوی اور بچوں تک سمٹ کر نہ رہ جائے، بلکہ اس محبت سے دو خاندانوں کو سیراب ہونے کا موقع ملے۔ ایک طرف شوہر اپنے سسرال والوں کے لئے رحمت ومودت کا سفیر بن کر آئے اور ان کی خوشیوں میں شریک ہوکر ان کے دکھوں کو تقسیم کرلے، تو دوسری طرف بیوی اپنے سسرال کو سنوارنے اور وہاں محبت کی خوشبو عام کرنے والی رحمت بن کر جائے۔

محبت پہلے آپ کریں

جب تعلقات کا آغاز یہ سوچ کر کیا جاتا ہے کہ ''سامنے والے خوبی سے پیش آئیں گے، تبھی ہم بھی خوبی سے پیش آئیں گے'' تو خوبی سے پیش آنے کے راستے کبھی کھلتے ہی نہیں، دونوں طرف سے زندگی بھر انتظار ہی ہوتا رہتا ہے۔ لیکن اگر تعلقات کا آغاز اس عزم کے ساتھ کیا جائے کہ مجھے آگے بڑھ کر دل جیتنے ہیں، محبت کی خوشبو بکھیرنی ہے اور خود آگے بڑھ کر ایک خوش گوار اور حیات بخش فضا بنانی ہے، تو بہت جلد اس اچھی نیت کے فرحت افزا نتیجے سامنے آنے لگتے ہیں اور کسی ایک شخص کا بے غرض اقدام سب کی سوچ کو بدلنے لگتا ہے۔ خوش گوار رشتے قائم کرنے کے لئے ''آگے بڑھ کر محبت کا اظہار کرنا'' بہت مفید اور موثر ہوتا ہے۔

سسرال دامادوں کے لئے دربہشت

سسرال سے دامادوں کا رشتہ عام طور سے مہمان والا ہوتا ہے۔ مہمان کی خاطر تواضع ہماری روشن تہذیبی روایت رہی ہے، اس لئے دامادوں کو اپنی سسرال میں کسی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ کچھ داماد مہمان سے آگے بڑھ کر سسرال کے ذمہ دار افراد میں شامل ہونا پسند کرتے ہیں وہ سسرال کی بہت سی ضروریات کی تکمیل میں اور بہت سے مسائل کے حل میں اچھا رول ادا کرتے ہیں، یہ عام دامادوں سے مختلف مثالی داماد ہوتے ہیں۔ سسرال کے رشتوں کو غیر ضروری طور سے حساس بنادیا گیا ہے۔ دامادوں کے ذہن میں یہ تصور بیٹھا ہوتا ہے کہ ان کو امتیازی سلوک اور مراعات ملیں اور جب ایسا نہ ہو تو وہ ناراض ہوجاتے ہیں۔ ایسی سوچ مناسب نہیں ہے، ''سب کے ساتھ سب کی طرح'' رہنے کا اصول راحت بخش ہوتا ہے۔ اچھے داماد وہ ہوتے ہیں جو اپنی سسرال میں گھل مل جاتے ہیں، وہ باعث زحمت نہیں بنتے، بلکہ وہاں کی ذمہ داریوں میں شریک ہوجاتے ہیں۔

ہم زلفوں کا نازک رشتہ

سسرال میں ایک نازک رشتہ ہم زلفوں کا سمجھا جاتا ہے، بہنوں کے شوہروں کے درمیان ایک رقابت سی ہوتی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ ان کے درمیان مختلف پہلوؤں سے فرق ہوتا ہے، کوئی زیادہ مال دار، کوئی زیادہ ملنسار، کوئی زیادہ تعلیم یافتہ، اور کوئی زیادہ اونچے منصب والا ہوتا ہے۔ اس کا اثر ان کے ساتھ ہونے والے برتاؤ پر پڑتا ہے اور جب برتاؤ میں تفریق نمایاں ہونے لگتی ہے تو دلوں میں میل اور تعلقات میں بال پڑنے لگتا ہے۔ داماد ہی نہیں خود لڑکی کو اپنے والدین سے شکایت رہنے لگتی ہے۔ سسرال والوں کو اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ وہ سب کے ساتھ اچھا رویہ اختیار کریں، اور ہم زلفوں کے درمیان فرق مراتب کا کھلا اظہار نہ کریں، جہاں تک ہوسکے یکساں تپاک اور تعلق کا معاملہ کریں۔ ان میں سے کسی کی طرف سے خصوصی تعاون ہوا ہو، تو احسان شناسی کے لئے ایسے طریقے اختیار کریں کہ تعاون کرنے والے کو خوشی ہو مگر باقی لوگوں کے لئے کسی تکلیف کا سبب نہ ہو۔

دوسری طرف دامادوں کو چاہئے کہ وہ منفی قسم کی ذکاوت حس کا شکار نہ رہیں، بلکہ راحت واطمینان کی زندگی کے لئے بہترین نسخہ تو یہ ہے کہ آپ اپنی طرف سے بھلائی کرتے رہیں، اور خود آپ کے ساتھ کیا ہورہا ہے، اسے یکسر نظرانداز کرتے رہیں، زندگی میں یہ طریق ہمیشہ فائدے مند رہا ہے۔

ایک اچھا انسان، سب کے لئے اچھا ہوتا ہے، وہ بیک وقت اپنے گھر کے لئے اچھا بیٹا اور اپنی سسرال کے لئے اچھا داماد ہوتا ہے۔ یہ کم ظرفی کی بات ہوتی ہے کہ سسرال کی طرف ایسا جھکاؤ ہوجائے کہ گھر والوں کو بےتوجہی کا احساس ہونے لگے، یا صرف گھر تک تعلق محدود رہے، سسرال کو اس کی ذات سے کوئی فیض نہ پہنچے۔

بہوؤں اور دامادوں میں ایک فرق

دامادوں کے لئے تو سسرال عام طور سے دربہشت سمجھی جاتی ہے، لیکن کیا بہوؤں کے لئے بھی وہ دربہشت ہوتی ہے؟ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ سسرال کو بہوؤں کے لئے بھی سکون وراحت اور فرحت وانسیت کے لحاظ سے دربہشت کی طرح ہونا چاہئے۔ بہنوں کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بھائی ان کے شوہروں کا خیال رکھیں، اسی طرح ان کی یہ کوشش بھی ہونی چاہئے کہ وہ اپنے بھائیوں کی بیویوں کا خوب خیال رکھیں۔ جب سب لوگ سب کا خیال رکھتے ہیں تو خاندان کی فضا بہت خوش گوار ہوجاتی ہے۔

عزت واحترام کے معاملے میں تو بہوؤں اور دامادوں میں بالکل فرق نہیں ہونا چاہئے، تاہم ایک فرق اس پہلو سے ہے کہ داماد کی حیثیت گھر کے مستقل فرد کی نہیں ہوتی ہے۔ گھر کے ماحول سازی میں اس کا مستقل کردار نہیں ہوتا ہے۔ تاہم بہو تو گھر کی معمار بن کر آتی ہے، وہ اپنے ساتھ جہیز لائے یا نہ لائے، مگر ذمہ داریاں لے کر آتی ہے۔ مشرقی طرز معاشرت میں بہو کا رول بہت کلیدی ہوتا ہے۔ وہ سونے اور راحت سے خالی گھر کو رونق محل اور راحت کدہ بنادینے والا کردار رکھتی ہے۔ اس کا سب سے زیادہ فائدہ ان کو اور ان کے بچوں کو حاصل ہوگا۔ مزید سسرال کے لوگ اس سے جتنا لطف اندوز ہوں گے، اس کی خوشی اپنے آپ میں ایک بڑا انعام ہے۔ اور پھر رضائے الٰہی کی نیت ہو تو آخرت کے لئے بہترین ذخیرہ بھی ہوجائے گا۔

ایسا آزمودہ عمل کہ دشمن بھی دوست بن جائے

محمد ثوبان ارشد بھٹی

رشتوں کی بندش ختم کرنے کے لئے

ہر جمعرات 1000 مرتبہ یَامُعْطِیُ یَارَحِیْمُ کا اول آخر 11 بار درود پاک کے ساتھ ورد کریں ان شاء اللہ رشتوں کی بندش ختم ہوجائے گی۔

نماز میں خشوع وخضوع کیلئے

جس شخص کو نماز میں خشوع وخضوع نہ ملتا ہو اسے چاہیے کہ چلتے پھرتے لاالٰہ الا اللہ کا کثرت سے ورد کریں۔

زوجین میں محبت کے لئے

یَافَتَّاحُ یَاقَائِمُ لاتعداد بار پڑھیں اور پانی پر دم کر کے میاں بیوی دونوں کو پلائیں۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد یَاجَامِعُ اور یَاکَرِیْمُ 11'11 مرتبہ پڑھیں۔

غصہ کو ختم کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کو بے وجہ بار بار غصہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ جب بھی غصہ والی کیفیت ہو تو فوراً درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دے۔ اس کے علاوہ اس آیت کا ورد اپنے معمولات میں شامل رکھیں ان شاء اللہ غصہ ختم ہوجائے گا۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَ الْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

دشمن کو دوست بنانے کیلئے

اگر کسی دشمن کو دوست بنانا مقصود ہو تو ان کلمات کو 1000 دفعہ کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے مطلوبہ شخص کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ دشمنی محبت میں بدل جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ وَاَنَا الْغَافِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الْغَافِلَ اِلَّا الْعَالِمُ یَارَبِّ۔

دل کی بیماریوں سے حفاظت

درج ذیل دعا اگر کوئی شخص روزانہ 40 بار پڑھ لے تو اس کی برکت سے دل کی جملہ بیماریوں سے حفاظت ہوتی ہے اور دل سے وسوسوں کا خاتمہ اور روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

یَاقَیُّوْمُ لَااِلٰہَ اِلَّااَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

بستر پر پیشاب نکل جانا

جس بچے کا پیشاب بستر پر نکل جاتا ہو، اول و آخر درود شریف ایک مرتبہ پڑھیں سورۂ ھود کے رکوع نمبر 4 آیت نمبر 44 قُضِیَ الْاَمْرُ تک سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔

ہر مقصد و مشکل کے لئے

اپنے مقصد میں کامیابی اور مشکلات سے نکلنے کے لئے ہر شب جمعہ میں عشاء کی نماز کے بعد درج ذیل کلمات 100 مرتبہ اول آخر 11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

سبحان اللہ۔ یہ ہر غم یار تو لی۔ سبحان اللہ۔ یہ ہر کشائش کار تو لی سبحان اللہ۔ بحرمت کن فیکون۔ سبحان اللہ۔ مراد من حاصل کن

آفات و بلیات سے بچاؤ کے لئے

جب کبھی کسی آفات و بلیات کا خطرہ ہو تو اس دعا کو اول آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 11 بار پڑھیں۔ یَادَائِمُ بِلَافَنَاءٍ وَیَاقَائِمُ بِلَازَوَالٍ وَیَااَمِیْرُ بِلَاوَزِیْرٍ۔

ملازمت کے حصول کے لئے

ملازمت کے حصول کے لئے ایک تسبیح روزانہ اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھیں، پنج وقتہ نماز کی ادائیگی لازمی ہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُ یَافَتَّاحُ

مستقل آمدنی اور روزی کیلئے: اول و آخر درود ابراہیمی ایک مرتبہ، سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھیں، پیسے کی کمی نہیں ہوگی انشاء اللہ آزمودہ ہے۔

جسمانی کمزوری دور کرنے کے لئے

اگر کسی کو جسمانی کمزوری کا مسئلہ ہو تو اسے چاہیے روزانہ تسمیہ پڑھ کر دو کھجوریں اور ایک کھیرا کھائیں۔

ہر قسم کی پریشانی کے لئے

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ

اپنے نام کے عدد نکال کر فجر کے وقت اتنی تعداد میں پڑھ کر دعا کریں۔

نیکی کا بدلہ اللہ ضرور دیتا ہے

ابن عقیلؒ اپنا واقعہ لکھتے ہیں کہ میں بہت ہی زیادہ غریب آدمی تھا۔ ایک مرتبہ میں نے طواف کرتے ہوئے مجھے ایک سونے کا ہار ملا جو بہت قیمتی تھا۔ میں نے وہ ہار اٹھالیا۔ میرا دل چاہتا تھا کہ میں اسے چھپالوں لیکن میرا ضمیر کہتا تھا' ہرگز نہیں، یہ چوری ہے۔ بلکہ دیانتداری کا تقاضا یہ ہے کہ جس کا یہ ہار ہے اسے میں واپس کردوں۔ چنانچہ میں نے مطاف میں کھڑے ہو کر اعلان کر دیا کہ اگر کسی کا ہار گم ہوا ہو تو آ کر مجھ سے لے لے۔ ایک نابینا آدمی آیا اور کہنے لگا کہ یہ ہار میرا ہے اور میرے تھیلے میں سے گرا ہے۔ میرے نفس نے مجھے اور بھی ملامت کی کہ یہ ہار تو ایک نابینا شخص کا تھا، اس کا کسی کو کیا پتہ چلتا، چھپانے کا اچھا موقع تھا؛ مگر میں نے وہ ہار اسے دے دیا۔ اس نابینا شخص نے مجھے دعا دی اور چلا گیا۔ ابن عقیلؒ فرماتے ہیں کہ میں دعائیں مانگتا تھا کہ یا اللہ! اس نیکی کے صدقے میرے لیے رزق کا کوئی بندوبست کر دے۔ اللہ کی شان دیکھیں کہ میں وہاں سے "حلہ" آگیا۔ (یہ ایک بستی کا نام ہے) وہاں کی ایک مسجد میں گیا تو پتہ چلا کہ چند دن پہلے امام صاحب فوت ہوگئے تھے۔ لوگوں نے مجھے کہا کہ نماز پڑھادو۔ جب میں نے نماز پڑھائی تو انہیں میرا نماز پڑھانا اچھا لگا۔ وہ کہنے لگے، تم یہاں مستقل امام کیوں نہیں بن جاتے۔ میں نے ان کی اس پیشکش کو قبول کرلیا۔ میں نے وہاں امامت کے فرائض سرانجام دینے شروع کر دیے۔ تھوڑے دنوں بعد پتہ چلا کہ جو امام صاحب پہلے فوت ہوئے تھے ان کی ایک جواں سال بیٹی ہے۔ وہ وصیت کر گئے تھے کہ کسی نیک بندے سے اس کا نکاح کر دینا۔ وہاں کے مقامی لوگوں نے مجھ سے کہا، اگر آپ چاہیں تو ہم اس یتیم بچی کا آپ سے نکاح کر دیتے ہیں۔ وہ لڑکی ایک دیندار گھرانے سے تعلق رکھتی تھی' اس لئے میں نے ہاں کر دی۔ چنانچہ انہوں نے اس لڑکی کے ساتھ میرا نکاح کر دیا۔ شادی کے کچھ عرصہ کے بعد میں نے اپنی بیوی کو دیکھا کہ اس کے گلے میں وہی ہار تھا جو میں نے طواف کے دوران ایک نابینا آدمی کو لوٹایا تھا، اسے دیکھ کر میں حیران رہ گیا۔ میں نے پوچھا، یہ ہار کس کا ہے؟ اس نے کہا، یہ میرے ابو نے مجھے دیا تھا۔ میں نے کہا، آپ کے ابو کون تھے؟ اس نے کہا: وہ عالم تھے، اس مسجد میں امام تھے اور نابینا تھے۔ تب مجھے پتہ چلا کہ اس کے والد وہی تھے جن کو میں نے وہ ہار واپس کیا تھا۔ میں نے اس (بقیہ صفحہ نمبر 59)

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

قسط نمبر 4

آئیں عبقری سے عملیات سیکھیں!

زیر سرپرستی شیخ الوظائف

عامل ہر کوئی! کامل کوئی کوئی!!! روحانی عملیات کے راز و رموز کا ایک اچھوتا سلسلہ جس میں ہر ماہ شیخ الوظائف کی زیر نگرانی آپ کو چلے اور باجازت اعمال دیئے جائیں گے۔ ہر عمل کی اجازت عام ہے، آپ دوسروں کو بھی بتا سکتے ہیں

جب بھی کسی چیز کو سیکھا جاتا ہے تو ابتداء اس چیز کی 'ABC' ، 'ب' سے کی جاتی ہے۔ نوری عملیات کی ابتداء اور انتہا حروف تہجی ہے! حروف تہجی کے لفظوں سے مل کر قرآن بنا ہے۔ تمام وظائف، مسنون دعائیں، اذکار اور اسم اعظم بھی انہی حروف کا مجموعہ ہیں۔ اس عملیاتی کلاس میں سب سے پہلے حروف تہجی کے عملیاتی رازوں کو افشاں کیا جائے گا، حروف تہجی کے خاص حروف کے چلے اور باموکل اعمال کی خصوصی اجازت دی جائے گی۔ جو شخص حروف کے ظاہر و باطن سے واقف ہو جائے وہ صدر درجہ یقین اور مرتبہ مقربین تک پہنچے گا۔ حروف تہجی کے بعد پھر عملیات کا اگلا باب شروع کیا جائے گا۔ اس سنہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں! یہ موقع شاید پھر نہ ملے!!!!

حرف (دال) ابجد کا چوتھا حرف ہے۔ اس کے عدد 4 ہیں۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک یہ آبی ہے۔ حروف آبی کے ساتھ مل کر اسے تقویت ہوتی ہیں اور حروف خاک سے مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے۔ حروف آتش اس کے خلاف ہیں۔ یہ حرف ناطق ہے۔ علوم وحکمت پر دلالت کرتا ہے۔ عطارد سے منسوب ہے۔ عطارد کی سب حرکات حرف (دال) کے ماتحت ہیں۔ تقسیم عنصری کے حساب سے درجہ اول پر خاکی ہے۔ علم جفر میں حرف دال حرف ترفع درجہ دوم پر ہے۔ صرف دال کا موکل دوردائیل ہے۔ حرف دال کا مزاج سرد تر ہے۔ یہ ظلمانی اور جمالی حرف ہے۔ یہ علم وحکمت پر دلالت کرتا ہے۔ حرف دال میں بقاء کے اسرار ہیں۔

حرف "دال" کی زکوٰۃ کا طریقہ

جب اس حرف کی زکوٰۃ دینا چاہیے تو منزل ویران میں جب چاند ہو، ادا کرے یہ منزل ہر ماہ آتی ہے اس دوران جب چاہیں زکوٰۃ ادا کرے۔ اَجِبْ یَا وَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ یَادَال کو 4444 مرتبہ پڑھنا ہے۔ اس سے زکوٰۃ اصغر ادا ہو جائے گی۔ اب عامل کو اس بات کا اختیار ہوگا کہ وہ حرف دال کے عملیات سے کام لے سکے گا۔ واضح رہے کہ تمام اعمال صرف جائز کاموں کے لئے کریں ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

حصول مرتبہ کے لئے

جب برج جوزا کا چوتھا درجہ طلوع کرے تو 1446 مرتبہ حرف (دال) مشک وزعفران سے لکھ کر اپنی پگڑی یا ٹوپی وغیرہ میں رکھے تو اس کو مرتبہ ملے گا۔

ظالم دشمن سے نجات کے لئے

اگر صبح کے وقت سر برہنہ ہو کر ستر مرتبہ اوپر دیئے گئے مذکورہ کلمات پڑھیں اور جس دشمن سے نجات مقصود ہو اس کا نام لے کر اور مقصد بیان کریں مثلاً فلاں سے مجھے نجات ملے۔ آسمان کی طرف دم کریں۔ اس عمل کو چند بار کریں تو کام ہو جائے گا اور ظالم سے ظالم دشمن سے نجات حاصل ہوگی۔

دلوں میں عزت اور عظمت پیدا ہوگی

حرف (دال) خاصیت میں سردتر ہے اور اسی کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے طبائع اربعہ کو کامل کیا ہے۔ جب اس کے اسمائے دالیہ کو مثلاً دائم دیان کو مربع تختی میں لکھیں گے تو لوح کے چاروں کونوں پر چار مرتبہ حرفِ دال لکھیں اور پاس رکھیں تو دوسروں کے دلوں میں عزت اور عظمت پیدا ہوگی۔

نعمتوں کے حصول کے لیے

اگر اس حرف کے اعداد 35 کو مربع میں پر کر کے اس کے گرد حروف (دال) بھی 35 ہی لکھیں۔ پھر انگوٹھی کے نیچے رکھیں تو جو پہنے صاحب نعمت ہو جائے گا۔

آنتوں کے درد سے نجات

35 عدد مربع میں سنگ یشب کی تختی پر لکھیں۔ چاروں کونوں پر چار دال لکھیں تو آنتوں کی درد سے نجات ہوتی ہے۔

فہم وادراک کے لیے

اگر حرف دال کو 35 مرتبہ ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو قوت حافظہ میں زبردست اضافہ ہو جائے اور فہم و ادراک کی قوت میں بھی خوب اضافہ ہو جائے۔

تمام جائز جمیع امور کے لیے

آپ جس کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا چاہتے ہیں تو اپنا نام معہ والدہ اور مطلوب کا نام معہ والدہ کے عدد ابجد سے حاصل کر کے اس میں دو سو پچاسی 285 کا اضافہ کریں اور ان اعداد کو مثلث آتشی چال میں پر کر کے اپنے سامنے رکھیں اور دو سو پچاسی مرتبہ یہ عمل پڑھیں اَجِبْ یَادَرْدَائِیْلُ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں کامل کامیابی ہوگی۔ اگر کامیابی نہ ہو تو گیارہ دن کے بعد عمل پڑھنا بند نہ کریں۔ نقش لکھنا بند کر دیں۔ جب تک آپ کامیاب نہ ہوں بعض کام ایسے ہوتے ہیں اس میں دیر ہوتی ہے۔ مثلاً آپ ہزاروں روپے کے قرض دار ہیں یا کوئی مقدمہ ہے یا شادی کا معاملہ ہے تو اس قسم کے کاموں میں دیر ہو سکتی ہے

رزق کشادہ اور خیر وبرکت ہوگی

جب قمر سرطان میں ہو اور مشتری کو بہ نظر مودت دیکھتا ہو، اس وقت پینتیس (35) حرف دال قطعہ حریر سفید پر لکھ کر زیر نگین انگشتری رکھیں، وضو کر کے اور پاکیزہ لباس پہن کر وہ انگشتری پہن لیں۔ اگر منعم ہے تو نعمت اس کی باقی رہے گی اور خیر وبرکت زیادہ ہوگی۔ اگر مفلس ہے تو اس پر ابواب رزق وروزی کشادہ ہو جائیں گے۔

قرض کی ادائیگی

اگر شب چہارشنبہ کے مقام خلوت میں بیٹھ کر مشک وزعفران سے پینتیس (35) دال لکھیں اور بروقت لکھنے کے یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ پڑھتے رہے اور اپنے پاس رکھیں تو دل اور ہاتھ کشادہ ہو جائے گا اور نظر مردم میں عزت وحرمت اور اعتبار کلی ہوگا اور ادائیگی قرض میں بھی مفید ہے۔

خیر وبرکت کیلئے

ریشمی سفید کپڑے پر حرف دال کو 35 مرتبہ لکھیں۔ پھر اس کپڑے کو تعویذ بنا کر بازو پر یا باندھ لیں تو دین ودنیا کی نعمتوں سے سرفراز ہو جائیں۔ ہر کام میں خیر وبرکت کے لئے بہت ہی خاص عمل ہے۔ اس طرح کا عمل اس وقت زیادہ مؤثر ہوتا ہے جب قمر برج سرطان میں ہو۔

عبقری روحانی کلاس روزانہ سنیں!

عبقری ویب سائٹ اور یوٹیوب چینل پر شیخ الوظائف کی تمام روحانی کلاسز کی ریکارڈنگز موجود ہیں جس میں شیخ الوظائف نے عملیات کے طالب علموں کیلئے سینے کے راز افشاں کیے ہیں۔ روزانہ سنیں، بار بار سنیں۔ ہر بار انوکھے راز اور حیرت کا انوکھا جہاں آپ پر کھلے گا۔

تجربات رومی۔رومی احمدپوری (قسط نمبر29)

ایک آیت چند بار پڑھی! کرسی پر بیٹھے بیٹھے مسئلہ حل

قارئین اسلام علیکم!! انسان جب ہوش کی آنکھ کھولتا ہے تو قدم بہ قدم مشکلات کا سامنا کرتا ہے۔ بادشاہ ہو، فقیر ہو، تاجر ہو، زمیندار ہو، دکاندار ہو، غریب ہو یا امیر، ہر بندہ بچپن سے بچپن تک مشکلات سے گزرتا ہے اور مشکلات موت تک ختم نہیں ہوتیں لیکن ان کا حل ضرور ہوتا ہے۔ بادشاہ مالی طور پر پریشان نہیں ہوتے لیکن کوئی بادشاہ ایسا موجود نہیں جو کہ ذہنی الجھاؤ کا شکار نہ ہو۔ غریب ذہنی الجھاؤ کا شکار نہیں لیکن مال کے اعتبار سے تنگدست ہے۔ مالک کائنات نے ہر انسان کو پریشان رکھا ہے کیونکہ اللہ جانتا ہے انسان بے وفا ہے، اگر ہر چیز دے دوں گا تو انسان بھٹک جائے گا۔ پریشانی آدمی کو اللہ کی طرف سے پیغام بن کر آتی ہے کہ ابھی وقت ہے میری طرف رجوع کرلو۔ راقم کالج میں پڑھتا ہے۔ ہر جماعت میں اچھے برے لڑکے ہوتے ہیں، چند لڑکوں نے راقم کو کچھ عرصے سے خوب ناک میں دم کیا ہوا تھا۔ راقم پریشان تھا، سہتا رہا، معاف کرتا رہا۔ یہاں تک کہ ایک ہفتے سے زیادہ گزر گیا لیکن وہ شریر انسان باز نہ آئے، راقم کو اللہ نے ذہن میں ڈالا کہ تو خدا کی طرف رجوع کر، تیرا کام ہوجائے گا۔ جماعت میں بیٹھے بیٹھے میں نے قرآن پاک کی ایک طاقت ورترین آیت کا ورد شروع کیا اور وہ بھی چند بار لگاتار، جماعت میں چلتے سبق کی وجہ سے نہ پڑھ سکا لیکن چھوڑا نہیں۔ اگلا دن آیا تو وہ جوان راقم کو پریشان کرنے لگے، لیکن راقم کو یقین تھا کہ اس آیت کی برکت سے تیرا کام ہوجائے گا۔ کالج سے چھٹی ہوئی تو ایک استاد ملے اور کہنے لگے آپ کے ساتھ کوئی مسئلہ ہے؟ آپ شیخ الوظائف کے بیٹے ہیں؟ میں نے ادباً جی کہا۔ استاد نے فرمایا کہ آپ بے فکر ہوجاؤ، صبح آپ کا کام ہوجائے گا اور اللہ کا لاکھ شکر ہے کام ہوگیا۔ اگلے دن کالج میں پورا دن رہا لیکن شریر جوانوں کی طرف سے کوئی منفی بات نا ملی۔ یہ صرف اور صرف ایک آیت کا اثر ہے کہ اللہ نے خوب عزت دی۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (آل عمران ۲۶)

دل ہی دل میں اللہ سے کہتا کہ میرے مولا تو جس کو چاہے عزت دے اور جس کو چاہے ذلت دے۔ میرے نصیب میں ہمیشہ کی عزت رکھ دے۔ قارئین!! اللہ سے باتیں کرنے کی عجیب لذت محسوس کی اور ایک برے کام سے بچا کہ لڑائی نہیں کی۔ لڑائی کرنا شیطان کا کام ہے۔ اللہ نے اپنی غیبی مدد وہاں سے بھیجی جہاں سے راقم سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ جن استاد نے یہ مسئلہ حل کیا ان سے آج تک سلام دعا بھی نہیں ہوئی تھی، نہ جان پہچان تھی لیکن جب اللہ کی رحمت موجوں پر آتی ہے تو کوئی مدد کو روک نہیں سکتا۔ اللہ ہم سب کو اپنے سے مانگنے والا بنادے۔ (آمین)

سارا سال گندم کو کیڑا نہیں لگے گا! نسخہ حاضر ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت عرصہ سے پڑھ رہا ہوں۔ اس رسالہ میں لکھے گئے طبی ٹوٹکوں سے میں نے بہت نفع پایا ہے۔ میری زندگی کی کئی الجھنیں اور مسائل عبقری رسالہ کی وجہ سے حل ہوئے ہیں۔ آج میرے اندر بھی یہ احساس بیدار ہوا کہ میں اپنے تجربات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کروں۔ تاکہ آپ نے جو کار خیر کا کام مخلوق کی خدمت کے لئے شروع کیا ہے' اس میں میرا بھی کچھ حصہ شامل ہوجائے جو میرے لئے عافیت خیر اور صدقہ جاریہ کا سبب بنے۔ آمین

ہمارے ملک میں آنے والے حالیہ سیلاب کی وجہ سے کسانوں کا بہت زیادہ نقصان ہوا۔ ان کے روزگار کے ذرائع اور ضروریات زندگی مفلوج ہوکر رہ گئے۔ اس لئے میں نے فیصلہ کیا کہ اپنی تحریر اس وقت ملک کے سب سے زیادہ متاثرہ طبقے کسان بھائیوں کے نام کروں تاکہ انہیں میرے آزمودہ تجربے سے فائدہ پاکر راحت وسکون ہو اور وہ مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

گندم کو محفوظ کرنے کے لئے

ہمارے ہاں ہونے والی دن بہ دن موجود مہنگائی کے پیش نظر اب ہر فرد کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنے اناج کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں کسی جگہ محفوظ کرلے۔ لیکن بعض اوقات اناج وغیرہ جس میں گندم سرفہرست ہے زیادہ دیر محفوظ کرنے کی وجہ سے اس میں کیڑا لگنے کا خدشہ ہوتا ہے جس کی وجہ سارا اناج خراب ہوجانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس صورت حال میں جب گندم یا کسی بھی اناج کی فصل آپ ڈرم یا بوریوں میں محفوظ کرنے کی غرض سے رکھیں تو تھوڑا تھوڑا نمک وقفے وقفے سے ڈرم یا بوریوں میں ڈالتے رہیں اور اوپر سے اناج کے دانے ڈالتے رہیں۔ جب ڈرم مکمل بھر جائے تو اس کے اوپر بھی دوبارہ نمک چھڑک دیں۔ لیکن اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ یہ نمک ڈرم کو نہ لگے۔ اس طریقے سے آپ گندم یا کوئی اور اناج محفوظ کریں گے تو اس سے ان شاءاللہ اناج خراب نہیں ہوگا۔

اس کے علاوہ ایک اور ٹوٹکہ وہ بھی اسی ضمن میں ہے۔ قارئین کو ٹوٹکہ بھی آسان لگے وہ کر سکتے ہیں دونوں ٹوٹکوں سے ان شاءاللہ یکساں فائدہ ہوگا۔ گندم یا کسی بھی اناج میں کیڑا لگنے کا خدشہ ہو تو اپنے اس اناج کو ڈرم یا بوروں میں اس طریقہ سے محفوظ کریں کہ نیم کے پتے تھوڑے تھوڑے کرکے جس ڈرم یا بوریوں میں اناج ڈال رہے ہوں تو اس میں وقفے وقفے سے ڈالتے رہیں۔ ان شاءاللہ اس ٹوٹکے سے بھی آپ کا اناج محفوظ رہے گا اور کسی بھی قسم کا کیڑا نہیں لگے گا۔ مذکورہ بالا دونوں ٹوٹکوں کو استعمال کرتے وقت اگر سورۃ کوثر کا ورد بھی جاری رکھیں تو ان شاءاللہ اس عمل سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ (عبدالمجید مظفرگڑھ)

آئیے! کسان خوشحال بنائیں قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی' جانوروں یا فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھے ہیں تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا جو آپ کے لئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ بنے گا اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

آپ کے اکثر کام اچانک کسی وجہ سے رکاوٹ کا شکار ہوجاتے ہیں؟ تو سورۃ اخلاص کے موکلات سے دوستی کرلیں، ان شاءاللہ تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

سر کے بالوں سے پاؤں کے ناخنوں تک بیوٹی پاؤڈر

عظمیٰ انور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں آپ کو اپنے آزمودہ ٹوٹکے لکھ کر بھیج رہی ہوں۔ میری درخواست ہے کہ عبقری رسالہ میں ضرور شائع کریں تاکہ لوگوں کو نفع ہو۔ اللہ آپ کی تمام کاوشوں میں آسانی اور مدد فرمائے (آمین)۔

چہرہ شفاف اور بلڈ پریشر کنٹرول

میں یہ ٹوٹکہ کئی سالوں سے استعمال کر رہی ہوں۔ اس ٹوٹکے کی وجہ نہ کبھی چہرے پر دانے نکلے ہیں اور نہ ہی کوئی الرجی ہوئی ہے۔ اس ٹوٹکے کو مسلسل استعمال کرنے کی وجہ خون صاف ہوتا ہے اور چہرے سے ہر قسم کے داغ دھبوں کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ بلڈ پریشر کے لئے مفید ہے اور شوگر کے مریضوں کو بھی افاقہ دیتا ہے۔ نسخہ یہ ہے: پنیر ڈوڈے، گل منڈی، عناب۔ یہ تینوں اشیاء سات یا نو طاق اعداد میں رات کو پانی میں بھگو دیں۔ گرمی کے موسم میں فریج میں رکھیں ورنہ صبح تک گرمی کی وجہ سے پانی کا ذائقہ خراب اور بدبودار ہو جائے گا۔ لیکن آج کل سردیوں میں ایسا مسئلہ نہیں ہوگا۔ صبح مل چھان کر نہار منہ پئیں اور پھر 20 سے 25 منٹ بعد ناشتہ کرلیں، کچھ عرصہ استعمال کریں ان شاء اللہ مذکورہ تمام فوائد حاصل ہوں گے۔

بچوں کے جملہ امراض کے لئے

بچوں کے جملہ امراض کے لئے بہت ہی لاجواب اور مجرب ٹوٹکہ ہے جو مجھے اپنے ہمسایوں سے ملا ہے اور وہ یہ ٹوٹکہ ہر وقت اپنے گھر میں بنا کر تیار رکھتے ہیں جس وجہ سے انہیں آئے دن اپنے بچوں کے بیمار رہنے کی وجہ ڈاکٹر کے پاس نہیں جانا پڑتا۔ بچوں یا بڑوں کے موشن نہ رک رہے ہوں، بچے کے دانت نکلنے کے وقت بچے کو جو تکلیف اور الجھن ہوتی ہو، کھانا ہضم نہ ہوتا ہو یا پھر ایسے بچے جو دودھ نہ پیتے ہوں اور کھانا نہ کھاتے ہوں۔ ان کو یہ نسخہ استعمال کروائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ نسخہ یہ ہے۔ طباشیر، سبز الائچی، مصری، ان تینوں چیزوں کو ہم وزن لیں، حسب ضرورت وزن میں کمی بیشی بھی کی جاسکتی ہے۔ ان تینوں چیزوں کو آپس میں مکس کرلیں اور چٹکی بھر دن میں وقفے وقفے سے استعمال کروائیں۔ کھانے کے بعد ہر بار آدھا چمچ بھی لازمی استعمال کروائیں۔ مذکورہ بالا بیماریوں کے علاوہ بچوں کے منہ سے رال نکلتی ہو، چڑچڑے ہوں ان کو بھی نسخہ استعمال کرنے کے لئے دیں۔ اگر کسی بڑے نے دست وغیرہ کے لئے استعمال کرنا ہو تو خیال رہے کہ شوگر کے مریض استعمال نہ کریں کیونکہ اس میں مصری شامل ہے۔ میں بچوں کے لئے مصری زیادہ ڈال کر بناتی ہوں۔ کھانا ہضم کرنے میں بہت اکسیر ہے۔ اس ٹوٹکے کا کوئی نقصان نہیں ہے بلکہ فائدے ہی فائدے ہیں۔

موٹاپا کنٹرول کرنے کا نسخہ

یہ نسخہ سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخنوں تک بیوٹی پاؤڈر ہے اور بے شمار جسمانی بیماریوں کا علاج ہے۔ اس کے کھانے سے موٹاپا کنٹرول ہوتا ہے۔ یہ نسخہ موٹاپے کو اندر سے ختم کرتا ہے۔ اس نسخہ کو مسلسل استعمال کرنے سے جوڑوں کے امراض کا خاتمہ اور اعصاب مضبوط ہوتے ہیں۔ یہ نسخہ میرے روزمرہ کے استعمال میں ہے۔ آنکھوں کے امراض کا خاتمہ اور بینائی تیز ہوتی ہے۔ جلد جوان اور خوبصورت نظر آتی ہے۔ آج کل کیمیکل سے ملی غذائیں کھانے سے ہمارے جسم میں جو مختلف بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ ان تمام بیماریوں سے حفاظت ہوتی ہے۔ میری عبقری قارئین سے گزارش ہے کہ اس نسخہ کو بنا کر ہر وقت گھر میں رکھیں۔ نسخہ یہ ہے۔ آملہ خشک، مڑ خشک، بہڑے خشک۔ ان کو ہم وزن پیس کر پھکی بنالیں۔ اسے ترپھلہ کہتے ہیں۔ اگر ہو سکے تو ترپھلہ کو پاؤڈر کی شکل میں تیار کرکے رکھیں۔ ایک چمچ روزانہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اس نسخہ کے بے شمار فوائد ہیں جو مجھے مسلسل مل رہے ہیں۔

دانتوں کی تکلیف اور منہ کی بدبو ختم کرنے کا آزمودہ نسخہ

(مسز عبدالغفار، بنی گالا اسلام آباد)

آج سے کچھ عرصہ پہلے عبقری رسالہ میں ایک تحریر شائع ہوئی تھی جس میں دانتوں اور بالوں کے لیے کیمیکل زدہ ٹوتھ پیسٹ اور شیمپو کے بہت زیادہ نقصانات سے آگاہ کیا گیا تھا۔ میں اپنا بھی ایک تجربہ عبقری قارئین کو بتانا چاہتی ہوں۔ پانچ چھ سال پہلے تک میں صرف ٹوتھ پیسٹ استعمال کرتی تھی تو مجھے دانتوں کی تکلیف، دانتوں میں Cavities اور بدبو کی شکایت رہتی تھی۔ میں نے بہت سے ٹوتھ پیسٹ بدل کر دیکھے لیکن میرا مسئلہ جوں کا توں ہی رہا۔ پھر مسواک کے فوائد پڑھتے ہوئے میں نے ٹوتھ پیسٹ کا استعمال ترک کر دیا اور مسواک کا استعمال کرنا شروع کیا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں مسواک کو مسلسل استعمال کرنے سے میرے دانت مضبوط اور چمکدار ہو گئے، ٹھوس غذائیں کھاتے وقت میرے دانتوں میں جو اکثر تکلیف ہوتی تھی وہ بھی ختم ہوگئی اور اس کے علاوہ منہ سے بدبو آنا بھی ختم ہوگئی۔

دانتوں کے لئے ایک اور نسخہ "دنداسہ" کا ہے، ہلکا براؤن چھال والا دانداسہ میں روزانہ دن میں ایک وقت ضرور استعمال کرتی ہوں۔ اس سے میرے منہ میں خوشبو بھی آتی ہے اور دانت بھی چمکتے اور سفید رہتے ہیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ دنداسہ استعمال کرنے کے بعد پانی سے کلی نہیں کرنی چاہیے ورنہ مسوڑھے کمزور ہو جاتے ہیں۔

دیسی شیمپو سے بالوں کے حسن میں اضافہ کیجئے

کیمیکل والے مہنگے شیمپوز کا جب استعمال کرنا شروع کیا اس وقت سے بال خراب ہونا شروع ہوگئے۔ جب بھی سر دھوتی تھی تو کافی بال ٹوٹتے ہوئے ہاتھ میں آجاتے تھے۔ بالوں کے لئے مجھے ایک دیسی نسخہ ملا۔ آملے، ریٹھے، سیکا کائی کو ہم وزن لے کر پاؤڈر بنا کر اس کو پانی میں پندرہ منٹ ابال لیں۔ پانی ٹھنڈا ہونے کے بعد بوتل میں محفوظ کرلیں۔ اس پانی کو شیمپو کے طور پر بالوں میں لگائیں۔ جب سے یہ نسخہ استعمال کرنا شروع کیا ہے تو میرے بال لمبے، نرم و ملائم ہو گئے اور گرنا بھی بند ہو گئے۔ بال دھونے سے پہلے ہلکا سا تیل بالوں میں ضرور لگائیں تاکہ بال دھلنے کے بعد ملائم رہیں۔

زخم اور چوٹ کا بہترین مرہم

اگر چوٹ لگ جائے یا بات ٹانکوں تک پہنچ جائے تو کالا سوتی کپڑا لے کر اس کو جلالیں، پھر بجھا کر سلگا ہوا کپڑا جس میں سرخ رنگ کی انگاری جل رہی ہو اس کو زخم میں بھریں۔ ہمارے خاندان میں جب بھی کسی کو چوٹ لگتی ہے تو یہی نسخہ استعمال کرنے سے زخم ٹھیک ہو جاتا ہے اور ٹانکے لگنے کی بھی نوبت نہیں آتی۔

پہلوانی خوراک صرف چند ٹکوں میں 'پڑھیں ضرور!

محمود غزنوی ؒ کا جنگلی شیر سے مقابلہ اور فتح پانا

گزشتہ زمانہ طاقت اور آمنے سامنے قوت کا زمانہ تھا' یعنی خنجر' تلوار' تیر' نیزہ' بھالا اس کے لیے جسمانی طاقت کی ضرورت تھی آج کا دور نہیں کہ خفیہ بیٹھے میزائل اور گولیوں کے وار کریں۔ اس کے لیے کوئی طاقتور فرد کا ہونا ضروری نہیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ محمود غزنوی ؒ وہ نیک بادشاہ تھا جو نیکی کا بھی شہنشاہ تھا اور بادشاہ کا بھی بادشاہ تھا۔ وہ صحت مند بھی تھا طاقتور بھی۔ وہ وہ بادشاہ تھا جو خنجر سے آمنے سامنے دست بدست شیر سے جنگ کرتا اور شیر پر وار کرتا تھا اور شیر بھی شیر ہوتا تھا آج کے چڑیا گھر میں بند مفلوج اور اپاہج شیر کی طرح نہیں۔ یہ لوگ جسمانی طاقت کا بہت خیال رکھتے تھے اور غذاؤں کو بہت احتیاط سے پرکھ کر اور دیکھ کر چلتے تھے۔ پھر میلوں پیدل چلنا ہوتا تھا۔

میلوں پیدل چلنے والے بوڑھوں کی کہانیاں

آپ کو کئی پرانے بوڑھے بتائیں گے انہیں اپنے مکتب' سکول یا مدرسہ جانے کیلئے میلوں پیدل چلنا پڑتا تھا۔ شہر میں سکول' گاؤں سے میلوں صبح چل کر آتے تھے اور شام کو جاتے تھے۔ میں ڈیرہ اسماعیل خان کے ایک گاؤں میں گیا وہاں ایک باباجی بتانے لگے: میرے گاؤں اور ڈیرہ اسماعیل میں 32 کلومیٹر کا فاصلہ ہے' میں یہاں سے پیدل جاتا تھا اور شہر میں پڑھتا تھا اور جب مجھے آنا ہوتا تو بھی پیدل ہی آتا تھا۔ سواری گدھا' گھوڑا یا اونٹ۔ ہم غریب لوگ تھے ہمارے پاس یہ سواری نہیں تھی تو لہٰذا مجھے پیدل ہی آنا جانا تھا اور پیدل آنا جانا ہی میری زندگی تھی۔ کہنے لگے: سردیاں آتے ہی میری والدہ ہمیں ایک کھیر کھلاتی تھیں' صبح ناشتہ اسی سے کرتے' کھیر نہ دوپہر کو کھانا نہ شام کو کھانا۔ صبح ناشتہ میں وہ کھیر ہمیں جی بھر کر کھلاتی تھیں' ہمیں کھیر اس لیے میسر تھی کہ ہمارے گھر میں بھینس تھی وہی ہمارا سب سرمایہ تھا۔ کھیر کھانے کے بعد ہمارا جسم ایسے تھا جیسے ہمارے جسم میں فولاد کے راڈ اور تاریں بھر گئی ہیں۔ بوڑھی اماں فرماتی تھیں: بیٹا تمہاری نانی اور میری دادی اور ہمارے بڑے ہمیں یہی کھیر کھلاتے تھے۔

اماں کی بتائی اور سکھائی کھیر کے فوائد

پھر اماں اس کھیر کے فوائد بتاتی تھیں بچپن میں تو سمجھ نہیں آتی تھی۔ وہی کھیر ہم نے خود کھائی اور لوگوں کو بتانا شروع کیا تو پھر ہمیں بھی وہ فوائد ازبر یاد ہوگئے جو اماں ہمیں بتاتی تھی۔ اماں نے جو فوائد بتائے اس کھیر کے اور ہم نے جو فوائد پائے خود بھی اور لوگوں کے تجربات کے بعد بھی وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔اس کھیر کے استعمال کرنے والا میلوں پیدل چلے گا' کبھی تھکے گا نہیں' اکتائے گا نہیں اور گھبرائے گا نہیں۔

2۔اس کھیر کے استعمال کرنے والے کو جتنی بھی مشقت کرنی پڑے' گارا' سیمنٹ' ریت' بجری' اینٹیں' سریا' بلاک کوئی تعمیراتی چیز یا ٹرکوں کے ٹرک سامان اتارنا اور رکھنا کتنی زیادہ مشقت ہو' اس مشقت میں کبھی بھی اس کھیر کو استعمال کرنے والا یہ نہیں کہے گا میں تھک گیا ہوں بلکہ ہشاش بشاش ہوگا۔ صحت مند تندرست اور واقعی صحت مند ہوگا۔

3۔کھیر کا استعمال کرنے والے کی نسلوں میں بانجھ پن' بے اولادی نہیں ہوگی اور اگر کسی کے اندر بانجھ پن ہے یعنی ڈاکٹر کہتے ہیں اس کے اندر سپرم نہیں ہے یا کمزور ہیں یا بالکل نہیں ہیں اگر اس کو یہ کھیر مسلسل کھلائی جائے تو یہ کمی پوری ہوجاتی ہے۔

4۔پہلوان کشتی کے لیے یہی کھیر کھاتے تھے اور ہمارے علاقہ میں ایک شخص تھا جولڑا کا مشہور تھا' اس کے پاس ایک لاٹھی تھی وہی لاٹھی اس کی ساری کائنات تھی وہ صبح نہار منہ ناشتہ ہمیشہ کھیر کا کرتا تھا۔

5۔طالب علموں کی ذہانت' فطانت اور یادداشت کو بہتر بنانے کے لیے ہمارے بڑے یہی کھیر استعمال کرواتے تھے اور میں نے بھی یہی کھیر استعمال کی ہے۔ میری جتنی عمر ہے مجھے آج تک کوئی چیز نہ بھولی ہے۔ ایک دفعہ دیکھ لوں' پڑھ لوں یا سن لوں' میں کبھی نہیں بھولتا ہر چیز مجھے یاد رہتی ہے۔

6۔عینک اتارنے کے لیے کھیر بہت لاجواب ہے۔ دماغ طاقتور کرنے کے لیے نظروں کو تیز چمکدار بنانے کیلئے یہ کھیر صحت' طاقت' تندرستی اور کمال کی دلیل ہے۔

7۔ایسے لوگ جن کے جسم پر صرف ہڈیاں ہوں اور اپنے جسم کو پختہ کرنا اور بھرنا چاہتے ہوں' طاقتور صحت مند کرنا چاہتے ہوں وہ یہ کھیر بطور ناشتہ لیں۔

8۔خواتین کی پرانی لیکوریا' کمر کا درد' ٹانگوں پٹھوں کا کھچاؤ' اعصابی کمزوری' طبیعت کی بے زاری کا سوفیصد علاج یہ کھیر ہے۔

صحت' طاقت' تندرستی چاہیے تو کھیر سے دوستی کیجئے

الغرض جو شخص صحت' طاقت' تندرستی (اور طاقت بھی ہر قسم کی جس کی وضاحت ضروری نہیں) چاہتا ہے وہ اس کھیر سے دوستی کرے۔ صدیوں سے آزمودہ ہے۔ پہلوانوں کی غذا ہے' بادشاہوں کی غذا' صحت مندوں کی رہبر ہے اور بیماروں کی معالج ہے۔

ھوالشافی: سنگھاڑے تازہ (کچے) پانچ عدد چھیل کر سفید مغز نکال کر خوب کچل کر آدھا کلو دودھ اور ایک چمچ شکر بڑا یا شہد چاہیں تو میٹھا زیادہ بھی کرسکتے ہیں۔ ہلکی آنچ پر پکائیں اور اس کے بعد اسے کچے برتن یا شیشہ کے برتن میں رات کو اوس میں ڈھانک کر رکھیں اگر اوس نہیں تو فریج میں یا کہیں کھلی جگہ رکھ دیں۔ صبح نہار منہ آدھا آدھا چمچ کرکے کھائیں اور کھیر کو ایسے چبائیں جیسے آپ نوالہ چباتے ہیں۔ یہ شرط بھی ہے لازم بھی ہے اور ضروری بھی ہے۔ بس روزانہ یہ کھیر کھالیں اور یہی اپنا ناشتہ بنالیں۔ بے اولاد مردوں کو خوشخبری دے دیں' مریض خواتین کو صحت مندی کا راز دے دیں' ٹوٹے الجھے اور کمزور لوگوں کو ایک تحفہ ضرور بتائیں۔

اگر مجبوراً آپ کے پاس تازہ سنگھاڑے نہ ہوں تو یہ خشک سنگھاڑوں سے بھی بن جاتی ہے' بس خشک سنگھاڑے اتنی تعداد میں باریک پیس لیں اور انہیں استعمال کریں بہت باکمال چیز ہے' لازوال بے مثال اور صدیوں کا تجربہ اور آزمودہ تجربہ ہے۔

حاجات پوری: جو شخص ظہر کی نماز کے بعد 101 بار یَاعَظِیْمُ پڑھے تو تمام حاجات پوری ہوں اور جو ظہر کے بعد کثرت کریگا اسے قرب الٰہی نصیب ہوگا۔

اپنی من پسند کی جگہ پر شادی کرنا چاہتے ہیں مگر ہر طرف سے رکاوٹیں ہیں، گھبرائیے مت، سورۃ اخلاص کے عمل میں شامل ہوں ان شاء اللہ عافیت والا معاملہ ہوگا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

بیٹے کے متعلق پریشان ہوں

ہم میاں بیوی اپنے بیٹے پر بالکل غصہ نہیں کرتے، مار پیٹ تو بہت دور کی بات ہے' اونچی آواز میں بات تک نہیں کرتے، پھر بھی بچے میں کچھ ایسی باتیں ہیں جن کی ہمیں فکر ہے۔ مثلاً وہ کسی کو دوست نہیں بناتا، بڑوں میں بیٹھنا پسند کرتا ہے۔ بچوں کے ساتھ کھیلتا تک نہیں، وہ چاہتا ہے ٹیچر اس کے ساتھ کرکٹ وغیرہ کھیلیں۔ جس سکول میں وہ پڑھتا ہے وہ میری بہن کا ہے، اس لیے وہاں سب اس کا خیال رکھتے ہیں۔ اس وقت میں بہت پریشان ہوتی ہوں جب وہ اپنے اس مخصوص ماحول کے علاوہ کہیں بھی کچھ وقت گزارنے پر مجھے بے حد پریشان کرتا ہے۔ وہ چاہتا ہے جہاں جائے سب اسی پر توجہ دیں۔ (نادیہ۔ کوئٹہ)

مشورہ بچے کو سزا دینے، سختی کرنے اور سخت جملے کہنے سے گریز کرنا اچھا فعل ہے لیکن اس کی بروقت نگرانی، جس سے زیادہ لاڈ، بے جا ضد کا پورا کرنا اور کسی بھی طرح کچھ وقت کے لیے آزادی نہ دینا بھی شخصیت میں بگاڑ لانے کا سبب ہوتا ہے۔ ایسے بچے خود کو غیر معمولی جانتے ہوئے خود کو دوسروں سے برتر سمجھنے لگتے ہیں۔ یہ بڑے ہو کر بھی احساس برتری کا شکار ہو سکتے ہیں۔ بچوں کا خیال رکھیں، اس طرح کہ انہیں احساس نہ ہو۔ آپ اپنے بیٹے کو عمر کی مناسبت سے ذمہ داریاں سونپیں اور پھر جواب طلبی بھی کریں' مثلاً اپنی کتابوں کا خیال کرے اور بستر کا خیال رکھے وغیرہ۔ اس کے علاوہ اس کی عمر کے بچوں کے ساتھ پینٹنگ یا پزل گیمز وغیرہ میں مقابلے کروائیں۔ آپ کے بچے کی کارکردگی اچھی ہو تو اس کی تعریف ہو اور اگر دوسرے بچے اچھا کام کریں تو ان کی تعریف کریں۔ اس طرح اسے احساس ہو جائے گا کہ میں بھی دوسرے بچوں کی طرح ہوں اور محنت کر کے ہی کوئی مقام پا سکتا ہوں۔

غصہ مہلک اور خطرناک

گھر میں ہم سب اپنی والدہ کی وجہ سے بے حد پریشان ہیں، کیونکہ وہ ہم سے اکثر خفا رہتی ہیں۔ ہر وقت غصہ کرتی ہیں، کبھی بچوں سے اور کبھی والد سے لڑائی شروع کر دیتی ہیں۔ پھر خود ہی ناراض ہو کر الگ کمرے میں چلی جاتی ہیں اور ایک ایک مہینے تک بات نہیں کرتیں۔ ہم سب کو لگتا ہے کہ شاید انہیں ہم سے محبت نہیں۔ (شائستہ نذیر کراچی)

بڑھا ہوا غصہ ذہنی امراض کی دیگر علامات میں سے ایک ہے۔ اپنے بچوں اور شوہر سے ہر وقت ناراض رہنا مریضانہ رویہ ہے۔ آپ کی والدہ کی طبیعت ٹھیک معلوم نہیں ہوتی۔ خود غصہ کرنا، خود ہی ناراض ہو جانا اور پھر ایک ایک ماہ تک بات نہ کرنا، ان کے رویئے کی غیر معمولی تبدیلی کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ آپ لوگوں سے محبت

پریشان' بدحال گھرانوں اور ذہنی طور پر الجھے افراد کے خطوط اور سلجھے جواب
ہر اُلجھن کی سلجھن

نہیں کرتیں۔ ماں کی محبت تو فطری ہوتی ہے۔ اسے کوئی ختم نہیں کر سکتا۔ انہیں محبت تو ہے لیکن وہ کچھ نفسیاتی مسائل کا شکار ہیں، جوان سے گفتگو کے بعد ہی سامنے آ سکتے ہیں۔ آپ ان سے گفتگو کریں اور ان کو اعتماد میں لینے کی کوشش کریں اگر وہ ناراض ہو جائیں تو انہیں منائیں۔ انہیں گھر میں جن افراد سے زیادہ اختلافات ہیں وہ اپنے اندر نرم اور لچکدار رویہ اختیار کریں۔ اس سے آپ کی والدہ کو اعتماد ملے گا اور آپ کے درمیان اچھے تعلقات قائم ہو جائیں گے۔

خود کو سمجھنا چاہتی ہوں

میں نے میٹرک پاس کرنے کے بعد پڑھنا چھوڑ دیا تھا اور اب دو سال بعد سوچ رہی ہوں کہ کالج میں داخلہ لے لوں۔ میں نے سنا ہے نفسیات میں کچھ ایسے ٹیسٹ ہوتے ہیں جن سے خود کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے میں اپنی ذہانت کے بارے میں جاننا چاہتی ہوں تا کہ مجھے اپنی ذہانت اور صلاحیت کا اندازہ ہو سکے اور میرے لئے اپنی فیلڈ کا انتخاب کرنا آسان ہو جائے۔ کیا یہ ممکن ہے؟ (سحر اختر۔ راولپنڈی)

مشورہ: آپ جو سال گزار چکی ہیں اور اگر سہولت ہے تو کالج میں داخلہ لے لیں تا کہ مزید وقت ضائع نہ ہو۔ صلاحیتوں کے بارے میں آگہی کے ٹیسٹ ہوتے ہیں جو ذہنی رجحان کو ظاہر کرتے ہیں۔ یہ ٹیسٹ انسان کی ایسی صلاحیتوں کو بھی ظاہر کر دیتے ہیں، جن کا اسے خود اندازہ کم ہوتا ہے۔ بعض ادارے I.Q ٹیسٹ بھی کرتے ہیں جو آپ بھی کروا سکتی ہیں۔ نفسیات میں ایسے ٹیسٹ ہوتے ہیں جن سے خود کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے بلکہ دوسروں کو بھی سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

انداز دل شکن ہے

جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے والد کو دوسروں سے کافی مختلف محسوس کیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کوئی بھی کام مستقل مزاجی سے نہیں کرتے۔ میرے فون سے میرے دوستوں کے پیغامات پڑھ کر بھی مذاق بناتے ہیں اور کبھی بہت غصہ کرتے ہیں۔ مجھے ان کا یہ انداز مناسب نہیں لگتا۔ (محمد اجمل' اسلام آباد)

اکثر والدین بچوں کے مستقبل کے بارے میں فکرمند ہوتے ہیں۔ آپ کے والد آپ کی طرف سے فکرمند ہی ہوں گے۔ اسی وجہ سے دوستوں کے پیغامات چیک کرتے ہیں کہ آپ کی کالج میں کس طرح کے لڑکوں کے ساتھ دوستی ہے تا کہ آپ کو کوئی گمراہ نہ کرے۔ آپ اپنی ذمہ داریاں اچھی طرح انجام دیں۔ دوستوں کے ساتھ بات چیت کرنے میں محتاط رہنا ضروری ہے۔ والد کی توقعات پوری کرنے کی کوشش کریں۔ والد کے کام سے متعلق مسائل عارضی ہیں معاملات جلد بہتر ہو جائیں گے۔

کام قابل احترام

میری شخصیت میں بچپن ہی سے اعتماد کی کمی ہے۔ ایک ہسپتال میں جاب ہے۔ سارا دن لوگوں سے ملاقات کا سلسلہ رہتا ہے۔ بات کرتے کرتے ہکلا جاتی ہوں' کوئی جاننے والا مل جائے تو اور شرمندہ ہو جاتی ہوں۔ (آمنہ فاروق۔ پشاور)

خود اعتمادی میں کمی اکثر لوگوں کا مسئلہ ہے۔ آپ اپنے سینئرز کو دیکھیں، وہ کس طرح لوگوں سے ملتے ہیں۔ پھر اپنا جائزہ لیجئے۔ لہٰذا آپ اپنی اصلاح بھی کر سکتی ہیں۔ اٹھنے، بیٹھنے کے انداز میں سنجیدگی پیدا کریں۔ خود کو بہتر اور پراعتماد محسوس بھی کیجئے اور کام پر جانے سے پہلے آرام ضرور کر لیں' اس طرح دوران خدمات آپ زیادہ پرسکون رہیں گی۔

گھر میں جھگڑے اور آپس کی نا اتفاقی کا مسئلہ ہے تو اس نورانی وحفاظتی نقش کو اپنے گھر میں لٹکا لیں ان شاء اللہ گھر میں جھگڑے، لڑائیاں اور طلاقیں نہیں ہوں گی۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

ستاروں کی گردش سے خوشحالی اور بربادی (قسط نمبر 2)

کیا آپ کو ستاروں کی گردش نے تباہ کر دیا ہے؟ تو آئیے! کلام الٰہی کی برکت سے آنے والی مصیبتوں اور آزمائشوں سے محفوظ رہیے! ہر ماہ شائع ہونے والے وظائف مقررہ اوقات میں پڑھیے!

عمل کا طریقہ: درج ذیل زائچہ میں ماہ نومبر/ربیع الثانی کے مخصوص دن، اوقات اور وظائف لکھے گئے ہیں۔ وظائف کو مقرر کردہ ساعتوں (اوقات) میں اپنے برج کے نیچے لکھی گئی تعداد کے مطابق پڑھیں اور جس دن صدقہ لکھا گیا ہے صدقہ دیں کیونکہ صدقہ بلاؤں، مصیبتوں اور آئے عذاب کو ٹلوا دیتا ہے۔ اگر بوجہ مجبوری کسی دن عمل رہ جائے تو اگلے دن اسی وقت میں قضا کرلیں۔

کیا ستارے صرف آسمان کی زینت کے لئے پیدا کیے گئے ہیں

قارئین! بارش اللہ تعالیٰ کے حکم سے برستی ہے لیکن اسے برسانے کیلئے مختلف فرشتوں کی ڈیوٹیاں مقرر ہیں۔ رزق اللہ تعالیٰ دیتا ہے لیکن بندوں تک رزق پہنچانے کا ذمہ خاص فرشتوں کے سپرد ہے۔ بیماری اللہ تعالیٰ کے حکم سے آتی ہے، مگر موسمی اثرات اور آنکھوں سے نظر نہ آنے والے جراثیم اس کا سبب بن جاتے ہیں۔ شفاء اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ملتی ہے، لیکن دوائیوں کے ذریعے علاج کرنا لازم قرار دیا گیا۔ فصل پکنے کے پیچھے امر الٰہی پنہاں ہے، لیکن جب تک سورج کی تپش نہ پڑے، فصل تیار نہیں ہوتی۔ پھلوں میں مٹھاس ڈالنا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، لیکن جدید سائنس کہتی ہے کہ جب تک چاند کی روشنی صحیح طرح سے نہ پڑے، پھل بے ذائقہ اور پھیکے رہتے ہیں۔ بحری جہاز اگرچہ سمندری لہروں کے طوفان کی زد میں آکر ڈوبتے ہیں، لیکن ماہرین فلکیات کی تحقیق کے مطابق چاند کی کشش سمندر کی موجوں میں مدوجزر پیدا کرنے کا سبب بنتی ہے۔ ہم نے سورج اور چاند کی تاثیر کو تو مان لیا، لیکن باقی پانچ ستاروں یعنی زہرہ، مریخ، مشتری، زحل اور عطارد کی تاثیر کو نہ جانا، نہ سمجھنے کی کوشش کی کہ آخر ان ستاروں کا کیا مقصد ہے؟ آیا کہ ہماری زندگی کے عروج و زوال، مایوسی، خوشی، ناکامی، کامیابی، لاعلاج روگ، حادثات، مالی بحران، کے پیچھے بھی یہی ستارے اثر انداز ہیں؟ یا صرف آسمان کی زینت کیلئے انہیں پیدا کیا گیا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے کوئی بھی چیز بے کار پیدا نہیں کی۔ ان ستاروں کا ہماری زندگی سے کتنا گہرا تعلق ہے؟ آئیے اکابرینؒ کی کتابوں سے اس کا ثبوت دیکھتے ہیں۔

کیا ستاروں کے علم کا تعلق شرک اور بدعت سے ہے؟

مولانا صوفی محمد عزیز الرحمن پانی پتی صاحب اپنی مشہور زمانہ کتاب آئینہ عملیات میں فرماتے ہیں: ’’یہ بالکل صحیح و درست ہے کہ فن عملیات اور سبعہ سیارہ ستاروں، بروج اور ساعتوں کا آپس میں ایسا ہی گہرا تعلق ہے جیسا روح اور بدن کا، کسی عمل کے پڑھنے یا کسی تعویز کے لکھنے سے پہلے ان تین چیزوں کے لحاظ رکھنے میں عجیب و غریب تاثیریں پیدا ہوجاتی ہیں۔ (سبعہ سیارہ) ان سات سیاروں کو کہا جاتا ہے جو اپنی رفتار سے آسمان کا گشت کرتے ہیں اور آسمان کے ساتھ نہیں گھومتے ان کے یہ نام ہیں۔ 1۔ شمس (سورج)، 2۔ قمر (چاند)، 3۔ زہرہ، 4۔ مشتری، 5۔ عطارد، 6۔ زحل، 7۔ مریخ۔ خالق کائنات نے ان ستاروں میں عجیب و غریب تاثیریں رکھی ہیں اور عالم سفلی (زمین) کو عالم علوی (آسمان) کا تابع قرار دیا ہے۔ کوئی ستارہ سعد (اچھا) ہے کوئی ستارہ نحس (برا) ہے۔ جب ستارہ سعد ہوتا ہے تو کام بن جاتا ہے اور جب ستارہ نحس ہوتا ہے تو کام بگڑ جاتا ہے۔ یہ ستارے جنہیں سبعہ سیارے کہا جاتا ہے۔ یہ دن، رات دورہ اور گشت ہی میں لگے رہتے ہیں۔ اہل نجوم نے ان کی رات دن کی چوبیس ساعتیں مقرر کی ہیں اور ہر ساعت کی تاثیریں الگ الگ بیان کی ہیں۔ (کتاب: آئینہ عملیات، صفحہ نمبر 12،13، ناشر: اسلامی کتب خانہ اردو بازار لاہور۔)

عالم باکمال حضرت خواجہ اشرف علی لکھنویؒ فرماتے ہیں۔ جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے ہر برج اور ستارے کو نیکی اور بدی اور سعادت و نحوست میں اثر جداگانہ مرحمت فرمایا ہے اور حکم ان کا اسی عالم میں جاری ہوتا ہے۔ لہٰذا عاملوں کے نزدیک بروج دوازدہ گانہ تین قسم کے ہیں۔ ثابت و منقلب و ذوجسدین۔ جب آفتاب بروج ثابت میں آوے عمل محبت و کشائش رزق وغیرہ اور منقلب میں ہلاکی دشمن وغیرہ کا اور ذوجسدین میں دونوں کا پڑھنا مقرر ہے اور حب کا مقرر ہے۔ اور حب کا عمل منقلب میں ہرگز شروع نہ کرے کہ برعکس ہوگا۔ یعنی الٹی تاثیر ہوگی اور یہی حال بارہ مہینوں کا ہے اور اس کا تعین از روئے شمسی مہینوں کے ہے۔ (کتاب: نقش سلیمانی، ص 16)

ستاروں کی تاثیر

حضرت خواجہ اشرف علی لکھنویؒ فرماتے ہیں: اللہ جل شانہ نے اپنی ہر مخلوق میں تاثیریں بخشی ہیں اور ان کی تاثیرات ہمیشہ ظہور میں آتی ہیں چنانچہ جب کوئی ستارہ کسی وقت کا حاکم ہوتا ہے اپنی ایک تاثیر دکھاتا ہے اس واسطے عاملوں نے از روئے ان کے خواص و تاثیرات کے عمل پڑھنا اور تعویذ کا لکھنا اختیار کیا ہے اور زمانہ سابق سے تا اب تک اس پر عاملوں کا اتفاق رہا ہے۔

ستاروں کی چال اور ساعتوں کے مطابق ہر برج کے نیچے وظیفہ پڑھنے کی تعداد لکھی گئی ہے!

نومبر	دن	وظیفہ	وظیفہ پڑھتے ہوئے کیفیت (کیفیت کا اثر ستارے کی گردش پر ہوتا ہے)	وظیفہ اس مبارک ساعت کے درمیان پڑھیں	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
3	جمعرات	یَاتَوَّابُ	سر جھکا کر پڑھیں	صبح 6:40 تا 7:05	11	21	55	66	33	77	88	25	31	51	43	41
7	پیر	یَاوَهَّابُ	دعا کی شکل میں ہاتھ اٹھا کر	رات 8:00 تا 9:15	21	57	37	44	91	33	11	63	91	47	51	77
11	جمعہ	سورۃ کوثر	قبلہ رخ کھڑے ہوکر پڑھیں	دوپہر 1:30 تا 2:15	3	7	4	1	5	11	13	6	9	13	8	3
20	اتوار	یَاحَنَّانُ	دو زانوں بیٹھ کر پڑھیں	صبح 6:51 تا 7:07	41	11	19	32	40	10	17	37	43	30	14	25
26	ہفتہ	دن میں کسی بھی وقت اتنے روپے پرندوں کا دانہ لے کر پرندوں کو ڈال دیں			100 روپے	130 روپے	170 روپے	110 روپے	90 روپے	180 روپے	80 روپے	140 روپے	115 روپے	125 روپے	150 روپے	210 روپے
29	منگل	سورۃ اخلاص	دونوں ہاتھوں کو ملا کر پڑھیں	صبح 6:43 تا 7:37	3	5	11	4	10	9	5	13	21	15	18	7

کیا یہ شرک ہے یا بدعت؟ شاہ ولی اللہؒ کی تحقیق

مکمل حوالہ جات جاننے کیلئے ابھی فیس بک پیج www.facebook.com/akabirparaitmad وزٹ کریں۔ پوسٹ نمبر 613

’’قمر اور زہرہ ستارے کی شاہ ولی اللہؒ سے گفتگو‘‘ پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔ مزید تفصیلات کیلئے ماہنامہ عبقری اکتوبر 2022ء کا صفحہ نمبر 26 ملاحظہ کیجئے!

بے اولادی اور امتحانات میں ناکامی! دونوں ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ سے میں نے بہت کچھ سیکھا ہے اور عبقری میری زندگی میں خیر و عافیت کا ذریعہ بن کر آیا ہے۔ میں گیارہ سال سے عبقری رسالہ کا قاری ہوں۔ اس رسالہ سے مختلف ٹوٹکے اور وظائف آزماتا ہوں جس سے مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ عبقری رسالہ قارئین کی خدمت میں اپنے دو مشاہدات پیش کر رہا ہوں۔

اللہ نے میرا بھرم رکھ لیا

میری شادی چند سال پہلے ہوئی۔ میں ازدواجی معاملات میں کمزور تھا اور اپنی اس کمزوری کو ختم کرنے کے لئے مختلف جگہوں سے علاج کروایا جس سے کچھ افاقہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے میرا بھرم رکھ لیا اور تین مہینے بعد اللہ تعالیٰ نے اولاد کی امید لگادی۔ لیکن چند ماہ بعد حمل ساقط ہوگیا۔ اس کے بعد میں نے میڈیکل ٹیسٹ کروائے تو رپورٹس بالکل ٹھیک آئیں۔ لیکن اس کے باوجود دوبارہ امید نہیں لگ رہی تھی۔ ایک دن کسی نے ہمیں اولاد کے لئے روحانی وظیفہ پڑھنے کے لئے بتایا اور اس عمل کے بارے میں انٹرنیٹ پر بھی ایک پوسٹ میں پڑھا تھا۔ ہم میاں بیوی نے اسی دن وہ عمل شروع کیا۔ تقریباً تین ماہ بعد دوبارہ جب ٹیسٹ کروایا تو پتہ لگا کہ میری بیوی کو دوبارہ امید لگ چکی ہے اور پھر اللہ کا خاص کرم ہوا اس عمل کی برکت سے اللہ نے مجھے اولاد نرینہ کی برکت سے نوازا۔ جب کہ اس عمل کے کرنے سے پہلے ہم نے بہت سے علاج کروائے مگر رپورٹس ٹھیک نہیں آرہی تھیں اور نہ ہی اولاد کے لئے امید لگ رہی تھی۔ لیکن اس عمل کی برکت سے ہمارا مسئلہ حل ہوگیا۔

تین سال ہو گئے مگر دوبارہ اولاد نہ ہوئی

میرا بیٹا تین سال کا ہو چکا تھا مگر دوبارہ پھر سے اولاد کی امید نہیں لگ رہی تھی۔ ہماری خواہش تھی کہ اللہ ہمیں مزید اولاد سے نوازے۔ میں نے دوبارہ اولاد کے لئے وہی عمل کرنا چاہا جو پہلے کیا تھا۔ میں نے اس عمل کے طریقہ کار کو اپنے موبائل میں محفوظ کیا ہوا تھا لیکن غلطی سے وہ موبائل سے ڈیلیٹ ہوگیا۔ اس کے بعد میں نے اس عمل کو انٹرنیٹ سے سرچ کرنے کی کوشش کی اور بہت مشکل کے بعد آخر کار مجھے وہی عمل دوبارہ مل گیا۔ میں نے اور میری بیوی نے مزید اولاد کی نیت سے دوبارہ عمل کرنا شروع کیا تو چند ہی ہفتوں میں اللہ تعالیٰ نے دوبارہ اولاد کی امید لگادی۔ میں نے یہ نیت کی ہوئی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اگر دوبارہ امید لگائی تو میں یہ عمل عبقری رسالہ میں شائع کروانے کے لئے پیش کروں گا۔ عمل کا طریقہ یہ ہے۔ دو عدد انڈے لینے ہیں۔ ایک انڈے پر قرآن کریم کی یہ آیت لکھنی ہے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (سورۃ الذاریات: ۴۷) اس آیت کو ابلے ہوئے انڈے پر لکھ کر مرد نے کھانا ہے۔ اور دوسرے ابلے ہوئے انڈے پر یہ آیت مبارکہ لکھنی ہے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ (۴۸) اور اس انڈے کو بیوی نے کھانا ہے۔ تین دن اسی طرح عمل کرنا ہے۔ ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا۔ یاد رہے کہ آیات مبارکہ کالے مارکر سے لکھنی ہیں۔

امتحانات میں کامیابی کے لئے

دوسرا وظیفہ امتحان میں کامیابی و کامرانی کے لیے ہے۔ جو لوگ امتحانات میں اچھے نمبروں یا نمایاں پوزیشن کے خواہشمند ہوں انہیں چاہیے کہ امتحانات سے رزلٹ آنے تک درود خضری کو روزانہ مستقل پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے امتحانات میں اچھے نمبروں کے ساتھ کامیابی ملتی ہے۔ اس عمل کو بہت سے لوگوں نے آزمایا اور نہایت مجرب پایا ہے۔ اگر کسی وجہ سے امتحانات اچھے نہ ہوں تو امتحانات کے بعد رزلٹ آنے تک درود خضری کا ورد مستقل زیادہ سے زیادہ جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے امتحانات میں ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

پرانا ٹائیفائیڈ بخار! مختصر عمل سے یقینی ختم

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! گرمیوں کے موسم میں مجھے اکثر بخار ہو جاتا تھا دوائی بھی لیتا مگر مستقل آرام نہ ملتا' اسپیشلسٹ ڈاکٹروں سے معائنہ کروانے پر معلوم ہوا کہ ٹائیفائیڈ بخار کا مسئلہ ہے۔ اس بخار کے علاج کی صورت میں بہت زیادہ پیسے خرچ ہوئے مگر کچھ عرصہ کے لئے عارضی فائدہ ہوتا اور پھر دوبارہ ٹائیفائیڈ کے بخار کی شکایت ہو جاتی۔ چند سال گزرنے کے بعد میرا یہ مسئلہ مزید پیچیدہ ہوتا گیا۔ اپنی اس بیماری کی وجہ سے میں بہت زیادہ کمزوری کا شکار ہوگیا اور بستر سے لگ گیا۔

بیماری سے شفاء مل گئی

میں نے پیچیدہ بیماریوں سے شفاء کے لئے آخری دس سورتوں کے اہتمام کرنے کا عمل سنا۔ میں نے اپنی بیماری کی نیت کرتے ہوئے آخری دس سورتوں کی تلاوت کا اہتمام اپنی نمازوں میں کرنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ رات کو سوتے وقت آخری تین قل تین تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیتا ہوں۔ جب سے یہ دو اعمال کرنا شروع کیے ہیں۔ الحمدللہ بغیر ادویات استعمال کیے مجھے بیماری سے نجات مل گئی ہے۔ ان اعمال کو اب بھی جاری رکھے ہوئے ہوں جس کی برکت سے مجھے دوبارہ بخار نہیں ہوا' صحت بھی بہتر ہوئی اور ہر قسم کے شر سے بھی اللہ نے محفوظ رکھا ہوا ہے۔

گمشدہ چیز کے لئے آزمودہ عمل

میرا یہ بار ہا کا آزمودہ عمل ہے کہ جب بھی میری کوئی چیز گم ہو جائے، ہاتھ سے گر جائے اور نظر نہ آئے تو میں یہ دعا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھتا ہوں تو تھوڑی دیر بعد یا اسی وقت مل جاتی ہے۔ درود پاک پڑھنے کا میرا یہ انوکھا مشاہدہ ہے کہ اگر کوئی بات یاد نہ آرہی ہو تو درود شریف پڑھ لیتا ہوں جس کی برکت سے بات یاد آجاتی ہے (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

جنات کی قاتلانہ دھمکیاں‘ حملے مقابلہ اور میری جیت

(محمد الطاف مظفر گڑھ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر انسان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ شادی کے بعد اپنے جیون ساتھی کے ساتھ اچھے اور خوشگوار تعلقات ہوں اور اللہ نیک اور صالح اولاد عطا فرمائے۔ میری یہ بدقسمتی تھی کہ شادی کے چند دن بعد ہی ہم میاں بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے۔ آئے دن چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہمارے درمیان اکثر بغیر کسی وجہ کے جھگڑا شروع ہوجاتا اور اس کے بعد میری بیوی میکے چلی جاتی اور ہفتوں میکے میں ہی رہتی تھی۔ اللہ نے اپنا کرم کیا اور ہمیں اولاد نرینہ کی نعمت سے نوازا مگر کچھ عرصہ بعد ہی میرا بیٹا فوت ہوگیا۔ اس کے بعد اللہ نے کئی بار اولاد سے نوازا مگر وہ زندہ نہ رہتے اور فوت ہوجاتے تھے۔ اللہ سے عافیت کا سوال کرتا رہا‘ پھر اللہ نے کرم کیا دو بیٹے اور تین بیٹیاں ایسی عطا کیں جو فوت تو نہ ہوئی مگر میرے یہ تینوں بچے اور بیوی آئے دن کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا رہنے لگے۔ گھر میں ایک فرد صحت یاب ہوتا تو دوسرا بیمار پڑ جاتا۔ میں نے مختلف ہسپتالوں اور ڈاکٹروں سے علاج کروایا مگر شفاء نہ ہوئی۔

یقین ہوگیا کہ یہ جادو جنات کا مسئلہ ہے

گھر میں اس طرح ادویات کا ڈھیر لگ گیا جیسا کہ یہ گھر نہیں میڈیکل سٹور ہے۔ گھر والوں کا علاج کرواتے اور پیسہ لگا لگا کر میں کنگال ہوگیا۔ یہاں تک کہ میری جائیداد بکنا شروع ہوگئی اور وہ بھی ان بیماریوں کی نظر ہوگئی۔ ایک دن میری ملاقات ایک ایسے عزیز دوست سے ہوئی جو روحانیت کا کچھ علم رکھتے تھے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ تمہارے گھر والے طبی بیماریوں سے نہیں بلکہ جادو جنات کے مسائل سے دوچار ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شیطانی جنات اس قدر تعداد میں زیادہ اور طاقتور ہیں کہ میں ان کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ انہوں نے مجھ کچھ اور بھی ایسی باتیں بتائیں جس سے مجھے یقین ہوگیا واقعی میرے ساتھ جو مسائل چل رہے ہیں اس کے پیچھے شیطانی جنات ہی ہیں۔

میں آئے دن علاج کے لئے کبھی کسی عامل کے پاس جاتا اور کبھی کسی کے پاس۔ بعض جگہوں سے ایک دو دن کے لئے فائدہ ہوتا مگر دوبارہ پھر وہی مسائل شروع ہوجاتے تھے۔ میری پریشانی دن بدن بڑھتی چلی جارہی تھی لیکن سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیسے ان مسائل سے نجات حاصل کی جائے۔ انہی دنوں مجھے ایک رشتہ دار نے آپ کا عطا کیا ہوا حضرت مخدوم ہاشم سندھی ٹھٹھویؒ والا عمل بتایا جس میں اول آخر تین بار درود پاک‘ ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھتے ہیں۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کردیا اور اس کے علاوہ دن میں چند بار سانس روک کر 11 بار وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا٥ پڑھنا شروع کیا۔ جب بھی اپنی بیوی کو مخدوم صاحبؒ والا عمل کرکے دم کرتا تو اس کی طبیعت خراب ہونے لگتی اور وہ مجھے پڑھنے سے منع کرتی‘ تکلیف کی وجہ سے وہ رونے لگتی اور پھر لڑائی جھگڑا کرنا شروع کردیتی۔

یہ آیت پڑھنا چھوڑ دو ورنہ تمہیں قتل کردیں گے

اس کے بعد میں نے تصور میں اپنی اہلیہ کو حضرت مخدوم صاحب والے عمل کے ذریعے دم کرنا شروع کیا اور اس کے علاوہ مسلسل سانس روک کر 11 بار وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا٥ بھی پڑھتا رہا۔ یہ عمل کرتے ہوئے چند ہفتے گزرے تھے کہ آہستہ آہستہ میری بیوی کی طبیعت بہتری کی طرف آنا شروع ہوگئی۔ مجھے یقین ہوگیا کہ ان شاء اللہ میرے مسائل اب جلد حل ہوجائیں گے۔

ایک دن رات کے وقت میں اپنی اہلیہ کو تصور میں سانس روک 11 بار مسلسل وقفہ وقفہ سے وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا٥ پڑھ کر دم کررہا تھا کہ اچانک بہت بڑی تعداد میں جنات میرے سامنے آگئے اور مجھے کہنے لگے تو یہ آیت پڑھنا چھوڑ دے ورنہ ہم تجھے ختم کردیں گے۔ اتنی بڑی تعداد میں جنات کو دیکھ کر اور ان کی رعب دار آواز میں دھمکانے کی وجہ سے میں ڈر کر سہم گیا۔ میں حواس باختہ ہوچکا تھا اور کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیا کروں۔ لیکن اچانک میرے دل میں یہ بات آئی کہ اللہ کے کلام کی طاقت جنات کی طاقت سے کہیں زیادہ ہے۔ جنات کے سامنے بھی یہی جملہ میرے منہ سے بے ساختہ نکل گیا۔

جنات کی چیخیں نکل گئیں

جنات کو میرے جواب پر شدید غصہ آیا اور انہوں نے میری چارپائی کو اٹھایا اور ادھر ادھر ہلانا شروع کردیا۔ میں سہم گیا اور اپنے حواس کھو بیٹھا‘ قریب تھا کہ وہ جنات مجھ پر مزید حملہ کرکے مجھے مار دیتے۔ لیکن میں نے ”وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا“ پڑھنا نہیں چھوڑا اور مزید یقین اور توجہ کے ساتھ اسی آیت کو پڑھتا رہا جس سے جنات کی چیخیں نکل گئیں اور میں نے ان سب جنات کو بھاگتا ہوا اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اس کے بعد میری بیوی اور بچوں کی طبیعت میں کافی بہتری آنا شروع ہوگئی۔ مجھے اس آیت پر مکمل یقین ہوگیا۔ میں اللہ سے رو رو کر فریاد کرتا اور اسی آیت کو یقین اور توجہ کے ساتھ مسلسل پڑھتا رہتا۔ میرے گھر کے حالات کافی بہتر ہونے لگے اور تھوڑے ہی عرصہ میں اللہ نے اس عمل کی برکت سے ہمارے گھر سے تمام مسائل اور بیماریوں کا خاتمہ کردیا۔ ایک طویل عرصہ کے بعد ہم نے سکھ کا سانس لیا۔ ہمارے آپس میں شیطانی اثرات کی وجہ سے جو لڑائی جھگڑے ہوتے تھے وہ بھی ختم ہوگئے۔ آج بھی میں نے اس عمل کو اپنے معمول میں شامل رکھا ہے جس کی برکتیں مجھے اب بھی مل رہی ہیں۔

بیٹے کا راتوں کو اٹھ کر رونا مجھ سے دیکھا نہ جاتا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا پچھلے چند ماہ سے کندھوں اور سر میں ہلکا بوجھ محسوس کرتا تھا۔ میں نے شروع شروع میں اس مسئلہ پر زیادہ توجہ نہیں کی مگر کچھ وقت گزرا تو اس مسئلہ میں شدت آتی گئی۔ میں نے مختلف ہسپتالوں اور ڈاکٹروں سے علاج کروایا‘ ٹیسٹ بھی کروائے لیکن رپورٹس بالکل ٹھیک تھیں۔ اکثر کبھی کبھار رات کو بیٹا ڈر کر اٹھ جاتا اور رونے لگتا تھا۔ میں بہت زیادہ پریشان تھا کہ ایسا کیوں ہورہا ہے۔ میری اہلیہ کو ہماری ایک ہمسائی نے بتایا کہ ان کی بیٹی کے ساتھ بھی کچھ ایسے ہی مسائل تھے۔ انہوں نے لاہور شیخوپورہ روڈ‘ قلعہ ستار شاہ کے قریب ہجویری محل آستانہ منت مراد میں جاکر کچھ روحانی اعمال کیے جس سے ان کی بیٹی بالکل ٹھیک ہوگئی۔ میں اپنی بیٹی اور اہلیہ کو لے کر آستانہ منت مراد پہنچا۔ میں نے وہاں پہنچ کر ٹھوٹھیوں والا عمل‘ اصحاب کہف‘ اونٹ کی ہڈی اور اسمائے حسنیٰ کے جلووں والا عمل کیا۔ ان اعمال کے بعد میں نے جب یا قہار والا لاہوتی عمل شروع کیا تو اس سے میرے بیٹے کی طبیعت خراب ہونا شروع ہوگئی لیکن میں نے عمل مکمل کیا کالا رومال تندور میں پھینکا تو چند منٹ بعد بیٹے کی طبیعت بہتر ہوگئی۔ ہم نے مہینے میں تین بار آستانہ منت مراد میں یہ تمام اعمال دوبارہ کیے جس کے بعد میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہوگیا اور رات کو جو ڈراؤنے خواب آتے تھے وہ بھی آنا بند ہوگئے (محمد عثمان، لاہور)

نئے شادی شدہ جوڑے اگر زندگی میں ہمیشہ خوشی، برکت، عافیت اور نعمتوں کی بارش چاہتے ہیں تو تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والے اس عمل میں شامل ہوجائیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

اللہ کی ناراضگی مول لی! گھر نیلام اور بہن بھائی برباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اس وقت جو خط آپ کی خدمت میں تحریر کررہی ہوں اس تحریر کو لکھتے ہوئے میری آنکھوں میں آنسو ہیں اور دل بہت زیادہ غمگین ہے۔ سمجھ نہیں آرہی کہ اپنی بات کیسے شروع کروں۔ ہم سب گھر والے بہت زیادہ پریشانیوں میں مبتلا ہیں، ہمارے گھر میں بہت زیادہ بے برکتی ہے۔ رزق کی تنگی عروج پر ہے۔ آج سے تقریباً 16 سال پہلے کی بات ہے کہ میرے والد صاحب ایک بینک میں جاب کرتے تھے۔ نوکری سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد ان کو جو پیسے ملے ان پیسوں سے وہ ایک کریانہ سٹور چلانے لگے۔ لیکن وہ کام زیادہ دیر تک نہ چل سکا۔ اس کے بعد انہوں نے مزید اور کاروبار چلانے کی کوشش کی مگر اس میں بھی ناکامی ہی ہوئی۔ ہم دن بہ دن پستی کی طرف جاتے رہے اور آخر کار نوبت یہاں تک آگئی کہ ایک سال کے اندر ہم مال و دولت سے بالکل خالی ہوگئے اور میرے والد کی ساری زندگی کی جو جمع پونجی تھی وہ ایک سال میں ہی سب کی سب ختم ہوگئی۔ سب کے سکول کالج چھوٹ گئے، گھر میں فاقے پڑگئے، گھر کے حالات بہت زیادہ خراب ہوگئے۔

ہماری تمام تدبیریں ناکام ہونے لگیں

ہم دو بہنوں نے میٹرک کیا ہوا تھا۔ سکولوں میں پڑھا کر گزارہ کیا' لیکن یہ سب ناکافی تھا۔ حالات کی وجہ سے میرے باقی بہن بھائی نہ پڑھ سکے، صرف ایک بھائی کچھ لوگوں کی مدد اور امداد کے ذریعے پڑھا اور بعد میں خود پڑھائی کے ساتھ کام وغیرہ کرکے انجینئرنگ کی۔ ہمارے پاس اپنا ذاتی گھر تھا۔ میرے والد صاحب نے آخری کوشش کے طور ایک مرتبہ پھر کوئی کاروبار کرنے کا فیصلہ کیا اور اس کے لئے سود پر قرضہ لیا' وہ کاروبار تو نہ چل سکا لیکن سود کی آڑ میں نیلام ہوگیا۔ ہم سب گھر والے در بدر ہوکر رہ گئے۔ ہم پر مختلف مصائب اور مشکلات کے پہاڑ ٹوٹنا شروع ہوگئے۔ ان تمام حالات کی وجہ صرف سود ہی تھا۔ ہم سب گھر والے آج بھی اسی نحوست کی چکی میں پس رہے ہیں۔ ہم نے ترغیبیں کیں' بہت کوشش کی لیکن جب سے سود کی نحوست ہمارے گھر میں داخل ہوئی اس کے بعد سے آج تک ہمارے حالات نہیں بدلے۔ ہم نے گھر میں ایسی غربت دیکھی ہے جس کا کبھی تصور بھی نہ تھا۔

تنخواہ پرکشش مگر گزارہ نہیں ہوتا

ہمارا ایک بھائی جس نے تعلیم حاصل کی تھی اسے اچھی جاب مل گئی۔ ہمیں کچھ تسلی ہوئی کہ شاید اب گھر کے حالات کچھ بہتر ہوجائیں گے مگر اس کی تنخواہ پرکشش ہونے کے باوجود بھی ہمارا گزارا نہیں ہوتا تھا۔ ہمارے سارے گھر کا دارومدار اسی بھائی پر تھا۔ گھر کے حالات اور قرض اتارنے کی غرض سے بھائی نے اپنی نوکری چھوڑ دی اور کچھ لوگوں کے تعاون سے وہ ملک سے باہر کام کے لئے چلا گیا۔ اسے گئے کئی سال ہوچکے ہیں لیکن ایسی رکاوٹیں ہیں کہ آج تک وہ وہاں پر سیٹ نہ ہوسکا۔ بھائی کے یہاں نوکری کرنے سے جو تھوڑے بہت پیسے مل جاتے تھے ہم ان سے بھی محروم ہوگئے۔ ہر طرف رسوائی ہی مقدر بن رہی ہے۔ میرا دوسرا بھائی بے راہ روی کا شکار ہوکر ہمارے لئے مزید پریشانی اور رسوائی کا سبب بن گیا۔

مصیبت اور پریشانی ہمارا مقدر بن گئی

ان حالات میں ہی ہم دونوں بہنوں کی شادی ہوگئی۔ شادی کے بعد ہم نے سوچا تھا کہ شاید ہمارے حالات کچھ بہتر ہوجائیں گے لیکن ہماری شادی کے بعد ہماری زندگی مزید مصائب کا شکار ہوگئی۔ ہمارے سسرال والے ہمیں بالکل بھی عزت نہیں دیتے' سسرال والے اکثر ہمیں غریب ہونے کے طعنے دیتے ہیں اور زدوکوب کرتے ہیں۔ چند ہفتے قبل میرے شوہر کو فالج ہوگیا اور وہ اسی مرض میں ابھی تک مبتلا ہیں۔ ہر طرف سے مصیبتیں اور پریشانی ہمارا مقدر بنی ہوئی ہیں۔ والد نے جس اولاد کے لئے سود کا پیسہ لیا' اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ناراضگی لی' آج وہی اولاد والد کی عزت نہیں کرتی۔ بھائی اور بہنیں والد کی عزت نہیں کرتے' اکثر ان سے بدتمیزی کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ باقی گھر والوں کا بھی آپس میں کوئی اتفاق نہیں۔ آئے دن کسی نہ کسی بات پر جھگڑا رہتا ہے۔

جہاں نوکری ملی وہ کمپنی ہی ختم ہوگئی

ہمارا بھائی جو باہر گیا ہوا تھا اس کی شادی کے لئے پانچ سال سے کوشش کررہے ہیں لیکن حالات خراب ہونے کی وجہ سے مناسب رشتہ نہیں مل رہا۔ بھائی ہمارے گھر کا سربراہ ہے۔ جس کمپنی میں اس کو نوکری ملی وہ کمپنی بھی زوال کا شکار ہوگئی ہے۔ جس کی وجہ سے اکثر اسے تنخواہ بھی نہیں ملتی یا بہت کم ملتی ہے۔ ہم پچھلے کئی ماہ سے ادھار لے کر کھانے پر مجبور ہیں، اتنا زیادہ قرضہ چڑھ گیا ہے کہ اتارنا مشکل ہے۔ اب مسلسل مشکلات اور مصیبتوں میں رہنے کے بعد میری امید ختم ہوتی جارہی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں اپنے گھر والوں کے لیے کچھ بھی نہیں کرسکتی۔ کاش میرے والد گھر پر سود کی نحوست کو نہ لاتے اور آج ہمیں ان مسائل اور مصائب کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ سود کی اس نحوست نے ہم سب کی زندگیاں برباد کردی ہیں

شوگر کے مریضوں کیلئے چٹخارے دار شفائیہ چٹنی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کے قارئین کے لئے آج ایک انتہائی آزمودہ نسخہ لے کر حاضر ہوا ہوں جو شوگر کے مریضوں کے لئے بہترین اور لاجواب ہے۔ یہ نسخہ ایک طب کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے مخلص دوست سے ملا ہے۔ میں نے یہ نسخہ اپنے بہت سے جاننے والے ایسے لوگوں کو دیا جو شوگر کے مرض میں بری طرح مبتلا تھے۔ اس نسخہ کو استعمال کرنے کی وجہ سے اللہ نے انہیں شوگر کے مرض سے نجات دی۔ میرے گاؤں میں جاننے والے شوگر کے ایک ایسے مریض بھی تھے جن کا شوگر لیول اکثر بڑھ جاتا تھا اور انسولین لگانے کے باوجود بھی ان کا شوگر لیول نارمل نہیں ہوتا تھا۔ میں نے انہیں یہ نسخہ استعمال کروایا' تقریباً چند ہفتوں کے استعمال سے انہیں کافی افاقہ ہوا اور الحمدللہ اب ان کی شوگر لیول پر آنا شروع ہوچکی ہے۔ ان کو دیکھتے ہوئے ہمارے گاؤں کے بہت سے ایسے لوگ جنہیں شوگر کا مرض تھا انہوں نے بھی یہی نسخہ استعمال کیا جس سے انہیں شفا ملی۔ نسخہ یہ ہے: ادرک 100 گرام، پودینہ تازہ پتے 100 گرام لہسن 100 گرام اور انار دانہ 100 گرام۔ ان سب اجزاء کو کوٹ کر چٹنی بنا کر فریج میں محفوظ کرلیں صبح کے وقت ایک پاؤ دہی میں ایک چمچ یہ چٹنی ملا کر صبح نہار منہ کھالیں۔ شوگر کے مریض ضرور استعمال کریں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ (محمد آصف سرگودھا)

حاسدین اور دشمنوں نے اگر آپ کی زندگی عذاب بنادی ہے تو یہ نقش آپ کو تمام حاسدین دیکھے اور ان دیکھے دشمنوں سے نجات اور آپ کی انوکھی حفاظت فرمائے گا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

طبِ محمد و آلِ محمد

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — سلام اللہ ورضوانہ علیہ

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کی احمد پوری

چار چمچ پر مشتمل نبوی غذا! 100 بیماریوں کا علاج

حضرت امام رضا سلام اللہ ورضوانہ علیہ سے منقول ہے

''جو'' کی روٹی کی فضیلت گیہوں (گندم) کی روٹی پر اتنی ہے جتنی ہم اہلبیت کی فضیلت تمام آدمیوں پر۔ ایک پیغمبر بھی ایسا نہیں گزرا جس نے ''جو'' کی روٹی یا آتش جو کھانے کیلئے دعا نہ کی ہو۔ جو شخص بھی ''جو'' کی روٹی کھائے گا اس کے پیٹ میں درد باقی نہیں رہ سکتا (یعنی اسے پیٹ درد سے نجات مل جائے گی)۔

طبی ماہرین کی ''جو'' پر ریسرچ

سوال یہ ہے کہ ''جو'' کے دانہ میں ایسی کیا چیز شامل ہے کہ اسے گندم کے آٹے کے متبادل کے طور پر اور اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لئے ہماری صحت کے لئے اہم ترین سمجھا جاتا ہے۔ جو کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ 100 کے قریب بیماریوں کا علاج ''جو'' کی غذا میں پنہاں ہے۔

بخار، قے اور صفراوی درد میں جو کا استعمال

''جو'' کے دانے میں پانی، نائٹروجنی مرکبات، گوندھ، چینی اور چربی کی معمولی مقدار کے علاوہ اس میں 59 فیصد سٹارچ ہوتا ہے جو بدن کے اندر کولیسٹرول کو کم رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ''جو'' جسم کو فربہ یعنی موٹا نہیں ہونے دیتا یعنی جسم کو چست اور سمارٹ رکھتا ہے۔ ''جو'' کے دانے میں تانبا کی مقدار بھی شامل ہے جو بوڑھوں، بزرگوں اور کمزور لوگوں میں جوڑوں کے درد کو ختم کرتی ہے۔ پھر اس میں سیلینئم جیسا ایک ایسا دھاتی عنصر بھی شامل ہے جو انسان کو چھوٹی آنت کے سرطان سے تحفظ دیتا ہے۔ ''جو'' کی پتلی کھچڑی پکا کر اس میں شہد ملا کر ٹھنڈی کر کے کھانے سے بخار، قے اور صفراوی درد شکم میں بہت افاقہ ہوتا ہے۔ پرانی قبض کیلئے ''جو'' کے دلیہ سے بہتر محفوظ کوئی اور دوا نہیں ہے۔

معدے کی سوزش کا علاج

''جو'' کے 4 بڑے چمچ 4 سیر پانی میں اتنی دیر پکاتے جائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ اس پانی کو اپنے کھانا بنانے اور پینے میں شامل کرلیں۔ یہ پانی آنتوں اور معدہ کی سوزش، بخار کی تپش، پیشاب کی جلن، مقعد کے ناسور کی جلن اور گردوں کی سوزش میں بہت زیادہ مفید ہے۔

پیچیدہ بیماریوں سے حفاظت

جو کی غذا کھانے سے خون کے اندر Platelets قسم کے جو خلیے بنتے ہیں۔ اس سے خون میں پھٹکڑیاں نہیں بنتیں۔ جو کے دانے میں ایک عنصر ایسا بھی ہے جو ریشہ دار مادے کی طرح ہوتا ہے اور جسے فائبر Fiber کہتے ہیں یہ آنتوں میں تیزی سے حرکت کرتا ہے جس سے خون ہر وقت تازہ اور شفاف بنا رہتا ہے۔ جدید سائنس کے مطابق ایک ایسا انسان بے شک عمر کے لحاظ سے چاہے وہ بوڑھا ہے یا کمزور ہے اگر اس کا خون ہر وقت تازہ اور شفاف بنا رہا ہے اور پھر اس کے اندر پھٹکڑیاں بھی نہ بنیں تو وہ مختلف پیچیدہ بیماریوں سے بچا رہتا ہے اور اس کی صحت بھی خراب نہیں ہوتی۔ فائبر یا ریشے دار مادے کا جسم کے اندر رہنے کا ایک فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ یہ جسم سے Bile acid کا اخراج کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جس سے پتے میں پتھری بننے کے چانسز بھی خود بخود کم ہو جاتے ہے اور انسانی جسم ہشاش بشاش رہتا ہے۔

بغیر پیسوں کے خاندانی مرض سے نجات مل گئی

([illegible]، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے خاندان میں اکثر لوگ ایک بیماری کا شکار تھے۔ میرا چھوٹا بھائی بھی جب دس سال کی عمر کو پہنچا تو وہ بھی اسی بیماری میں مبتلا ہو گیا۔ اس کے پاؤں پر الرجی کے دانے بن گئے اور اس کے کچھ عرصہ بعد وہی دانے زخم کی شکل اختیار کر گئے۔ دوسری طرف میرے ایک کزن کے ہاتھ کی انگلی پر بھی ایسا ہی دانہ نکلا جو چند دن بعد زخم کی صورت اختیار کر گیا۔ وہ سارا دن تکلیف کی وجہ سے کراہتے رہتے تھے۔ ہم اس بیماری کے علاج کے لئے بہت جگہوں پر در بدر ہوئے۔ شہر کے بڑے بڑے ہسپتالوں اور اسپیشلسٹ سے علاج کروانے کی کوشش کی مگر ہر طرف سے مایوسی کا ہی سامنا کرنا پڑا۔

یہ زخم دن بہ دن بڑھتے جا رہے تھے اور تکلیف کی شدت میں بھی اضافہ ہوتا رہا۔ ہمارے خاندان میں جس کو بھی یہ مرض لاحق ہوتا تھا اس کی یہی حالت ہوتی تھی اور پھر اس سے اگلے مرحلے پر زخم اس حد تک خراب ہو جاتا کہ جس جگہ پر زخم ہوتا تو جلد کے اس حصہ کی ہڈی نظر آنا شروع ہو جاتی تھی۔ پھر اس زخم کے اندر انجیکشن لگتے جس سے ناقابل برداشت تکلیف ہوتی مگر اس کے باوجود بھی مستقل فرق نہ پڑتا تھا۔ صرف عارضی طور پر کچھ دن درد میں آرام رہتا لیکن زخم ٹھیک نہ ہوتا اور کچھ دن بعد مرض کی شدت میں مزید اضافہ ہونے لگتا۔

ایک عرصہ بعد سکھ کا سانس ملا

ایک دن گھر میں بھائی کی عیادت کے لئے ہمارے ایک عزیز تشریف لائے۔ انہوں نے جب بھائی کا زخم دیکھا تو بتانے لگے کہ اس مرض کے علاج کا مجرب نسخہ میرے پاس موجود ہے۔ انہوں نے ہمیں علاج کے لئے ایک نسخہ بتایا۔ ہم نے وہ نسخہ بنا کر اپنے بھائی اور کزن کو استعمال کروایا۔ پہلے ہی دن یہ نسخہ استعمال کیا تو اس سے ان کو کافی افاقہ محسوس ہوا اور ایک عرصہ بعد انہوں نے کچھ سکھ کا سانس لیا۔ ہم اس نسخہ کو مستقل پابندی کے ساتھ استعمال کرواتے رہے جس کے چند دن بعد ان کے زخم بھرنے شروع ہو گئے اور آہستہ آہستہ بالکل ٹھیک ہو گئے۔ وہ دن اور آج کا دن ہے دوبارہ انہیں نہ کبھی دانہ نکلا اور نہ ہی ایسا زخم ہوا ہے۔ وہ نسخہ درج ذیل ہے۔ نیاز بو کے کچھ پتے لیں' ان پتوں کو نچوڑ کر رس نکال لیں۔ اس رس کو دن میں وقفہ وقفہ سے متاثرہ جگہ پر روئی کی مدد سے لگائیں۔ الرجی کے دانے' پھوڑے اور اس سے بننے والوں زخموں سے یقینی نجات ملے گی۔

یہ سیرپ حیرت انگیز شفاء ثابت ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے سال سردیوں کے موسم کی آمد پر میں سخت نزلہ اور زکام کے مرض میں مبتلا ہوگیا۔ میں نے کچھ ادویات استعمال کیں جس سے مجھے کچھ بہتری محسوس ہوئی۔ لیکن جیسے ہی سردی کی شدت میں اضافہ ہوا تو دوبارہ اسی مرض میں مبتلا ہوگیا۔ اس بار پھر دوبارہ وہی ادویات استعمال کیں مگر نزلہ وزکام برقرار رہا۔ میرے چچازاد بھائی جو ڈاکٹر ہیں انہیں چیک کروایا تو انہوں نے مجھے کچھ ادویات اور بڑے بڑے کیپسول تجویز کیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادویات تقریباً ایک ماہ تک استعمال کرنی ہیں۔ لیکن چند دن ادویات استعمال کرنے سے مجھے قے آنا شروع ہوگئی' اس لئے میں نے ان ادویات کا استعمال ترک کردیا۔ میرے ایک دوست ہیں جن کی ہمارے شہر ہی میں عبقری دواخانہ کی ایجنسی ہے۔ میں نے ان سے اپنے مرض کے متعلق بات کی تو انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کا شفائے حیرت سیرپ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ان سے ''شفائے حیرت سیرپ'' لیا اور بروشر پر دی گئی ہدایات کے مطابق استعمال شروع کردیا۔ یہ سیرپ بہت خوش ذائقہ تھا' اس وجہ سے استعمال میں کوئی دقت محسوس نہ ہوئی۔ میں نے دو ہفتے مسلسل یہ سیرپ استعمال کیا جس سے میرا نزلہ وزکام بالکل ختم ہوگیا۔ (محمد شاہد' کوئٹہ)

ایک قہوہ اور فائدے بے شمار

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہر جمعرات تسبیح خانہ روحانی محفل میں حاضر ہوتی ہوں۔ مجھے پولن الرجی تھی جس کی وجہ سے سر میں اکثر بھاری پن محسوس ہوتا تھا۔ میں نے اپنے پاس عبقری ادویات کی شفایابی کتاب رکھی ہوئی ہے۔ اگر گھر میں کوئی بھی بیمار ہوتا ہے تو اس کتاب میں بیماری سے متعلق دوا دیکھ کر استعمال کرواتی جس کے استعمال سے شفاء مل جاتی۔ میں نے اسی کتاب سے دیکھ کر عبقری کا قہوہ استعمال کرنا شروع کیا۔ جس کے چند دن کے استعمال سے ہی میری الرجی ختم ہو گئی۔ اس سے مجھے ایک فائدہ اور بھی ہوا کہ مجھے پچھلے ماہ نمونیا ہوگیا تھا' جس کا مسلسل علاج کروانے سے بیماری کی شدت تو ختم ہوگئی' لیکن اکثر اوقات پسلیوں میں درد رہتا تھا۔ لیکن جب سے میں یہ قہوہ پی رہی ہوں دوبارہ پسلیوں میں درد بھی نہیں ہوا' جسم میں قوت مدافعت بھی بڑھ گئی ہے۔ میں یہ قہوہ روزانہ استعمال کررہی ہوں' میرا یہ مشاہدہ ہے کہ عبقری قہوہ استعمال کرنے سے جسم سے فالتو چربی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ (عائشہ اکرم' اسلام آباد)

شادی کے بعد موٹاپے کا شکار ہوگئی

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!۔ شادی کے بعد مسلسل میرا جسم موٹاپے کا شکار ہوتا جا رہا تھا۔ شادی کے دو سال بعد میرا وزن بہت بڑھ چکا تھا۔ میں نے موٹاپے سے نجات کے لئے ورزش اور ٹوٹکے استعمال کیے' یہاں تک کہ کھانا پینا بھی بہت کم کردیا جس کی وجہ سے میری صحت کمزور ہونے لگی لیکن موٹاپا کم نہ ہوسکا۔ غرض یہ کہ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ ہر غذا جو میں کھاتی ہوں وہ جسم میں چربی بن جاتی ہے۔ تھوڑی سی سیڑھیاں چڑھنے پر بھی میرا سانس پھولنے لگتا تھا۔ ایک دن میں نے عبقری رسالہ میں موٹاپا کورس کے بارے میں پڑھا۔ میں نے اسی رسالہ سے نمبر نوٹ کرکے کال کی اور دو عدد موٹاپا کورس آرڈر کیے جو مجھے تین دن بعد ڈاک کے ذریعے موصول ہوگئے۔ ایک مہینہ موٹاپا کورس مسلسل استعمال کرنے کے بعد مجھے افاقہ محسوس ہوا۔ میں نے مزید دو کورس آرڈر کرکے منگوالیے۔ اس کے استعمال سے مجھے اب کافی بہتری محسوس ہورہی ہے اور سانس پھولنے کا مسئلہ بھی ختم ہوچکا ہے۔ (پروین کوثر' کراچی)

بے اولاد جوڑے کو دس سال بعد مراد مل گئی

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کی شادی کو دس سال ہوگئے لیکن اولاد نہیں ہورہی تھی' اس وجہ سے وہ بہت پریشان رہتے تھے۔ میں نے انہیں چند بار عبقری ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا لیکن وہ دیسی ادویات پر یقین نہیں رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنی تسلی کے لئے شہر کے معروف ہسپتال سے علاج کروایا مگر فائدہ نہ ہوا۔ آخر کار والدہ نے بھابھی کو دیسی علاج کروانے کے لئے بھابی سے بات کی اور پھر بھابھی نے اپنے شوہر کو دیسی علاج کے لئے قائل کرلیا۔ جس کے بعد مجھے بھائی نے بتایا کہ اصل میں تمہاری بھابی بانجھ پن کا شکار ہے' لہٰذا میری ملاقات حضرت حکیم صاحب سے کروادو تاکہ وہ چیک کرنے کے بعد کوئی دوا تجویز کردیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کے لئے مہینہ میں صرف ایک دن کال پر ٹوکن ملتا ہے۔ لیکن عبقری دواخانہ میں ان کے اسسٹنٹ صاحب موجود ہوتے ہیں جو مریضوں کا چیک اپ کرتے ہیں۔ انہوں نے عبقری دواخانہ میں حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب کو چیک اپ کروایا۔ انہوں نے عبقری دواخانہ کی ''سچی دوا'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس دوا کے استعمال کے تین ماہ بعد بھابھی کو امید لگ گئی اور الحمدللہ اب بھائی کو اللہ نے دس سال بعد اولاد کی نعمت سے بھی نواز دیا ہے۔ (عاطف نواز' لاہور)

خالص دیسی گھی کے شوقین خوش ہوجائیں

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کچھ عرصہ پہلے شوگر کے مرض میں مبتلا ہوگیا جس کے بعد میں نے ادویات کے استعمال کے ساتھ ساتھ غذائی احتیاط بھی جاری رکھی ہوئی تھی جس کے باعث میری شوگر کافی حد تک کنٹرول ہوچکی ہے۔ میرے کھانے کے لئے جو بھی سالن تیار ہوتا اس میں کوکنگ آئل بالکل استعمال نہیں کیا جاتا بلکہ ہم گھر ہی میں خالص دودھ سے حاصل شدہ بالائی کو جما کر بطور گھی استعمال کرتے تھے۔ یہ ایک مشقت طلب عمل تھا۔ چند ماہ پہلے میری اکلوتی بیٹی کی شادی ہوگئی' اہلیہ بھی عمر کے تقاضے کی وجہ سے زیادہ کام نہ کرپاتیں۔ میں نے مارکیٹ میں موجود مختلف کمپنیوں کا دیسی گھی استعمال کرنا شروع کیا مگر کسی ایک میں بھی دیسی گھی کا وہ خالص پن محسوس نہ ہوا جو میں استعمال کرتا رہا۔ میں عید سے چند دن پہلے اپنی بیٹی کے گھر اسے عیدی کے طور پر کچھ تحائف دینے کے لئے گیا۔ بیٹی کے اصرار پر دوپہر کا کھانا اس کے ساتھ کھانے کی حامی بھرلی۔ جب میں نے سالن کھایا تو اس میں سے اسی خالص دیسی گھی کا ذائقہ محسوس ہوا جو میں استعمال کرتا رہا۔ میں نے کافی عرصہ بعد خالص دیسی گھی سے تیار کردہ کھانا کھایا۔ میں نے کھانے کی بہت تعریف کی۔ میری بیٹی کے شوہر نے بتایا کہ یہ سالن عبقری کے خالص دیسی گھی سے تیار کیا گیا ہے۔ میں نے ان سے نمبر لے کر دو عدد دیسی گھی کے ڈبوں کا آرڈر کردیا۔ پچھلے چار ماہ سے میں عبقری دواخانہ کا دیسی گھی استعمال کررہا ہوں جو واقعی خالص ہے۔ میں عبقری ادارہ کا انتہائی مشکور ہوں جس نے میری یہ مشکل آسان کردی۔ (محمد ارشد' اسلام آباد)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی جاتی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کے لئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

سانس، پھیپھڑے اور معدہ کے مریض ”پالک“ کے دیوانے ہوجائیں

پالک میں خون پیدا کرنے والی غذائی اجزاء کی مقدار سب سبزیوں سے زیادہ وافر مقدار میں ہوتی ہے۔ یہ سبزی ملٹی وٹامنز غذاؤں اور دواؤں سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔ پالک ہمارے بدن میں پانچ اقسام کے وٹامنز اور گوشت پیدا کرتی ہے۔ وٹامنز اے۔ بی۔ سی۔ زیڈ اور پی کے علاوہ فولاد، فاسفورس، کیلشیم اور تانبہ کے بہت سے اجزاء اس میں پائے جاتے ہیں۔ ماہرین غذائیت پالک میں پائے جانے کثیر فوائد کی وجہ سے اسے ایک قیمتی سبزی شمار کرتے ہیں۔ پالک بدن سے خشکی دور کرکے تروتازگی پیدا کرتی ہے۔ یہ ایسی زود ہضم غذا ہے کہ معدے اسے دو سے تین گھنٹوں میں آسانی سے ہضم کرلیتا ہے۔ یہ معدے کی ہاضم رطوبت کو بڑھاتی اور تیزابیت دور کرتی ہے۔ انتڑیوں کی حرکت کو تیز اور ان میں رکے ہوئے زہریلے فضلے کو جسم سے نکالتی ہے۔ پالک جگر کے فعل کو تیز کرنے کے علاوہ انسان کی قوت بینائی کو بھی تیز کرتی ہے۔ طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لیے یہ ایک سستی قبض کشا اور مقوی دماغ سبزی ہے۔

سانس کی بیماریوں سے حفاظت

پالک پھیپھڑوں اور اس کی نالیوں کی خراش دور کرتی ہے اور بلغم کو پتلا کرکے باآسانی خارج ہونے میں مدد کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے سانس کی تکلیف اور ایسے بہت سے امراض سے حفاظت اور نجات ملتی ہے۔

خون کے زہریلے فضلات

آج کل خون کے زہریلے فضلات کی آمیزش سے خون رگوں (شریانوں) میں ٹھہر کر فالج اور پٹھوں کی حس وحرکت زائل ہونے کی بیماری عام ہے۔ اس سے انسان مختلف پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ پالک جیسی سستی سبزی کا کثرت سے استعمال ان پٹھوں کو مظبوط اور ان کی قدرتی لچک بحال کرنے میں مدد دیتا ہے۔

حاملہ خواتین کی پریشانی کا حل

پالک کا استعمال بلڈ پریشر سے محفوظ رکھتا ہے۔ یہ بواسیر کے لیے بھی مفید ہے اور پیشاب کی جلن اور تیزابیت بھی اس سے کم ہوجاتی ہے۔ حاملہ خواتین کے لیے قبض ایک پریشان کن بات ہوتی ہے۔ زود ہضم غذائیت سے بھرپور پالک معدے اور انتڑیوں کی خشکی دور کرکے بے ضرر قبض کشائی کرنے والی غذا ہے۔ اس کے علاوہ پالک بچے کی نشوونما کے لیے بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

بڑھا ہوا پیٹ

اکثر بچے چھوٹی عمر میں مٹی، کوئلے اور کئی ضرر پہنچانے والی چیزیں کھاتے ہیں، جس سے ان کا پیٹ بڑھ جاتا ہے اور وہ بہت سے امراض کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے انہیں بھوک کم لگتی ہے اور ضدی ہوجاتے ہیں۔ ایسے بچوں کو پالک، میتھی، کرم کلہ، شلجم وغیرہ کثرت سے کھلانے کے ساتھ نوشادر، ریوند چینی اور گلاب کے پھول ہم وزن پیس کر اور ان کا سفوف بنا کر دن میں دو مرتبہ چار رتی سے دو ماشے تک کھلانے سے پیٹ سے فضول مادوں کا اخراج ہوتا ہے جس سے بچے کا پیٹ ہلکا ہوتا ہے اور سستی ختم ہوتی ہے۔

سوزش معدہ کے مرض میں مفید

پالک کا رس صفرا کی مقدار کو اعتدال پر رکھتا ہے اس لیے یہ سوزش معدہ اور یرقان کے امراض میں انتہائی مفید ہے۔ اس سبزی کے استعمال کرنے سے پیاس کم لگتی ہے، جن لوگوں کو پیشاب کی تکلیف یا جلن ہوتی ہو، ان امراض میں مبتلا افراد کے لئے بہترین اور مجرب ہے۔

پرانی سے پرانی قبض کا خاتمہ

جو لوگ قبض کا شکار ہوں، ادویات اور مختلف نسخہ جات کے استعمال کے باوجود بھی ان کی قبض ختم نہ ہو رہی ہو۔ ایسے افراد اگر مہینے میں چند بار پالک کے پتوں کا رس نکال کر ہفتے میں چند بار استعمال کرلیں تو اس سے پرانی سے پرانی قبض کا بھی خاتمہ ہوجاتا ہے۔

پائیوریا کا علاج

پالک میں موجود فولک ایسڈ اور کیلشیم کی وافر مقدار پائی جاتی ہے جو دانتوں کے لئے حفظان صحت کا کام کرتی ہے۔ جو لوگ پائیوریا کے مرض میں مبتلا ہوں انہیں چاہیے کہ کچھ عرصہ کچی پالک کے پتے چبائیں اور اس کے علاوہ پالک کے پتوں اور گاجر کا جوس مکس کرکے پینے اور مسوڑھوں پر لگانے سے پائیوریا کے مرض میں کافی افاقہ ہوتا ہے۔ اگر عام طور پر چند بار استعمال کرلیں تو اس مرض سے حفاظت رہتی ہے۔

چھوٹی بہن کے معدہ کا مسئلہ اس ٹوٹکے سے حل ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست تھیں جن کا معدہ اکثر خراب رہتا تھا۔ اس کے علاوہ اس کا جگر بھی کمزور ہو رہا تھا۔ انہوں نے ان امراض سے متعلقہ بہت سے ٹیسٹ کروائے اور مختلف ادویات بھی استعمال کیں مگر اس کے باجود بھی انہیں کوئی خاطر خواہ فائدہ نہ ہو سکا۔ میں نے انہیں آپ کا بتایا ہوا نسخہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے یہ نسخہ آزمایا اور چند دنوں بعد ہی وہ مجھ سے ملنے کے لئے آئیں۔ وہ بہت خوشی کے ساتھ میرا شکریہ ادا کر رہی تھیں اور کہنے لگیں کہ میں ان امراض کی وجہ سے کافی پریشان تھی، مہنگے ٹیسٹ اور ادویات استعمال کر رہی تھی مگر افاقہ نہ ہونے کی وجہ سے میں مزید پریشانی کا شکار ہو رہی تھی۔ لیکن آپ نے جو دیسی نسخہ استعمال کرنے کا بتایا تھا۔ وہ نسخہ استعمال کرتے ہوئے مجھے ابھی چند دن ہی ہوئے ہیں جس سے مجھے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے، میرا معدہ تندرست ہو چکا ہے اور جگر کی جو کمزوری ہوگئی تھی اس میں بھی کافی بہتری محسوس ہو رہی ہے۔

میری چھوٹی بہن کو بھی چند دن پہلے معدہ میں تکلیف اور جلن محسوس ہونا شروع ہوگئی۔ شروع شروع میں اس نے اپنی اس بیماری پر توجہ نہ دی لیکن جب مرض بڑھنے لگا تو اس نے مجھے اپنے مرض سے متعلق آگاہ کیا اور کہنے لگی کہ آپ عبقری رسالہ پڑھتی ہیں مجھے میری اس بیماری سے متعلق کوئی دیسی نسخہ بتائیں۔ میں نے اسے بھی یہی نسخہ بنا کر دیا۔ میری بہن نے تقریباً ایک ہفتہ وہ نسخہ استعمال کیا جس کے بعد اس کا معدہ بھی بالکل ٹھیک ہوگیا۔ وہ نسخہ یہ ہے:

ایک پاؤ پودینہ، ایک پاؤ سونٹھ اور ایک پاؤ انار دانہ لیں۔ ان تینوں اجزاء کو کوٹ پر اس کا سفوف بنا لیں۔ ایک چمچ صبح و شام پانی کے ہمراہ استعمال کرلیں، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

اس عمل میں انوکھے راز پوشیدہ ہیں گزشتہ سال بے شمار لوگ اس عمل میں شامل ہوئے جن کے پیاروں کے اچھے رشتوں کے لئے غیبی اسباب بنے، آپ بھی محروم نہ رہیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

الجھے سوال سلجھے جواب

مسائل، مشکلات اور الجھنوں میں گھرے غم کے ماروں کے خطوط اور ان کے جواب

زچگی کے بعد کمزوری

جب سے میرا بچہ پیدا ہوا ہے میری صحت گرتی جارہی ہے، چہرہ بالکل خراب ہوگیا ہے اور دودھ پلانے سے بھی کمزوری ہوتی ہے۔ دن بہ دن میرا جسم کمزور سے کمزور تر ہوتا جارہا ہے۔ میں زیادہ ادویات نہیں کھاسکتی کیونکہ مجھے ادویات سے الرجی ہے۔ میرا بچہ چھ ماہ کا ہے۔ میرے ان مسائل کی وجہ سے وہ بھی اکثر بھوکا ہی رہتا ہے اور کمزور ہوتا جارہا ہے۔ (راحیلہ فراز، اسلام آباد)

مشورہ: یہ سب کچھ آپ کی جسمانی کمزوری کی وجہ سے ہورہا ہے، زچگی کے بعد ابتدائی ایام میں خواتین دیسی اجزاء سے تیار غذائیں کھاتی ہیں۔ لگتا ہے آپ نے قدرتی دیسی غذاؤں کا استعمال نہیں کیا۔ ان دنوں گوند، دیسی گھی اور میوہ جات سے پنجیری بنا کر استعمال کرنے سے صحت بہتر رہتی ہے۔ اب آپ اصلی شہد صبح دو چمچ ایک پیالہ گرم دودھ میں ملا کر پینا شروع کریں۔ بچے کے لیے آپ تھوڑا سہاگہ توے پر بھون لیں۔ بالکل سفید ہوجائے تو اتار کر محفوظ کرلیں۔ آدھا چمچ شہد میں چٹکی بھر سہاگہ ملا کر بچے کے مسوڑھوں پر ملیں۔ دانت آسانی سے نکلیں گے اور بچہ بھی صحت مند رہے گا۔ آپ ناشتے میں گیہوں کا دلیہ اور کیلے کھائیے۔ آپ کی صحت بہتر ہوجائے گی۔ چھ ماہ کے بچے کو آپ چاول، دلیہ، کیلا وغیرہ دے سکتی ہیں۔

بال تیزی سے گر رہے ہیں

میری بچی چھ سال کی ہے۔ پیدائش کے وقت اس کے بال سیاہ تھے، اب بالوں کی رنگت عجیب سی مٹیالی ہے۔ کنگھا کرتے ہوئے بال گرتے ہیں۔ سارے سر میں جوئیں بھی ہیں اور بال گرنے سے سر کی جلد نظر آنے لگی ہے۔ جس سے میں بہت پریشان ہوں۔ دوسری بات یہ کہ اس کے بازو پر بال نمارواں ہے جو برا لگتا ہے۔ اس کا علاج بتادیں۔ (اہلیہ شفاقت انیق، گوجرانوالہ)

مشورہ: بازوؤں کے بالوں کے لیے آپ چھٹانک بھر ثابت ہلدی لے کر پیس لیں۔ بادامی یا چنبیلی کی کھل منگوائیں۔ ایک چمچ کھل میں، ہلدی کا ایک چمچ پانی میں سخت آٹے کی طرح گوندھ لیں۔ ذرا سا نمک اور چند قطرے تیل ملا کر اسے پیڑے کی طرح گول کرکے بازو پر اچھی طرح ملیں، صبح شام دس دس منٹ۔ روزانہ نیا پیڑا بنائیں۔ کھل نہ ملے تو آٹا لے لیں۔ روزانہ ملنے سے آہستہ آہستہ رواں ختم ہوجائے گا۔ ہلدی کا ابٹن ملنے سے روواں دور ہوتا ہے۔ یاد رکھیے ہلدی بازار کی پسی ہوئی نہ ہو بلکہ ثابت ہلدی خود پیسی جائے تو فائدہ ہوگا۔

شوہر مجھ پر توجہ نہیں دیتے

میری شادی کو دو سال ہوگئے۔ اللہ نے ایک بیٹی بھی عنایت فرمائی ہے۔ میرے گھر کا مشترکہ نظام ہے۔ دو تین ماہ سے میں یہ بات محسوس کررہی ہوں کہ شوہر مجھ پر توجہ نہیں دے رہے۔ اتوار کے دن وہ بازار جاتے ہیں، پہلے میں بھی چلی جاتی تھی مگر اب بچی کی وجہ سے نہیں جاسکتی۔ گھر کے کاموں میں الجھی رہتی ہوں۔ رات گئے تھک کر لیٹ جاتی ہوں۔ نیند بھی پوری نہیں ہوتی۔ صبح اٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے، آپ ہی بتائیے میں کیا کروں اور کیسے اپنے شوہر کی توجہ حاصل کروں۔ (م۔ا)

آپ کو سب سے پہلے ترجیح اپنے شوہر کو دینی چاہیے۔ شام کو ان کے آنے سے پہلے اپنے اوپر توجہ دیں۔ کپڑے بدلیں، بال ٹھیک کریں اور پھر شوہر کو اچھی سی چائے بنا کر دیں۔ ان کے ساتھ مسکرائیں اور بچی کو بھی تیار کرکے اپنے ساتھ گود میں رکھیں۔ بچہ ہونے کے بعد معمولات میں تھوڑی بہت تبدیلی آتی ہے مگر عقل مند بچیاں سارے کام سنبھال لیتی ہیں اور اپنے شوہر کے ساتھ خوش رہتی ہیں۔ گھر کو ٹوٹنے سے بچائیے شوہر پر بھرپور توجہ دیجئے۔ آپ کے سارے مسئلے خود بخود ٹھیک ہوجائیں گے۔

شکر قندی کا حلوہ

میری عمر چوبیس سال ہے۔ میرا جسم بہت زیادہ دبلا پتلا ہے۔ اسی وجہ سے میری شادی بھی نہیں ہورہی۔ رشتے والے آتے ہیں تو کمزور جسم دیکھ کر چلے جاتے ہیں، بہت دوائیاں کھائیں مگر مجھے افاقہ نہیں ہورہا۔ میرے اس مسئلے کا کوئی آسان حل بتائیں۔ (پوشیدہ)

آج کل شکر قندی کا موسم ہے۔ دو کلو شکر قندی دھو کر چھیل لیں، پھر اس کے باریک باریک گول قتلے کاٹ کر سکھا لیں، اب ان کو پیس کر رکھیں۔ تین چار چمچ آٹا لے کر اصلی گھی میں ہلکا سا بھونیے، گھی زیادہ ڈالیے۔ اب چینی چار چمچ لے کر تھوڑے سے پانی میں پکائیے۔ یہ شیرہ شکر قندی میں ملائیے۔ بادام، پستہ اور ناریل بھی کاٹ کر ملائیے۔ صبح اس کا ناشتہ کریں۔ شکر قندی کا حلوہ بڑے مزے کا ہوتا ہے۔ جب تک شکر قندی نہ سوکھے آپ تازہ شکر قندی قدوکش کرکے گھی میں بھون کر میوہ چینی ملا کر کھائیے۔ چار پانچ ہفتہ کافی ہے، اس سے زیادہ نہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جسم بھرنا شروع ہوجائے گا۔ خوراک اچھی رکھیں۔

خون کی کمی

مجھ میں خون کی کمی ہے۔ ڈاکٹر نے کچھ ادویات تجویز کی ہیں اور علاج ہورہا ہے۔ مختلف ڈاکٹروں کو چیک کروایا ہے، ادویات بھی لے رہی ہوں مگر ان ادویات سے مجھے اکثر الرجی ہوجاتی ہے۔ آپ کوئی غذائی ٹوٹکا بتائیں تاکہ میرا یہ مسئلہ جلد از جلد ٹھیک ہوجائے۔ (سمیرا افضل، سیالکوٹ)

مشورہ: آپ بکری کا قیمہ لا کر ہلکا سا نمک اور کالی مرچ ڈال کر کباب بنائیے۔ ایک کباب صبح ناشتے میں اور ایک شام کی چائے کے ساتھ استعمال کریں۔ ایک ماہ تک ضرور اہتمام کریں۔ اسی طرح آپ بکری کے قیمہ میں لہسن، پیاز، نمک وغیرہ ڈال کر بھون کر کھاسکتی ہیں۔ صحت بہتر ہوجائے گی۔

ہاضمہ ٹھیک نہیں

چند ماہ سے عجیب سے محسوس ہورہا ہے۔ پراٹھا کھالوں یا دوپہر کو سالن وغیرہ تو کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ ڈکاریں آتی ہیں۔ کچھ کھانے پینے کو دل نہیں چاہتا۔ بالکل سادہ کھانا لوں تو طبیعت بوجھل سی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ اکثر جی متلانے لگتا ہے اور بعض اوقات قے بھی آتی ہے۔ میرا پیٹ بھی دن بہ بڑھتا چلا جارہا ہے۔ اپنے ان مسائل کو لے کر بہت پریشان ہوں۔ (صائمہ اکرم۔کراچی)

مشورہ: آپ نے جو اپنے تمام مسائل بتائیں ہیں ان تمام مسائل کا نہایت آسان اور سستا علاج خشک آلو بخارہ ہے۔ آپ دن میں روزانہ آٹھ سے دس خشک آلو بخارہ کو ٹافی کی طرح منہ میں رکھ کر چوستی رہیں۔ اس نسخہ کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنا شروع کردیں۔ آپ کا ہاضمہ تندرست'' قے آنا بند، جی متلانا ختم اور اس کے علاوہ حیرت انگیز طور پر آپ کا پیٹ بھی کم ہونا شروع ہوجائے گا۔ اس نسخہ کو بے شمار لوگوں نے آزمایا اور سو فیصد مجرب پایا ہے۔ اپنی غذاؤں کو سادہ رکھیں، تیل اور چکنائی والی غذاؤں سے پرہیز کریں۔ ان شاء اللہ آپ بالکل تندرست ہوجائیں گی۔

کالج کی لائبریری سے میرے مسئلے کا حل مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بچپن گاؤں میں گزرا جہاں ہمیں تازہ آب و ہوا کے ساتھ ساتھ کھانے میں خالص اور معیاری غذائیں بھی میسر ہوتی تھیں۔ میرے والد صاحب کا ٹرانسفر شہر میں ہوگیا شہر میں گاؤں کی نسبت تعلیم کی بہتر سہولیات سے جہاں ایک طرف مجھے بہت فائدہ ہوا تو دوسری طرف ہم خالص اور معیاری غذاؤں سے کافی حد تک محروم ہو گئے۔ بالخصوص شہر سے جو آٹا ملتا وہ خالص اور معیاری نہ تھا۔ میں نے مختلف کمپنیوں کا آٹا استعمال کیا مگر ان سب میں کوئی زیادہ فرق نہ تھا۔ شروع شروع میں تو میرا پیٹ خراب ہونے لگا اور پھر سخت قبض کا شکار ہوگیا جس کے باعث میں نے روٹی کا استعمال بھی کم کر دیا اور اس وجہ سے میری صحت بھی کمزور پڑنے لگی۔ ایک دن میں اپنے کالج کی لائبریری میں بیٹھا تھا وہاں سے میں نے عبقری رسالہ دیکھ کر پڑھنا شروع کیا۔ اس رسالہ میں موجود ٹوٹکے پڑھ کر میں بہت خوش ہوا کیونکہ ان میں سے چند ٹوٹکے ہم گاؤں میں بھی استعمال کر چکے تھے جو بہت ہی مجرب ہیں۔ میں نے رسالہ کے کچھ اوراق پلٹے اور ایک صفحہ پر شاہی معالج آٹا کے بارے میں پڑھا۔ میں نے جب اس آٹا میں موجود اجزاء کے بارے میں پڑھا تو بہت خوش ہوا کہ آج کے دور میں بھی ایسے ادارے موجود ہیں جو خالص اور دیسی غذائیں بنا رہے ہیں۔ میرے گھر کے پاس عبقری دواخانہ کی ایجنسی تھی۔ میں نے وہاں سے دو پیکٹ ''عبقری شاہی معالج آٹا'' خرید کر گھر لے آیا اور بازار سے ملنے والے آٹے میں شاہی معالج آٹا کو مکس کیا۔ والدہ نے جب اس آٹا سے روٹی بنا کر دی تو مجھے اسی خالص اور دیسی آٹا سے بنی روٹی کا ذائقہ محسوس ہوا جو میں گاؤں میں کھاتا تھا۔ اب ہمارے گھر میں اسی طریقے سے روزانہ روٹیاں بنا کر استعمال کی جاتی ہیں جن کے استعمال سے کوئی مرض لاحق نہیں ہوتا بلکہ صحت بہترین ہوجاتی ہے۔ اس کے بعد میں عبقری کی مختلف پروڈکٹس استعمال کر چکا ہوں جو واقعی خالص اور دیسی ہیں۔ (احتشام قاسم، کراچی)

بالوں کی خشکی سکری کا علاج دکاندار نے بتا دیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سر میں بہت زیادہ خشکی ہوگئی۔ میں نے خشکی کو دور کرنے کے لئے امپورٹڈ شیمپوز کا استعمال کیا مگر میرا مسئلہ برقرار رہا بلکہ میرے بال ٹوٹنا بھی شروع ہوگئے۔ ایک دن میں خریداری کے لئے قریبی جنرل سٹور پر گیا۔ دکاندار نے میری بالوں کی خشکی اور سکری کو دیکھا اور کہنے لگا کہ اسی بازار کے پاس عبقری دواخانہ کی ایجنسی ہے وہاں سے عبقری ہربل شیمپو خرید کر استعمال کرو ان شاء اللہ چند دن میں ہی خشکی اور سکری کا بالکل خاتمہ ہو جائے گا۔ میں نے دکاندار کی بات مانتے ہوئے عبقری ہربل شیمپو خرید کر استعمال شروع کر دیا۔ شروع میں مجھے کوئی فائدہ محسوس نہ ہوا مگر تین ہفتوں بعد میری خشکی اور سکری میں کچھ کمی آئی۔ شیمپو کی دو بوتلیں مکمل استعمال کرنے کے بعد اب کافی بہتری آئی ہے۔ (محمد علی، بنوں)

مرحوم والد کی کتب ہی ان کا صدقہ جاریہ

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب حکمت کے شعبہ سے وابستہ تھے اور ان کا یہ معمول تھا کہ وہ اس شعبہ سے متعلق مختلف کتابیں خرید کر ان کا مطالعہ کرتے رہتے تھے۔ ان کے کمرے میں مختلف کتابوں کا ڈھیر لگا رہتا تھا جس میں طب اور کچھ جنرل نالج کے متعلق کتابیں موجود تھیں۔ ان کی وفات کے بعد جب میری شادی ہوئی تو میرے حصہ میں وہی والد صاحب کا کمرہ آیا۔ میری نجی مصروفیات اتنی زیادہ ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا وقت نہیں ملتا۔ لیکن یہ قیمتی کتابیں ضائع کرنے کو بھی دل نہیں مانتا تھا۔ میری اہلیہ عبقری رسالہ پڑھتی تھیں انہوں نے مجھے مشورہ دیا کہ ان کتابوں کو ڈاک کے ذریعے عبقری کے دفتر بھجوا دیں، آپ کی پریشانی بھی دور ہوجائے گی اور والد صاحب کے لئے صدقہ جاریہ بھی بن جائے گا۔ میں نے کتابیں عبقری کے دفتر لاہور بلٹی کروادیں اور مجھے تسلی بھی ہوگئی کہ ان کتابوں کا ان شاء اللہ ٹھیک استعمال ہوگا۔ (انور صدیقی، راولپنڈی)

نظر بد، حسد کے مارے اور جادو جنات کے ڈسے ہوئے اس عمل کے نور میں نہالیں، جسم کے ایک ایک حصے سے تمام برے شیطانی جناتی اثرات ڈھل جائیں گے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

یہ روحانی نسخہ آزمالیں!

دکان سے گاہکوں کا رش ختم نہیں ہوگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کے ذریعے انسانیت کو جو آپ فائدہ پہنچا رہے ہیں اس سے لاکھوں لوگ مستفید ہورہے ہیں۔ میں نے جب سے عبقری رسالہ پڑھنا اور آپ کی روحانی محفل سننا شروع کیا ہے الحمدللہ جسمانی اور روحانی بیماریوں کا علاج خود ہی گھر بیٹھے کر لیتا ہوں اور بہت سی برکات مل رہی ہیں۔ اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اپنے چند مشاہدات عبقری قارئین کے لئے پیش کررہا ہوں۔

تیل کی مالش سے ناف ٹل جانے کا علاج

میری اکثر ناف ٹل جاتی تھی جس وجہ سے کئی دن تک بیمار رہتا تھا۔ آپ نے ایک نسخہ بتایا تھا کہ اگر ناف ٹل جائے یا جسم میں تھکاوٹ سے درد ہو تو کسی بھی تیل کی جسم میں مالش کریں اور ناف میں بھی تیل لگائیں۔ میں نے یہی نسخہ آزمانا شروع کیا جس کے بعد میرا مسئلہ حل ہوگیا۔

وظیفہ ہدیہ کرنے سے بیماری کا خاتمہ

میرا بھتیجا کوئی زہریلی چیز کھانے کی وجہ سے بیمار ہوگیا۔ ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے تو انہوں نے ہسپتال لے جانے کا کہہ دیا۔ ہسپتال میں اس کا چیک اپ کروایا تو ڈاکٹروں نے کہا کہ حالت کافی خراب ہے اس وجہ سے بچے کو چار یا پانچ دن ہسپتال میں رکھنا پڑے گا تا کہ بیماری کی تشخیص اور علاج ہو سکے۔ سب گھر والے کافی پریشان تھے۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر بھتیجے کو ہدیہ کرنا شروع کردیا اور پھر اس کی والدہ کو کہا کہ اس کو یہی وظیفہ پڑھ کر ہدیہ کرتی رہیں' اس عمل کی برکت سے وہ ایک دن میں ہی صحت یاب ہوکر گھر آگیا۔

میرا موبائل اکثر بند ہوجاتا اور چل نہیں رہا تھا۔ میں نے یہی وظیفہ 11 بار پڑھ کر موبائل استعمال کیا تو ٹھیک ہوگیا۔

بند کانوں کا مسئلہ چند منٹ میں حل

میں کچھ عرصہ ایسی جگہ مقیم رہا جہاں ہر وقت شور رہتا تھا اور اس وجہ سے میرے کان بند ہوگئے۔ آپ نے کانوں کے امراض کے لئے دیسی گھی کانوں میں ڈالنے کے لئے فرمایا تھا۔ میں نے آپ کے اس ٹوٹکہ پر عمل کرتے ہوئے دیسی گھی کے چند قطرے اپنے دونوں کانوں میں ڈال کر لیٹ گیا جس کے کچھ منٹ بعد ہی میرے کان کھل گئے اور اس کے بعد دوبارہ یہ مسئلہ نہ ہوا۔ (ع،م۔ مظفر گڑھ)

دکان پر گاہکوں کا رش لگ گیا

میری سینٹری کی دکان ہے' کچھ عرصہ سے کام تقریباً بند ہوچکا تھا۔ میں نے عبقری کی ایک فیس بک پوسٹ دیکھی اور اللہ کے اسم "یَامُھَیْمِنُ" کا وظیفہ کھلا پڑھنا شروع کردیا۔ اس وظیفہ کی برکت سے چند ہی ہفتوں میں میرا کاروبار خوب چل پڑا۔ الحمدللہ دکان پر گاہکوں کا رش لگا رہتا ہے اور اس کے علاوہ اسی عمل سے میری بدنظری کا مسئلہ بھی حل ہوگیا۔

مرجھائے بالوں کا علاج

میرے بال اکثر مرجھائے رہتے اور ان میں بالکل بھی چمک نہ تھی۔ بازاری شیمپو استعمال کرنے سے عارضی افاقہ ہوتا لیکن بال ٹوٹنے لگتے۔ اس کے بعد مجھے کسی نے ایک نسخہ بتایا جس سے میرے بالوں کا مسئلہ حل ہوگیا۔ نسخہ یہ ہے:
ایک مٹھی خشک نیم کے پتے اور کوئی کپڑے دھونے والا اچھا سا صابن لیں اور اسے دو حصوں میں تقسیم کرکے ایک حصہ ابال لیں۔ پندرہ بیس منٹ تک ابالیں۔ ٹھنڈا ہونے پر چھان کر نیم کے پتے علیحدہ کرلیں۔ اسے بالوں کے لئے بطور شیمپو استعمال کریں' یہ بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے بالکل شیمپو کا ہی کام دے گا۔ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔ ایک سال سے میں نے شیمپو خریدنا بند کردیا ہے۔ (فاروق خان' پشاور)

مخصوص ایام کی تکلیف کا روحانی علاج

اکثر خواتین کو مخصوص ایام میں کافی تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس تکلیف سے بچنے کے لئے ایک ہفتے میں اگر تین ہزار مرتبہ اللہ کا اسم یَامُتَعَالِیُ کا ورد کرلیا جائے تو ان شاء اللہ ہر تکلیف سے نجات ملے گی۔

تانبے کے چھلے کا کمال

سردیوں کے موسم میں اکثر لوگوں کے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں میں خارش رہتی ہے۔ بعض اوقات زیادہ خارش کرنے کی وجہ سے زخم بھی بن جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں اگر ہاتھوں یا پاؤں کی انگلی پر تانبے کا چھلہ پہن لیا جائے تو اس سے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے درمیان خارش نہیں ہوتی۔

ڈیلیوری سے پریشان خواتین کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کہ میں اپنے دوست کے گھر گیا اور اس سے باتوں میں مشغول تھا کہ اچانک میری نظر میز پر رکھے ہوئے عبقری رسالہ پر پڑی۔ میں نے رسالہ پڑھا تو بہت متاثر ہوا۔ میں دوست سے دو تین رسالے لے آیا جس سے میری روزمرہ کی زندگی میں بہت بہتری آئی۔ اس رسالہ میں چھپے وظائف اور ٹوٹکوں سے مجھے بہت نفع ہوا۔ آج میں بھی اپنا ایک مجرب نسخہ عبقری رسالہ کے قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔
اکثر لوگوں میں خون کی کمی کا مسئلہ رہتا ہے' بالخصوص خواتین جب حاملہ ہوجاتی ہیں تو بھرپور غذا نہ لینے کی وجہ سے انہیں اکثر خون کی کمی ہوجاتی ہے۔ خون کی اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ہمارے ہاں ایک نسخہ استعمال ہوتا ہے جو بہت آزمودہ ہے۔ آدھا لیٹر دودھ لیں' ایک سیب ثابت درمیانہ سائز کا بغیر کاٹے دودھ میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکنے دیں' جب دودھ ایک پاؤ رہ جائے تو سیب کو نکال لیں اور دودھ پی لیں۔ ان شاء اللہ خون کی کمی کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ (احمد علی' کراچی)

سردیوں میں خشک کھانسی سے اب ہرگز نہ گھبرائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو سدا خوش رکھے۔ ہر وہ شخص جو معاشی تنگی، اولاد سے محرومی، قرض میں جکڑے لوگ جب عبقری کا رخ کرتے ہیں اور جب واپس گھروں کو لوٹتے ہیں تو ان لوگوں کے دلوں سے کتنی دعائیں نکلتی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ عبقری کو سدا لوگوں کی بھلائی کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔ خشک کھانسی کے حوالے سے میرا ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ بعض لوگوں کو خشکی کی وجہ سے کھانسی ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ سارا سارا دن اور رات کو بھی کھانسی کے مرض میں مبتلا رہتے ہیں' زیادہ کھانسی کی وجہ سے سینے میں بھی درد شروع ہوجاتا ہے۔ ایسی کھانسی کے لئے کیکر کی چھال اتار کر تقریباً آدھا پاؤ وزن اور آدھا کلو پانی میں بھگو دیں صبح اٹھ کر کپڑے کے ذریعے نتھار کر دن میں تھوڑا تھوڑا کر کے چار پانچ دفعہ پی لیں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی دیر میں کھانسی ختم ہوجائے گی۔ (محمد شفیع، بہاولنگر)

چھوٹے بچوں کے والدین یہ ٹوٹکہ زبانی یاد کرلیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اکثر اپنے تجربات ومشاہدات عبقری رسالہ میں لکھ کر بھیجتی رہتی ہوں تا کہ آپ خیر کا کام دنیا میں پھیلا رہے ہیں اس میں میرا بھی کچھ حصہ شامل ہوجائے۔نزلہ زکام کے مرض سے متعلق دو آزمودہ ٹوٹکے پیش کررہی ہوں۔

کئی سال گزر چکے مگر بچے بیمار نہ ہوئے

میری ایک ہمسائی تھی سردیوں میں اکثر اس کے بچوں کو نزلہ زکام' کیرا گرنا اور سانس کی تکلیف کا مسئلہ ہوجاتا تھا۔ان بیماریوں کی وجہ سے آئے دن وہ کبھی کسی ہسپتال اور کبھی کسی ڈاکٹر کے پاس بچوں کو لے کر دربدر ہوتی رہتی تھی۔اس سے کچھ دنوں کے لئے آرام آتا مگر جیسے ہی سردی کی شدت کچھ بڑھتی تو پھر وہی مسئلہ ہوجاتا تھا۔جب بھی سردیوں کی آمد ہوتی وہ بیچاری پریشان ہوجاتی تھی۔

ایک دن اسے کسی نے ٹوٹکہ بتایا اور اس نے وہ ٹوٹکہ اپنے بچوں کو استعمال کروانا شروع کیا۔اس ٹوٹکے کو استعمال کرواتے ہی اس کے بچوں کو افاقہ ہوا۔اس نے استعمال جاری رکھا اور آخر کار کچھ ہی دنوں میں اس کے بچے بالکل ٹھیک ہوگئے۔اب کئی سال ہوچکے ہیں' سخت سے سخت سردی بھی آئی لیکن اس کے بچوں کو دوبارہ کبھی نزلہ زکام اور سانس کی تکلیف کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔وہ ٹوٹکہ یہ ہے۔

دو کلو گندم اور دو کلو نیم کے پتے لیں۔نیم کے پتے چھوٹی ٹہنیوں کے ساتھ ہی توڑ لیں۔گندم اور نیم کے پتوں کی ٹہنیوں کو مٹی کے ایک گھڑے میں تقریباً 24 گھنٹے کے لئے بھگودیں، پانی اتنا ڈالیں کہ ان اجزاء سے تھوڑا اوپر رہے۔ تقریباً 24 گھنٹے بھگونے کے بعد گندم کافی پھول چکی ہوگی اور پانی تقریباً خشک ہوجائے گا۔اس کے بعد مزید اور پانی شامل کرلیں اور اسی گھڑے کو لکڑیوں کی آگ پر پکنے کے لئے رکھ دیں۔گیس کی آگ پر پکانے سے گریز کریں۔کچھ دیر پکا کر ٹھنڈا کر کے نیم کے پتے نکال دیں اور گندم کو سکھا لیں،گندم پھر سے چھوٹی اور خشک ہوجائے گی۔اسے پسوا کر روزانہ تھوڑی سی مقدار میں پانی کے ساتھ کھائیں۔یہ تھوڑی کڑوی ہوگی لیکن کچھ عرصہ مستقل استعمال کرنے سے کیرا گرنا،نزلہ زکام حتیٰ کہ سانس کا مسئلہ بھی اللہ کے فضل سے مکمل حل ہوجائے گا۔نزلہ زکام کے لئے دوسرا نسخہ پیش کر رہی ہوں وہ بھی آزمودہ ہے۔قارئین اپنی سہولت کے مطابق دونوں میں سے کوئی بھی ٹوٹکہ استعمال کر سکتے ہیں۔ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

دماغی کمزوری کا بہترین علاج

ہمارے ایک عزیز رشتہ دار کو بہت زیادہ نزلہ زکام ہوگیا تھا'انہوں نے مہنگی ادویات کا استعمال بھی کیا لیکن ہفتوں گزر گئے مگر مسئلہ حل نہ ہوا۔ان کو کسی نے ایک نسخہ بنا کر دیا جس سے ان کا نزلہ اور زکام بالکل ختم ہوگیا۔نسخہ یہ ہے:ایک کلو بھنے ہوئے چنے، ایک کلو بادام گری، تھوڑی سی مقدار میں چاروں مغز لیں' اس کے علاوہ میٹھے کے شوقین مصری بھی اس ٹوٹکے میں شامل کرسکتے ہیں۔ان تمام اجزاء کو پسوا کر رکھ لیں اور مکس کر کے روزانہ تھوڑی سی مقدار میں حسب ضرورت کھالیں۔نزلہ زکام کیرا گرنا اور دماغی کمزوری کیلئے بہترین غذا ہے۔(پوشیدہ'لاہور)

ہر چیز کی قیمت میری مٹھی میں بازار سے جو چاہوں خریدلوں

(شفقت ناز، پتوکی)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اکثر لوگ تنگ اور سخت ساخت سے بنے جوتوں کا استعمال کرتے ہیں۔ایسے جوتے استعمال کرنے پاؤں پر زخم کے نشان بن جاتے ہیں۔اگر احتیاط نہ کی جائے تو ان زخموں پر پانی لگنے ریشہ بھی پڑجاتا ہے جس سے زخم مزید بگڑ جاتا ہے۔اس کے بعد جوتا پہننے اور چلنے پھرنے میں کافی مشکل پیش آتی ہے۔اس مرض کے خاتمہ کے لئے میرے پاس ایک بہت ہی آزمودہ نسخہ ہے جو کہ مجھے ایک حکیم سے ملا ہے۔میں نے ایسا ہی زخم اپنے ایک جاننے والی خاتون کے پاؤں پر دیکھا اور اس زخم میں ریشہ پڑ چکا تھا۔اس خاتون جو یہی نسخہ استعمال کرنے کے لئے بتایا جس سے اس کا زخم اور ریشہ بھی ختم ہوگیا۔

جو لوگ دھدری اور چنبل کے مرض میں مبتلا ہوں ان کے لئے بھی یہ نسخہ اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔یہ نسخہ مجھے ایک حکیم سے ملا ہے اور میں اسے عبقری رسالہ میں شائع کروانا چاہتی ہوں تا کہ جو لوگ ان امراض میں مبتلا ہیں انہیں اس سے فائدہ ہو۔نسخہ یہ ہے:سرسوں کا تیل ایک لیٹر، الائچی 60 گرام، لونگ 60 گرام، نمک 70 گرام۔تیل کو کسی برتن میں ڈال کر گرم کرلیں' تیل پکنے کے دوران اس میں جھاگ بن کر ختم ہوجائیں تو اس میں ڈال دیں اور ہلکی آنچ پر تقریباً 35 منٹ گرم کریں' اس کے بعد پھر لونگ اور الائچی کو تھوڑا سا پیس کر گرم تیل میں ڈال دیں اور جب تیل کا رنگ گہرا براؤن ہوجائے تو اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر نتھار لیں۔ رات کو سوتے وقت اس تیل کو متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔یہ تیل بہت سے لوگوں کو بنا کر دیا ہے۔ الحمدللہ اس تیل کے استعمال سے ہر قسم کی دھدری' زخم اور خارش سے شفاء ملتی ہے۔

من چاہی چیز من چاہی قیمت پر خریدیں

میں جب بھی بازار شاپنگ کے لئے جاتی ہوں تو آپ کا بتایا ہوا ایک عمل کرتی ہوں جس کی برکت سے میں نے جو سامان بھی خریدنا ہو تو وہ مجھے با آسانی اور سستی قیمت پر مل جاتا ہے۔اس عمل کی برکت سے میرا بازار میں زیادہ وقت بھی نہیں لگتا اور نہ ہی کسی چیز کو زیادہ تلاش کرنا پڑتا ہے۔میں نے جو بھی چیز خریدنی ہوتی ہے اس کا تصور کرتی ہوں اور یہ عمل کرتی ہوں۔ مجھے وہ چیز جلد اور فوراً سستے داموں مل جاتی ہے۔وہ عمل یہ ہے۔بازار میں داخل ہونے سے پہلے میں ''ک'' پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی (چھنگلی انگلی) کو بند کرتی ہوں پھر ''ھ'' کہہ کر اس کے ساتھ والی' ''ی'' کہہ کر درمیان والی' ''ع'' کہہ کر انگوٹھے کے ساتھ والی اور ''ص'' کہہ کر انگوٹھا بند کرلیتی ہوں جس سے ہاتھ کی مٹھی بند ہوجاتی ہے۔جیسے ہی بازار کے اندر داخل ہوتی ہوں تو جس ترتیب سے مٹھی بند کی تھی اسی ترتیب سے ح۔م۔ع۔س۔ق کہہ کر مٹھی بازار کی طرف رخ کر کے کھول دیتی ہوں' جس سے خریداری میں بہت سہولت ہوتی ہے۔

3 دن میں شفاء کا عمل

اگر کوئی شخص کیسی ہی سنگین بیماری میں مبتلاء ہوتو اسے چاہیے کہ اسم یَاغَفُوْرُ کو پکی ہوئی روٹی پر انگلی کے اشارے سے 7 مرتبہ لکھے اور 3 دن بیمار کو کھلادے۔اللہ کے فضل سے 3 دن میں شفاء ہوگی۔(ماریہ'لاہور)

آپ کو یا آپ کے گھر والوں کو مختلف لاعلاج بیماریوں نے گھیر رکھا ہے تو سورۃ اخلاص کے اجتماعی چالیس ہزار کے عمل میں شامل ہوں' انشاءاللہ شفایاب ہوجائیں گے۔(تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ادرک! کمزور، اپاہج گردوں کا کامیاب معالج

(ڈاکٹر مسعود سرور خان، آزاد کشمیر)

ہمارے ہاں ادرک کو سالن میں ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر لوگ اس کی مکمل افادیت سے بے خبر ہیں۔ ادرک کا استعمال ہماری روزمرہ غذا میں ذائقہ کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ ادرک غذا کو ہضم کرنے کے ساتھ ساتھ جسم میں دوبارہ وقت پر بھوک کا احساس بھی دلاتی ہے۔ اس لئے جب لوگوں کو بھوک کی کمی کا مسئلہ ہو اگر ان کے سالن میں ادرک کو زیادہ مقدار میں شامل کیا جائے تو بھوک کی کمی کی شکایت ختم ہو جاتی ہے۔ ادرک کو کبھی بھی پانی میں جوش دے کر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ ایسا کرنے سے ادرک میں موجود مفید اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں اور ادرک کی بھرپور افادیت سے ہم محروم ہو جاتے ہیں۔

کھانسی میں مفید

جن لوگوں میں بلغمی کھانسی کا مرض ہو اور ادویات استعمال کرنے کے باوجود بھی مرض ٹھیک نہ ہو رہا ہو ایسی صورت میں ادرک کے ایک ٹکڑے کا رس نکال لیں اور اس میں ایک چمچ شہد مکس کر کے مریض کو چند دن پلائیں۔ ان شاء اللہ بلغمی کھانسی بالکل ختم ہو جائے گی۔

قوت خاص کی کمی کا علاج

جو شادی شدہ حضرات قوت خاص کی کمی کا شکار ہوں ان کے لئے ادرک کا انتہائی آسان ٹوٹکہ ہے۔ ایک ابلے ہوئے انڈے کی زردی لے لیں اور اس میں ایک چمچ ادرک کا رس ملا کر روزانہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں بہترین نتائج ملیں گے۔ اگر دیسی انڈے کی زردی ہو تو زیادہ فائدہ مند ہے اور جلد اثر ہوگا۔

گردوں کے امراض میں مفید

جو لوگ گردوں کے امراض میں مبتلا ہوں ان کے لئے ادرک کا بہت مفید ٹوٹکہ پیش خدمت ہے۔ تازہ اور خشک ادرک کے چھلکے اتار لیں۔ دو گلاس پانی میں یہ چھلا ہوا ادرک ڈال کر اس میں تھوڑا سا نمک مکس کر لیں۔ اس پانی کو خوب جوش دیں۔ جب ادرک نرم ہو جائے تو اس برتن کو اتار لیں۔ اب سفید چینی کا قوام کچھ مقدار میں تیار کر کے ابالے ہوئے ادرک اور پانی کے اندر مکس کر لیں۔ دوسرے دن اگر قوام پتلا ہو جائے تو مزید ادرک ڈال کر جوش دیں۔ جو لوگ گردوں، بلغم، ریاح اور کمر کے درد کے مرض میں مبتلا ہوں انہیں ایک سے دو تولہ یہ تیار شدہ نسخہ استعمال کرنے کے لئے دیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی اور کمزور گردے طاقتور ہوں گے۔

متلی، قے اور درد قولنج جیسے امراض کا علاج

درد قولنج ایک ایسا درد ہے جو جسم کے اندر پٹھوں اور عضلات کے سکڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ عام طور پر یہ مرض انتڑیوں میں ہوتا ہے۔ اس مرض میں مبتلا افراد کو درج ذیل ٹوٹکہ استعمال کروایا جائے تو ان شاء اللہ شفاء ملے گی۔ سونٹھ نیم کوفتہ اڑھائی تولہ کو پندرہ تولہ کھولتے ہوئے پانی میں ڈالیں اور ایک گھنٹے تک پکنے دیں۔ اس کے بعد پانی نتھار کر اس میں 9 ماشہ سوڈا بائی کارب ملا دیں۔ اس تیار شدہ نسخے کو تین سے پانچ تولہ تک، حسب ضرورت دن میں دو سے تین بار مریض کو پلائیں۔ اس نسخہ کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ بتائی ہوئی ترتیب کے مطابق استعمال کریں۔ یہ درد قولنج کے علاوہ متلی، قے اور پیٹ کے اپھارہ جیسے امراض سے نجات کے لئے بھی اکسیر ہے۔

ہچکی میں مفید

کبھی کبھار ہچکی کا آنا معمول کی بات ہے مگر کچھ لوگوں میں اکثر یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ جب انہیں ہچکی شروع ہوتی ہے تو وہ کافی دیر تک جاری رہتی ہے جو پریشانی کا سبب بن جاتی ہے۔ ہچکی کے ایسے مرض سے نجات کے لیے یہ ٹوٹکہ استعمال کریں ان شاء اللہ یقینی نجات ملے گی۔ سونٹھ پانچ ماشہ اور مرچ سیاہ پانچ دانے حسب ضرورت پانی میں ڈال کر انہیں خوب جوش دیں اور پانی نارمل ہونے پر مریض کو دن میں صبح وشام پلائیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

پیٹ کی تکلیف میں مجرب نسخہ

جو لوگ پیٹ کے کی تکلیف میں مبتلا ہوں یا گیس اور کھٹے ڈکار آتے ہوں۔ ان تمام امراض کے لئے بہت مجرب نسخہ ہے جس کے استعمال سے ان شاء اللہ پیٹ کے ان امراض سے نجات ملے گی۔ نسخہ یہ ہے: ایک عدد ادرک خشک (سونٹھ) کا ٹکڑا اور اجوائن حسب ضرورت لیں۔ ان میں اس قدر لیموں کا رس ڈالیں کہ یہ اجزاء پوری طرح تر ہو جائیں۔ اس کے بعد اس آمیزے کو سایہ دار جگہ میں رکھ کر خشک کر کے پیس لیں اور تھوڑی سی مقدار میں سیاہ نمک ڈال کر محفوظ کر لیں۔ پیٹ کی تکلیف میں مبتلا افراد کو یہ نسخہ چار سے چھ رتی تک پانی کے ہمراہ استعمال کروائیں۔

دو چھوٹی، دو بڑی الائچی سے امراض سرما کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! انسانیت کے لئے عبقری کے بھلائی اور خیر کے مشن میں اپنا حصہ شامل کرنے کے لئے اپنے دو آزمودہ ٹوٹکے پیش کر رہی ہوں۔

مروڑ اور پیچش کے لئے

جن لوگوں کے پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہوں یا پیچش کے مسئلہ سے دوچار ہوں۔ ان امراض میں مبتلا افراد کے لئے یہ ٹوٹکہ بہت آزمودہ ہے۔ اس ٹوٹکے کے استعمال سے پیٹ کے مروڑ اور پیچش جیسے امراض سے ان شاء اللہ بہت جلد شفاء ملے گی۔ نسخہ یہ ہے: سبز سونف کو توے پر ہلکا سا بھون کر بلینڈر کے ذریعے پیس کر سفوف بنا لیں۔ ایک کڑاہی میں حسب ضرورت شکر ڈال لیں اور اس میں ایک چمچ گھی شامل کر لیں۔ اس کے بعد سونف کے سفوف کو کڑاہی میں ڈال کر حلوہ بنا لیں۔ اس تیار شدہ حلوہ کو ٹھنڈا ہونے سے پہلے کھا لیں۔ ان شاء اللہ 10 منٹ میں پیٹ کے مروڑ اور پیچش سے شفاء مل جائے گی۔

سردی کے امراض سے نجات

سردی کے موسم میں نزلہ و زکام کی بیماری بہت عام ہو جاتی ہے۔ اس ضمن میں اپنا بار ہا کا آزمودہ ٹوٹکہ پیش کر رہی ہوں۔ بڑی الائچی 2 عدد، چھوٹی الائچی 4 عدد، اس کے علاوہ چائے کی پتی اور دار چینی تھوڑی سی مقدار میں لے کر دو گلاس پانی شامل کر کے ان اجزاء کو ابال کر مل چھان لیں اور ایک چمچ چھوٹی مکھی کا شہد ڈال کر چند دن مریض کو پلائیں۔ چند دن یہ نسخہ آزمائیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ اگر چھوٹے بچے کو مرض ہو تو تھوڑا سا انار کا چھلکا ان اجزاء میں شامل کر لیں۔

دوسری شادی کے خواہشمند یہ دم کروا لیجئے!

محمد طاہر صدیق لاہور

ان صاحب سے آج میری دوسری ملاقات تھی' وہ اطمینان سے میرے سامنے صوفے پر بیٹھے اپنا چشمہ ٹشو سے صاف کررہے تھے۔ انہوں نے چشمہ صاف کیا دوبارہ چہرے پر سجایا اور مشروب سے لطف اندوز ہونے لگے۔ میں نے بات کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ آپ تسبیح خانہ کیسے آئے؟ اور آپ کو تسبیح خانہ سے کیا ملا؟ انہوں نے گلاس ٹیبل پر رکھا' میری طرف دیکھ کر مسکرائے اور کہا کہ اپنی فیکٹری کی اکاؤنٹنٹ کی وجہ سے؟ میں حیران ہوا اور فوراً سوال کیا: وہ کیسے؟ پھر انہوں نے رخ میری طرف کیا' ٹیک لگائی اور یوں گویا ہوئے:

ربڑ کی فیکٹری' دن دگنی رات چگنی ترقی

میری لاہور کی انڈسٹریل اسٹیٹ میں ایک چھوٹی سی ربڑ کی فیکٹری ہے' میں نے ایک کمرہ سے چھوٹا سا کاروبار شروع کیا' رب نے ترقی دی اور ایک کمرہ پھیلتے پھیلتے پوری فیکٹری بن گیا اور پھر فیکٹری کو ڈبل اسٹوری کیا' الحمدللہ میرا کاروبار دن دگنی اور رات چگنی ترقی کررہا تھا۔ میں بہت خوش تھا' شادی ہوچکی تھی' اللہ نے پانچ بچوں سے نوازا' بچے سکولز میں جانا شروع ہوگئے۔ بیوی بچے مطمئن اور خوشگوار زندگی گزار رہے تھے۔ پھر اچانک ایک پریشانی آئی اور وہ بڑھنا شروع ہوگئی۔ اسی دوران میں نے ان کی بات کاٹی اور جگ میں سے ان کے گلاس میں عبقری دواخانہ کا تیار کردہ مشروب اعلیٰ آلو بخارا ڈالا اور انہیں مزید پینے کیلئے عرض کیا۔

انہوں نے شکریہ کے ساتھ دوبارہ گلاس اٹھایا اور چند گھونٹ لے کر گلاس دوبارہ ٹیبل پر رکھا۔ میں تجسس میں تھا کہ آخر کیا پریشانی آئی؟ میں نے دوبارہ بات چھیڑنے کیلئے انہیں کہا کہ کیا پریشانی آئی؟ وہ میرا تجسس دیکھ کر تھوڑا سا مسکرائے اور دوبارہ پوری توجہ سے دوبارہ بات شروع کی اور کہنے لگے: میری فیکٹری میں پہلے مٹی کے چھوٹے چھوٹے ڈھیلے آکر گرنا شروع ہوئے' پہلے تو میں نے توجہ نہ کی؟ پھر یہ مٹی کے ڈھیلے اینٹ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل ہوگئے اور روزانہ آنا شروع ہوگئے۔ ہم نے بہت تفتیش کی' کیمرے لگائے' رات کو چھتوں پر ڈیوٹیاں لگائیں' دن کو چھت پر لڑکے بٹھائے کہ دیکھیں کون پھینکتا ہے؟ مگر کوئی نظر نہ آتا۔

بند کمرے میں اینٹیں آ کر گرتیں

چند دن ہی گزرے تھے کہ آدھی اینٹ آکر جہاں ہم کام کررہے ہوتے تھے وہاں گرتی مگر کسی کو لگتی نہ۔ ہم مزید پریشان ہوگئے میں نے فیکٹری کی کھلی جگہ پر شیڈز لگوادیئے کہ شاید کوئی شریر شرارت کررہا ہے مگر میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ ہرطرف سے بند ہونے کے بعد اچانک چاروں طرف سے اینٹیں آنا شروع ہوجاتیں۔ کسی کو لگتی تو نہ مگر ہماری ایسی حالت ہوجاتی کہ جیسے کسی نے سب کی سانسیں نکال لی ہیں اور سب بے جان بیٹھے ہیں۔ میرے کام پر کوئی فرق نہ پڑا مگر ملازمین آہستہ آہستہ فیکٹری چھوڑ گئے۔ بڑی پریشانی ہوئی' ایک دن ایسا بھی آیا کہ میں اکیلا ہی فیکٹری میں بیٹھا تھا کہ ایک بڑی اینٹ اتنی زور سے میرے قریب آکر گری کہ اس کے پانچ ٹکڑے ہوگئے۔ میرا جسم پسینے سے شرابور ہوگیا۔ اب میرے پاس آرڈرز تو تھے مگر کام کرنے والا کوئی نہ تھا۔ میں نے تنگ آکر وہ جگہ بیچنے کا ارادہ کرلیا اور تمام سیٹ اپ ایک دس مرلے کے گھر میں شفٹ کرلیا۔ مگر یہ سلسلہ وہاں بھی نہ رُکا۔ بند کمرے میں اینٹ آکر گرتی ملازم کام چھوڑ کر بھاگ جاتا۔ میں نے گھر والوں سے مشورہ کیا تو میری اہلیہ سمیت میرے بھائیوں اور تمام رشتہ داروں نے کہا کہ ''تم یہ کام چھوڑ دو'' لگتا ہے اس کام کے ساتھ کوئی مسئلہ ہے' مگر میں اب فیصلہ کرچکا تھا کہ جو کچھ بھی ہے میں اپنا بزنس نہیں چھوڑوں گا' کل کوئی اور بزنس شروع کروں وہاں بھی یہ مسئلہ ہوگیا تو پھر کیا کروں گا؟

آپ ایک مرتبہ اسم اعظم کا دم کروا کر تو دیکھئے!

خیر میں نے ایک نئی جگہ جاکر کام شروع کیا' یہاں پرانے ملازمین اور کچھ نئے ملازمین رکھ لیے۔ اسی دوران مجھے ایک اکاؤنٹنٹ فی میل چاہیے تھی کیونکہ اکثر لڑکے دوسرے لڑکوں سے مل جاتے تھے اور میرا نقصان ہورہا تھا' میں بزنس کے حوالے سے اکثر شہر سے باہر رہتا۔ مجھے ایک باپردہ فی میل اکاؤنٹنٹ مل گئی' الحمدللہ! اس نے میری فیکٹری کا نظام سنبھالنا شروع کردیا۔ نئی فیکٹری میں تقریباً چالیس دن وقفے کے بعد دوبارہ اینٹ آکر گری' میں اس دن بہت زیادہ پریشان ہوگیا' میری پریشانی دیکھتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 59)

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 155

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر بے حد حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جنات اپنی شکلیں کیسے بدل لیتے ہیں؟

آپ نے بچپن سے سنا بھی ہوگا‘ پڑھا بھی ہوگا‘ جنات اپنی شکلیں بدل لیتے ہیں۔ باورچی بابا اور عبدالسلام جن سے اور اس کے علاوہ کئی جنات سے میں نے یہ واقعات سنے‘ خود دیکھے‘ اور آزمائے بھی۔

پہلے میں آپ کو ایک لطیفہ اور تجربہ بھی سناتا ہوں‘ وہ یہ ہے بہت سارے جنات بیٹھے تھے۔ شب برأت عبادات اور تسبیحات کرتے ہوئے بہت رات بیت گئی‘ ہم کچھ بیٹھے کھا پی رہے تھے اور اس کے بعد اختتامی دعا صحابی جن نے کروائی۔ چند لمحات کا وقت زیادہ سے زیادہ دس منٹ‘ ایک قہوہ پی رہے تھے‘ بس عبادات کرنے کے بعد یہی وقفہ ملا تھا۔ صرف تروتازہ ہونے کے لیے یہی کھانا تھا یہی پینا تھا۔

رات کے وقت چڑیا کی آمد

اچانک میرے قریب ایک چڑیا آکر بیٹھ گئی‘ رات کا وقت‘ مجھے حیرت ہوئی۔ چڑیا تو دن کا پرندہ ہے رات کا پرندہ نہیں ہے‘ یہ کیسے؟ سب دیکھ رہے تھے ان میں ایک جن جب میں نے اس کی آنکھیں پڑھیں تو اس کی آنکھوں میں ایک چمک تھی اور ایک نکھار‘ مجھے احساس ہوا کہ اس جن کو اس راز کا پتہ ہے پتہ تو سب جنات کو ہے مگر سب نے جانی انجانی کر دی جیسے کہ ان کی زندگی میں یہ معمول کی بات ہے۔ میں نے ان سے اشاروں میں پوچھا یہ کیا چیز ہے؟ کہنے لگے: دراصل یہ ایک جن ہے جس نے آپ کا نام سنا تھا‘ چونکہ یہ بڑوں کی محفل ہے اور جن اپنے اصلی وجود سے نہیں آسکتا تھا‘ اس نے اجازت لی کہ بڑوں کی محفل میں اپنے وجود کو بدل کر آجائے۔ لہٰذا اس نے اپنا وجود بدلا اور وجود کو بدل کر آپ کے سامنے آگیا اور اس نے چڑیا کا وجود بدلا اور پرندہ بن گیا۔ میں نے پرندہ کو ہاتھ میں لیا‘ ہتھیلی پر بٹھایا اور تمام اہل محفل سے اجازت لی کہ اسی طرح یہ چڑیا کا وجود بن کر آیا ہے اگر آپ حضرات اجازت دیں تو اس کو میں اصلی وجود میں آنے کا حکم دوں؟ آداب محفل ہیں‘ میں آپ سب کا خیال رکھ رہا ہوں کیونکہ محفل میں میں اکیلا فرد نہیں ہوں آپ بھی محفل کا حصہ ہیں۔ سب آنکھوں سے گردن سے‘ اور منہ سے بولے‘ جی ہاں! بالکل اجازت ہے یہ آسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا تھوڑی ہی دیر میں ایک بہت بڑا وجود جس کا سر کہیں اوپر شاید بادلوں کو ٹکرائے اور اس کے پاؤں نیچے سات زمین تک‘ ایک خطرناک شکل کا وجود ہمارے سامنے بیٹھ گیا اور وہ باتیں کرنے لگا۔ لیکن ابھی چند باتیں ہوئی تھیں کہ دعا کا وقت شروع ہوا اور ہم دعا میں مشغول ہوگئے۔ لیکن میرے ذہن میں وہ جن رہا‘ بہت ہی خشوع خضوع زاری اور رقعت کے ساتھ دعا ہوئی‘ لاکھوں جنات اس میں شامل تھے‘ میں ایک انسان بھی تھا اور ایسے محسوس ہو رہا تھا سوفیصد کہ بارگاہ الٰہی میں اس کی قبولیت کا فیصلہ ہو چکا ہے اور یہ سوفیصد قبول ہے اور سوفیصد اس کے نتائج مل چکے ہیں۔

چڑیا کی شکل میں آئے جن سے انوکھی باتیں

دعا کے بعد میں نے اس جن کو اپنے پاس بٹھا لیا اور اس سے بیٹھا باتیں کرنے لگا۔ میں نے اس سے پوچھا یہ بتائیں یہ جنات شکلیں کیسے بدلتے ہیں؟ اور اپنے حلیے کیسے تبدیل کرتے ہیں؟ ان کے اندر کیا ایسا طریقہ ہے کہ وہ شکلیں اور حلیے تبدیل کرتے ہیں اس کی ترتیب کیا ہے؟ اس کا انداز کیا ہے؟ وہ مسکرا کر کہنے لگے: قدرت نے ہمیں ایسا کرنے کا پورا اختیار دیا ہے ہم چاہیں جس شکل میں اپنے آپ کو بدل دیں‘ آگ بن جائیں‘ مٹی بن جائیں‘ ہوا بن جائیں بے جان چیز بن جائیں جاندار چیز بن جائیں‘ کچھ بھی بن جائیں ہمیں قدرت نے اس کا اختیار دیا ہے اور قدرت ہمارے ساتھ ہے اور قدرت نے بہت ہمیں اس کا بھروسہ دیا ہے۔ وہ جن کہنے لگے: میں کئی بار سانپ بنا ہوں لیکن ایک چیز سے بہت ڈرتا ہوں سانپ یا تکلیف دینے والی چیز سے کہ کوئی ایسا شخص مجھے ملا جس کے پاس کلام ہو یا ایسا طاقتور ورد ہو وہ ہمیں قید کر لے‘ پھر اس قید سے چھوٹنا ہمارے بس میں نہیں ہاں کوئی ایسا طاقتور جن جو اس سے کہیں زیادہ طاقتور ہو وہ تو آکر ہمیں چھڑوا سکتا ہے ورنہ عموماً ہمارے بس اور اختیار میں نہیں کہ ہم قید سے نجات حاصل کر لیں اور خود اپنا واقعہ سنایا میرے ساتھ یہ واقعہ خود میرے خاندان کا ہے۔

پڑدادا نے لومڑی کا بھیس اپنایا اور پکڑا گیا

میرے پڑدادا ایک بار لومڑی بن کر جنگل میں پھر رہے تھے کچھ شکاری تھے ان میں ایک شکاری عامل بھی تھا۔ وہ دور سے پہچان گیا یہ لومڑی‘ لومڑی نہیں بلکہ جن ہے‘ اس نے وہیں میرے پڑدادا پر کڑا ڈالا اور ایسا حصار کیا کہ وہ وہاں سے ہل نہ سکے۔ بلکہ شکل بھی نہ بدل سکے یہ بات میرے لیے پریشان کن تھی کہ اس کا حل کیا کیا جائے؟ اور اس کی ترتیب کیا کی جائے۔ پھر وہ عامل قریب آیا اور اس نے میرے پڑدادا جو کہ لومڑی کی شکل میں تھے اس کو پکڑا اور ایک طلسماتی جال میں بند کر دیا ایسا جال جو میرا پڑدادا نہ کاٹ سکتا تھا‘ نہ توڑ سکتا تھا نہ اس کے بس میں تھا۔ اس نے لاکھ چاہا کہ اپنی شکل بدلے اور جنات کی طرح دھواں اور ہوا بن کر اس جال سے نکل جائے لیکن وہ نہ نکل سکا حتیٰ کہ وہ بے بس ہوگیا۔ سات ماہ سے زیادہ عرصہ اس شکاری عامل نے میرے پڑدادا کو قید رکھا‘ آخر کار میرے پڑدادا سے سات ماہ کے حساب سے ہر مہینے کے حساب ایک سونے کی مٹھی اشرفیوں کی لی۔ یعنی سات ماہ کے حساب سے سات مٹھی اشرفیاں لیں اور کہنے لگا: مٹھیاں بھی وہ ہوں گی جو میں بھروں گا چونکہ میرے پڑدادا مالدار تھے اور اس شکاری عامل نے پہچان لیا تھا کہ جن تو ہے لیکن مال بھی ساتھ ہے۔ اس نے ان سے مال لیا اور پھر عہد لیا شاہ جنات کا اور حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اور عہد لیا آصف بن برخیا کا کہ وہ کبھی بھی اپنے آپ کو اس قابل نہیں بنائے گا اور کبھی سوچ بھی نہیں سکتا کہ اپنے وجود کو کسی کے لیے تکلیف دہ بنائے۔ اور پھر سوچے بھی نہ کہ مجھ سے اور میری نسلوں سے کبھی اس کا انتقام لے کیونکہ وہ عامل کامل تھا اور اس کے پاس قرآنی علم تھا اور بہت طاقتور علم تھا جس قرآنی علم اور طاقتور علم کو بہت کم لوگ جانتے تھے۔ پھر میرے پڑدادا کی بڑی مشکل سے جان چھوٹی۔ اس لیے ہمارے خاندان میں یہ بات عام ہے کہ کبھی بھی اپنی شکل بدلنا تو احتیاط کرنا‘ شکاری کے ہاتھ نہ آجانا کیونکہ عام شکاری تو جنات کی بدلی ہوئی شکل میں شکار نہیں کرسکتا۔ صرف وہی شکار کرسکتا ہے جو عامل ہو اور عامل کو ہی یہ اختیار حاصل ہوتا ہے۔

اس نقش کے ساتھ اللہ کے غیبی نظام کی ایسی مدد ملتی ہے جس کے ذریعے سے زندگی میں پیش آنے والے مختلف حادثات‘ وباؤں سے حفاظت کا انوکھا نظام بن جاتا ہے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ظالم جن اور جوگی

پھر کہنے لگے: جس طرح انسانوں میں عامل ہوتے ہیں اور کچھ کامل بھی ہوتے ہیں اسی طرح جنات میں بھی عامل بھی ہوتے ہیں اور کامل بھی ہوتے ہیں لیکن عامل تو بہت ہوتے ہیں کامل کوئی کوئی ہوتا ہے۔ کہنے لگا: ہمارے علاقہ میں ایک واقعہ ہوا ایک جن سانپ کی شکل اختیار کر گیا اور درخت کے ایک کھوکھلے حصہ میں رہنے لگا اور وہی کام جو سانپ کرتا ہے' پرندوں کے بچے اور انڈے کھا جانا۔ بہت عرصہ یہ سلسلہ چلتا رہا۔ ایک دفعہ ایک جوگی اس جنگل میں آ کر نکلا' اس نے ایک جگہ پرندوں کے جھنڈ کو چیختے' چلاتے اور منڈلاتے دیکھا۔ وہ محسوس کر گیا کہ وہاں کوئی گڑبڑ ہے۔ وہ جوگی ان پرندوں کی طرف بڑھا' وہاں پہنچ کر دیکھا تو ایک سانپ ایک کھوہ سے نکل کر درخت کے اوپر جا رہا' وہ سمجھ گیا کہ درخت کے اوپر پرندوں کا گھونسلہ ہے اور پرندوں نے اس میں انڈے اور بچے رکھے ہوئے ہیں۔ بس اس سانپ کا مرغوب مشغلہ یہ انڈے اور بچے کھانا ہے۔

جوگی سفلی عامل بھی نکلا

وہ جوگی صرف جوگی نہیں تھا ساتھ وہ کالا علم بھی رکھتا تھا اور کالے علم کا بہت باکمال جادوگر تھا۔ اسے سانپ کا یہ عمل اچھا نہ لگا اور اس نے اپنے کالے علم سے محسوس کر لیا کہ سانپ ایسا مستقل کرتا ہے اور ہر درخت کے اوپر اس کا یہی کام ہے اور طاقتور اتنا ہے کہ اس کے منہ سے جو پھونک نکلتی ہے وہ پتوں کو اور درخت کی چھال کو بھی جلا دیتی ہے اور پرندے اس سے دور بھاگتے ہیں کہ کئی پرندوں کے پر اس نے جلائے کئی کو مار دیا۔ وہ ظالم سانپ ہے اور چھوٹے چھوٹے پرندے بے بس ہیں۔ جوگی نے جب یہ ماجرہ محسوس کیا تو پھر اس نے ایک پرانے کپڑوں سے بنا (چھوٹے چھوٹے پرانے کپڑوں کے ٹکڑے جوڑ کر بنایا گیا بچھونا) بچھونا بچھایا' اس پر اپنی پٹاری رکھی' بین رکھی اور اپنے چھوٹے چھوٹے ڈبے اور سامان رکھا اور تسلی سے بیٹھا۔ پہلے اس نے اپنے اردگرد ایک تیز دھار خنجر سے کڑا لگایا' اس کے بعد اس نے بین بجانی شروع کر دی۔ بس بین کی آواز بجتے ہی سانپ جو اوپر چڑھ رہا تھا' رکا لیکن نیچے نہیں اترا' وہ پرندوں کے گھونسلوں کے قریب پہنچ چکا تھا۔ وہ کالا جادوگر پرواہ کیے بغیر اپنی بین بجاتا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد اس کی بین سے گرم ہوا نکلنا شروع ہوئی ایسی گرم ہوا جس کی شدت کو وہاں کے جانور محسوس کرنے لگے اور اس کے تھوڑی دیر کے بعد بین میں اور طاقت پیدا ہوئی' گرمائش بڑھی' اس میں سے چنگاریاں نکلنے لگی' یہ چنگاریاں بڑھتے بڑھتے شعلوں میں بدل گئیں۔ بین میں سے شعلے نکلنا شروع ہو گئے اور وہ شعلے مسلسل سانپ کی طرف بڑھ رہے تھے اور سانپ اپنا سر پٹخ رہا تھا۔ اب سانپ کے بس میں نہیں تھا اگر نیچے اترتا ہے تو شعلے اس کو جلا دیتے ہیں اوپر چڑھتا ہے تو شعلے اس کا پیچھا کرتے ہیں اور اگر وہیں رہتا ہے تو شعلے اس کو جلاتے ہیں۔ وہ بے بس تھا؟ اس کے بس میں کچھ نہیں تھا۔ ادھر جوگی مسلسل اپنی بین بجائے جا رہا تھا' بین کے اندر ہی اس کا منتر تھا۔

پرندے کالے جادوگر کے مشکور!

بہت دیر تک تو سانپ اس کی بین کا مقابلہ کرتا رہا وہی ساکت جامد نہ نیچے اترتا تھا نہ اوپر چڑھتا تھا۔ دوسری طرف منظر بہت انوکھا تھا' پرندے جو پہلے ہر طرف منڈلا رہے تھے' پریشان چیخ و پکار میں مصروف تھے وہ سب خاموش درختوں کی شاخوں اور ٹہنیوں پر بیٹھ کر یہ حیرت انگیز منظر دیکھ رہے تھے۔ ان کی آنکھوں میں خوشی' آواز میں خوشی' وہ اب چہچہا رہے تھے اور واضح تھا کہ وہ خوش ہیں کہ اتنے عرصہ میں ان کا بدلہ اور انتقام لینے والا کوئی تو پہنچا' کوئی وارث ان کا بھی آیا' آج تک ان کا کوئی وارث ہی نہیں تھا' کوئی ان کی بھی آواز سنتا' ان کے ظلم کا بدلہ لیتا۔ کوئی بھی ایسا نہیں تھا جو سانپ سے یہ آ کر پوچھتا کہ سانپ تیرے بھی بچے ہیں تو پرندوں کے انڈے اور بچے کیوں کھا جاتا ہے؟

سانپ پھن پھیلائے جادوگر کے سامنے جھومنا شروع

اب تھوڑی ہی دیر کے بعد سانپ نیچے گرا اور نیچے گر کر اپنے پھن کو پھیلا کر جوگی کی بین پر جھومنے لگ گیا لیکن ایسا زیادہ وقت نہ ہوا' شعلے اس کو جلاتے تھے اور بار بار وہ اپنا پھن زمین سے جھٹکا تھا اور پٹختا تھا۔ نامعلوم جوگی کو کیا سوجھی اس نے اپنی بین کو ایک طرف رکھا اور سانپ کو پکڑا اور اپنی بڑی ایک پٹاری جو کہ خالی رکھ کر چل رہا تھا کہ شاید اسی انتظار میں کہ کوئی بڑا سانپ ملے تو اس کو بند کروں۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جب اس نے سانپ کو پکڑا نہ اس کے منہ میں شعلے تھے نہ آگ' نہ گرم ہوا بلکہ وہ ایسے جیسے کسی درخت کی ٹہنی ہوتی ہے' اس نے اس کو پٹاری میں رکھا خود بخود لپٹ کر وہ پٹاری میں آ گیا اور سر اس نے پٹاری میں ڈال دیا۔ جوگی نے پٹاری پر چمڑے کی بنی ہوئی رسیاں لپیٹیں اور چل دیا۔

شریر جن کی سزا

وہ جن مجھے یہ واقعہ سنا رہا تھا اور میں حیرت سے اس کو سن رہا تھا کہ جنات کو قدرت نے شکل بدلنے کی طاقت اور تاثیر دی ہے۔ وہ جن کہنے لگا: یہ ہمارا اپنا ہی واقعہ ہے اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایک جوگی کی قید میں چلا گیا' علاقہ کا بچہ بچہ فرد فرد جنات کا اس واقعہ کو جانتا ہے۔ پورے اکتیس مہینے وہ اس جوگی کی قید میں رہا' پھر گھر والوں کو معلوم ہوا وہ اس کی منتیں کرتے رہے لیکن وہ نہیں مانتا تھا' جنات اس جوگی کے سامنے بے بس تھے' اس کا کچھ نہیں کر سکتے تھے اگر زیادہ اس کو دھمکاتے یا زور دیتے تو وہ جوگی اس جن کو جلا دیتا وہ جن کیا تھا؟ جنات کا بڑا سردار تھا اس کا ایک نافرمان اور بدکردار بیٹا تھا اور وہ بیٹا دن رات لوگوں کو تکلیف دیتا' پریشان کرتا' لوگوں کا مال غضب کرتا اس کے ساتھ ساتھ وہ سانپ بن کر پرندوں کو بھی ستاتا تھا ان کے انڈے بچے کھا جاتا تھا ساتھ یہ کرتا کہ انسانوں کی گزرگاہ پر بیٹھ جاتا (جاری ہے)

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 6" دسمبر 2022ء کے شمارہ میں شائع کیا جائے گا۔ نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء اور تیسرا نقش مارچ 2022ء اور چوتھا نقش جون 2022ء اور پانچواں نقش ستمبر 2022ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔ کُل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے پہلا، دوسرا، تیسرے' چوتھے اور پانچویں نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021، دسمبر 2021، مارچ 2022ء، جون 2022ء' ستمبر 2022ء کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر' ہاکر یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمایئے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پایئے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ **(نوٹ: نقش کے ساتھ اس کی خاص ہدایات بھی شائع ہوتی ہیں ضرور پڑھیں ورنہ فوائد سے محروم رہ جائیں گے۔ گھر کے ہر فرد کیلئے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کرے گا اگر نہیں کر سکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروا لے۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)**

اچانک آئی بدحالی، پریشانی، تنگدستی سے نجات! انوکھا عمل

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات، فاقے، بے روزگاری، بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا، دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا یا سنا واقعہ ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر کے معاشی حالات پچھلے کچھ عرصہ سے بہت کمزور چل رہے تھے۔ اس معاشی تنگی کی وجہ سے سب گھر والے بہت پریشان تھے۔ ہمارے حالات اس قدر خراب ہوئے کہ اپنی ضروریات زندگی پورا کرنے کے لئے قرض لینے پر مجبور ہوگئے۔ شوہر نے اپنے دوست کو ان کی سخت ضرورت کے پیش نظر خاطر خواہ رقم بطور قرض دی ہوئی تھی اور طے شدہ وقت پر جب شوہر نے رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو انہوں نے فوری رقم دینے سے انکار کر دیا۔ وہ رقم نہ ملنے کی وجہ سے ہی ہم قرض لینے پر مجبور ہوئے اور پھر میرے شوہر کی جو آمدنی تھی وہ بھی قرض کی واپسی کی صورت میں خرچ ہونے لگی۔

ایک وقت کا کھانا بھی شاید میسر نہ ہو

ہم دن بہ دن مزید پستی کی طرف جانے لگے اور ان مشکل حالات سے نکلنے کی کوئی صورت نظر نہیں آرہی تھی۔ اگر چند دن میں ہمیں ہماری رقم جو بطور امانت رکھوائی تھی وہ نہ ملتی تو دن میں ایک وقت کا کھانا بھی شاید میسر نہ ہوتا۔ میں نے تنہائی میں بیٹھ کر اللہ سے اس آزمائش سے نجات کے لئے مانگنا شروع کر دیا۔

عمل کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا

ایک دن عبقری کے یوٹیوب چینل پر مشکلات، پریشانیوں اور فاقوں سے نجات کے لئے آپ کا بتایا ہوا ایک عمل سنا کہ دو رکعت نفل نماز توبہ اور حاجات کے پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد تین مرتبہ سورۃ یٰسین کی تلاوت کر کے اللہ سے اپنی فریاد کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے کوئی بھی مراد خالی نہیں لوٹائی جاتی۔ میں نے آخری کوشش کے طور پر یقین اور توجہ کے ساتھ یہ عمل شروع کیا اور اپنے شوہر کو بھی یہ عمل کرنے کا کہا۔ چنانچہ میں اور میرے شوہر نے روزانہ کی بنیاد پر اس عمل کو کرنا شروع کر دیا۔ ہم نے مستقل ایک ہفتہ یہ عمل کیا مگر ہمارے حالات نہ بدلے اور معاملات ویسے ہی رہے۔ ہمیں کہیں سے بھی کوئی سبب نظر نہیں آرہا تھا جو ہمیں قرض اور ان مشکل حالات کی قید سے نکال سکے میرے شوہر ہمت ہار چکے تھے اور مایوسی کا شکار ہونے لگے۔ لیکن میں نے انہیں حوصلہ دیا اور کہا کہ اس عمل کو نہ چھوڑیں، ان شاء اللہ بہت جلد ہمیں اس عمل کی برکت سے مراد مل کر رہے گی۔

شوہر کی حالت دیکھ کر گھبرا گئی

جن لوگوں سے قرض لیا تھا انہوں نے بھی تنگ کرنا شروع کر دیا۔ ان حالات کی وجہ سے میرے شوہر ذہنی دباؤ کا شکار ہونے لگے۔ ان کی یہ حالت دیکھ کر میں بھی گھبرا گئی۔ اس دن میرے شوہر کسی کام کی غرض سے گھر سے نکلے تو میں نے اس دن اضطرابی کیفیت کے ساتھ فوراً وضو کر کے دو رکعت نفل نماز حاجت اور سورۃ یٰسین کا عمل کیا۔ اس دن کافی دیر تک شوہر گھر واپس نہ آئے جس وجہ سے میں کافی پریشان ہوگئی۔ مجھے عجیب قسم کے وساوس آنا شروع ہوگئے۔

اللہ نے تونگری بخش دی

کافی وقت گزر جانے کے بعد شوہر گھر تشریف لائے تو ان کے چہرے پر خوشی کے نمایاں اثرات تھے۔ میں نے ان سے دیر سے آنے کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ جب میں گھر سے نکلا تو جس شخص سے میں نے پیسے لینے تھے، اس سے اچانک ملاقات ہوئی۔ اس نے بتایا کہ وہ میری رقم واپس دینے کیلئے ہی آرہا تھا۔ اس نے مجھ سے معذرت کی اور میری امانت واپس کر دی۔ جن لوگوں سے قرض لیا تھا انہیں واپس کرنے گیا تھا جس وجہ سے دیر ہوئی۔ میرے شوہر نے بتایا کہ قرض اتارنے کے باوجود بھی الحمدللہ کافی پیسے بچ گئے ہیں۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور دو رکعت نفل حاجت والے عمل کو صبح و شام کرنا شروع کر دیا جس کی برکت سے ہمارے حالات بدلنا شروع ہوگئے اور ہم اس آزمائش سے نکل گئے۔ ان نوافل اور سورۃ یٰسین کے عمل کی برکت سے اللہ نے فاقوں سے نکال کر ہمیں تونگری بخش دی۔

نوکری سے نکالے جانے کا خطرہ تھا بہن کا مشورہ کام آگیا!

محمد رضوان خان، پشاور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں جس جگہ نوکری کرتا ہوں وہاں پچھلے سال چند لوگوں کی عہدے میں ترقی ہوئی۔ ان ترقی پانے والے لوگوں میں میرا انتخاب بھی ہوگیا۔ میری اس ترقی کی وجہ سے دفتر میں موجود چند لوگ مجھ سے حسد کرنے لگے اور آئے دن دفتر میں کوئی نہ کوئی پریشانی اور مشکل میرے لئے کھڑی کرنے لگے۔ دفتر کے اعلیٰ حکام تک میرے متعلق غلط خبریں پہنچائی گئیں۔ مجھ سے جواب طلبی کی گئی مگر میں پریشانی کی وجہ سے انہیں مطمئن نہ کر پایا جس وجہ سے میری نوکری کافی خطرہ میں پڑ گئی۔ ان دنوں میری بہن گھر پر تشریف لائی ہوئی تھیں انہیں جب میری پریشانی کا علم ہوا تو انہوں نے مجھے حوصلہ دیا اور کہا کہ آپ پریشان نہ ہوں، ان شاء اللہ سب ٹھیک ہوجائے گا۔ میری بہن مجھے عبقری دواخانہ لے آئی اور وہاں مجھے عبقری کا کتابچہ "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" خریدنے کے لئے کہا۔ میں نے بہن کے مشورے کے مطابق وہ کتابچہ تقریباً دو سو کی تعداد میں خرید کر قریبی ہسپتال میں موجود مختلف لوگوں میں تقسیم کر دیا۔ میری بہن کا بتایا گیا مشورہ مشکل وقت میں کام آگیا۔ چند ہی دن گزرے کہ میں نے محسوس کیا دفتر میں جو حاسدین تھے ان کے رویے میں کافی لچک آئی اور آہستہ آہستہ میری نوکری میں جو رکاوٹیں حائل کر رہے تھے وہ معاون و مددگار بن گئے اور میری نوکری ختم ہونے کا جو خطرہ تھا وہ بھی اس بابرکت عمل کی وجہ سے ٹل گیا۔

اگر آپ کے مال و دولت میں دن بہ دن کمی واقع ہو رہی ہے تو یہ نقش اپنی برکت والی تھیلی یا پرس میں رکھیں، دولت، رزق اور پیسہ آپ کی طرف کھنچا چلا آئے گا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

آنت کا کینسر، پتے میں پتھری یا جوڑ درد! چند قطرے علاج

کائنات نبیل، اسلام آباد

جدید سائنسی دور میں بھی زیتون کی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا' اس سے تیار ہونے والا تیل مختلف بیماریوں سے شفاء اور حفاظت فراہم کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ زیتون کے تیل کی اہمیت بڑھتی چلی جارہی ہے۔ اس کے مختلف تیلوں میں مختلف لذت ہوتی ہے۔ بہترین زیتون کا تیل وہ ہوتا ہے جس میں ہلکی سی پھولوں یا پھلوں کی تازہ خوشبو پائی جاتی ہو۔

غذائیت سے بھرپور

زیتون کا تیل غذائیت سے بھرپور ہوتا ہے۔ اس تیل کے بیرونی استعمال سے سخت خارش، موذی جانور کے کاٹے اور جلے ہوئے حصوں پر لگانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ جراح اور حکماء زیتون کے تیل کے استعمال سے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ یہ بالوں کے لیے بہترین ٹانک ہے، جلد، رگوں، پٹھوؤں، جوڑوں، گردوں اور سینے کی شکایات میں فائدہ مند ہے اس کے دیگر فوائد درج ذیل ہیں۔

تپ دق اور زکام کے لیے

سانس کی بیماریوں اور تپ دق میں زیتون فائدہ مند ہے۔ جن لوگوں کو بار بار زکام ہوتا ہو وہ ایک چمچ کلونجی پیس لیں اور بارہ چمچ زیتون کے تیل میں ملا کر دھیمی آنچ پر رکھ کر پانچ منٹ تک ابال کر ٹھنڈا کرلیں اور چھان لیں۔ اس نسخہ کو صبح و شام ناک میں ڈالنے سے پرانا زکام ٹھیک ہوجاتا ہے۔

آنتوں کا کینسر

آنتوں کے کینسر کے لیے زیتون کا تیل بہت اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ ان امراض میں مبتلا افراد کو صبح و شام ایک چمچ روغن زیتون پلانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ پیٹ کے السر کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے رات کو ایک کپ دودھ میں ایک چمچ زیتون کا تیل ملا کر پی لیں۔ چند دن میں السر ٹھیک ہوجائے گا۔ زیتون کے تیل کا کھانوں میں استعمال قبض کو توڑنے، معدے میں تیزابیت کی شدت کو کم کرنے اور پیٹ کے کیڑوں کو نکالنے میں فائدہ مند ہے۔

پتے کی پتھری کا علاج

آج کے دور میں چکنائی والی غذاؤں کے کھانے سے پتے میں پتھری کا مرض دن بہ دن بڑھتا چلا جارہا ہے۔ پتے کی پتھری کو ختم کرنے کے لیے کلونجی کا تیل اور زیتون کا تیل تین تین قطرے صبح شام باہم کرپی لیں۔ اس نسخے کو کچھ عرصہ استعمال کرنے سے پتے کی پتھری ختم ہوجاتی ہے۔

خون میں کولیسٹرول کو کم کیجئے

زیتون کے تیل میں ایسے اجزاء ہوتے ہیں جس سے خون میں کولیسٹرول کی مقدار کم ہوجاتی ہے۔ کولیسٹرول کا تعلق خون کی شریانوں کی بیماری سے بہت گہرا ہوتا ہے۔ مثلاً ہارٹ اٹیک اور فالج وغیرہ۔ اس لیے گھی کی جگہ زیتون کا تیل استعمال کرنا چاہیے جس سے کولیسٹرول اور اس سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے نجات ملتی ہے۔

فرانس کے لوگوں کی تندرستی کا آسان سا راز

پروفیسر کائنات مظفر، لاہور

جس علاقے یا ملک کے لوگ زیتون کے تیل کا استعمال کرتے ہیں ان کا چہرہ خوبصورت اور دلکش نظر آتا ہے۔ آج بھی فرانس کی عورت کی جلد سب سے زیادہ تروتازہ اور دلکش نظر آتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ جسم اور چہرے پر روغن زیتون کا مساج کرتی ہیں۔ جس سے ان کا چہرہ بے داغ اور خوب صورت نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ جسم مختلف بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔ عرب ممالک کے لوگ زیتون کے تیل کو اپنے کھانے میں بھی استعمال کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی عرب ممالک میں رہنے والے وہ لوگ جو زیتون استعمال کرتے ہیں دوسرے لوگوں کی بہ نسبت زیادہ صحت مند اور چست نظر آتے ہیں۔ ان کا چہرہ عام لوگوں کی نسبت زیادہ صاف و شفاف ہوتا ہے کیونکہ زیتون کا تیل چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔

جلد کو خوبصورت بنانے کے لیے ایک چمچ زیتون کے تیل میں دو چمچ شہد ملا کر نہار منہ استعمال کرنا چاہیے۔ چند ہفتے مستقل یہ نسخہ استعمال کرنے سے چہرے سے تمام چھائیوں اور داغوں کا صفایا ہوجاتا ہے اور چہرے کی جلد بھی نرم و ملائم اور خوبصورت نظر آتی ہے۔ سر کے بالوں میں روغن زیتون کی مالش کرنے سے ان کی چمک میں اضافہ ہوتا ہے۔ بال گھنے اور خوبصورت ہوجاتے ہیں۔

جلدی امراض سے نجات

بیرونی طور پر روغن زیتون کی مالش کرنے سے جلد ملائم اور چکنی ہوجاتی ہے۔ اس کے استعمال سے کسی قسم کی خراش وغیرہ نہیں پڑتی۔ یہی وجہ ہے کہ خشک جلدی امراض، فالج اور جب جسم کے جوڑ سخت ہوجائیں تو زیتون کے تیل کی ہی مالش کی جاتی ہے۔ ایگزیما اور پھنسیوں وغیرہ کے زخموں پر زیتون کا تیل لگانے سے جلد شفاء ملتی ہے اور اس سے زخموں کا نشان بھی نہیں رہتا۔

جسمانی کمزوری کا علاج

جسم پر روغن زیتون کی مالش کرنے سے اس کا کچھ حصہ خون میں جذب ہوکر غذائیت بخشتا ہے۔ اس لیے کمزور بچوں کی صحیح پرورش کے لیے زیتون کے تیل کی مالش کرنی چاہیے جس سے ان کی کمزوری دور ہوتی ہے' جسم میں طاقت اور چستی بھی پیدا ہوتی ہے۔

دانت کے کیڑے کے خاتمے کے لیے

قدیم اطباء کے مشاہدات کے مطابق زیتون کے پھل اور پتوں کا رس نچوڑ کر اسے اتنی دیر پکائیں کہ وہ شہد کی مانند گاڑھا ہوجائے۔ اس تیل کو کیڑے والے دانت پر لگائیں تو کیڑا اکھڑ جاتا ہے۔ اگر اس سے کلیاں کریں تو منہ کے اندر کے زخم اور سفید داغ ٹھیک ہوجاتے ہیں، اس کے علاوہ دانت اور مسوڑھے بھی مضبوط ہوتے ہیں۔

طبی ماہرین کا تجربہ

زیتون کا اچار بھوک بڑھاتا ہے اور قبض کشا ہوتا ہے۔ یورپ میں اس کا اچار اور سرکہ بہت شوق سے کھایا جاتا ہے۔ ماہرین طب نے زیتون کے تیل کو پٹھوں، جوڑوں کے درد، فالج اور کمزوری سے پیدا ہونے والے دوسرے امراض کے لیے بے حد مفید قرار دیا ہے وہ اس تیل کو کھانے اور لگانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ ایک امریکی ماہر غذائیت نے اپنے تجربات کی بنیاد پر کہا ہے کہ مجھے زیتون کے تیل اور اس کی ہمہ گیر افادیت سے محبت ہوگئی ہے۔ میں اسے طویل عرصے سے مختلف طریقوں سے استعمال کرتا ہوں اور اس سے حاصل ہونے فوائد سے صحت کا خزانہ پایا ہے۔

ایسے افراد جو فرشتوں اور جنات کی مدد کو کھلی آنکھوں سے دیکھنے کے خواہش مند ہیں تو وہ سورۃ اخلاص کے اس عمل میں شرکت لازمی بنائیں ان شاء اللہ مایوسی نہیں ہوگی۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ٹھیکیدار نے کام سے انکار کر دیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے کچھ سال پہلے ایک پلاٹ خریدا اور پھر چند ماہ پہلے اللہ نے اسباب پیدا کیے تو میں نے مکان کی تعمیر کروانا شروع کر دی۔ میں نے جس شخص کو اپنے مکان کی تعمیر کا ٹھیکہ دیا ان سے پہلے بھی ہم گھر کی تعمیر کا کام کروا چکے تھے۔ وہ ٹھیکیدار میرے والد صاحب کے قریبی دوست اور اپنے شعبہ میں نہایت تجربہ کار آدمی تھے۔ لیکن اس بار ٹھیکیدار گھر کے تعمیراتی کام پر زیادہ توجہ نہیں کر رہا تھا اور اکثر وہاں موجود ہی نہیں ہوتا تھا۔ میں نے جب ان سے اس کی وجہ پوچھی تو بتانے لگے کہ پچھلے چند ہفتوں سے میرے جوڑوں میں سخت درد ہے جس وجہ سے چلنا پھرنا بھی مشکل ہو گیا ہے' اسی وجہ سے میں وقت نہیں دے پا رہا۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو گھر کا کام کسی اور سے کروالیں۔ میں نے انہیں تسلی دی اور عبقری کا کراماتی تیل جو میرے گھر پر پہلے سے موجود تھا وہ لا کر دیا اور طریقہ بتایا کہ اس تیل کو اپنے جسم کے جوڑوں پر مالش بھی کریں اور دودھ میں چند قطرے ڈال کر بھی پی لیں۔ تین دن بعد جب میں مکان کی تعمیر دیکھنے کے لئے گیا تو ٹھیکیدار وہاں پر پہلے سے موجود کام کی نگرانی کر رہا تھا۔ جب اس کی مجھ پر نظر پڑی تو نہایت گرم جوشی کے ساتھ میرا شکریہ ادا کیا۔ مجھے کہنے لگا کہ تم نے مجھے جوڑوں کے درد کے لئے جو کراماتی تیل دیا ہے اس نے تو کمال کر دیا ہے۔ اس تیل کی مالش اور دودھ میں چند قطرے ڈال کر استعمال کیے تو پہلے دن ہی مجھے کافی افاقہ ہوا۔ اس دن بہت دنوں کے بعد میں چین اور سکون کی نیند سویا۔ اس تیل کو تین دن مسلسل استعمال کرنے سے میرے جوڑوں کا درد کافی حد تک کم ہو گیا ہے۔ اب مجھے چلنے پھرنے میں پہلے کی طرح دشواری بھی نہیں ہو رہی۔ (دانیال ملک' مانسہرہ)

سب نے میرا نام ڈھانچہ رکھ دیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب میری عمر 12 سال تھی تو اس وقت میں سخت بیمار ہو گئی۔ اس بیماری کی وجہ سے تقریباً ڈیڑھ ماہ تک میں بیڈریسٹ پر پڑی رہی۔ تقریباً دو ماہ بعد میری بیماری تو بالکل ختم ہو گئی لیکن اس بیماری کی وجہ سے میرا جسم کمزور پڑ گیا۔ آج میری عمر 29 سال ہو چکی ہے مگر میرا جسم پہلے کی طرح کمزور ہی ہے۔ میری کالج کی سہیلیاں مجھے مزاق سے ڈھانچہ کہہ کر بلاتی تھیں۔ میرے اس مسئلہ کی وجہ سے میرے کئی رشتے آئے اور چلے گئے لیکن شادی کے لئے کوئی بھی راضی نہ ہو سکا۔ میں نے علاج معالجے کی بھی کوششیں کیں مگر وہ سب بے سود ثابت ہوئیں۔ ایک دن دوست کی منگنی پر جانا ہوا۔ ان کی والدہ سے اکثر خواتین اپنے طبی مسائل کا پوچھ رہی تھیں۔ میں نے انہیں جب اپنا مسئلہ بتایا تو انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی دوا اکسیر البدن استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اکسیر البدن منگوا کر بروشر پر جو ہدایات لکھی تھیں اس کے مطابق استعمال شروع کر دیا۔ دو ماہ کے مسلسل استعمال سے مجھے کافی بہتری محسوس ہونا شروع ہو گئی اور چہرے کی رنگت پہلے کی نسبت بہتر ہو چکی ہے۔ یہ دوا میں اب بھی مسلسل استعمال کر رہی ہوں جس سے دن بہ دن میری جسمانی کمزوری ختم ہو رہی ہے۔ (پوشیدہ)

میری خالص شہد کی تلاش ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم گھر والے پچھلے 6 سال سے عبقری کی پروڈکٹس استعمال کر رہے ہیں۔ میں نے پہلی بار جب عبقری کا ایک چمچ شہد استعمال کیا تو میں مطمئن اور خوش ہو گیا کہ یہ واقعی خالص ہے۔ میں گھریلو ٹوٹکوں میں یہ شہد استعمال کرتا ہوں' بہت زبردست رزلٹ ملتا ہے۔ جیسے نزلہ اور زکام ہو تو رات سوتے وقت ایک گلاس پانی ابال کر اس میں ایک لیموں ڈالیں اور ایک چمچ خالص شہد گھول کر نیم گرم ہونے پر چسکی چسکی پی لیں تو صبح تک نزلہ زکام ختم ہو جاتا ہے۔ صبح کے وقت نہار منہ ایک گلاس نیم گرم پانی میں ایک چمچ عبقری کا شہد ڈال کر پی لیتا ہوں جس سے قبض ختم ہوتی ہے اور پیٹ صاف ہو جاتا ہے۔ سردیوں میں شہد کے روزانہ استعمال سے سردی کا احساس نہیں ہوتا' بچوں کو استعمال کرواتے ہیں جو بہت شوق سے کھاتے ہیں' صحت مند رہتے ہیں اور مختلف بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے۔ بچے موسم سرما کے امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔ عبقری شہد کا ذائقہ بہت لاجواب ہے۔ (اکرم بٹ' لاہور)

تسبیح خانہ کا رمضان

اعمال' وظائف کا مجموعہ' جو لمحات اور سیکنڈز میں آپ کی دکھی زندگی کو آسودہ کر دے

روحانی پیکیج 1 سورۂ کوثر کا خاص عمل: مالدار بنانے کا راز
روحانی پیکیج 2۔ روحانی بیوٹی: روحانی جسمانی بیماریوں کا علاج
روحانی پیکیج 3۔ نورانی لقمے: گھر سے نحوست' بے برکتی ختم
روحانی پیکیج 4۔ غیبی دولت: بیماری' جادو' بندش ختم
روحانی پیکیج 5۔ نصیب جگائیں: مقدر جگانے کیلئے صدیوں سے آزمودہ عمل
روحانی پیکیج 6۔ تین نبوی تحائف: بیماری ختم' اولاد کی راحت' جھگڑے ختم
روحانی پیکیج 7۔ روحانی رازوں کا انکشاف' انوکھا سلسلہ
روحانی پیکیج 8۔ بندش توڑ لاہوتی عمل' صرف بیس سیکنڈ میں
روحانی پیکیج 9۔ حفاظتی حصار۔ کبھی کوئی نقصان نہ ہوگا۔
روحانی پیکیج 10۔ قرآنی سفارش کا آزمودہ عمل!
روحانی پیکیج 11۔ دلائل وظائف: وظائف کی سند لیجئے!
روحانی پیکیج 12۔ عرشی شفاء: چند منٹ کا عمل' لاعلاج بیماری ختم
روحانی پیکیج 13۔ فیض حلقہ کشف المحجوب۔
روحانی پیکیج 14۔ ختم خواجگان: جو شامل ہوا' بامراد ہوا
روحانی پیکیج 15۔ بے بہا رزق کے دروازے کھلوانے کا عمل
روحانی پیکیج 16۔ ہر تراویح کے بعد شیخ الوظائف کا درس
روحانی پیکیج 17۔ شیخ الوظائف سے سوال کا موقع
روحانی پیکیج 18۔ مجرمانہ حاضری: چند سیکنڈ میں نسلوں پر ہوا جادو
روحانی پیکیج 19۔ شادی نہ ہو رہی ہو تو تسبیح خانہ آئیے!
روحانی پیکیج 20۔ ایام بیض کا عمل۔ بیماری' پریشانی ختم
روحانی پیکیج 21۔ اصحاب بدر ین کا مشکل کشا عمل
روحانی پیکیج 22۔ 21 رمضان' 7 بیری کے پتوں کا عمل' جادو ختم
روحانی پیکیج 23۔ 23 رمضان کا عمل' بال لائیں' مصائب ٹلوائیں
روحانی پیکیج 24۔ 25 رمضان کا عمل' ناخن لائیں' جادو ختم
روحانی پیکیج 25۔ برکتی نوٹ' خاص نقش سے پُرنوٹ لیجئے
روحانی پیکیج 26۔ ستائیسویں شب کے خاص اعمال
روحانی پیکیج 27۔ خاص دم شدہ 11 عدد کھانے' بے اولادی ختم۔ مزید شیخ الوظائف خاص پتاشے کا پانی ہدیہ کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ لیلۃ الجائزہ۔ جمعۃ المبارک اور عیدالفطر کے خاص روحانی پیکیجز۔ جو آپ کی زندگی سے ہر غم' علت' قلت' ذلت سے نجات' خوشحالی اور برکات کے انبار لگا دے۔

ابھی سے تیاری کیجئے' خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ پُرسکون بلڈنگ

ذہنی صلاحیتوں میں عروج اور جسمانی طاقت میں کمال

نوید منور، لاہور

صحت مند زندگی گزارنے کے لیے ہمیں صرف ایک 'نقطے' پر فوکس نہیں کرنا چاہیے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص یہ یقین رکھتا ہے کہ صرف اچھی غذا کھا کر انسان تندرست رہ سکتا ہے تو یہ درست نہیں ہوگا اور اگر کوئی یہ خیال کرے کہ ''روزانہ ورزش ہی عمدہ صحت کا راز ہے''۔ لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ صحت مند، چست' طاقتور اور دلکش نظر آنے کے لیے ہمیں اپنی پوری زندگی کو ایک ٹائم ٹیبل کے تحت منظم کرنا ہوگا جس میں متوازن غذا، پرسکون نیند، ورزش وغیرہ شامل ہیں۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ سردیوں میں دل کی دھڑکن سست ہوتی ہے اور اس میں ورزش کا فائدہ گرمیوں کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔ اسی لیے سردیوں میں طویل دوڑ قدرے آسان ہوجاتی ہے۔ گرمیوں میں جسم خود کو ٹھنڈا رکھنے کی کوشش کرتا ہے اور یوں تھوڑی دیر دوڑنے کے بعد ہی ہمت کم ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ اچھی اور بہترین ورزش کے لئے ضروری ہے کہ خوراک میں ایسے اجزاء شامل ہوں جو بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھائیں اور انسانی جسم کو صحت مند رکھیں جس کی بدولت انسان بھرپور انداز میں ورزش کر سکے اور اس کی بدولت اپنا ذہنی اور جسمانی کام بھرپور انداز میں خوشگوار طریقے سے کر سکے۔

ذہنی صلاحیتوں میں عروج حاصل کیجئے

چہل قدمی ورزش کا ایسا طریقہ کار ہے جو صحت مند زندگی کی ضمانت ہے۔ لیکن جدید دور میں گاڑیوں اور دیگر سہولتوں کی وجہ سے لوگوں نے پیدل چلنا کم کر دیا ہے۔ امریکی ادارے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کی ایک رپورٹ کے مطابق، جسمانی ورزشیں نہ کرنے کی وجہ سے جنم لینے والی بیماریوں سے دنیا بھر میں سالانہ 50 لاکھ افراد ہلاک ہوجاتے ہیں۔ ماہرین کہتے ہیں کہ روزانہ ایک ہزار قدم چلنے والے افراد زیادہ صحت مند زندگی گزارتے ہیں۔ تاہم یہ لازمی نہیں کہ ایک ہزار قدم ہی چلا جائے۔ لیکن ہر کسی کو اپنی اپنی عمر اور صحت کی مناسبت سے چہل قدمی ضرور کرنی چاہیے۔ باقاعدگی سے چہل قدمی نا صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتی ہے بلکہ ذہنی صلاحیتوں میں اضافے اور جذبات کو کنٹرول کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔ ایک ریسرچ کے بعد سائنسدانوں نے تجویز دی کہ تمام بالغ افراد کو ہفتے میں 75 منٹ تک چہل قدمی کرنی چاہیے۔ کیونکہ ماہرین صحت کا خیال ہے کہ پیدل چلنے سے انسان مختلف بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

گردوں اور دماغی امراض میں مفید

وہ لوگ جو ڈپریشن، ٹینشن اور اعصابی دباؤ کا شکار ہوتے ہیں ان کے خون کی سپلائی پر بھی بہت منفی اثر پڑتا ہے اور عام طور پر یہ خون کی سپلائی سر کی جانب کم ہوجاتی ہے جس کی بدولت آکسیجن بھی دماغ کو پہنچتی ہے جو کہ ذہنی تناؤ، نیند میں کمی وغیرہ کا باعث بنتی ہے۔ اس کے علاوہ جسمانی ہارمونل سسٹم بھی متاثر ہوتا ہے جس سے گردوں کی کارکردگی بھی خراب ہونے لگتی ہے۔ ان امراض سے نجات پانے کے لئے ورزش کا ایسا طریقہ کار موجود ہے۔ جس سے دماغ کو خون اور آکسیجن کی سپلائی نارمل ہو کر اعصابی تناؤ، ڈپریشن وغیرہ میں کمی پیدا ہوتی ہے اور اس کے علاوہ ہارمونز کی پیداوار بھی درست ہو کر جسم کی نارمل نشوونما ہونے لگتی ہے جس سے اندرنی طور پر خواتین بہت سکون اور چستی محسوس کرتی ہیں۔ اس سے گردوں کی کارکردگی بھی بہتر ہونے لگتی ہے۔ اس ورزش کا طریقہ کار یہ ہے کہ زمین پر بیٹھ جائیں اور دونوں ٹانگیں سامنے سیدھی پھیلا لیں۔ اب سانس لیتے ہوئے بازو اوپر لے جائیں اور سانس نکالتے ہوئے آگے کی طرف جھکنا شروع کریں۔ جہاں تک آسانی سے ممکن ہو ہاتھوں سے پاؤں کو چھونے کی کوشش کریں مگر زور، زبردستی اور جھٹکے نہ لگائیں۔ خیال رہے کہ فارورڈ بینڈ کرتے ہوئے آپ کی ٹانگیں بالکل سیدھی ہوں۔ شروع شروع میں جتنا آسانی سے ممکن ہو سکے اپنے جسم کو ورزش کی اس حالت میں رکھیں مگر آہستہ آہستہ اس

کینسر امراض اور شوگر سے یقینی حفاظت کیلئے پش اپ لگائیے!

کوئی شخص لگاتار کتنے پُش اپ لگا سکتا ہے، اس سے اس کی جسمانی طاقت کا اندازہ با آسانی لگایا جا سکتا ہے۔ نئی تحقیق کے نتائج میں معلوم ہوا ہے کہ جو لوگ لگاتار 40 سے زائد پش اپ لگا سکتے ہیں ان کو دل کی بیماریاں لاحق ہونے کا خطرہ نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے۔ اس تحقیق میں سائنسدانوں نے 1104 فائر فائٹرز پر تجربات کیے جن کی عمریں 21 سے 66 سال کے درمیان تھیں۔ تحقیق میں شامل وہ لوگ جو 40 سے زیادہ پش اپ لگاتار لگا سکتے تھے ان کے دل کی بیماریوں میں مبتلا ہونے کے امکانات غیر معمولی طور پر دوسروں کی نسبت بہت کم تھے۔ سڈنی یونیورسٹی کی تحقیق میں بتایا گیا کہ اگر لوگ پش اپ اور سیٹ اپ جیسی ورزش کو عادت بنا لیں تو کینسر سے موت کا خطرہ 31 فیصد جبکہ کسی بھی مرض سے قبل از وقت موت کا خطرہ 23 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔ پش اپس کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے زمین پر پیٹ کے بل لیٹ جائیں جبکہ ہاتھوں کی ہتھیلیاں زمین کے ساتھ لگی ہوں۔ پھر ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور پاؤں کی انگلیوں پر زور ڈالتے ہوئے جسم کو زمین سے اوپر کی طرف اس طرح اٹھائیں کہ بازو بالکل سیدھے ہوجائیں، پھر دوبارہ جسم کو واپس زمین کی طرف لے کر جائیں لیکن جسم زمین کے ساتھ بالکل بھی نہ لگے۔ اس عمل کو بار بار دہرائیں۔

ذیابیطس کو کنٹرول کرنے کے لئے

ذیابیطس کے مرض میں مبتلا افراد جو ادویات اور پرہیز کے باوجود بھی اپنے مرض پر کنٹرول حاصل نہ کر پا رہے ہوں انہیں چاہئے کہ پیٹ کے بل لیٹ کر ٹانگیں اٹھائیں اور اپنی کمر کو جس حد تک ممکن ہو سکے موڑ لیں۔ جتنی دیر آسانی سے ہو سکے اس عمل کو جاری رکھیں۔ اس ورزش سے جسم کے اندر لبلبے پر ایسا اثر پڑتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ انسولین پیدا کرنا شروع کر دیتا ہے جو خون میں شکر کی سطح کو کنٹرول کرنے لگتی ہے اور اس کے ساتھ ہی جسم اور پیٹ کی جانب جو خون سپلائی ہو رہا ہوتا ہے وہ مزید بہتر انداز میں جسم کو توانائی مہیا کرتا ہے۔ انسولین کی کمی کی بدولت پیدا ہونے والی ذیابیطس اس ورزش کے مستقل کرنے سے کنٹرول ہونے لگتی ہے۔ اس کے کنٹرول کی وجہ یہی ہے کہ پٹھے جب اس ورزش سے جسم میں موجود انرجی اور گرمی کو استعمال میں لاتے ہیں تو خون میں موجود شکر کا استعمال بھی زیادہ ہوتا ہے اور اس طرح میٹابولک ریٹ نارمل ہوجاتا ہے۔ اس ورزش کو مستقل کرنے سے اتنی بڑی بیماری آسانی سے ٹھیک ہونے لگتی ہے۔ اس ورزش کا دل پر بھی بہت اچھا اثر پڑتا ہے اور خون میں کولیسٹرول کی سطح بھی کنٹرول میں آجاتی ہے۔

آپ چاہتے ہیں کہ استخارہ کریں اور فوراً معاملے کا حل مل جائے، پیچیدہ عقدے کھل جائیں۔ اخلاص کے ساتھ سورۃ اخلاص کے خاص عمل میں ضرور شامل ہوں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

قارئین کے آزمودہ روحانی وظیفے، طبی ٹوٹکے، نسخے اور چٹکلے

عبقری قارئین کے لئے میرے بہت آزمودہ پھٹی ہوئی ایڑیوں کے لئے دو ٹوٹکے حاضر ہیں۔ گھر میں بچے ہوئے صابن لے کر انہیں رات کو تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں۔ اس میں ایک سے دو چمچ ایلوویرا جیل (یا پھر تازہ ایلویرا کے دو سلائس درمیانے سائز کے)، چند قطرے بادام کا تیل اور Evion Capsule ڈال کر مکس کرلیں، رات کو ہاتھوں یا پھٹی ایڑیوں پر لگا کر سو جائیں چند بار میں ہی افاقہ ہوگا۔

کچھ لوگوں کی ایڑیاں بہت زیادہ پھٹتی ہیں' ان میں کٹ لگ جاتے ہیں۔ اس کے لئے موم اور گائے کی چربی لے کر اتنا مکس کریں کہ ایک جان ہوجائے۔ اس کو پھٹی ہوئی ایڑیوں پر لگا کر جرابیں پہن لیں۔ کتنی ہی گہری اور پھٹی ہوئی ایڑیاں ہوں اس کے استعمال سے ٹھیک ہوجاتی ہیں۔ چربی کی وجہ سے بو آتی ہے اس لیے صبح اٹھ کر پاؤں لازمی دھوئیں۔

برش کرنے کے بعد دانتوں میں تکلیف کیوں

اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کھانا کھانے کے بعد خلال لازمی کریں۔ جب دانتوں کو صاف کریں تو دانتوں کے ساتھ مسوڑوں پر بھی ہلکے ہاتھ سے برش کریں۔ اس سے مسوڑوں میں خون اور درد کی شکایت نہیں رہتی اس کے علاوہ آپ دانتوں کی مختلف تکالیف سے بھی بچے رہتے ہیں۔

پنساری سے ''کچور'' لیجئے اور جلدی امراض بھگائیے!

پرانی دھدر کا زبردست ٹوٹکہ

جن کو پرانی دھدر ہو (گول چکر کی صورت میں دانے اور ان پر خارش جلن اور خون نکلتا ہو) وہ پنساری سے ایک جڑی بوٹی ''کچور'' لے کر سہولت ہو تو خود پیس لیں ورنہ پنسار سے پسوا کر صبح نہار منہ آدھا چھوٹا چمچ کھالیں۔ اس سے بہت جلد افاقہ ہوتا اور تکلیف ہمیشہ کے لیے ختم ہوجاتی ہے۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو دن میں دو مرتبہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

جسم سے خارش نہ جائے تو کیا کریں؟

چرائتہ کی چند ڈنڈیاں رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح اسے چھان کر پانی پی لیں۔ اس ٹوٹکہ کے استعمال کرنے سے جسم سے ہر قسم کی الرجی اور خارش ختم ہوجاتی ہے۔

خوشبودار نکھرے اور کھلے چاول بنائیں

بریانی کو شاندار اور مزیدار خوشبودار بنانے کے لیے جب چاولوں کیلئے پانی رکھیں۔ اس میں ایک چمچ زیرہ اور چاول ڈالنے کے بعد ایک چمچ سرکہ سفید ڈال دیں۔ اس سے چاول ٹوٹیں گے نہیں اور اس کا رنگ بھی بہترین آئے گا۔

چاول بناتے وقت ایک بات کا خیال رکھیں جب چاول چھان لیں تو پانچ سے دس منٹ کیلئے ٹوکری میں رکھ دیں اور جب ہلکی ہوا لگ جائے تو ان کو بس ایک دفعہ ہلا کر کسی اور برتن میں پھیلا دیں۔ اس طرح چاول پکنے کے بعد ہر دانہ نکھرا اور کھلا ہوا ہوگا اور اگر دم کھولنے میں تاخیر بھی ہوگی تو یہ آپس میں نہیں جڑیں گے۔ (ثریا بتول، کراچی)

نظر، جذبات اور جوانی کی حفاظت صرف ایک لفظ سے

عائشہ فاطمہ' پشاور

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا حافظہ بہت کمزور تھا اور کچھ بھی یاد نہیں رہتا تھا۔ میری تعلیم بھی اس وجہ سے کافی متاثر ہو رہی تھی۔ ایک ایک چیز 8 سے 9 بار پڑھتی تب جا کر یاد ہوتی۔ میں نے حافظہ اور یادداشت کو بہترین بنانے کے لئے ایک وظیفہ پڑھا جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ میں تین سال سے عمل کر رہی ہوں جس سے میرا حافظہ مضبوط ہو گیا ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔ صبح اٹھ کر نہار منہ پانی گلاس میں بھر لیں اور اس پر تین مرتبہ اول و آخر درود شریف، دس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۃ الم نشرح مع تسمیہ پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی پی لیں۔ اس عمل کی بدولت میں میں کالج کے ذہین سٹوڈنٹس میں شمار ہوتی ہوں۔

خوف سے نجات ملی

میرے دل پر ہر وقت ایک عجیب سا ڈر اور خوف سوار رہتا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں کسی کا ڈر اور خوف ختم کرنے کے لئے ایک عمل کے بارے میں پڑھا جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے میرے دل سے ہر قسم کا ڈر اور خوف ختم ہوگیا ہے۔ وہ عمل ہے۔ جس جگہ یا شخص سے آپ کو ڈر اور خوف آتا ہو تو ''حمعسق'' پڑھ کر مٹھی بند کرلیں اور جب متعلقہ شخص یا جگہ کے پاس جائیں تو مٹھی کھول دیں۔

پیپر کرتے وقت ہاتھ خود بخود چلتا ہے

میرے ساتھ اکثر یہ مسئلہ پیش آتا کہ امتحانات کے دوران پیپر حل کرتے وقت بہت زیادہ پریشان ہوجاتی تھی جس سے میرے امتحانات بہت کمزور ہوتے۔ لیکن میرا یہ مسئلہ ایک قرآنی آیت نے حل کر دیا ہے۔ اب جب بھی میں پیپر شروع کرتی ہوں تو یہ آیت 41 بار اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھتی ہوں ''وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ'' (سورۃ یوسف:18) اس آیت کے پڑھنے سے بہت آسانی ہوتی ہے۔ ایسے لگتا ہے جیسے پیپر میں میرا ہاتھ خود بخود چل رہا ہے۔ ایک عمل میرے بھائی کا آزمودہ ہے کہ امتحان کے دوران اگر پین خراب ہوجائے یا کوئی اور رکاوٹ آجائے تو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف اور تین مرتبہ سورۃ الم نشرح مع تسمیہ پڑھیں۔ پین ٹھیک اور رکاوٹیں ختم ہوجاتی ہیں۔

نظروں اور جذبوں کی حفاظت ایک لفظ سے

اگر دل کبھی گناہوں کی طرف مائل ہو یا کسی گناہ کا خیال آئے تو فوراً قرآنی لفظ ''کُفُوًا'' پڑھتی ہوں۔ یہ لفظ جنات کے پیدائشی دوست کالم میں پڑھا تھا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک اپنا خاص کرم فرماتے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے دل صاف ہوجاتا ہے اور گناہوں سے نفرت ہونے لگتی ہے۔

پیچش روکنے کا ایمرجنسی ٹوٹکہ

پیچش روکنے کے لئے یہ ٹوٹکہ میرا بہت آزمودہ ہے۔ کتنے ہی موشن کیوں نہ ہوں' سونف اور انار دانہ کا یہ ٹوٹکہ آزمانے سے مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ انار دانہ تین حصے سونف ایک حصہ ملا کر تھوڑے تھوڑے وقفے سے کھائیں۔ دوائی کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ بچوں کو بھی یہ ٹوٹکہ استعمال کروایا لاجواب پایا۔ موشن کو فوراً روکنے کے لئے اگر برف کا گولہ چوس لیا جائے تو اس سے بھی موشن فوراً رک جاتے ہیں۔ یہ ٹوٹکہ بھی میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔

بچہ خاندانی مرض میں مبتلا! نجات مشکل ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا دس سال کا بیٹا ہے جو پڑھنے میں بہت لائق ہے۔ وہ رات کو بھی اکثر کتابیں لے کر بیٹھ جاتا اور پڑھنا شروع کر دیتا تھا۔ دو سال پہلے اس کی نظر کمزور ہونا شروع ہوگئی۔ جس کی وجہ سے اس کا پڑھائی کا سارا نظام بھی کافی متاثر ہونا شروع ہوگیا۔ ڈاکٹروں کو چیک کروایا جس کے بعد اسے نظر کی عینک لگ گئی۔ آہستہ آہستہ اس کی نظر مزید کمزور سے کمزور ہوتی گئی اور عینک کا نمبر بڑھتا گیا۔ میرے شوہر کو بھی بچپن سے نظر کی کمزوری کا مسئلہ تھا جو اب خطرناک حد تک بڑھ چکا تھا۔ مجھے یہ فکر لاحق ہو رہی تھی کہ یہ مرض اب ہماری نسلوں کا حصہ نہ بن جائے اور کسی طرح اس مرض سے چھٹکارا مل جائے۔ میں نے اپنے بیٹے کی اس بیماری کے لئے اسپیشلسٹ سے رابطہ کیا انہوں نے بتایا کہ یہ مرض بچے کو خاندانی لگتا ہے اس وجہ سے اس مرض سے نجات بہت مشکل ہے۔ انہوں نے میرے بیٹے کے لئے کچھ ادویات تجویز کیں کہ اگر ان کا استعمال کروایا جائے تو امید ہے کچھ افاقہ ہو جائے۔ میں نے باقاعدگی سے وہ ادویات استعمال کروائیں مگر کوئی واضح فرق محسوس نہ ہوا۔ معاملہ اس حد تک خراب ہو چکا تھا کہ وہ جب بھی کوئی کتاب پڑھنا شروع کرتا تو اس کا سر چکرانا شروع ہو جاتا جس وجہ سے اس کی پڑھائی بھی متاثر ہونے لگی۔ بچے کی کارکردگی بتانے کے لئے مجھے سکول ٹیچر نے بلایا اور بتانے لگی کہ اپنے بیٹے کی نظر کی کمزوری کا جلد علاج کر لیں ورنہ آپ کے بیٹے کے لئے مشکلات بڑھیں گی۔ بیٹے کی بیماری اور پڑھائی میں کمزوری کی وجہ سے میں بہت پریشان ہو گئی۔ وہاں پاس بیٹھی ایک خاتون جو اپنے بیٹے کی کارکردگی پوچھنے کے لئے آئی تھیں، انہوں نے مجھے کچھ تسلی دی اور کہنے لگی کہ آپ کے بیٹے کی نظر کا مسئلہ ان شاءاللہ حل ہو جائے گا۔ آپ اپنے بیٹے کو عبقری دواخانہ کا ''عینک توڑ ڈراپر'' استعمال کروائیں۔ انہوں نے مجھے ادویات آرڈر کرنے کا نمبر بھی دیا اور ساتھ یہ بھی بتایا کہ جب آپ اپنے بیٹے کی آنکھوں میں وہ ڈراپر ڈالیں گی تو اسے کچھ چبھن محسوس ہوگی مگر آپ نے گھبرانا نہیں۔ اس سے آنکھوں میں جو جراثیم اور مسائل ہیں وہ ختم ہو جائیں گے۔

میں نے عبقری دفتر کے نمبر پر کال کی اور تین عینک توڑ ڈراپر آرڈر کر دیئے جو تین دن بعد مجھے مل گئے۔ میں نے بروشر پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھا اور اپنے بیٹے کو اس ڈراپر کا استعمال کروانا شروع کر دیا۔ جب پہلی بار بیٹے کی آنکھوں میں ڈراپر ڈالا تو اسے کچھ تکلیف محسوس ہوئی مگر استعمال جاری رکھا۔ جب ایک ڈراپر ختم ہونے کے قریب تھا تو بیٹے نے بتایا کہ مجھے آنکھوں میں دھندلا نظر آنا شروع ہو گیا ہے۔ میں سمجھی کہ شاید نظر مزید کمزور ہوگئی ہے۔ جب ڈاکٹر کو چیک کروایا تو معلوم ہوا کہ بیٹے کی نظر میں کافی بہتری ہوئی ہے اور عینک کا نمبر -4 سے -2 پر آچکا ہے۔ دو ماہ مستقل استعمال کروانے سے بیٹے کی نظر میں واضح بہتری ہوئی اور میرے بیٹے کا پڑھتے ہوئے جو سر چکراتا تھا وہ بھی ٹھیک ہو چکا ہے۔ الحمدللہ بیٹے کی نظر دن بہ دن بہتر ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر نے جب بیٹے کا دوبارہ معائنہ کیا تو انہوں بتایا کہ جو ڈراپر آپ استعمال کروا رہی ہیں اس کا استعمال جاری رکھیں، امید ہے دو ماہ میں آپ کے بیٹے کی عینک بھی اتر جائے گی۔ میں عبقری والوں کی بہت شکر گزار ہوں جن کی سے میرا یہ مسئلہ حل ہوگیا۔ (شائستہ جاوید، اسلام آباد)

نبوی غذا کے استعمال سے صحت کا خزانہ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری پچھلے سال شادی ہوئی اور چند ہی ہفتوں میں اللہ نے مجھے امید لگا دی۔ لیکن تین ماہ بعد مجھ میں خون کی کمی کا مسئلہ ہونا شروع ہو گیا۔ جس کی وجہ سے میرا سارا جسم متاثر ہوا اور چہرہ بھی مرجھانا شروع ہوگیا۔ میری صحت آئے دن خراب ہوتی جا رہی تھی۔ جس وجہ سے مجھے ہفتے میں کئی بار ہسپتال جانا پڑتا تھا۔ وہاں ڈرپیں لگتی اور انجیکشن لگائے جاتے جس سے مجھے وقتی طور پر کچھ فرق محسوس ہوتا۔ مجھے میری ڈاکٹر نے بتایا کہ اپنی غذا اور صحت کا خاص خیال رکھو، اگر صورتحال یہی رہی تو معاملہ آگے جا کر مزید بگڑ سکتا ہے جس کے بعد ڈلیوری کے لئے آپریشن کے علاوہ کوئی اور چارہ نہ ہوگا۔ میں کوشش کے باوجود بھی زیادہ نہ کھا پاتی تھی کیونکہ میرا جی متلانے لگتا تھا اگر زیادہ کھانے کی کوشش کرتی تو الٹیاں شروع ہو جاتی تھیں۔ میرے شوہر کو کسی نے عبقری دواخانہ کا بتایا کہ وہاں حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ بیٹھتے ہیں ان کو چیک اپ کرائیں۔ ان شاءاللہ شفاء ہو گی۔ میرے شوہر نے اگلے دن اپنے دفتر سے چھٹی کی اور مجھے لاہور میں عبقری دواخانہ چیک اپ کے لئے لے آئے۔ وہاں ٹوکن لینے کے بعد باری آنے پر اسسٹنٹ حکیم صاحب نے مجھے چیک کیا۔ انہوں نے مجھے عبقری تلبینہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری دواخانہ سے پانچ پیکٹ عبقری تلبینہ کے خرید لئے۔ اس پیکٹ میں موجود بروشر پر جو ہدایات دی گئی تھیں اس کے مطابق میں نے تلبینہ کا استعمال شروع کر دیا تو اس کے ذائقہ سے فوراً مجھے اپنا بچپن یاد آ گیا۔ کیونکہ میری دادی بڑی محنت سے کچھ قدرتی اجزاء ملا کر دودھ پیتی تھیں جس سے وہ آخری وقت تک صحت یاب رہی۔ بچپن میں نے وہ دودھ چند بار استعمال کیا۔ جس کا ذائقہ سارے کا سارا وہی تھا جو عبقری تلبینہ کا ہے۔ تلبینہ کے ایک ہفتہ سے میری صحت بہتر ہونا شروع ہوگئی اور میں نے اپنی غذا بھرپور طریقے سے لینا شروع کر دی ہے۔ ایک ماہ بعد جب میں نے دوبارہ ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا تو میں حیران ہوگئی کہ مجھ میں جو خون کی کمی تھی وہ پوری ہونا شروع ہو گئی۔ الحمدللہ میرا پہلا بیٹا بغیر آپریشن کے پیدا ہوا جو بالکل صحت مند اور تندرست ہے۔ میں عبقری تلبینہ کا روزانہ کی بنیاد پر استعمال کر رہی ہوں جس سے میری صحت بھی لاجواب ہو چکی ہے اور چہرہ بھی دوبارہ سے کھل اٹھا ہے۔ (نورین قریشی، ملتان)

مشکلات سے نکلنے کا آخری حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا یہ بارہا کا آزمودہ عمل ہے کہ جب بھی مجھے کوئی مشکل یا پریشانی آتی ہے تو میں عبقری ٹرسٹ میں مالی طور پر کچھ ہدیہ کر دیتا ہوں۔ جس سے میری وہ مشکل اور پریشانی با آسانی ختم ہو جاتی ہے۔ آج سے چند دن پہلے کی بات ہے کہ میرے گھر میں سب بیمار پڑ گئے جس میں میری اہلیہ، بچے اور میں خود بھی شامل تھا۔ ادویات کھانے سے بھی کوئی فرق نہ پڑا۔ میں نے عبقری ٹرسٹ میں کچھ مال ہدیہ کرنے کی نیت کی۔ اس دن کے بعد صحت میں بہتری آنا شروع ہوگئی اور الحمدللہ چند ہی دن میں گھر سے بیماری کا خاتمہ ہوگیا۔ (محمد زاہد، لاہور)

جی ہاں! صرف تین دن میں گھر میں سکون اور بیماریوں کا خاتمہ!

اہلیہ کی ٹانگوں کا درد ٹھیک ہوگیا

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام وعلیکم! میں نے اپنے گھر والوں کے ساتھ تین روزہ روحانی چلہ میں شرکت کی۔ اس چلہ کے دوران خوب فیوض و برکات حاصل ہوئیں۔ اتوار کے دن حسب ہدایت چلہ سے فراغت کے بعد گھر کے لئے روانگی اختیار کی۔ واپسی پر بہت اداس تھا کیونکہ یہاں کے دن رات بہت پُرنور گزرے۔ گھر آ کر ایک تڑپ محسوس ہوئی کہ کاش عمر تسبیح خانہ میں ہی گزرے۔ اس چلہ سے جو فوائد حاصل ہوئے ان میں اپنے کچھ مشاہدات لکھ کر بھیج رہا ہوں۔ ہمارے گھر میں جنات کا سایہ تھا، انہی مسائل کی وجہ سے ہم روحانی چلہ میں شامل ہوئے تھے۔ گھر آئے تو ایک بڑھیا کے زاروقطار رونے کی دل دہلا دینے والی آواز آرہی تھی۔ پھر وہ ہمارے گھر سے پہاڑوں کی طرف کہیں جاتی ہوئی نظر آئی اور پھر دوسرے کمرہ کا دروازہ کھلنے کی آواز آئی اور اسی کمرہ میں برتنوں کی کھڑکھڑاہٹ کی آواز آئی۔

جب جا کر دیکھا تو باہر سے دروازہ کو تالا لگا ہوا تھا اور دروازہ باقاعدہ بند تھا، کوئی انسان نظر نہ آیا۔ میں سمجھ گیا کہ چلہ کی برکت سے پہلی رات ہی گھر آنے پر ایسی ہلچل ہے اور تمام غیرمرئی مخلوق کا صفایا ہورہا ہے۔ چلہ کے بعد جب گھر آئے تو رات کو پرانے کپڑوں کا استعمال کرکے صبح اتار دینے والا عمل کیا۔ میری اہلیہ کی ٹانگوں میں بہت شدید درد رہتا تھا۔ جب رات کو اہلیہ کپڑے پہن کر سوئی تو اس کی ٹانگوں میں ایسا زور سے درد اٹھا جیسے ہڈی ٹوٹ گئی ہوں۔ لیکن چند ہی منٹ بعد جسم ہلکا پھلکا ہوگیا اور ان کی ٹانگوں سے درد بالکل ختم ہوگیا۔ اس دن کے بعد گھر میں بہت سکون ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ تادیر قائم رکھیں اور تسبیح خانہ کا روشن چراغ ہمیشہ منور رہے۔ (محمد پرویز۔ آزاد کشمیر)

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے اوپر سخت شیطانی چیزوں کے اثرات تھے۔ رات کے وقت شیطانی جنات مجھے بہت تنگ کرتے اور اس قدر تکلیف ہوتی کہ الفاظوں میں بیان نہیں کرسکتا۔

شیطانی چیزیں تسبیح خانہ داخل نہ ہوسکیں

جب میں تسبیح خانہ تین دن روحانی چلہ کرنے کے لئے حاضر ہوا تو اس سے پہلے شیطانی چیزیں پریشان کررہی تھیں لیکن جیسے ہی میں تسبیح خانہ میں داخل ہوا تو وہ چیزیں مجھ سے الگ ہوگئیں۔ چلہ کے بعد تسبیح خانہ سے باہر نکلا تو ان چیزوں نے مجھ پر حملہ کرنے کی کوشش کی لیکن جیسے ہی وہ میرے قریب آئیں تو کسی روحانی طاقت نے انہیں وہیں جلا دیا۔ میں نے اپنی آنکھوں سے تسبیح خانہ میں روحانی چلہ کی برکات دیکھ لیں۔ اب رات بہت اچھی گزرتی ہے ورنہ جنات مجھے سونے نہیں دیتے تھے۔ اللہ تسبیح خانہ کو سدا لوگوں کے دکھوں کا مداوا کرنے والا بنائی رکھے۔ (طالب حسین، جہانیاں)

پرانے سوٹ سے پرانی بیماریاں‘ جادو جنات ختم

تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کا چلہ جمعرات عصر سے شروع‘ اتوار ظہر تک اختتامی دعا ہوتی ہے!

چلہ کے معمولات! 7 روحانی پیکیج!

جادو‘ بندشیں‘ بیماریاں‘ مشکلات ختم

یقین جانیے! جو بھی تسبیح خانہ میں 3 دن گزار کر گیا۔ آج خوشحال ہے اس کی مرادیں پوری ہوچکی ہیں‘ بیماریاں ختم‘ روگ ختم‘ بندشیں ختم! آئیے! آزمائیے!

(1) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو‘ جنات‘ آسیب‘ بیماریاں ختم! پرانا سوٹ ہمراہ لائیں‘ سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا‘ بس گھر جا کر تین راتیں سوتے وقت‘ صرف یہ سوٹ پہنیں‘ پھر اپنی جادو جنات‘ آسیب بیماریوں کو ختم ہوتا دیکھیں۔

(2) تالے کے عمل سے ہر بندش کھل گئی! ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں‘ اس پر خاص عمل ہوگا‘ بس گھر جا کر اسے کھولیں گے تو تمام بندشیں ختم ہوجائیں گی۔

(3) بے اولادی ختم! ان شاء اللہ بیٹا ہوگا! 3 عدد آلو ہمراہ لائیں! اولاد نرینہ اور بانجھ پن کے خاتمہ کیلئے آلو پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جا کر بتائی گئی ترتیب سے استعمال کریں۔

(4) کروڑ پتی بننے کا روحانی نسخہ! شکر‘ ٹوٹا چاول‘ اور باجرہ یہ تینوں چیزیں ایک ایک پاؤ لے کر مکس کرلیں۔ کسی ڈبے میں لے آئیں‘ شاپر میں نہ لائیں۔ غربت‘ تنگدستی‘ بے روزگاری کیلئے اس پر آخری باکمال عمل کروایا جائیگا۔

(5) آئیے! کامیاب استخارہ کیجئے! استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہرکام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

(6) گھریلو جھگڑے اور ناچاقیاں واقعی ختم: گھریلو جھگڑے‘ میاں بیوی کی ناچاقیاں ختم اور شدید محبت کیلئے ایک تعویذ ہاتھ کی مٹھی میں بند کرکے عمل ہوگا۔ جس کے بعد تعویذ کو جلا دیا جائے گا! جیسے ہی تعویذ جلے گا آپس کے جھگڑے اور نفرتیں بھی جل جائیں گی۔

(7) جائے نماز‘ مٹی کا کورا پیالہ اور خوشبو ہمراہ لائیں! ہرقسم کی حاجت اور مشکل کے فوری حل کیلئے جائے نماز‘ مٹی کے پیالے اور خوشبو پر عمل ہوگا۔ گھر جانے سے پہلے ہی ان شاء اللہ آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔

خطرناک حادثہ ہوتے بچ گیا

میری بیٹی جمعہ کے دن عصر کے بعد آیت الکرسی پڑھنے کا اہتمام کرتی ہے۔ جس کے وہ بہت مشاہدات بتاتی ہیں۔ ایک دن صحن میں چارپائی پر بیٹھ کر وہ آیت الکرسی پڑھ رہی تھی کہ اس کا اچانک دل گھبرانے لگا اور وہ چارپائی پر لیٹ کر آیت الکرسی کا ورد کرنے لگی۔ اچانک چھت سے اینٹ گری جو اس کے منہ کی طرف آرہی تھی لیکن آیت الکرسی کے ورد سے وہ اینٹ اس کے منہ کے قریب آنے سے پہلے ہی دوسری ہٹ گئی اور وہ محفوظ رہی۔ (شازیہ‘ جیکب آباد)

کسی بھی جائز حاجت‘ مشکل سے مشکل مقصد پانے کے لئے یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں گے تو آپ کا ہر جائز مقصد پورا ہوجائے گا‘ ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

گھر سے تعویذ نکلیں تو پاؤں پانی میں ڈبو دیجئے!

(ع۔ا۔ر، [illegible])

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے خاندان میں ایک شادی ہوئی۔ اس دن کے بعد ہمارے گھر کے حالات یکسر بدلنا شروع ہو گئے۔ ہمیں پریشانیوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ ہمارے خاندان اور بالخصوص گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے۔ گھر میں آئے دن کوئی نہ کوئی بیمار ہو جاتا۔ اس کے علاوہ بہن بھائیوں کا آپس میں چھوٹی چھوٹی بات پر جھگڑا شروع ہو جاتا اور ہفتوں تک آپس میں بول چال ختم ہو جاتی تھی۔

ایک دن گھر میں صفائی کے دوران کچھ سوئیاں اور تعویذات نکلے۔ یہ چیزیں دیکھ کر ہم سب بہت گھبرا گئے۔ یہ شیطانی اثرات اتنے خطرناک تھے کہ انہی اثرات کی وجہ سے والدہ اور دادی کا انتقال ہو گیا۔ ہمیں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کس طرح ان شیطانی اثرات سے جان چھڑوائی جائے۔ ہم گھر والوں نے عبقری رسالہ سے علامہ لاہوتی صاحب کے کوپن میں اپنا مسئلہ لکھا اور تفصیلی بات خط میں لکھ کر کوپن کو خط کے ساتھ عبقری کے دفتر لاہور ارسال کیا' جواب میں سب گھر والوں کو ان شیطانی اثرات سے خلاصی کے لئے پاؤں پانی میں ڈبو کر یَاقَهَّارُ 1100 پڑھنے کے لئے بتایا گیا۔

میں اور میری بہن نے 90 دن کا یہ عمل شروع کیا اور بتائی گئی ترتیب کے مطابق عمل کر کے پانی ضائع کر دیتے۔

وظیفہ پڑھا لڑائی جھگڑے مزید بڑھ گئے

شروع شروع میں لڑائی جھگڑوں اور دوسرے مسائل میں کچھ شدت ہوئی تو گھر والے مزید پریشان ہو گئے۔ لیکن میری بہن اور میں نے فیصلہ کیا کہ کچھ بھی ہو جائے ہم نے یہ عمل 90 دن مکمل کرنا ہے۔ کیونکہ آپ فرماتے ہیں کہ جب گلا دبایا جائے تو آنکھیں باہر آتی ہیں۔ ہم نے عمل کو مزید توجہ اور دھیان سے کرنا شروع کر دیا۔ تقریباً تین ہفتے مسلسل پڑھنے کے بعد گھر کے معاملات کچھ بہتر ہونا شروع ہوئے۔ میری والدہ اور باقی گھر والوں کو بھی تسلی ہوئی جس کے بعد گھر کے باقی تمام افراد نے بھی ہمارے ساتھ مل کر یہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ گھر کے تمام افراد کے مل کر یہ عمل کرنے سے معاملات تیزی کے ساتھ بہتر ہونا شروع ہو گئے۔ ہمارے آپس میں لڑائی جھگڑے کا جو سلسلہ تھا اس کی شدت میں کافی کمی آ گئی۔

گھر میں سکون آگیا

اب اس عمل کو کرتے ہوئے 90 دن مکمل ہو چکے ہیں جس کے بعد اللہ کا یہ خاص کرم ہوا کہ ہمارے گھر سے بیماریاں ختم ہو چکی ہیں۔ ان شیطانی جناتی اثرات نے ہمارا جینا حرام کر دیا تھا۔ ہم مالی طور پر بھی کمزور ہو چکے تھے۔ اب ہمارے حالات بہتر نہیں بلکہ بہترین ہو رہے ہیں۔ گھر والوں کی آپس میں بہت نفرتیں اور عداوتیں عروج پر تھیں اور انہی مسائل کی وجہ سے بھائی اور بہن کا آپس میں لڑائی جھگڑا ہوا تھا جس کی وجہ سے ان کی آپس میں بات چیت بالکل ختم ہو گئی تھی۔ لیکن اس عمل کے مکمل ہونے کے بعد بھائی نے خود بڑی بہن کے ساتھ صلح کر لی اور الحمدللہ اب سب گھر والے آپس میں خوش ہیں۔ ہم سب گھر والے علامہ لاہوتی صاحب اور شیخ الوظائف کے لئے دن رات دعائیں کرتے ہیں جن کی وجہ سے اللہ نے ہمیں ان مصائب سے نکالا۔

عبقری ادویات کے نام پر ایجنسی ہولڈرز کروڑ پتی بن گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کے ذریعے عبقری ادویات کا معلوم ہوا' پہلی مرتبہ عبقری دواخانہ مزنگ چونگی سے عبقری کی کچھ ادویات لیں' صحت میں بڑی بہتری آئی' پھر اپنے علاقہ سے ادویات لینا شروع کر دیں' کچھ عرصہ تو انہوں نے عبقری ادویات دیں' مگر بعد میں بغیر لیبل کی ڈبی یا کسی اور کمپنی کی ادویات زبردستی فوائد بتا بتا کر دینا شروع کر دیں' یقین کیجئے ڈسپلے میں عبقری ادویات مگر جب کسی مسئلے کے حل کیلئے دوائی مانگی جاتی تو کسی اور کمپنی کی دوا پکڑائی جاتی' میری اہلیہ سالہا سال سے بیمار تھی' عبقری ادویات نے اس کے مرض میں کمی کی' مگر جب کسی اور کمپنی کی دوا عبقری ایجنسی ہولڈر کے کہنے پر لی تو اس کی طبیعت اتنی بگڑی کہ اسے ہسپتال لے جانا پڑا۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ ہمیشہ عبقری ایجنسی ہولڈرز سے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ مستند ادویات ہی خرید کیجئے۔ لاکھ فوائد بتائے مگر عبقری ادویات ہی لیجئے میری طرح نقصان سے بچ جائیں گے۔ (ارسلان سندھو' فیصل آباد)

شیخ الوظائف کی سکھر آمد

30 دسمبر 2022ء بروز جمعۃ دوپہر دو بجے

پہلی مرتبہ شیخ الوظائف اپنے پڑداد احضرت حاجی فتح محمد چغتائی رحمۃ اللہ علیہ کا عطا کردہ ایک خاص الخاص عمل دوران محفل کروائیں گے۔

نسلوں کو خوشحال اور رئیس بنانے کا عمل

ہمیشہ خیر' برکات' ہر شر سے حفاظت۔ ترقی۔ کامیابی۔ دولت۔ عزت۔ شان و شوکت آپ اور آپ کی نسلوں کا مقدر۔ بندشیں۔ جادو جنات۔ الجھنیں۔ گھریلو ناچاقیاں۔ سفلی عمل کے ذریعے بھجوائی گئی بیماریاں لمحات میں ختم۔

کمزور' کاہل' سست بیمار بچوں کو موٹا تازہ بنائیے

گول سپاری کا دانہ لے آئیں۔ بس! نسلوں کے حوالے سے پریشانی ختم' خوشحالی شروع!

مٹھی بھر مٹی لائیے! گٹھڑی بھر مسائل' مشکلات' الجھنوں سے چھٹکارا پائیے

ایک مٹھی مٹی لائیں' خصوصی عمل ہو گا۔ بیماریاں' پریشانیاں' جھگڑے' لڑائی' نظر بد' مشکلات' بندشیں ان شاء اللہ ختم۔

مٹی کا پیالہ لائیے! انوکھے کمالات پائیے!

مٹی کا پیالہ لے آئیں۔ خاص عمل ہو گا۔ جہاں یہ پیالہ ہو گا وہاں خوشیاں ہوں گی' نعمتیں ہوں گی'۔ جھگڑے' لڑائیاں' ناچاقیاں اور طلاق نہ ہوں گی' ان شاء اللہ۔

طاقتور ترین نقش! کالی دیوی' ہنومان' سفلی ہانڈی کا عمل ختم

دوران محفل ایک نقش لکھوایا جائیگا (آتے ہوئے ایک کاپی اور کالا پین ہمراہ لازم لائیں) نقش کا ادنیٰ کمال کہ یہ شریر جنات' کالی دیوی' ہنومان' دشمن' حاسد اور سفلی ہانڈی والے عمل سے حفاظت میں رکھتا ہے۔ ان شاء اللہ۔

نمک کی ڈلی لائیں' رزق میں اضافہ پائیں!

سفید نمک کی ڈلی (بغیر پسی ہوئی) لے آئیں' خاص عمل' یہ نمک کی ڈلی جہاں ہو گی وہاں کبھی راشن ختم نہ ہو گا' برکت بڑھے گی۔ بیماری۔ بے چینی' گھبراہٹ' نحوست کا خاتمہ۔

بے اولادی' بیماری کا خاتمہ' دو انڈے لائیے

دو عدد ابلے ہوئے انڈے لائیں! عمل کروائیے۔ یہ انڈے بے اولاد' بیمار' کمزور اور مایوس لوگوں کو بہت فائدہ دیں گے۔ مرد و خواتین دونوں استعمال کریں۔ ہر فرد کھا سکتا ہے۔

خواتین کیلئے باپردہ انتظام' ہر حالت میں شامل ہو سکتی ہیں

ایسی بابرکت محافل کو فرشتے تلاش کرتے ہیں اور جب ایسی محفل پالیں تو اس کے گرد حصار کر لیتے ہیں اور محفل میں موجود تمام لوگوں کو کامیابی کی بشارتیں دیتے ہیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کچھ عرصہ سعودی عرب میں مقیم رہا ہوں۔ وہاں کے لوگ اپنے کھانوں میں زیتون کے تیل کا خاص اہتمام کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کے ہاں میڈیکل سٹوروں پر ہماری طرح رش نہیں ہوتا۔ میں نے اپنی زندگی کے کچھ سال وہاں گزارے اور الحمدللہ میری صحت لاجواب رہی کیونکہ زیتون کا خالص تیل استعمال کرتا رہا۔ جب میں واپس مستقل اپنے ملک آیا تو میری کوشش تھی یہاں آکر بھی اپنی صحت کے متعلق کسی غفلت کا مظاہرہ نہ کروں تاکہ صحت بہترین رہے اور جسم مختلف بیماریوں سے محفوظ رہے۔ لیکن مسئلہ یہ ہوا کہ یہاں پر میں نے ایسے زیتون کے تیل کھانے میں استعمال کیے جو کہ خالص نہ تھے۔ کھانوں میں ان کے استعمال سے میری صحت بہتر ہونے کی بجائے خراب ہوگئی اور معدہ کمزور ہونے لگا۔ میں سوشل میڈیا پر عبقری کی پوسٹیں دیکھتا رہتا تھا۔ ایک دن میری نظر عبقری زیتون کے تیل پر پڑی۔ میں نے آن لائن آرڈر کرکے دو بوتلیں عبقری زیتون آئل کی منگوالیں۔ جب میں نے استعمال شروع کیا تو حیران ہوگیا کہ اس کا ذائقہ اور معیار ویسا ہی خالص تھا جو بیرون ملک استعمال کرتا رہا۔ عبقری زیتون آئل کے مسلسل استعمال سے میری صحت پہلے کی طرح بہترین ہوگئی اور معدہ بھی تندرست ہوگیا۔ (شہباز امجد، اسلام آباد)

مخلص دوست کا مشورہ کام آگیا' شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے خشک کھانسی کا مسئلہ شروع ہوا جو آہستہ آہستہ بڑھتا گیا۔ میں نے چیک اپ کروایا تو کچھ سیرپ تجویز کیے گئے جس کا استعمال میں نے شروع کردیا۔ جس وقت میں سیرپ کا استعمال کرتا تو کچھ منٹ کے لئے آرام مل جاتا لیکن دوبارہ پھر وہی مسئلہ شروع ہوجاتا تھا۔ کھانسی کی آواز اتنی زوردار ہوتی تھی جس کی وجہ سے میری شیرخوار بیٹی جو ساتھ سوئی ہوتی تھی اکثر ڈر کے اٹھ جاتی تھی۔ جن لوگوں کے ساتھ میں کام کرتا تھا ان کو بھی میری کھانسی کی وجہ سے کافی پریشانی ہوتی تھی۔ ایک دن انہی میں سے ایک مخلص ساتھی نے مجھ سے پوچھا کہ آپ اپنی کھانسی کا علاج کیا کررہے ہیں۔ میں نے ان کو بتایا کہ کچھ سیرپ پی رہا ہوں جس سے چند منٹ کے لئے افاقہ ہوتا ہے اور پھر دوبارہ سے کھانسی شروع ہوجاتی ہے۔ انہوں نے مجھے مشورہ دیا کہ پچھلے سال مجھے بھی یہی مسئلہ ہوا تھا' آپ عبقری بے بی ٹانک کا استعمال شروع کرو۔ میرا مسئلہ بھی اس سے ہی حل ہوا تھا۔ ہمارے پاس ہی عبقری دواخانہ ہے' میں فوراً گیا اور عبقری بے بی ٹانک کی ایک بوتل خرید لایا۔ مجھے جب بھی گلے میں خراش محسوس ہوتی تو میں تھوڑا عبقری بے بی ٹانک کا گھونٹ پی لیتا۔ دو دن بعد ہی مجھے فرق محسوس ہونا شروع ہوگیا۔ پہلے مجھے جو زوردار طریقے سے کھانسی آتی تھی اس میں کچھ کمی ہوئی۔ میں نے عبقری بے بی ٹانک کا استعمال جاری رکھا اور تقریباً ایک ہفتے میں مجھے کھانسی سے آرام مل گیا۔ اب کسی کو بھی خشک کھانسی ہوتی ہے تو اسے عبقری بے بی ٹانک کا مشورہ دیتا ہوں اور لوگوں کو شفاء ملتی ہے اور وہ دعائیں دیتے ہیں۔ (محمد حسین' لاہور)

چارپائی بیمار والد کا مقدر بن چکی تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنے والد صاحب کو بچپن سے دیکھا کہ ان میں چہل قدمی کی عادت بہت زیادہ تھی۔ ان کے کام کی نوعیت ایسی بھی ہوتی تھی کہ جس میں کافی وقت سیٹ پر بیٹھ کے گزارنا ہوتا تھا لیکن وہ اس کے باوجود بھی اپنی سیٹ سے اٹھ کر چہل قدمی شروع کردیتے تھے۔ میرے استفسار پر وہ بتاتے کہ چہل قدمی سے انسان کا نچلا دھڑ محفوظ رہتا ہے اور چارپائی کا محتاج نہیں ہوتا۔ قدرت کا نظام کچھ یوں ہوا کہ وہ بیمار پڑگئے اور بیماری کے بعد وہ اپنے معمول کے مطابق چہل قدمی کی کوشش کرتے لیکن ٹانگوں کے جوڑوں میں درد کی وجہ سے وہ زیادہ نہ چل سکتے تھے اور درد سے اکثر کراہتے رہتے تھے۔ ایک دن ہمارے رشتہ دار والد صاحب کی عیادت کے لئے گھر آئے۔ انہوں نے والد صاحب کو چارپائی پر لیٹے دیکھا تو بہت افسردہ ہوئے۔ مرض کے متعلق پوچھا اور کہنے لگے کہ عبقری دواخانہ کی دوا معجون شفاء یابی اپنے والد صاحب کو مستقل چند ہفتے استعمال کرنے کے لئے دو۔ انشاءاللہ شفاء ہوگی۔ میں نے ان سے ادویات کی بکنگ کے لئے نمبر لیا اور کال کرکے تین ڈبی معجون شفاء یابی کی آرڈر کیں۔ جو چار دن بعد مجھے گھر پر موصول ہوگئیں۔ میں نے بروشر پر دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے والد صاحب کو معجون شفاء یابی کا استعمال کروایا۔ تین ہفتوں کے مسلسل استعمال سے والد صاحب نے بتایا کہ ان کو اپنی ٹانگوں میں چستی اور طاقت آنا محسوس ہورہی ہے۔ اب والد صاحب مسلسل دو ماہ سے استعمال کررہے ہیں جس سے کافی افاقہ ہوا ہے۔ (عبداللہ' خانیوال)

موسم کی تبدیلی اور بخار نے جکڑ لیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے ماہ کی بات ہے کہ موسم میں تبدیلی کی وجہ سے میرا گلا خراب ہوا اور بعد میں بخار ہوگیا۔ گھر کے کچھ اور افراد بھی چند دن کے وقفے سے بیمار پڑگئے۔ طبیعت اس قدر خراب ہوگئی کہ اینٹی بائیوٹک ادویات کے استعمال سے بھی واضح فرق محسوس نہ ہوا۔ دن کے وقت اکثر بخار ختم ہوجاتا لیکن رات کو پھر بخار تیز ہوجاتا تھا۔ میری اہلیہ کے ساتھ بھی بالکل ایسا ہی مسئلہ تھا۔ سارا دن بھوک نہ لگتی جس وجہ سے جسم میں کمزوری بھی بڑھتی جارہی تھی۔ میرے چچا جو حکمت کے شعبہ سے وابستہ ہیں۔ وہ میرے لئے کوئی دیسی ادویات لے کر آئے جس پر ''جوہر شفائے مدینہ'' لکھا تھا۔ انہوں نے پہلے بھی ہمیں عبقری دواخانہ کی ادویات استعمال کروائی تھیں جس سے فائدہ ہوا تھا۔ انہوں نے خود اس کا قہوہ بنا کردیا جسے میں نے اور میری اہلیہ نے استعمال کرنا شروع کردیا۔ اس کے استعمال سے کچھ دیر بعد ہمیں پسینہ آنا شروع ہوجاتا' رات کے وقت بخار دوبارہ شروع ہوجاتا لیکن اس کی حدت پہلے سے کم ہوتی تھی۔ ہم نے استعمال جاری رکھا اور اس کے ساتھ شفائے حیرت سیرپ بھی وقتاً فوقتاً استعمال کرتے رہے جس سے گلے کا مسئلہ حل ہوگیا۔ بخار ٹوٹنے کا نام نہیں لے رہا تھا لیکن اس کی حدت دن بہ دن کم ہوتی جارہی تھی۔ ایک ہفتے کے بعد معدہ کچھ بہتر ہوا جس کے بعد میں نے ہلکا پھلکا کھانا شروع کردیا جس سے بے جان جسم کو کچھ تقویت ملی۔ گیارہ دن مسلسل استعمال کرنے سے بخار بھی بالکل ختم ہوگیا اور طبیعت میں بہتری آگئی۔ ہمارا یہ معمول ہے کہ اب جب بھی گھر میں کسی کو بخار ہوتا ہے تو اسے جوہر شفائے مدینہ کا ہی استعمال کرواتے ہیں جس سے بخار چند دن میں ہی اتر جاتا ہے۔ (اجمل فرید' کراچی)

(تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ٹوٹکے ذہن نشین کرلیں

ہسپتال جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی

تسبیح خانہ میں آئے احباب کے بتائے آزمودہ ٹوٹکے! عبقری قارئین کے نام

تسبیح خانہ میں آئے احباب نے اپنے آزمودہ ٹوٹکے مخلوق خدا کے لئے بتائے‘ آئیے آپ بھی آزمایئے اور ان سخیوں کو دعائیں دیں!

جلے ہوئے زخم کے لئے شفائی مرہم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے چار سے خود کو تمام معمولات سے فارغ کر کے تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کے لئے آتا ہوں۔ یہاں کے روحانی ماحول سے دل کو بہت راحت و سکون ملتا ہے۔ اس کے علاوہ روزانہ رات کو طبی ٹوٹکوں کے مشاہدات کی جو محفل ہوتی ہے ان ٹوٹکوں کو اپنے پاس نوٹ کرلیتا ہوں۔ وہ ٹوٹکے خود بھی آزماتا اور لوگوں کو بھی بتاتا ہوں جس سے مخلوق خدا کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ آج میں بھی اپنا ایک آزمودہ ٹوٹکہ جو مجھے اپنی والدہ سے ملا تھا وہ پیش کر رہا ہوں۔ اگر کسی حادثہ کی وجہ سے جلد جل جائے تو آلو چھیل کر کوٹ لیں اور اس کی مرہم بنالیں۔ اب اس مرہم کو جلے ہوئے حصے پر لیپ کر دیں۔ یہ مرہم لگانے سے زخم پر جلن محسوس نہیں ہوگی اور چھالے نہیں بنے گے اور نہ ہی اپنا نشان چھوڑیں گے۔

شیخ الوظائف کے والد صاحب ؒ کا آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! کچھ لوگوں کی اکثر ناف ٹل جاتی ہے جس وجہ سے ان کو الٹیاں آنا شروع ہوجاتی ہیں۔ اس کے علاوہ جن لوگوں کو پرانا ہیضہ ہو‘ اسہال دست نہ رکتے ہوں ایسے تمام امراض کے لیے میرے پاس ایک لاجواب ٹوٹکہ ہے جو میں نے چند لوگوں پر آزمایا اور سو فیصد مجرب پایا ہے۔ میں نے جب پہلی مرتبہ تسبیح خانہ کے مجمع میں یہ نسخہ بتایا تو آپ نے اس ٹوٹکے کی تصدیق کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ ٹوٹکہ میرے والد صاحب بھی مریضوں کو ان مذکورہ بالا امراض کے لئے استعمال کرواتے تھے جس سے مریضوں کو شفاء ملتی تھی۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے۔ سہاگہ بریاں لے کر اسے توے پر گرم کرلیں۔ جب یہ پوری طرح گرم ہو جائے تو لیموں کاٹ کر اس پر نچوڑ لیں۔ جب یہ نیم گرم ہو جائے تو مریض کو تھوڑی سی مقدار میں چٹا دیں۔ ان امراض میں مبتلا افراد کچھ عرصہ اس نسخے کو استعمال کرلیں۔ اس نسخہ کو مستقل استعمال کرنے سے ان شاء اللہ یقینی شفاء ہوگی۔

جوڑوں کے درد کے لیے

السلام علیکم! میں نے ذریعہ معاش کی خاطر اپنی زندگی کے دس سال ملک سے باہر گزارے۔ میرے کام کی نوعیت سخت مشقت والی تھی۔ مگر اپنے بچوں کے اچھے مستقبل کے لئے میں نے اپنی اس نوکری کو جاری رکھا اور آہستہ آہستہ میں اس سخت مشقت کا عادی ہوگیا۔ میں نے جتنا عرصہ باہر کام کیا اس دوران مجھے کوئی خاص بیماری محسوس نہ ہوئی کیونکہ میں اپنی اچھی غذا کا مکمل خیال رکھتا تھا جو مجھے وہاں کمپنی کی طرف سے آسانی سے مل جاتی تھی۔ میرے حالات کچھ بدلے اور میں نے اپنے ہی ملک میں ایک چھوٹا سا کاروبار شروع کیا جو کامیاب ہوا اور میں اپنے بال بچوں میں رہنے لگا۔ جب واپس اپنے ملک شفٹ ہوا تو کاروباری مصروفیات کی وجہ سے اپنی صحت پر توجہ نہ دے پایا اور آخر کار چھ ماہ پہلے جوڑوں کے درد میں مبتلا ہوگیا۔ یہ درد چند ہفتوں بعد اس قدر شدت اختیار کرگیا کہ میرا اٹھنا بیٹھنا بھی مشکل ہوگیا۔ میری چھوٹی بیٹی ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھتی ہے۔ اس نے مجھے رسالہ سے دیکھ کر ایک ٹوٹکا بتایا جس کا میں نے چند ہفتے استعمال کیا اور میرا جوڑوں کا درد اس ٹوٹکے سے بالکل ختم ہوگیا۔ میں اپنی اسی بیٹی کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے رمضان المبارک کا مہینہ تسبیح خانہ میں گزارنے آیا ہوں۔ ٹوٹکہ یہ ہے۔ پچاس گرام دارچینی اور پچاس گرام ہلدی لے کر پیس لیں۔ اس سے جو سفوف تیار ہوگا اس میں ایک پاؤ شہد مکس کرلیں اور جو شخص جوڑوں کے مرض میں مبتلا ہو اسے صبح شام ایک چمچ استعمال کرنے کے لئے دیں‘ ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں میں افاقہ محسوس ہوگا اور جلد ہی جوڑوں کے درد سے مکمل نجات مل جائے گی۔

معدے کی گرمی کے لیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! فاسٹ فوڈ‘ براکلر اور چکنائی والی غذاؤں کا کثرت سے استعمال کرنے کی وجہ سے معدہ میں گرمی پیدا ہوجاتی ہے۔ جس وجہ سے انسان جگر اور پیٹ کے امراض میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ ماہرین طب یہاں تک کہتے ہیں کہ 80 فیصد ہونے والی بیماریوں کی بنیادی وجہ معدے کی خرابی ہی ہے۔ معدے کی اس گرمی کا تعلق موسم سے نہیں بلکہ انسان کی روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی غذاؤں سے ہے۔ اس مرض سے نجات کے لئے لوگ مختلف ادویات کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر مرض کی شدت کم ہو تو ان ادویات سے کچھ افاقہ ہوجاتا ہے لیکن اگر مرض شدت اختیار کرچکا ہو تو زیادہ ادویات کے استعمال سے معدے میں مزید گرمی بڑھ جاتی ہے۔ معدے کی اس گرمی سے نجات پانے کے لئے میرے پاس ایک دیسی نسخہ ہے جس کے کوئی مضر اثرات بھی نہیں ہیں۔ میں نے بہت سے جاننے والے احباب کو یہ نسخہ بنا کر دیا۔ جس کے بہت مثبت نتائج ملے۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے۔ دھنیا‘ سونف اور مصری ہم وزن لے کر پیس کر سفوف بنالیں اور اس تیار شدہ سفوف کا ایک چمچ ایک کپ پانی میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت یہ پانی مل چھان کر پی لیں۔ یہ ٹوٹکہ مستقل مزاجی سے چند ہفتے روزانہ کی بنیاد پر استعمال کریں۔ ان شاء اللہ معدے کی گرمی اور اس سے پیدا ہونے والے امراض سے یقینی شفاء ملے گی۔

مرد یا عورت کے بانجھ پن کا حل

السلام علیکم! میری 6 سال پہلے شادی ہوئی اللہ کا کرم ہے کہ زندگی میں ہر سہولت موجود تھی مگر میں شادی کے بعد اولاد کی نعمت سے محروم تھا۔ میرے والد صاحب شہر کے ایک بڑے ہسپتال میں ڈاکٹر کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے بے اولادی کے مسئلے اور اس کے علاج کے لیے بہت سے ہسپتالوں اور سینئر ڈاکٹروں سے میرا اور میری اہلیہ کا چیک اپ کروایا۔ ہمارے مختلف میڈیکل ٹیسٹ ہوئے اور کوئی بھی ایسی کی تشخیص نہ ہوسکی جس کی وجہ سے بے اولادی کا مسئلہ بنتا ہے۔ میں مسلسل چار سال بے اولادی کے مسئلے کی خاطر مختلف جگہوں پر خوار ہوا مگر کسی بھی طرح سے مسئلہ حل نہ ہوسکا اور آخر کار میں مایوس ہونے لگا۔ مجھے ایک جاننے والے حکیم نے اولاد کے لئے ایک نسخہ بتایا جسے استعمال کرتے ہوئے چند ماہ ہی ہوئے تھے کہ میری بیوی کو امید لگ گئی اور پھر اللہ نے ہمیں اولاد کی نعمت سے نواز دیا۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے۔ ریٹھے کے چھلکے پیس کر پاؤڈر بنالیں۔ اس نسخے کو دو ماہ تک روزانہ ناشتے کے ایک گھنٹے بعد میاں بیوی دونوں آدھا آدھا چائے والا چمچ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس ٹوٹکے کو استعمال کرنے والے کو ان شاء اللہ مایوسی نہیں ہوگی۔

اگر آپ بڑی بڑی نعمتیں یعنی بڑا گھر‘ کاروبار اور عزتیں پانا چاہتے ہیں تو اس قیمتی نقش کو اپنے پاس رکھ لیں‘ ان شاء اللہ زندگی میں ترقی‘ عروج اور کمال حاصل ہوگا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

یہ کپڑے کی تھیلی نہیں رئیس بنانے کا فارمولہ ہے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اکثر حالات کی کشمکش میں رہتی تھی۔ اللہ سے مانگتی تھی کہ میرے گھر کو بھی خوشحال بنا دے۔ میرے مسائل اور مشکلات ختم ہو جائیں۔ ایک دن میں عبقری رسالہ پڑھ رہی تھی تو اس میں سورۃ قریش کے نوافل کا عمل پڑھا۔ اس رسالہ میں کسی نے اپنا مشاہدہ لکھا تھا کہ جب بھی کوئی حاجت' پریشانی یا مشکلات ہوں تو دو رکعت نفل حاجت کے پڑھ لیں۔ سلام پھیرنے کے بعد 3 بار اول آخر کوئی بھی مسنون درود پاک پڑھ کر 21 بار سورۃ قریش پڑھ لیں اور اس کے بعد اللہ سے اپنی مراد مانگیں۔ اس عمل کی برکت سے تمام مسائل حل اور مشکلات بہت جلد ختم ہوجاتی ہیں۔

میں نے یہ عمل آزمایا اور اس سے اپنی بڑی بڑی مشکلات اور آفات کو ٹلوایا۔ اس عمل سے میرے گھر کے بہت سے مسائل اور الجھنیں ختم ہو چکی ہیں۔ اب کوئی بھی پریشانی اور مشکل آتی ہے تو میں یہی عمل کرتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں جس سے مسائل یقینی طور پر حل ہوجاتے ہیں۔

سورۃ قریش سے مفت سفر

اپریل 2016ء کے عبقری شمارہ میں ایک تحریر پڑھی جس میں کسی بھائی نے لکھا تھا کہ سورۃ قریش پڑھنے کی برکت سے انہوں نے مفت سفر کیا اور واپسی کا سفر بھی بغیر پیسوں کے ہوگیا۔ مجھے یہ بات پڑھ کر حیرت ہوئی کہ ایک سورۃ کو پڑھنے سے کیسے سفر فری ہوسکتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی مجھے اپنے سورۃ قریش کے مشاہدات یاد آئے کہ اس سورۃ میں واقعی اتنی طاقت ہے کہ اس سے بڑے سے بڑے کام ہوجاتے ہیں۔ ایک دن میں نے اپنے شوہر کے ساتھ میکہ جانا تھا۔ میں نے سوچا کہ آج میں بھی اس عمل کو آزماؤں۔ میں اپنے خاوند اور بیٹے کے ہمراہ جب گھر سے نکلی تو مسلسل سورۃ قریش پڑھنا شروع کر دی۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ ایک رکشہ والا جو میرے والدین کے گھر کے پاس ہی رہتا تھا اس نے ہمارے پاس آکر رکشہ روک لیا۔ ہم نے اس کے ساتھ جانے سے انکار کردیا کیونکہ وہ عام لوگوں سے زیادہ کرایہ وصول کرتا تھا۔ لیکن اس نے بہت زیادہ اصرار کیا تو شوہر کے کہنے پر اسی کے رکشہ میں سوار ہو گئے۔ اپنی منزل پر پہنچنے کے بعد جب رکشہ سے اتر کر شوہر نے ان کو کرایہ دیا تو اس رکشہ والے نے کرایہ لینے سے انکار کر دیا۔ ہم سب نے بہت اصرار کیا مگر اس نے ہم سے کرایہ نہ لیا اور وہاں سے چلا گیا۔ میں نے جب اپنے والدین کو یہ بات بتائی تو وہ سب حیران رہ گئے کہ وہ شخص تو کبھی ایک روپیہ نہیں چھوڑتا تھا۔ یہ سب اس وظیفہ کا کمال تھا۔ میں نے یہ عمل جس مقصد کے لئے بھی کیا اللہ نے اس کلام کی برکت سے میرا وہ مقصد پورا ہوا۔

برکت والی تھیلی

میرے پاس پیسے جمع نہ ہوتے تھے' جب بھی کوئی رقم آتی تو وہ جلد ہی کہیں نہ کہیں خرچ ہو جاتی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ سے برکت والی تھیلی لی اور اس پر باقاعدگی سے اول آخر 7 مرتبہ درود شریف کے ساتھ صبح وشام 129 بار سورۃ کوثر کو پڑھنا شروع کر دیا۔ اس سے پہلے میرا پرس خالی رہتا تھا لیکن جب سے عمل شروع کیا ہے میری تھیلی پیسوں کے ساتھ بھری رہتی ہے۔ میں نے والدہ کو بھی یہی عمل کروایا تو ان کو بھی میری طرح اس کا مکمل اور بھرپور فائدہ ہوا۔

درود شریف کی برکت

جس کسی کو نیند نہ آتی ہو تو رات سوتے وقت درود ابراہیمی کی ایک تسبیح پڑھ لیں' ان شاء اللہ پرسکون اور لاجواب نیند آئے گی۔ بہت دیر پہلے کہیں پڑھا تھا کہ جب بھی کوئی چیز بھول جائیں درود پاک پڑھیں اسی وقت یاد آجائے گی۔ یہ عمل میں نے کافی بار آزمایا ہے۔ میری عادت تھی کہ گھر اور باہر اپنے ساتھ موجود قیمتی سامان کہیں بھی رکھ دیتی۔ جس وجہ سے اکثر میری چیزیں گم ہوجاتی تھیں ایک دفعہ ایسا ہوا کہ میرا قیمتی سامان نہیں مل رہا تھا۔ میں نے اپنا کافی جگہ پر کیا مگر وہ کہیں نہ ملا۔ گھر والوں سے پوچھا تو بھائی سخت ناراض ہوئے کہ آپ اس معاملے میں بہت زیادہ کوتاہی کرتی ہیں جس وجہ سے اکثر نقصان ہوتا ہے۔ میں کافی پریشان ہوئی اور پھر درود پاک پڑھنا شروع کر دیا۔ تقریباً چند منٹ ہی گزرے تھے کہ مجھے اچانک اپنی مطلوبہ چیز مل گئی۔

عبقری حویلی میں ہونے والے مشکل کشا اعمال

(1) رزق میں بے بہا برکت: ایک پاؤ گندم کا آٹا' کچے چاول اور چینی لائیں۔ اپنے اور اپنی نسلوں کے لئے رزق میں وسعت اور برکت کے فیصلے کروائیں۔

(2) دعاؤں کی قبولیت یقینی: عبقری حویلی میں دو رکعت نفل کا ایسا خاص عمل جس کے پڑھنے سے کبھی کوئی نامراد نہیں ہوا۔ حاجتی بورڈ پر اپنی حاجت لکھیں' ان شاء اللہ ہر مراد پوری ہوگی۔ سالہا سال سے آزمودہ عمل۔

(3) رشتوں اور کاروبار کا بندش توڑ عمل: چھوٹی الائچی اور کلونجی لائیں' ان پر ایک خاص اسم پڑھا جائے گا' رشتوں' کاروبار اور ہر قسم کی بندشیں ٹوٹ جائیں گی۔

(4) ایام بیض کا خاص عمل: ناممکن مسائل کو حل کروانے کے لئے ہر اسلامی ماہ کی 13' 14 اور 15 تاریخ عبقری حویلی میں گزاریں' ایام بیض کے خاص عمل سے مشکلیں' آفتیں' مصیبتیں ٹل جائیں گی اور تمام ناممکن مسائل حل ہوں گے۔

(5) جادو جنات' نظر بد اور بے اولادی کا خاتمہ: گیارہ دم شدہ کیلوں کا ایسا خاص عمل جس سے جادو جنات' نظر بد' بے اولادی' گھریلو جھگڑوں کا بالکل خاتمہ ہوجائے گا۔

عبقری حویلی سے فیض پانے والے

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اپنی تعلیم حاصل کرنے کے بعد نوکری کی تلاش میں مسلسل دو سال سے دربدر پھر رہا تھا مگر کہیں سے بھی کوئی جاب نہیں مل رہی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں عبقری حویلی میں حاجتی بورڈ کے عمل کے بارے میں پڑھا اور وہاں جا کر دو نفل حاجت کے پڑھے اور حاجتی بورڈ والا عمل کیا۔ تین دن بعد مجھے ایک کمپنی سے انٹرویو کے لئے کال آئی اور میری سلیکشن ہوگئی جس سے میری نوکری کا مسئلہ حل ہوگیا۔ (شہباز بھٹی' اوکاڑہ)

کیلوں والا عمل کیا نظر بد سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹا تین ماہ سے نظر بد کی وجہ سے بیمار تھا۔ ہم نے مختلف عاملین سے اس کا علاج کروایا جس سے کوئی فائدہ نہ ہوا۔ پھر کسی نے عبقری حویلی میں گیارہ کیلوں والا عمل بتایا۔ میں نے عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں جا کر گیارہ کیلوں والا عمل کیا۔ یہ عمل کرنے کے چند دن بعد میرا بیٹا صحت یاب ہونا شروع ہوگیا اور نظر بد کا بھی خاتمہ ہوگیا۔ (محمد رضوان' کراچی)

نوٹ: عبقری حویلی میں ترقی' کامیابی پانے' مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن' چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔

آپ یا آپ کا کوئی عزیز کسی علت میں مبتلا ہے اور اس علت کو چھوڑنا چاہتے ہیں مگر نا کام ہیں تو سورۃ اخلاص کے اس مبارک عمل میں شامل ہوں اور اس کا کمال دیکھیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

(قسط نمبر 1) بڑوں کی حکمت بصیرت (سانول چغتائی)

جاؤ لاشیں اکٹھی کرو اور عرس کا اعلان کردو!

قارئین السلام علیکم! انسان کو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے ذریعے دین اسلام پہنچایا اور پھر نبی اکرم ﷺ نے اس دین کو مکہ کے جاہل طبقے میں پھیلایا۔ جو لوگ خدا کو نہیں جانتے تھے وہ دین پر کیسے آتے؟ لیکن حضور اکرم ﷺ نے نہایت حکمت سے کام کیا اور اسی ترتیب کو زیر نظر رکھتے ہوئے اہل بیتؓ اور صحابہؓ نے اسلام کو پورے عالم میں پہنچا دیا۔ تابعینؒ، تبع تابعینؒ کے دور کے بعد اولیاءؒ، اکابرؒ کا زمانہ آیا جس میں دین سے ناواقفیت کی وجہ شرک و بدعت نے سر اٹھایا۔ تو بڑے بڑے درویشوں نے اس چیز کے خاتمے کے لیے حکمت و بصیرت سے کام لیا۔ مزید وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ فتنے کھڑے ہوتے رہے لیکن بزرگ حکمت دین سے لوگوں کو ہدایت اور سیدھے راستے پر لائے۔

عرب و عجم کے ایک بزرگ گزرے ہیں شیخ الاسلام شیخ حسین احمد صاحبؒ جن کے بارے میں آتا ہے کہ وہ بہت حکمت و بصیرت کے حامل بزرگ تھے۔ کچھ عرصہ مدینہ میں رہے پھر واپس ہندوستان آئے۔ تو دیکھا کہ ہندوستان کا ماحول بالکل ناموافق بن چکا ہے۔ اچانک ہندو پاک کی تقسیم کا اعلان ہوگیا تو ہر جگہ قتل و غارت کا سماں ہوگیا۔ ہندو، مسلمان اور سکھوں میں اعلان جنگ تھا۔ جدھر نظر دہراتے تھے لاشیں ہی نظر آتی تھیں۔

اسی دوران شیخ حسین احمد صاحبؒ نے اپنے مدیر و شاگرد حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ کو فرمایا جاؤ، اجمیر شریف کی درگاہ کو جا کر دھو، صاف کرو، لاشیں ایک طرف کرو، ماحول کو صاف ستھرا کر کے عرس کا اعلان کرو، شیخ حفیظ الرحمٰن نے یونہی کیا۔ لوگ آئے، عرس ہوا اور عرس کے چند روز یا گھنٹے گزار کر چلے گئے۔

شیخ حفظ الرحمٰن اپنی ذمہ داری پوری کر کے جب شیخ حسین احمدؒ کے پاس تشریف لائے تو ادباً گزارش خدمت کی اور فرمایا کہ حضرت مجھے اس سارے واقعے کی سمجھ نہیں آئی۔ تو شیخ حسین احمد صاحبؒ فرمانے لگے، کچھ مسلمان ایسے ہیں جن کے نام ہندوؤں جیسے، جن کے حلیے ہندوؤں جیسے، رسم و رواج، روایات میں بالکل ہندو لیکن ہر سال اجمیر شریف کے عرس پر آتے تھے اور عرس کے بعد جا کر کہتے تھے ہم مسلمان ہیں۔ اگر اس دفعہ اس ہنگامے کی وجہ سے عرس نہ ہوتا تو شاید وہ اپنے آپ کو مسلمان نا کہلواتے۔ شیخ حسین احمدؒ کی نظر اتنی گہری تھی اور ان کے اندر امت کا غم درد اتنا تھا!! کیونکہ قیامت جتنی قریب ہوتی جائے گی اتنے فتنے بڑھتے جائیں گے۔ ان فتنوں کا خاتمہ جواب، مناظرہ اور جھگڑے سے ہرگز نہیں ہوسکتا بلکہ یہ آگ مزید بھڑک سکتی ہے۔ اس کا حل صرف اور صرف حکمت و بصیرت ہے۔ (جاری ہے!)

تین سو اونٹ صدقہ کرنے کا شفائی عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے ماہ مجھے اچانک بخار ہوگیا جو کہ دو دن بعد مزید شدت اختیار کر گیا۔ میں نے مختلف ڈاکٹروں اور ہسپتالوں سے رجوع کیا۔ ڈاکٹروں نے ادویات استعمال کرنے کے لئے دیں اور مختلف انجیکشن بھی لگے مگر جب تک ادویات کا اثر باقی رہتا تو بخار میں کچھ کمی ہوتی۔ لیکن جیسے ہی ادویات کا اثر ختم ہوتا تو بخار دوبارہ سے شروع ہونے لگ جاتا۔ اس بخار نے جسم کو نچوڑ کر رکھ دیا۔ میرا سارا جسم درد کی وجہ سے کراہتا رہتا تھا۔ مجھے بھائی نے آپ کا تین سو اونٹ صدقہ کرنے کا عمل بتایا کہ حدیث کے مفہوم کے مطابق ''300 بار اللہ اکبر'' پڑھنے تین سو اونٹ صدقہ کرنے کا ثواب ملتا ہے جس سے بڑی بڑی بلائیں ٹل جاتی ہیں۔

کوپن

نام .... عمر ....

والدہ کا نام .... شہر ....

آپ کا/والد یا شوہر کا شعبہ ....

گھر کے تین افراد کا نمبر ....

مسئلہ تفصیل سے لکھئے ....

کوپن پر کرنے کا وقت اور جگہ .... کلمہ طیبہ کی ایک تسبیح پڑھ کر کوپن پر دم کریں۔

نوٹ: یہ سات روحانی پیکیج ہیں جو آپ علامہ لاہوتی سے ہر ماہ لیں گے، لینے کے لیے کوپن پر کرنا ضروری ہے کوپن کے بغیر آپ کو شامل نہیں کیا جائے گا

علامہ لاہوتی سے ملاقات کے متلاشی متوجہ ہوں!

علامہ لاہوتی سے سات موتی لوٹ لیں!

لیکن جلدی کریں، لُوٹنے والے بہت، لینے والے بے قرار

یہ 7 روحانی پیکیج ہیں جو آپ علامہ لاہوتی سے ہر ماہ لیں گے، لینے کیلئے کوپن پُر کرنا ضروری ہے، کوپن کے بغیر آپ کو شامل نہیں کیا جائیگا اور جواب باری آنے پر رسالہ میں شائع ہوگا۔

1۔ علامہ لاہوتی سے استخارہ کروائیں، آپ کو آپ کے استخارے کے مطابق ایک اسم دیں گے۔

2۔ علامہ لاہوتی کو اپنی آمدن میں شریک کریں، یعنی اپنی تنخواہ یا آمدن کے ہر ہزار میں سے سوا نہ نکالیں، روزانہ یا مہینے کے بعد۔ کرنسی کے مطابق تقریباً 25 پیسے بنتے ہیں۔ ان پیسوں کو خرچ نہ کیجئے پورا سال اکٹھا کیجئے، سال کے بعد یہ پیسے یا اس سے زیادہ سوال نہ کرنے والے ضرورت مندوں کو دیں۔ یا ان پیسوں کا لنگر پکا کر دس محرم یا 12 ربیع الاول کو تسبیح خانہ لے آئیں اور اپنے ہاتھوں سے تقسیم کیجئے۔

3۔ علامہ لاہوتی سے دعا کروائیں، وہ اپنی خاص تنہائیوں میں مشکل کشاء عملیات میں آپ کے مسائل سامنے رکھتے ہوئے آپ کیلئے خصوصی دعا فرمائیں گے۔

4۔ علامہ لاہوتی سے روحانی دوستی کریں، اس کیلئے اپنا اور والدہ کا نام لکھ کر بھجوائیں، وہ روحانی عروج اور کمال سے آپ کا ذاتی زائچہ بنائیں گے جو شرک سے پاک ہوگا۔ پھر آپ پر روحانی توجہ رہے گی۔

5۔ علامہ لاہوتی کو اپنی اولاد کی عزت، کامیابی اور ترقی کیلئے اولاد کے نام اور عمر بھیجیں۔ ان کے اردگرد حفاظتی نورانی حصار اور کڑا دیں گے۔

6۔ اپنا گھر، کاروبار، دفتر وغیرہ کا نام علامہ لاہوتی کو لکھیں، وہ نورانی حروف میں اس کو گھیر لینگے، برکت، ترقیاں دیکھیں۔

7۔ آپ گورنمنٹ جاب کسی بھی شعبہ میں اپنا سکیل، شعبہ، ڈیپارٹمنٹ، پوری وضاحت سے لکھیں، علامہ لاہوتی آپ کیلئے ترقی، عروج اور حاسدین سے بچنے کیلئے عمل کرینگے۔

یہ تمام چیزیں پانا چاہتے ہیں تو ابھی کاغذ قلم اٹھائیں، علامہ لاہوتی کو یہ تمام چیزیں تحریر کریں اور روزانہ پہلا کلمہ ایک تسبیح پڑھ کر اس تحریر پر دم کریں۔ کوپن کی فوٹو کاپی نہ کروائیں، اصل رسالہ سے کاٹ کر بھجوائیں۔

جو کوپن شائع ہوا اس کو پُر کرنے سے پہلے وقت دیکھنا ہے جس وقت آپ نے پُر کرنا ہے وہ وقت، وہ دن، وہ جگہ آپ نے لکھنی ہے یہ ساری چیزیں علامہ لاہوتی اپنی خاص ساعتوں میں شمار کریں گے اور پھر کوپن اور تحریر دونوں ساتھ عبقری کو پوسٹ کردیں۔

آپ یا آپ کے خاندان کا کوئی فرد نظر بد کا شکار ہے تو اس عمل میں شامل ہوں آپ اور آپ کے خاندان اور نسلوں کو نظر بد سے نجات ملے گی اور اس سے حفاظت ہوگی (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

درویش دادی کی دوراندیشی اور والد کی ضد

ثمرہ قمر، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے والد صاحب کا کاروبار زوال کا شکار تھا۔ ان کو کسی نے دوسرے ملک جاکر قسمت آزمانے کا مشورہ دیا۔ میری دادی جو ایک نیک اور درویش صفت خاتون تھیں انہوں نے والد کو روزگار کی غرض سے باہر کے ملک جانے سے منع کیا۔ لیکن والد صاحب کا اصرار تھا کہ قرضہ بہت زیادہ ہے جسے اتارنے کے لئے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ دادی نے والد سے کہا کہ تم پر جتنا بھی قرض ہے اس کی رقم مجھ سے لے لو مگر اپنا فیصلہ بدل لو۔

میری دادی اکثر آنے والے حالات کو پرکھ لیتی تھیں۔ اس کے علاوہ ہمارے ایک بزرگ تھے انہیں بھی اللہ نے روحانی دنیا عطا کی ہوئی تھی۔ انہوں نے بھی دادی کی بات کی تائید کی اور والد صاحب کو روکنے کی بہت کوشش کی مگر والد صاحب اپنی ضد پر قائم رہے اور آخر کار ہمیں چھوڑ کر دوسرے ملک چلے گئے۔

حالات نے پلٹا کھایا

میری دادی اکثر والد صاحب کی وجہ سے پریشان ہوجاتیں اور مجھے کہتیں کہ تمہارے والد نے میری بات نہ مان کر اچھا فیصلہ نہیں کیا۔ ادھر والد صاحب کام کے سلسلے میں کچھ عرصہ دربدر ہوئے مگر آخر کار انہیں ایک کمپنی میں نوکری مل گئی۔ والد صاحب ہر ماہ کچھ پیسے گھر بھجوانے لگ گئے جس سے قرض کا بوجھ کم ہوگیا۔ وقت گزرتا گیا اور حالات نے اچانک پلٹا کھایا۔ میرے والد جس کمپنی میں کام کر رہے تھے وہ کمپنی زوال کا شکار ہوگئی۔ جس سے ہمارے حالات بھی خراب ہونا شروع ہوگئے۔ میرے والد صاحب اکثر ان حالات کی وجہ سے پریشان رہنے لگے۔

والد صاحب کا انتقال

ایک دن اسی پریشانی کے عالم میں وہ کسی بڑی بلڈنگ کی چھت کے ساتھ پائپ فٹنگ کا کام کر رہے تھے۔ والد صاحب پریشانی کی وجہ سے اپنی سیفٹی بیلٹ ٹھیک طریقے سے باندھنا بھول گئے۔ وہ کئی منزلہ چھت سے نیچے گرے' ان کو ہسپتال لے جایا گیا' مگر اس سے پہلے ہی وہ اپنی جان کی بازی ہار چکے تھے۔ ہمیں جب یہ خبر ملی تو ہم سب کے اوسان خطا ہوگئے' دادی سکتہ کے حالت میں تھیں۔ اس کمپنی والوں نے معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ہمیں کوئی پیسہ نہ دیا اور آخر کار وہ کمپنی بھی بند ہوگئی۔ ہم اپنے والد صاحب سے محروم ہوئے اور دربدر ہوکر رہ گئے ہیں۔

زندگی موت کا فیصلہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے مگر اس دن مجھے سمجھ آئی کہ بڑوں اور بزرگوں کی بات ماننے میں کتنی خیریں اور برکتیں پوشیدہ ہوتی ہیں اس کا ہمیں اندازہ نہیں ہے۔

پرسکون زندگی اچانک برباد کیسے ہوئی؟ دل ہلا دینے والی سچی داستان

(م، گ، شیخوپورہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری زندگی گناہوں اور علتوں سے بھری پڑی ہے۔ میں ایک اچھی نوکری کر رہا تھا جس سے میرا گزر بسر بہت لاجواب ہو رہا تھا۔ اللہ نے اپنے نور کا ذرہ میرے دل میں ڈالا اور میرا دل بدلا' کچھ درویش صفت لوگ ملے جن کی وجہ سے میں نے اپنے گناہوں سے ہمیشہ کے لئے توبہ کرلی۔ میں ایک نارمل زندگی گزارنے لگا۔ اللہ پاک نے مجھے ایک مخلص اور وفادار بیوی عطا کی جس نے ہر دکھ سکھ میں میرا ساتھ دیا۔ میرے پاس کروڑوں کی جائیداد تھی جو میں نے اپنی بیوی کے نام کردی اور اپنے سسرال والوں کی بھی ہر ممکن کوشش کی اور انہوں نے بھی میرا بھرپور ساتھ دیا۔

نوکری ختم ہوگئی

میرے ساتھ انوکھا معاملہ یہ ہوا کہ جب میں اپنے گناہوں سے تائب ہوا تو اس کے کچھ عرصہ بعد ہی مجھ پر آزمائش کا وقت آن پڑا۔ میری نوکری ختم ہوگئی اور اس کے بعد میں معمولی سی نوکری اور کام کرنے پر مجبور ہوگیا۔ میرے معاشی حالات کمزور ہوگئے۔ میں نے پھر بھی ہمت نہ ہاری اور حالات بہتر کرنے کے لئے کوششیں کرتا رہا۔ لیکن اس بار میرے لئے مسئلہ یہ بنا کہ میرے اپنے بیوی کے ساتھ معاملات الجھنا شروع ہوگئے۔ جو بیوی میرے ہر دکھ سکھ میں میرا ساتھ دیتی تھی اب وہی مجھ سے بات بات پر لڑنا شروع ہوگئی اور ہر بات پر میکہ جانے کی دھمکی دینے لگی۔ اس کے علاوہ میرے بچوں نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور مجھ سے نفرت کرنے لگے۔ میں حیران تھا کہ سب کچھ کیوں اور کیسے ہو رہا ہے۔ میں ذہنی طور پر مفلوج ہو رہا تھا۔ آخر کار میری بیوی اور بچوں نے مجھے چھوڑ دیا اور میں تنہا رہ گیا۔ میری ساری جائیداد بھی میری بیوی کے حصہ میں آگئی۔

صاحب نظر درویش سے ملاقات

ایک دن ایک صاحب نظر شخص سے میری ملاقات ہوئی۔ اس سے پہلے میں ان کو نہیں جانتا تھا اور نہ ہی وہ مجھے جانتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود انہوں نے میرے مسائل مجھے خود بتائے اور بتانے لگے کہ تم پر سخت کالا جادو کیا گیا ہے۔ اسی وجہ سے تمہارے ساتھ یہی مسائل چل رہے ہیں۔ وہ مزید کہنے لگے کہ تمہارے لئے بہتر یہی ہے کہ تم یہاں سے دور کسی اور شہر میں چلے جاؤ۔ اس سے تمہارے حالات میں کچھ بہتری کی امید ہے۔ میرے بیوی بچوں نے میرا ساتھ پہلے ہی چھوڑ دیا تھا لہٰذا میں دوسرے شہر میں شفٹ ہوگیا۔ اس کے بعد میرے حالات میں بہتری آئی' مجھے اچھی ملازمت مل گئی۔ وہاں مجھے ایک غریب گھر کی ایک نیک خاتون کا رشتہ ملا اور میری اس سے دوسری شادی ہوگئی۔

حالات کی سختی اور آزمائش کے سات سال

میری زندگی کے یہ چند سال خوشگوار گزرے لیکن میری دوسری بیوی نے بھی مجھے سابقہ بیوی کی طرح پریشان کرنا شروع کردیا۔ میں نے اس کی بہت منت سماجت کی اور خود بھی برداشت کی آخری کوشش کی مگر اس بیوی نے بھی مجھ سے علیحدگی اختیار کرلی اور انہی دنوں مجھ پر حالات کی آزمائش دوبارہ آنا شروع ہوگئی۔ حیرت کی یہ بات تھی کہ مجھ پر حالات کی سختی اور آزمائش سات سال کے لئے آتی ہے اور اس کے بعد کچھ عرصہ سکون سے گزرتا ہے لیکن دوبارہ پھر سات سال یہی معاملات شروع ہوجاتے ہیں۔ جہاں بھی ہاتھ ڈالتا ہوں ناکامی ہی مقدر ہوتی ہے۔ ایک دن انٹرنیٹ پر آپ کی محفل سن رہا تھا جس میں آپ نے ساڑھ ستی کو کھل کر بیان کیا اور پھر مجھے احساس ہوا کہ مجھ پر مصیبت اور مشکلات کے پہاڑ ٹوٹنے کی اصل وجہ یہی ساڑھ ستی ہے۔ اسی کی وجہ سے میرا سب کچھ چھن گیا' مال دولت اور بیوی بچے کچھ بھی باقی نہ رہا۔ مجھے اب امید ہے کہ آپ کے بتائے اعمال سے مصیبت اور مسائل سے نکل جاؤں گا۔

خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر

دولت‘ رزق اور خوشیوں کے پہاڑ | قریبی دوست آپ سے مخلص نہیں | دولہا دیکھتے ہی مایوس ہوگئے! | دشمن جلد ہی ناکامی کا منہ دیکھیں گے

بڑا مالی فائدہ ملے گا

خواب: میں نے دیکھا کہ ہماری چھت پر مرغی کا انڈہ پڑا ہوا ہے‘ میں اس کو لینے جاتا ہوں تو اس میں سے بچہ نکل رہا ہوتا ہے۔ میں انڈے کو پکڑتا ہوں تو کچھ گندگی نکلتی ہے جو گرجاتی ہے، لیکن صحت مند چوزہ میرے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ جو دیکھنے میں بہت خوب صورت ہے۔(محمد علی‘ خانیوال)

تعبیر: آپ کا خواب بہت مبارک ہے‘ خواب کی تعبیر کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو کہیں سے اچانک بڑا مالی فائدہ ملنے والا ہے۔ واللہ اعلم

قریبی دوست آپ سے مخلص نہیں

خواب: میں نے دیکھا کہ میرا دوست مجھے فون کرکے ملنے کا کہتا ہے تو میں موٹر سائیکل پر بیٹھ کر اس کی طرف چل دیتا ہوں، بہت تیزی سے موٹر سائیکل اس کے قریب سے گزارتا ہوں، پھر روک کر اس کی طرف آتا ہوں لیکن قریب پہنچتا ہوں تو وہ پستول نکال کر مجھ پر تان لیتا ہے‘ میں تیزی سے اس کا حملہ ناکام بنادیتا ہوں اور اس کا پستول نیچے گرادیتا ہوں۔ اس خواب کی تعبیر بتادیں۔(عابد سلامت‘ لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کا کوئی قریبی دوست آپ سے مخلص نہیں‘ عین ممکن ہے کہ وہ آپ کو نقصان پہنچانے کی بھی کوشش کریں۔ آپ حسب استطاعت صدقہ دیں اور یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ کی ایک تسبیح ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

دولہا دیکھتے ہی مایوس ہوگئے!

خواب: میں نے دیکھا کہ میری بڑی بہن کی شادی ہورہی ہے، ہر طرف لوگوں کا ہجوم ہے۔ مہمانوں کی تواضع کے لئے عمدہ کھانا بھی تیار کیا جارہا ہے اور میٹھے میں کھیر بھی بن رہی ہے۔ مجھے تسلی ہوتی ہے کہ شادی کے انتظامات بہتر انجام پا رہے ہیں۔ اتنے میں خوب صورت گاڑی میں دولہا آتا ہے۔ میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ دولہا دیکھنے کے لئے جاتی ہوں۔ اس سے پہلے ہم نے دولہا نہیں دیکھا ہوتا۔ دولہا دیکھ کر ہم سب بہت زیادہ مایوس ہوجاتے ہیں کیونکہ اس کا چھوٹا سا قد ہے اور عمر میں بھی بہن سے بہت بڑا لگ رہا ہوتا ہے۔ میری والدہ ایک کرسی پر بیٹھی ہوتی ہیں۔ میرے والد اور میں کہتے ہیں کہ ہمیں اس آدمی سے اپنی لڑکی کی شادی نہیں کرنی۔ ہمیں وہ بالکل پسند نہیں آتا۔ ہماری دور کی رشتہ دار جنہوں نے یہ رشتہ کرایا ہوتا ہے وہ شادی سے غائب ہوجاتی ہے۔(سائرہ ندیم‘ اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی بہن کا جلد کہیں اچھی جگہ پر رشتہ طے پاجائے گا‘ ان کے رشتہ میں جو رکاوٹیں ہیں وہ ختم ہوجائیں گی اور انہیں ان شاء اللہ ازدواجی زندگی میں خوشیاں نصیب ہوں گی۔ واللہ اعلم۔

دشمن جلد ہی ناکامی کا منہ دیکھیں گے

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے گھر کے پہلے پورشن میں ہوں، ایک سانپ جس کی جلد کئی رنگوں پر مشتمل ہے باہر سے اندر داخل ہوتا ہے۔ مجھے خطرہ لاحق ہوتا ہے کہ یہ سانپ مجھے ڈس لے گا‘ میں اس کو مارنے کی نیت سے اس پر حملہ آور ہوتا ہوں۔ خواب میں گھر میں میرے رشتے دار بھی آئے ہوتے ہیں، وہ سانپ مجھ سے ڈر کر بھاگتا ہے۔ وہ دوسرے کمرے میں چلا جاتا ہے۔ میں اس کے پیچھے جاتا ہوں مگر وہ نہیں ملتا۔ میں اپنے رشتہ داروں کو سانپ سے بچانے کے لیے سیڑھیوں سے اتارتا ہوں۔(ج، مانسہرہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کچھ لوگ آپ کو اور آپ کے قریبی رشتہ داروں کو نقصان پہنچانے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ تاہم آپ کے دشمن جلد ہی ناکامی کا منہ دیکھیں گے اور آپ کے تمام اہم کام بخیر و خوبی انجام پذیر ہوں گے۔ آپ معوذتین 41 بار بعد نماز فجر پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

مشکلات کے پہاڑ

خواب: میں نے دیکھا کہ میں‘ میری بیوی اور بہن ہم سب ساتھ کھڑے ہیں اور ہمارے سامنے خشک مٹی کے بنے ہوئے ٹوٹے پھوٹے تین انسان ہیں، جیسے اگر میں انہیں ہاتھ لگاؤں گی تو وہ ٹوٹ کر گرجائیں گے۔ وہ کوئی عمل کررہے ہیں۔ وہ مجھے پاس بلا کر کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ پر درود و سلام پڑھو پھر وہ خود بھی درود و سلام پڑھنے لگتے ہیں اور اسی وقت ایک سمندر نظر آتا ہے جہاں ایک جزیرہ نما کوئی جگہ ہوتی ہے اور وہ خود ہی سمندر کے کنارے پر آجاتی ہے۔ مجھے بتایا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ تک تمہارا سلام پہنچ چکا ہے اور جگہ کا کنارے پر آجانا سلام کا جواب ہے۔

تعبیر: آپ کثرت سے نبی کریم ﷺ پر درود و سلام کا اہتمام کریں‘ ہر حالت میں اس کا ورد جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آفتوں اور بلاؤں کے سمندر سے رکاوٹوں کے پہاڑ خود بخود دور ہوتے چلے جائیں گے۔ واللہ اعلم۔

دولت‘ رزق اور خوشیوں کے پہاڑ

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنی نانی کے گھر ہوں جہاں بارش ہورہی ہے۔ ان کے گھر میں ایک درخت ہے جہاں بہت سارے آم لگے ہوئے ہیں۔ اندر جاتی ہوں تو نانی مجھے ایک بیگ دے کر کہتی ہیں کہ یہ تمہارے لیے ہے۔ اس بیگ میں آم بھرے ہوتے ہیں۔ دوسری بار دیکھا کہ میں انہی رشتہ داروں کے گھر گئی ہوں۔ میں دیکھتی ہوں کہ وہاں عمدہ قسم کے ناریل اور کیلے ہیں اور یہ پھل ایک ہی درخت پر لگے ہوئے ہیں۔ میں اندر جاتی ہوں اور کسی کو اپنی بند مٹھی کھول کر دکھاتی ہوں تو میرے ہاتھ میں دونوں پھل ہوتے ہیں۔ جنہیں میں کھالیتی ہوں۔(نیلم‘ بہاولپور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے رزق میں تنگدستی ختم ہوگی‘ رزق کی فراوانی اور معاشی آسودگی نصیب ہوگی۔ اگرچہ اس کے لیے آپ کو تھوڑی سی محنت بھی کرنی پڑے گی۔ آپ روزانہ فجر کی اذان کے وقت جب مؤذن ’’الصلوۃ خیر من النوم‘‘ پڑھے تو آپ سانس روک کر گیارہ بار یَاوَھَّابُ پڑھیں اور اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یَاوَھَّابُ یَارَزَّاقُ کی پڑھیں۔ آپ یہ عمل مسلسل کچھ عرصہ کیجئے‘ ان شاء اللہ آپ کو دولت‘ رزق اور خوشیوں کے پہاڑ نصیب ہوں گے۔

مبارک اور نورانی حروف والا یہ نقش جس گھر میں بھی ہوگا اس گھر میں بسنے والے تمام افراد سدا ہنستے بستے خوشحال رہیں گے‘ دلوں میں وسعت‘ پیار اور رواداری ہوگی۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

نبوی ﷺ برتن کے تحفے سے شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تین سال سے کمر اور سانس کی تکلیف میں مبتلا تھا۔ اس مرض کے لئے میں نے ادویات استعمال کرنا شروع کیں جس سے مجھے افاقہ بھی ہوا۔ ادویات کے استعمال سے میرے درد میں آرام ملتا لیکن مسلسل ادویات کھانے سے میرا معدہ بھی خراب ہو چکا تھا۔ مجھے بھوک کی کمی کا مسئلہ بن چکا تھا اور پھر معدے کے لئے مجھے علیحدہ سے ادویات استعمال کرنا پڑتی تھیں جو مہنگی ہونے کی وجہ سے میں مستقل استعمال نہ کر پاتا۔ ایک دن سخت تکلیف کی وجہ سے میں کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنے پر مجبور ہو گیا۔ وہاں ایک نمازی جو میرے دوست بھی تھے وہ دیکھ کر حیران ہو گئے۔ مجھ سے پوچھنے لگے کہ آخر اس مسئلے کی کیا وجہ بنی۔ میں نے ان کو ساری بات بتائی اور پھر گھر واپس آ گیا۔ اگلے ہی دن وہ دوست میرے لئے تحائف لے آئے جب میں نے ان کو کھول کر دیکھا تو اس میں نبوی ﷺ برتن مد اور صاع تھے۔ انہوں نے بتایا کہ آپ اپنا کھانا پینا انہی برتنوں میں کیجئے ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔ میں نے اس مخلص دوست کے مشورے پر عمل کیا اور الحمدللہ ایک ماہ بعد میرے کمر درد میں کافی کمی آ چکی ہے اور معدے کا مسئلہ بالکل ختم ہو گیا ہے۔ (محمد فیضان، ڈیرہ غازی خان)

بازاری کریموں نے چہرہ بگاڑ دیا

میرے چہرے پر کافی عرصہ سے کچھ جگہوں پر سیاہ نشان پڑے ہوئے تھے۔ میں نے شروع شروع میں ان پر کوئی توجہ نہ دی۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ یہ سیاہ نشان بڑھنا شروع ہو گئے۔ میں نے کچھ بازاری کریموں کا استعمال کرنا شروع کیا جس سے فائدہ ہونے کی بجائے الٹا نقصان ہونا شروع ہو گیا۔ میرے چہرے پر سیاہ دھبے ختم تو نہ ہوئے مگر چہرہ چھائیوں سے بھر گیا۔ ایک دن میں اپنے بھائی کے ہمراہ ٹرین میں سفر کر رہی تھی وہاں سیٹ کے ساتھ ٹیبل پر عبقری رسالہ پڑا ہوا تھا۔ میں نے رسالہ پڑھنا شروع کر دیا۔ رسالہ کے ایک صفحہ پر کسی نے اپنے چہرے کی چھائیوں اور دھبوں کے لئے ''چہرہ شفاء'' دوا کے استعمال کا مشاہدہ لکھا ہوا تھا جس سے انہیں شفاء ملی۔ گھر واپس پہنچ جانے کے بعد کال کر کے میں نے چہرہ شفاء دوا کا آرڈر بک کروایا جو چار دن میں مجھے موصول ہو گیا۔ ڈبی کے اندر بروشر موجود تھا جس میں استعمال کا طریقہ لکھا تھا۔ میں نے جب پوری ڈبی استعمال کی تو میرے چہرے سے سیاہ دھبے کافی حد تک ختم ہو گئے اور چھائیوں میں بھی کچھ کمی آئی۔ میں نے مزید دو ڈبیا چہرہ شفاء کی آرڈر کیں جس سے میرا چہرہ بالکل صاف ہو گیا۔ (آمنہ، ساہیوال)

شادی کا نام سن کر پریشان ہو گیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے میرا ایک جگہ پر رشتہ طے ہوا۔ مگر میرے لئے یہ خوشی پریشانی کا باعث تھی کیونکہ اپنی جوانی کی کوتاہیوں اور غفلتوں کی وجہ سے میں کمزوری کا شکار ہو چکا تھا۔ میری شادی میں دو ماہ باقی رہ گئے تھے۔ مجھے میرے ایک دوست نے کچھ ادویات استعمال کرنے کے لئے دیں۔ ان کے استعمال سے میرے گردے میں تکلیف شروع ہو گئی جس وجہ سے میں نے ان ادویات کا استعمال ترک کر دیا۔ جیسے جیسے میرے شادی کے دن قریب آ رہے تھے میری پریشانی مزید بڑھتی جا رہی تھی۔ ان دنوں میرے ایک خالہ زاد بھائی کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی، میں مبارکباد دینے کے لئے جب اس کے گھر گیا تو اس نے مجھے بھی میری ہونے والی شادی کی مبارکباد دی۔ لیکن میرا پریشان چہرہ دیکھنے کے بعد اس نے مجھ سے وجہ پوچھی تو میں نے اپنے مسئلے کے متعلق بتایا۔ میرے کزن نے بتایا کہ اس کے ایک دوست کو بھی ایسا ہی مسئلہ تھا۔ اس نے کچھ دیسی ادویات استعمال کیں۔ جس کے بعد وہ بالکل ٹھیک ہو گیا تھا۔ میرے کزن نے اس سے رابطہ کیا تو اس نے بتایا کہ میں نے عبقری دواخانہ کی معجون مراد اور طاقتی گولیاں استعمال کی تھیں جس سے میں بالکل ٹھیک ہو گیا۔ میں اسی دن عبقری دواخانہ گیا اور وہاں سے معجون مراد اور طاقتی گولیاں خرید لایا۔ بروشر پر لکھی ہدایات کے مطابق استعمال شروع کر دیا۔ دو ہفتوں کے بعد مجھے اپنے جسم میں طاقت محسوس ہونا شروع ہوئی جس سے مجھے تسلی ہو گئی کہ دیسی ادویات کا اثر ملنا شروع ہو گیا ہے۔ میں نے مستقل مزاجی سے معجون مراد اور طاقتی گولیوں کا استعمال جاری رکھا۔ میری شادی کو چار ماہ ہو چکے ہیں اور الحمدللہ میں ایک خوشگوار ازدواجی زندگی بسر کر رہا ہوں۔ (پوشیدہ، سکھر)

حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عطا کردہ تحفہ! تسبیح خانہ سے لیجئے

15 شعبان (شب برأت) کی شب تسبیح خانہ آئیے حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عطا کردہ نادر تحفہ لے جائیے! بس! جس نے یہ تحفہ پا لیا اس نے دنیا کے تمام مسائل، مشکلات اور ناممکن مسائل کا فوری حل پا لیا۔ اس کے علاوہ ساری رات تسبیح خانہ میں مسنون اعمال

نورانی گٹھلی! روشن لکیریں! روشن قسمت

تسبیح خانہ میں ہونے والے طاقتور ترین عمل کی الوداعی دعا 15 شعبان کو تسبیح خانہ میں ہو گی، ضرور شامل ہوں اور اپنی اور اپنی نسلوں کی قسمت کے فیصلے، من چاہی مرادیں پا لیں!

نیلے رنگ سے کالے امراض، مشکلات ختم

15 شعبان کو اپنے ہمراہ خواتین ایک عدد نیلے رنگ کی قمیض اور مرد حضرات نیلے رنگ کی بنیان لے کر آئیں، شیخ الوظائف اس رات کو خاص لمحات میں عمل کروائیں گے، بس رات سوتے وقت اس کو پہنیں صبح اتار دیں۔ آپ کی تمام بیماریوں، پریشانیوں، الجھنوں، جادو کا انوکھا حل ہے!

کان کی لو اور بھنوؤں سے شفاء پائیے!

شب برأت کو اپنے ہمراہ کسی ڈراپر میں کوئی بھی تیل (سرسوں، زیتون) کا لائیے۔ خاص روحانی نورانی گھڑی میں شیخ الوظائف چند قطرے کانوں کی لو اور آنکھ کی بھنوؤں پر شہادت کی انگلی سے لگوائیں گے۔ وہ عمل کیا ہو گا؟ کرنا ہرگز نہ بھولیے! سالہا سال سے بیمار شفاء کیلئے ضرور شامل ہوں۔

روحانی جانثاروں کی الوداعی دعا

ایسا عمل جس سے بے شمار نے دکھ مٹوائے اور خوشیاں پائیں، آپ بھی اس دعا میں شامل ہوں اور دکھوں کو خدا حافظ اور خوشیوں کو خوش آمدید کہیے! مزید اس رات اولیاءؒ، صالحینؒ کے ایسے آزمودہ اعمال کروائے جائیں گے جن کی برکت سے سارا سال آپ برکات، خوشیاں، خوشحالیاں اور نسلوں کے سکھ نصیب مقدر پائیں گے۔

خواتین ہر حالت میں شامل ہو سکتی ہیں!
بچے اپنی ذمہ داری پر ہمراہ لا سکتے ہیں!

اگر آپ چاہتے ہیں کہ خاندان میں آپ کی عزت اور احترام ہو تو سورۃ اخلاص کے عمل میں ضرور شامل ہوں، سب کی نظر میں بے حد عزت پائیں گے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

تین اسم اعظم پر مشتمل طاقتور ترین تعویذ! آپ بھی حاصل کیجئے!

نوٹ: اس مرتبہ تسبیح خانہ میں 625 مرتبہ بسم اللہ لکھنے کا عمل 17 نومبر 2022 کو ہو رہا ہے۔ ضرور شامل ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے چھوٹے بچوں اور شوہر کے ساتھ موٹر سائیکل پر سفر کر رہی تھی۔ ہمارے سامنے ایک گاڑی تھی جو تیز رفتاری کے ساتھ ہمارے آگے چل رہی تھی۔ اچانک گاڑی والے نے بریک لگادی اور ہماری موٹر سائیکل اس گاڑی کے ساتھ بری طرح ٹکرا گئی۔ میں اپنے بچوں اور شوہر سمیت سڑک کے درمیان میں گر گئی جہاں ہیوی ٹریفک چل رہی تھی۔ سڑک پر اچانک بہت سے لوگوں کا مجمع لگ گیا اور لوگ ہمیں اٹھانے کے لئے پہنچ گئے۔ ہم سب نے اپنے پاس 625 بار بسم اللہ لکھ کر اس کا تعویذ اپنے پاس رکھا ہوا تھا۔ جس کی برکت سے ہمیں کوئی گہری چوٹ نہ آئی اور میں فوراً اٹھ گئی اور اس کے بعد اپنے بچوں اور شوہر کو دیکھا تو وہ بھی بالکل ٹھیک تھے‘ صرف ایک بیٹے کو ہلکی سی خراش آئی تھی۔ جبکہ ہمارا ایکسیڈنٹ اس طریقے سے ہوا تھا کہ بظاہر لگ رہا تھا جسم کی کوئی ہڈی ٹوٹ گئی ہوگی۔ لوگ ہمیں دیکھ کر حیران ہو گئے اور پوچھنے لگے کہ آپ کس طرح اس برے حادثے میں بھی محفوظ رہے۔ میرے شوہر نے ان کو بتایا کہ ہم سب نے اپنے پاس 625 بار بسم اللہ کا تعویذ اپنی جیب میں رکھا ہوا ہے جس کی وجہ سے اللہ نے ہم سب کی حفاظت فرمائی۔ (آمنہ نعیم‘ لاہور)

تعویذ گھر میں لٹکایا اور 4 دن بعد میاں بیوی میں صلح

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! دو سال پہلے میری بہن کی شادی ہمارے قریبی رشتہ داروں میں ہوئی۔ شادی کے آغاز میں ہی ان کے اپنے شوہر کے ساتھ اختلافات شروع ہو گئے۔ یہ اختلافات آہستہ آہستہ شدت اختیار کر گئے اور میری بہن اپنے شوہر سے ناراض ہو کر گھر آ گئی۔ ہم سب گھر والوں نے اسے بہت سمجھانے کی کوشش کی مگر نہ جانے اسے کیا ہو گیا تھا کہ وہ کسی کی بات سننے تک کو تیار نہ تھی۔ گھر کے بڑوں نے مل کر دونوں طرف سے معاملات کو سلجھانے اور صلح کروانے کی کوشش کی مگر میری بہن کسی بھی طرح اپنے گھر واپس جانے کو تیار نہ تھی۔ میں نے بھی صلح کروانے کی بھرپور کوشش کی مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ان دنوں تسبیح خانہ لاہور میں 625 بار بسم اللہ والے تعویذ کا عمل بھی ہونا تھا۔ میں نے تعویذ کے بہت سے کمالات سن رکھے تھے۔ میں نے اپنی بہن کا گھر بسانے کی نیت کر کے یہ تعویذ لکھا اور جس دن اس تعویذ پر شیخ الوظائف نے دم کرنا تھا‘ اپنے شوہر کے ہمراہ اس محفل میں حاضر ہوئی۔ تمام لوگ جو 625 بار بسم اللہ لکھ کر لائے تھے آپ نے ان سب کے تعویذ پر دم کیا اور پھر دعا کروائی۔ میں چند دن بعد اپنے والدین کے گھر رہنے کے لئے گئی اور یہ تعویذ گھر میں ایسی جگہ پر لگا دیا جہاں ہر آنے والے کی نظر پڑتی تھی۔ اس تعویذ کو لگائے ہوئے چار دن ہوئے تھے کہ میرے بہنوئی میری بہن کو خود لینے کے لئے آئے اور میری بہن بھی حیرت انگیز طور پر بغیر کوئی بات کیے اپنے شوہر کے ساتھ چلی گئی۔ حالانکہ اس سے پہلے وہ اپنے شوہر کا نام سننا بھی گوارہ نہ کرتی تھی۔ الحمدللہ اب وہ ہنسی خوشی اپنی زندگی بسر کر رہی ہے۔ یہ سب اس تعویذ کا کمال ہے۔ (شاہدہ اختر‘ لاہور)

تین گھونٹ پانی سے ساس کی نفرت ماں کی محبت میں بدل گئی

ع م۔ اسلام آباد

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے چند مشاہدات عبقری کے لئے پیش کر رہی ہوں۔ امید ہے اللہ اسے خیر اور بھلائی کا ذریعہ بنائے گا۔

حسد کی نحوست سے بچنے کا آزمودہ عمل

اگر ہم اپنے اردگرد نظر دوڑائیں تو کہیں نہ کہیں حسد، بغض، کینہ اور بری نظروں سے ڈسے ہمیں بے شمار لوگ نظر آتے ہیں۔ مجھے کافی عرصہ سے یہ مسئلہ تھا کہ اکثر کچھ حاسدین کی نظر لگ جاتی جس وجہ سے میں اکثر بیمار رہتی تھی اور شادی کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا۔ جب کوئی ہم میاں بیوی کا آپس میں سلوک اور اتفاق دیکھتا تو ہمیں اکثر نظر لگ جاتی تھی جس کی وجہ سے آپس میں تلخیاں‘ ناچاقیاں اور مختلف مسائل شروع ہو جاتے تھے۔

آپ کی ایک محفل میں بیت الخلا والی دعا کے فوائد سنے کہ اس دعا کا اہتمام کرنے والا انسان اور جنات کی نظر بد سے محفوظ رہتا ہے۔ ایسے کچھ افراد ہیں جن کی وجہ سے ہمیں اکثر نظر لگ جاتی تھی۔ جب بھی ان کا سامنا ہوتا میں اس دعا کو پڑھ کر تصور میں اپنے اور اپنے خاوند کا حفاظتی حصار کر لیتی ہوں جس کی وجہ سے اب نظر بد سے محفوظ رہتی ہوں۔

وضو کے تین گھونٹ

وضو کے بعد تین گھونٹ جس مقصد کے لیے پیئے جائیں تو اللہ کے فضل سے وہ کام ہو جاتا ہے۔ میری ایک عزیز رشتہ دار تھیں جن کی ساس انہیں بہت تنگ کرتی تھی۔ میں نے انہیں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل بتایا کہ اپنی ساس کی نفرت ختم کرنے اور محبت حاصل کرنے کے لئے یہ عمل کریں۔ جس کے پہلے گھونٹ میں ’’اللہ شافی‘‘ دوسرے میں ’’اللہ کافی‘‘ اور تیسرے گھونٹ میں ’’اللہ معافی‘‘ پڑھتے ہیں۔ انہوں نے عمل شروع کیا اور کچھ ہی عرصہ میں ان کی ساس کی طرف سے حیرت انگیز طور پر ماں جیسی محبت ملنا شروع ہو گئی اور جو نفرت تھی وہ آہستہ آہستہ بالکل ختم ہو گئی اس سے پہلے آئے دن وہ انہیں گھر سے نکال دیتی تھیں۔

اس نقش کی برکت سے اجڑتے گھر آباد ہوئے اور ان کی زندگی سے ویرانیوں اور پریشانیوں کا ہر طرف سے خاتمہ ہوا‘ اس بار آپ بھی اس خاص موقع کو ہرگز نہ گنوائیں (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ککھ سے لکھ پتی بننے کیلئے آئیے طلسماتی دنیا کی سیر کیجئے

حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے والدین کا انتقال ہو چکا ہے۔ ہم سب بہن بھائیوں کی زندگی بہت اذیت ناک بن چکی تھی۔ صرف ایک بھائی کماتے تھے جس میں گزر بسر بہت مشکل سے ہوتا، ایک بہن طلاق یافتہ اور ایک بہن بیوہ ہو چکی ہیں، ایسا لگتا ہے کوئی دشمن ہمارے گھر اور نسلوں کو ختم کروانے کے درپے ہیں۔ میری عمر 35 سال ہے لیکن چند ماہ پہلے تک میرا کوئی ذریعہ معاش نہیں تھا۔ میں نے بہت کوششیں کیں، لیکن سب رائیگاں جاتیں اور مجھے ہر کوشش کے بدلے میں بھاری نقصان ہوتا۔ مجھے سمجھ نہ آتی کہ جس کام میں بھی ہاتھ ڈالتا ہوں وہی مٹی بن جاتا ہے۔ میرا ایک بچپن کا دوست ہے وہ آپ کے تسبیح خانہ سے مستقل جڑا ہوا ہے۔ اس کے ابتدائی حالات سے میں واقف ہوں لیکن اب ان کے حالات بہت اچھے ہو چکے ہیں۔ میں نے اس سے اپنے ان مسائل کا ذکر کیا کہ مجھے بھی کوئی حل بتائیں۔ اس نے مجھے تسبیح خانہ میں گوشہ طلسمات جانے کا مشورہ دیا۔ میں حیران ہوا کہ یہ طلسماتی چیزیں تو قصے کہانیوں میں ہی ہوتی ہیں۔ میرے دوست نے بتایا کہ یہ حقیقت میں بھی ہوتی ہیں، آپ ایک بار آزما کر دیکھو۔ میں اسی دوست کے ساتھ تسبیح خانہ آیا۔ طلسمات والے ہال میں داخل ہوا تو محسوس ہوا کہ میں کسی پرانے دور کی کہانی کا کردار ہوں اور کسی طلسماتی دنیا میں داخل ہو گیا ہوں۔ میں نے جیسے ہی پہلے طلسم سے عمل کرنے شروع کیے مجھے انوکھی کیفیات محسوس ہونا شروع ہوئیں جس سے دل میں مسلسل سکون بھرتا جارہا تھا۔ جب میں نے طلسماتی تالے کا عمل اس تصور سے کیا کہ اگر کسی نے جادو یا بندش کروائی ہے تو وہ ٹوٹ جائے۔ میں یہ سب اعمال کر کے گھر آیا تو سخت ترین بدبو تھی، ایسے جیسے کوئی جانور مرا ہوا ہے۔ میں حیران تھا کہ یہ کیسی بدبو ہے سارا گھر دیکھ لیا لیکن مجھے کوئی ایسی چیز نہ ملی، کچھ دیر بعد حیران کن طور پر وہ بدبو اچانک ختم ہو گئی۔ اس کے بعد گھر میں پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں سنی تو مجھے احساس ہوا کہ معمول سے ہٹ کر چیزیں رونما ہو رہی ہیں، گھر میں سب کے چہروں پر اطمینان ہے۔ چند دن بعد میں نے ایک جنرل سٹور کا کام شروع کیا تو میری آمدن کا ذریعہ بن گیا۔ بہن کے بچے مرجھائے اور بیمار رہتے تھے ان کے چہروں پر رونق آگئی اور صحت مند ہونا شروع ہو گئے۔ جو بہن بیوہ تھی اس کے سسرال والے اس کا پورا پورا حصہ اسے دینے پر رضامند ہو گئے۔ میرے بھائی جہاں کام کرتے تھے ان کی تنخواہ بڑھا دی گئی۔ جبکہ تین سال سے ان کی تنخواہ نہیں بڑھ رہی تھی۔ میں حیران ہوں کہ تقدیر نے کیسے پلٹا کھایا! اور ہمیں ککھ پتی سے لکھ پتی بنا دیا، مجھے یقین ہو گیا کہ حقیقتاً دنیا میں ایسا نظام موجود ہے جو ہماری زندگی پر اثر کرتا ہے۔ اگر ہم روحانی نظام کا ساتھ لیں تو زندگی میں آسانیاں اور خوشیاں بھر جاتی ہیں۔ (احمد عزیز، لاہور)

ترقی، کامیابی پانے، مشکلات سے چھٹکارا کیلئے توجہ کیجئے!

کچھ حاسدین نے ہم پر بہت سخت جادو کروا رکھا تھا۔ میرے گھر میں عجیب واقعات پیش آتے تھے۔ اکثر پانی کے نلوں سے کیڑے مکوڑوں کے جتھے نکلتے تھے۔ ہم حیران ہو جاتے تھے کہ یہ سب ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

عجیب الخلقت مخلوق نہ جانور تھا نہ ہی انسان

اکثر مجھے ایک شخص نظر آتا جو نہ انسان لگتا نہ ہی کوئی جانور، میں اسے دیکھتا تو میری حالت غیر ہو جاتی۔ انہی مسائل کی وجہ سے ہم نے تسبیح خانہ کا رخ کیا، ہمیں ایک رشتہ دار نے تسبیح خانہ کے بارے میں بتایا تھا کہ وہاں جائیں آپ پر جو جادو کے اثرات ہیں وہ ختم ہو جائیں گے۔ ہم سب گھر والے تسبیح خانہ آئے درس کے بعد ہجویری محل کی خدمت کا اعلان ہوا کہ شیخ الوظائف خود اپنی نگرانی میں ہجویری محل میں کام کروائیں گے جو بھی سعادت پانا چاہتے ہیں اور اپنے مسائل کا سو فیصد حل چاہتے ہیں وہ اس انمول موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ میں نے وہیں فیصلہ کر لیا کہ میں بھی اس مبارک سعادت میں ضرور شامل ہوں گا، میں نے گھر والوں سے مشورہ کیا کہ میں خدمت کے لئے جانا چاہتا ہوں، والد صاحب بھی تسبیح خانہ سے بہت متاثر ہوئے تھے انہوں نے فوراً اجازت دے دی۔ اگلے دن میں نے ضروری سامان اور کچھ کپڑے ساتھ لئے اور ہجویری محل کا رخ کیا۔ نیٹ سے لوکیشن لگا کر قلعہ ستار شاہ پہنچا وہاں کچھ لوگوں سے پوچھا تو انہوں نے راستہ سمجھا دیا۔ سرسبز کھیت اور لہلہاتی فصلوں کے درمیان میں ہجویری محل پہنچا۔ وہاں آستانہ منت مراد کی بلڈنگ زیر تعمیر تھی۔ میں نے وہاں کے ذمہ داران سے بات کی اور خدمت پوچھ کر کام میں لگ گیا۔ وہاں اور بھی بہت لوگ خدمت کے لئے آئے تھے۔ وہاں ایک غیر معمولی بات یہ تھی کہ ہم دن بھر کام کرتے تھے پھر بھی جسم کو بالکل بھی محسوس نہ ہوتا کہ اتنا کام کیا ہے۔ شیخ الوظائف بھی وہاں تشریف لے آئے، انہوں نے ہر کام کی خود نگرانی کی، شیخ الوظائف خدمت کے دوران ہم پر دم بھی کرتے، جب تھکاوٹ سے جسم چور ہوا ہوتا تو دم کی وجہ سے ایک پل میں جسم میں نئی طاقت اور انرجی پیدا ہو جاتی۔

جادو کے سب اثرات زائل ہو گئے

میں نے پرانے ساتھیوں سے ہجویری محل کے نظام کے بارے میں پوچھا کہ یہاں ایسا کیا ہے تو ایک پرانے ساتھی نے بتایا کہ شیخ الوظائف اور علامہ لاہوتی پراسراری نے یہاں بہت چلے کر کے روحانی نظام بنایا ہے تاکہ دکھی مخلوق یہاں آئے تو راحت اور سکون پا کر واپس جائے۔ یہاں ایسے ایسے اعمال اور تعویذات دیے جاتے ہیں جن سے ہر قسم کے جادو اور جنات کا خاتمہ ہوتا ہے۔ مجھے جادو کی وجہ سے جو تکالیف اور ڈراؤنے خواب آتے تھے آہستہ آہستہ کم ہو کر ختم ہو گئے۔ ہجویری محل کی خدمت کے دوران میرے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ میں گھر واپس آیا تو گھر میں جادو کے اثرات کی وجہ سے رونما ہونے والی تمام چیزیں اب ختم ہو چکی تھیں۔ اب گھر میں کسی کو ڈراؤنے خواب بھی نہیں آتے ہیں۔ آئے دن گھر میں کوئی نہ کوئی عجیب بیماریوں میں مبتلا ہوتا تھا لیکن جب سے میں ہجویری محل سے آیا ہوں سب معاملات ٹھیک ہیں۔ (محمد عظیم، لاہور)

نوٹ: ہجویری محل میں ترقی' کامیابی پانے' مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن' چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔

جنات کی نظر بد سے چہرے پر بال اور بدصورتی بڑھتی جارہی ہے تو پریشان ہونے کی بجائے، سورۃ اخلاص کے نورانی عمل کی پابندی کریں اور حسن و جمال پائیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

(بقیہ: آرام دہ اور پرسکون سردی گزاریئے)

واک کریں تاکہ دوران سردی خون تیز ہو اور خون آپ کے چہرے پر جھلکتا ہوا دکھائی دے۔ سردیوں میں ورزش بھی بہت ضروری ہے۔ اس سے آپ کی قوت مدافعت میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

توانائی سے بھرپور مزیدار کھانے: اگر آپ کو سردیوں کے کھانے اور سوپ وغیرہ بنانے آتے ہیں تو بہت اچھا ہے۔ ورنہ کتابوں اور انٹرنیٹ سے بھی استفادہ کرسکتے ہیں۔ مزیدار قسم کے توانائی اور غذائیت سے بھرپور سوپ، بادام اور چنے کا حلوہ، کھیر بنا کر استعمال کرسکتے ہیں (خشک میوہ) یہ ساری چیزیں صرف پیٹ بھرنے کے لیے نہیں ہوتی بلکہ ان میں پروٹین اور کاربوہائیڈریٹ کا خزانہ بھی پوشیدہ ہوتا ہے جو سردیوں میں جسم کے لیے ایندھن کے کام آسکتا ہے۔

(بقیہ: بالٹی کا پیندا اور انسان)

بولے مگر وہ الفاظ اس کے دل کی دھڑکن نہ بن رہے ہوں۔ آدمی اپنے ہاتھ پاؤں سے کچھ عمل کرے مگر اس کا عمل اس کی روح کو نہ چھوئے۔ اس کی حرکات وسکنات اس کے دل ودماغ میں ارتعاش نہ پیدا کریں۔ اس کے برعکس ہونا یہ ہے کہ آدمی کا عمل اس کے لیے روحانی تجربہ بن رہا ہو۔ اس کی اندرونی ہستی کو بار بار کیفی غذائیں مل رہی ہوں۔ اس کا جسمانی عمل اس کے غیر جسمانی وجود میں ہل چل پیدا کررہا ہو۔ وہی کرنا ہے جس کے درمیان آدمی خود بھی کچھ ہورہا ہو۔ جو کرنا ہونا نہ بنے حقیقت کے اعتبار سے اس کی کوئی قیمت نہیں۔ وہ گویا ایک ایسا پتھر ہے جو بظاہر پانی سے بھیگ رہا ہے مگر وہ پانی کا مزہ نہیں پاتا۔

(بقیہ: دوسری شادی کے خواہشمند یہ دم کروالیجئے!)

میری اکاؤنٹنٹ نے مجھ سے آکر پوچھا سر کیا ہوا؟ میں نے تمام صورتحال اس سے ڈسکس کی‘ اس نے کہا کہ آپ پریشان نہ ہوں ایک میگزین شائع ہوتا ہے عبقری‘ اس کے ایڈیٹر شیخ الوظائف مزنگ تسبیح خانہ میں بیٹھتے ہیں‘ ہر ماہ وہ اسم اعظم کا دم کرتے ہیں‘ اسی اتوار اسم اعظم کا دم ہے‘ ہم تمام گھر والے کرواتے ہیں آپ بھی چلیے‘ ان شاء اللہ آپ کا یہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔ میں بڑا حیران ہوا کہ میں عاملوں کے چکر کاٹ کاٹ کر تھک گیا‘ لاکھوں برباد کیے‘ کوئی کام نہ ہوا‘ یہ کیسا پیر ہے؟ جو کوئی رقم بھی نہیں لیتا اور لوگوں کے مسائل بھی حل ہوجاتے ہیں۔ خیر میں نے اس کی بات کو زیادہ سنجیدہ نہ لیا‘ ہفتہ کی شام کو مجھے دوبارہ اس نے یاددہانی کروائی‘ میں نے سوچا چلو اسم اعظم کا دم ہے‘ کروالیتے ہیں‘ اللہ کا نام ہے‘ ان شاء اللہ خیر ہی ہوگی۔ میں اتوار کے روز تسبیح خانہ زندگی میں پہلی مرتبہ پہنچ گیا۔

لمبی لائن تھی‘ رش تھا‘ مگر سکون تھا‘ کوئی افراتفری نہ تھی‘ ہر چہرہ مطمئن‘ خوش اور پرجوش تھا۔ میں ایک لائن میں لگ گیا‘ میری باری آئی‘ پہلی مرتبہ شیخ الوظائف کو دیکھا بس چند لمحات کی آنکھوں آنکھوں میں ملاقات ہوئی اور میں دم کرواکر گزر گیا۔ دم کرواکر جب باہر نکلا تو عجب سکون‘ اطمینان اور خوشی محسوس ہوئی۔ باہر نکلا تو تسبیح خانہ کی دیوار کے ساتھ ایک فلیکس لگی تھی جس پر ایک اسم کا وظیفہ تھا کہ اس کے پڑھنے سے جادو جنات ختم ہوجاتا ہے۔ میں نے پورے یقین‘ توجہ اور دھیان سے روزانہ فیکٹری میں آکر ایک تسبیح اسم الٰہی یاقہار پڑھنا شروع کردیا۔ میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگے: بھائی یقین کیجئے وہ دن اور آج کا دن میری فیکٹری میں کبھی کوئی اینٹ آکر نہ گری‘ میرے سارے ڈر وسوسے نکل گئے۔ میرے کام میں رب نے مزید برکت ڈال دی۔ آخر میں ہنستے ہوئے انہوں نے مزید ایک بات فرمائی کہ اب وہ اکاؤنٹنٹ میری دوسری بیوی ہے۔ میں بھی مسکرایا‘ میں نے احتیاط سے پوچھا وہ کیسے؟ اٹھتے ہوئے بولے کہ اس کی کہانی پھر کبھی سناؤں گا۔

(بقیہ: ربیع الثانی کے مہینہ میں طاقتور اعمال سے ہرگز محروم نہ رہیں)

اس ترکیب سے ادا کیے جائیں۔ ترکیب نماز: نماز کی نیت کرنے کے بعد ثناء و فاتحہ پڑھنے کے بعد ہر رکعت میں سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھی جائے اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ اپنی مراد کے حصول کے لیے التجا کرے۔ انشاء اللہ ضرور قبولیت کا درجہ ملے گا۔

پریشانیوں اور مشکلات سے نجات: اگر کوئی شخص اپنی ذاتی مشکلات اور گھریلو پریشانیوں میں مبتلا ہو اور وہ ہر طرح سے اس کا حل تلاش کرنے میں ناکام رہا ہو تو وہ اس پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لیے ماہ ربیع الآخر کی پہلی رات مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد عشاء کی نماز سے پہلے آٹھ رکعت نفل نماز ادا کرے۔ اس نماز کو ادا کرنے کی ترکیب یا طریقہ یہ ہوگا کہ نماز کی نیت نہایت عاجزی کے ساتھ کرے، ثناء اور سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد ہر رکعت میں تین بار سورہ الکوثر پڑھے اور سلام پھیر دے۔ اس کے بعد دوسری رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۃ الکافرون پڑھے۔ تیسری بار کی رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں تین تین بار سورۃ اخلاص پڑھے۔ آخری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے۔

اس کے بعد سلام پھیر کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ اپنی مشکل پیش کرے انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرماتے ہوئے مشکل حل فرمائے گا۔

مسائل کے حل کے لئے: اگر کوئی شخص ماہ ربیع الثانی کی پندرہ (15) تاریخ کو چاشت کے نوافل کے بعد چودہ رکعت نفل نماز دو دو کر کے اس ترتیب سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات سات مرتبہ سورۂ اقراء پڑھی جائے (پارہ 30)۔ تو پھر سلام پھیر کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور عاجزی وانکساری کے ساتھ ان کلمات کا ورد کرے انشاء اللہ ثواب عظیم حاصل ہوگا اور بہت سے مسائل ان نوافل اور دعا کی برکت سے حل ہوں گے۔ یَامَلِیْکُ تَمَلَّکْتَ یَا اَلْمَلَکُوْتِ وَالْمَلَکُوْتُ فِیْ مَلَکُوْتِ مَلَکُوْتِکَ یَامَلِیْکُ

(بقیہ: ٹماٹر کا جز آلو اور موسمی سبزیوں کا پیسٹ‘ چہرہ روشن‘ چمکدار)

ہوسکتی ہے۔ اس لیے ماہرین جلد یہ مشورہ دیتے ہیں کہ میک اپ کرتے وقت آنکھوں کے اوپر پپوٹوں پر کریم استعمال نہ کریں۔

سردیوں میں لپ اسٹک کا استعمال: ہونٹ بھی حساس ہوتے ہیں اور سردیوں میں بہت زیادہ خشک رہتے ہیں۔ ان میں ایسے غدود ہوتے ہیں جو بہت جلد موسمی بیماریوں کے اثرات قبول کرلیتے ہیں۔ ان کو خشکی سے بچانے کے لیے کریم یا بالائی لگائیں۔ لپ اسٹک لگانے سے پہلے کنڈیشننگ اسٹک کا استعمال مفید رہتا ہے۔ رات سونے سے پہلے اور دن بھر میں دو تین مرتبہ ہونٹوں پر ویسلین کی موٹی تہ لگالیا کریں۔ ہونٹوں کو نرم رکھنے کے لیے گلوسی (بہت زیادہ چمک رکھنے والی) لپ اسٹک سے بھی پرہیز کریں۔ اس طرح آپ کی جلد کے حساس مقامات کی شادابی تادیر برقرار رہے گی۔ آپ کے ہونٹوں کی رنگت گہری ہے تو اسے ہلکی کرنے کے لیے رات بھر بادام کی کریم ہونٹوں پر لگائیں۔

(بقیہ: نیکی کا بدلہ اللہ ضرور دیتا ہے)

کو بتایا کہ یہ ہار مجھے ہی ملا تھا اور میں نے ہی ان کو واپس لوٹایا تھا۔ وہ کہنے لگی کہ آپ کی بھی دعا قبول ہوگئی اور میرے والد کی بھی دعا قبول ہوگئی۔ میں نے کہا وہ کیسے؟ اس نے بتایا کہ آپ کی دعا تو اس طرح قبول ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو گھر بھی دیا، گھر والی بھی دی اور رزق بھی دیا اور میرے ابو کی دعا اس طرح قبول ہوئی کہ جب وہ ہار لے کر واپس آئے تو وہ دعا مانگتے تھے کہ اے اللہ! ایک امین (دیانت دار) شخص نے میرا ہار مجھے لوٹایا ہے، اے اللہ! ایسا ہی امین شخص میری بیٹی کے لیے خاوند کے طور پر عطا فرمادے۔ اللہ نے میرے باپ کی دعا بھی قبول کرلی اور آپ کو میرا خاوند بنا دیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مخلص بندے کا کام اللہ تعالیٰ بھی رکنے نہیں دیتے، اٹکنے نہیں دیتے بلکہ اس کی کشتی ہمیشہ کنارے لگا دیا کرتے ہیں۔

(بقیہ: ڈپریشن کا زیادہ شکار آخر خواتین ہی کیوں)

دلچسپی پر آمادہ کرتی ہیں۔ ان ورزشوں سے اعصاب کو سکون ملتا ہے۔ ذہنی دباؤ، ذہنی تناؤ اور پریشانی کا خاتمہ ہوتا ہے اور یہی چیزیں ڈپریشن کا باعث ہوتی ہیں۔ اگر آپ ڈپریشن کا شکار ہوں گے تو انتہائی معمولی کام نہانا دھونا، کھانا پینا بھی آپ کو بوجھ لگے گا۔ آپ کو خود سے عزم کرنا ہے کہ آپ ایسی سست زندگی سے نجات ضرور پائیں گے۔ ڈپریشن میں ارادے کمزور پڑجاتے ہیں، لیکن ایک ماہر معالج آپ کے ارادوں کو قوت بخش سکتا ہے۔ وہ آپ کی بہتر رہنمائی کرسکتا ہے۔ اگرچہ کہا جاتا ہے کہ عمل سے پہلے ارادہ ضروری ہے لیکن ماہر نفسیات کا کہنا ہے کہ آپ کام شروع کردیں، ارادہ بھی بن جائے گا۔ **دوسروں کی دعائیں اور ہمدردیاں حاصل کریں:** کسی غرض کے بغیر دوسروں کے کام آنا خود اپنے کام آنے کے مترادف ہے، ماہرین نفسیات کی بڑی تعداد اس بات پر متفق ہے کہ کوئی بھی شخص رضا کارانہ خدمات انجام دے کر ذہنی وجسمانی صحت کو بہتر بنا سکتا ہے۔ وہ خود کو کہیں زیادہ آسودہ محسوس کرسکتا ہے۔ دوسروں کی مدد انسان کے اندر انسانی ہمدردی کے جذبات پروان چڑھاتی ہے۔ یہ اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ ایسے فرد میں سمجھنے اور سوچنے کی بہتر صلاحیت موجود ہے۔ رضا کارانہ خدمات انجام دے کر آپ خود کو یہ بتاتے ہیں کہ آپ بے کار نہیں ہیں، اس طرح آپ کا انسانوں سے رابطہ گہرا اور مضبوط ہوتا ہے، چونکہ تنہائی یا گوشہ نشینی ڈپریشن کے اہم اسباب ہیں لہٰذا لوگوں سے رابطے مرض کو قریب نہیں آنے دیتے۔

(بقیہ: پرانا ٹائیفائیڈ بخار! سوتے وقت مختصر عمل کیا شفاء مل گئی)

جب بھی مجھے کسی چیز یعنی کتا وغیرہ یا کسی اور جاندار سے نقصان کا خدشہ ہو تو میں فوراً یہ دعا پڑھتا ہوں۔ الحمدللہ اس دعا سے میری حفاظت ہوتی ہے‘ اس دعا کے پڑھنے سے کوئی بھی زہریلی چیز نہیں کاٹتی۔ وہ دعا یہ ہے۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ۔ میں یہ دعا جب بھی پڑھ کر بچوں پر دم کرتا ہوں تو وہ تھوڑی ہی دیر میں چپ ہوجاتے ہیں۔ میں یہ دعا جادو جنات سے بچنے کیلئے بھی پڑھتا ہوں۔ الحمدللہ نظر بد سے بھی محفوظ رہتا ہوں۔

کرسی ملی مگر موٹاپے نے آلیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! والد صاحب کے کاروبار کو جب میں نے سنبھالا تو وہاں زیادہ دیر کرسی پر ہی بیٹھا رہتا تھا۔ اس کے بعد میری عادت یہ بن گئی کہ رات کا جب کھانا کھاتا تو اس کے فوراً بعد لیٹ جاتا تھا۔ اس کے علاوہ دکان پر دوپہر کے کھانے کے بعد کولڈ ڈرنکس پینے کی عادت بھی پڑ گئی‘ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ ہی ماہ بعد میرا پیٹ نکلنا شروع ہوگیا۔ اس کے بعد میں نے اپنی زندگی کی ترتیب بدلی‘ کرسی سے اٹھ کر کام کرنا شروع کیا۔ لیکن پیٹ کم نہ ہوسکا۔ ایک دن میری دکان پر بچپن کا ایک دوست کافی عرصہ بعد ملنے کے لئے آیا تو وہ مجھے دیکھ کر حیران ہوگیا اور پھر خود ہی کہنے لگا کہ کرسی نے تمہارا پیٹ بڑھا دیا ہے۔ اس نے مجھے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ پریشان نہ ہو۔ میری اہلیہ کو بھی یہی مسئلہ تھا‘ وہ عبقری دواخانہ کی پیٹ ویٹ گولیاں استعمال کر رہی ہے جس سے اسے کافی افاقہ ہوا ہے۔ میں نے ان سے عبقری دواخانہ کا نمبر لیا اور پیٹ ویٹ گولیوں کی تین ڈبیوں کا آرڈر کر دیا۔ میں نے پیٹ ویٹ گولیوں کا ایک ماہ مسلسل استعمال کیا تو مجھے کافی بہتری محسوس ہوئی حیران کن طور پر میرا چار کلو وزن کم ہوگیا۔ ابھی بھی مسلسل استعمال کر رہا ہوں جس سے پیٹ مزید کم ہونا شروع ہوگیا ہے۔ (شہزاد معین‘ خوشاب)

سردی میں خشکی کا علاج مجھ سے لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کاروباری معاملات کی وجہ سے اکثر ملک کے ایسے علاقوں میں جانا پڑتا ہے جہاں موسم سرد اور خشک ہوتا ہے۔ وہاں مسلسل کچھ عرصہ رہنے کی وجہ سے میرے پاؤں اور ہاتھوں کی انگلیوں میں خشکی ہو جاتی تھی۔ یہ خشکی جب بڑھتی تو آہستہ آہستہ زخم میں بدلنا شروع ہو جاتی تھی۔ اس خشکی کو ختم کرنے کے لئے میں نے بہت جتن کئے لیکن مسئلہ حل نہ ہوتا تھا۔ اگر کوئی تیل مرہم وغیرہ لگاتا تو اس سے کچھ عارضی سکون تو ہو جاتا تھا مگر خشکی کا مسئلہ حل نہ ہوتا تھا۔ پچھلے سال کی بات ہے مجھے اپنی کاروباری مصروفیات چھوڑ کر چند دن کے لئے گھر آنا پڑا۔ میرے گھر میں الحمدللہ ہر ماہ عبقری کا رسالہ آتا ہے۔ میں نے رسالہ میں عبقری ویزلین کے بارے میں پڑھا تو مجھے اپنے مرض کے متعلق تسلی ہوئی کہ میرا مسئلہ حل ہو جائے گا کیونکہ ہم سب گھر والے عبقری کی پروڈکٹس استعمال کرتے ہیں جو واقعی خالص دیسی ہوتی ہیں۔ میں نے گھر کے قریب عبقری ایجنسی ہولڈر سے عبقری ویزلین خرید کر استعمال شروع کر دیا۔ تقریباً دو ہفتوں بعد خشکی کا مسئلہ حل ہونا شروع ہوگیا۔ اب میں عبقری ویزلین کو ساتھ رکھتا ہوں کسی بھی علاقہ میں جاؤں ہاتھ اور پاؤں میں خشکی کا مسئلہ نہیں ہوتا۔ (شاہد میمن‘ کراچی)

شاہی ناشتہ سے صحت لاجواب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا بچپن سے کمزوری کا شکار تھا۔ وہ زیادہ کھاتا نہ پیتا تھا۔ صرف صبح کے وقت بریڈ کے دو سلائس لیتا‘ پھر سارا دن کچھ نہ کھاتا تھا اور رات کے وقت تھوڑا دودھ پی لیتا یا صرف چند نوالے روٹی کے کھا لیتا تھا۔ اب اس کی عمر 12 سال ہو چکی تھی مگر اس کے کھانے کی ترتیب یہی تھی جس وجہ سے وہ دن بہ دن کمزور ہوتا جا رہا تھا۔ میں بیٹے کے حوالے سے بہت فکر مند رہنے لگ گئی۔ ڈاکٹر جو ادویات لکھ کر دیتے وہ استعمال کے لئے دیتی تو نہ کھاتا اور زبردستی کرنے پر الٹی کر دیتا تھا۔ ہمارے قریبی رشتہ داروں کی شادی تھی وہاں بھی اس نے کھانے کے چند لقمے لئے اور کھانا چھوڑ دیا۔ شادی میں موجود میری ایک خالہ تھی جنہوں نے بیٹے کی جسمانی کمزوری کا سبب پوچھا۔ میں نے انہیں بتایا کہ یہ مسئلہ بچپن سے ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ ان کی بہو کو بھی یہی مسئلہ تھا۔ ان کی بہو نے کہیں سے عبقری شاہی ناشتہ کے بارے میں سنا اور اس کا استعمال شروع کر دیا۔ جس سے ان کی بہو کی بھوک کا مسئلہ حل ہوا اور جسمانی کمزوری بھی ختم ہوگئی۔ ان کی بہو جو ساتھ ہی بیٹھی تھی انہوں نے اس بات کی تصدیق کی اور کہنے لگی کہ شاہی ناشتہ بچوں کے لئے بھی اتنا ہی مفید ہے جتنا بڑوں کے لئے۔ میں نے ان سے عبقری دواخانہ کا ایڈریس پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ وہ لاہور میں ہے مگر ہمارے شہر میں عبقری ایجنسی بھی موجود ہے جہاں سے آپ کو یہ شاہی ناشتہ مل جائے گا۔ میں نے اگلے دن اپنے شوہر کے ذریعے دو پیکٹ شاہی ناشتہ کے منگوا لئے۔ اس کو استعمال کرنے کی ترتیب تفصیل سے ڈبے میں موجود بروشر پر بھی لکھی ہوئی تھی۔ میں نے اپنے بیٹے کو اس کا استعمال شروع کروایا۔ شروع شروع میں بیٹا صرف چند چمچ لگا کر چھوڑ دیتا تھا لیکن آہستہ آہستہ اس نے کھانے کی مقدار بڑھانا شروع کی جس سے اس کی بھوک کی کمی کا مسئلہ بھی ختم ہونا شروع ہو گیا۔ تین پیکٹ شاہی ناشتہ کے مسلسل استعمال کرنے پر بیٹے نے دوپہر کا کھانا بھی شروع کر دیا اور الحمدللہ اس کی صحت میں اب بہتری آنا شروع ہوگئی ہے۔ (نیلم نواز‘ راولپنڈی)

بڑھاپا اور یادداشت کی کمزوری

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! زندگی میں کچھ پریشانیاں ایسی آئیں کہ میرے بال وقت سے پہلے سفید ہونا شروع ہو گئے اور میری یادداشت بھی کمزور ہوگئی۔ مجھے کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی تھی‘ ہر بات بھول جاتا تھا جس سے میری زندگی کی ترتیب بری طرح متاثر ہو چکی تھی۔ میں نے کچھ دیسی ادویات اور ٹوٹکے استعمال کرنا شروع کیے جس سے کچھ افاقہ نہ ہوا۔ میرے معاشی حالات تو کافی بہتر ہو چکے تھے لیکن یہ یادداشت کا مسئلہ کافی خراب ہوتا جا رہا تھا جس سے پریشانی بڑھتی جا رہی تھی اور بال بھی تیزی سے سفید ہونا شروع ہو گئے۔ میرے ایک رشتہ دار جو دوسرے شہر سے اپنے چیک اپ کے لئے لاہور آئے تھے۔ مجھے انہوں نے بتایا کہ لاہور میں عبقری دواخانہ ہے‘ میں نے وہاں اپنے مرض کے متعلق چیک اپ کروانا ہے۔ اگر سہولت ہو تو میرے ساتھ چلو۔ میں نے ان کی بات مان لی اور ان کے ساتھ عبقری دواخانہ پہنچ گیا۔ وہاں سے جب چیک اپ کے لئے ٹوکن لیا تو میں حیران رہ گیا کہ دیسی ادویات کے دواخانہ میں بھی آج کے دور میں اتنا رش ہوتا ہے۔ میں جس رشتہ دار کے چیک اپ کے لئے آیا تھا انہوں نے بتایا کہ یہاں بڑے بڑے حکیم صاحب کے اسسٹنٹ چیک کرتے ہیں‘ لوگوں کو بہت شفاء ملتی ہے تم بھی اپنا چیک اپ کروالو۔ میں نے بھی ٹوکن لیا اور باری آنے پر چیک اپ کروایا تو مجھے عبقری دواخانہ کا ''لال قلعہ شاہی ٹانک'' تجویز کیا گیا۔ میں نے لال قلعہ شاہی ٹانک کے چار ڈبے خریدے اور ان کا استعمال شروع کر دیا۔ مجھے اپنے جسم میں صحت و تندرستی محسوس ہونا شروع ہوئی۔ میں نے دو ڈبے لال قلعہ شاہی ٹانک کے جب استعمال کرلئے تو میری یادداشت میں بھی بہتری آنا شروع ہوگئی۔ اب مجھے استعمال کرتے ہوئے تقریباً چار ماہ ہو چکے ہیں‘ میری یادداشت کا مسئلہ حل ہو چکا ہے‘ صحت بھی بہتر ہوئی ہے۔ (نوید احمد‘ صوابی)

غربت وافلاس سے پریشان افراد دست غیب پانا چاہتے ہیں تو سورۃ اخلاص کے عمل میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں‘ ان شاء اللہ وسعت کے دروازے کھل جائیں گے (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

عبقری مصنوعات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	120/-
2	آگ شفاء	120/-
3	اکسیر البدن	350/-
4	الرجی نزلہ کورس	650/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	500/-
6	السر کورس	450/-
7	اتوکھی شفاء	250/-
8	ایام شفاء	180/-
9	بواسیر کورس	600/-
10	برص پھلبہری کورس	600/-
11	بے اولادی کورس	2500/-
12	بے اولادی پاؤڈر	500/-
13	بنفشی قہوہ	140/-
14	بستر پیشاب شفاء	180/-
15	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	180/-
16	بیری کا شہد 265 گرام	650/-
17	بیری کا خالص شہد 500 گرام	1300
18	بیری خالص شہد 1 کلو گرام	2400/-
19	برکت والی تھیلی	40/-
20	پیشاب کنٹرول کورس	450/-
21	پتھری ڈائیلاسز کورس	900/-
22	پوشیدہ کورس	600/-
23	پیچش شفاء	180/-
24	پتہ پتھری شفاء	150/-
25	پیٹ ڈیٹ گولیاں (پیٹ کم کرنے کیلئے)	300/-
26	تندرستی ٹانک	500/-
27	تریاق (پیٹ کے کیڑوں کی دوا)	150/-
28	ٹھنڈی مراد	180/-
29	ٹھنڈک پیکیج	500/-
30	ٹھنڈک پاؤڈر	150/-
31	جوہر شفاء مدینہ	200/-
32	جادو شکن پانی	80/-
33	جادو شکن تیل	50/-
34	جوش جوشاندہ	15/-
35	جوانی گولیاں	180/-
36	چلڈرن سیرپ	180/-
37	چوٹ شفاء	120/-
38	چہرہ شفاء	200/-
39	چھلکا اسپغول	250/-
40	چھلکا (ساشے)	10/-
41	چمک (برتن دھونے کیلئے)	150/-
42	حسن شفاء سیرپ	180/-
43	حاملہ ٹانک	180/-
44	خون صفاء پاؤڈر	180/-
45	خاتون شفاء (سیرپ)	180/-
46	خون روک شفاء	180/-
47	خون افزاء ٹانک	150/-
48	خاندانی راز شفاء	230/-
49	دیسی کریم	500/-
50	دیسی گھی	1200/-
51	دیسی گھی آدھا کلو	630/-
52	دھو الا شہد دوائی	1200/-
53	دل شفاء (عبقری کی قلمی)	600/-
54	دردی ہربل بام	120/-
55	دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء	180/-
56	ڈیپریشن پیکیج	550/-
57	روغن زیتون 500ML	800/-
58	روغن زیتون 60ML	130/-
59	روحانی دھونی	150/-
60	روغن کلونجی 60ML	290/-
61	روغن بادام 60ML	300/-
62	روغن ارنڈ	80/-
63	روحانی پھکی	70/-
64	روحانی عطر	300/-
65	روشن دماغ ٹانک	350/-
66	رضوانی لقرانی	2200/-
67	ستر شفائیں	280/-
68	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	180/-
69	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	500/-
70	سرسوں کا تیل 500ML	290/-
71	سچا منجن	100/-
72	سچی دوا بے اولادی کیلئے	140/-
73	سدا بہار حسن وخوبصورتی پیکیج	1000/-
74	ویز لین بڑی	90/-

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
74	شفاء حیرت سیرپ	180/-
75	شہد ایک کلو گرام	1000/-
76	شہد (500 گرام پیکنگ)	520/-
77	شہد 265 گرام	270/-
78	شوگر کورس	900/-
79	شاہی ناشتہ	150/-
80	طب نبویؐ حسن و جمال کریم	350/-
81	طب نبوی ہیئر آئل	350/-
82	طلسم توڑ کنگھی	120/-
83	عروسی سہاگ کورس	5500/-
84	عرق موٹاپا شفاء	500/-
85	عرق گلاب	80/-
86	عرق گلاب سپرے	90/-
87	عبقری تلبینہ	150/-
88	عرق شوگر شفاء	500/-
89	عبقری بے بی ٹانک	180/-
90	فشاری گولیاں	280/-
91	فیملی شفاء (ساشے)	20/-
92	قفنس پیکیج	700/-
93	قفنس فولاد ٹانک	180/-
94	کالی کڑوی شفاء	500/-
95	کراماتی تیل	300/-
96	کان شفاء	120/-
97	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	700/-
98	کرنٹ مالش	500/-
99	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	900/-
100	گیس بدہضمی تبخیر کورس	650/-
101	گردے فیل شفاء	180/-
102	گردی	300/-
103	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	600/-
104	لال قلعہ شاہی ٹانک	450/-
105	قد دراز کورس	600/-
106	قبض کشا	150/-
107	قوتی گولیاں	600/-
108	لاجواب حافظہ پیکیج	700/-
109	لیکوریا شفاء	180/-
110	معجون شفاء یابی	580/-
111	مرہم سکون	120/-
112	مرہم برص	300/-
113	موٹاپا کورس	700/-
114	مشروب عبقری افزاء	260/-
115	مشروب املی آلو بخارا	350/-
116	معالج آٹا	400/-
117	معجون مراد	1200/-
118	معذور شفاء ٹانک	600/-
119	نبویؐ برتن سَد	2250/-
120	نبویؐ برتن صاع	3850/-
121	نورانی حفاظتی کڑا	700/-
122	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
123	ناک شفاء	130/-
124	نسوانی حسن شفاء	300/-
125	نشاطی (جدید)	600/-
126	نوجوان شفاء	180/-
127	نیو طاقتی	680/-
128	نورتن شفاء	250/-
129	ہیپاٹائٹس کورس	900/-
130	ہارمونز شفاء	400/-
131	ہائی بلڈ پریشر کورس	650/-
132	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	180/-
133	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	500/-
134	ہاضم خاص پاؤڈر	150/-
135	ہربل ہیئر آئل	300/-
136	ہربل شیمپو	330/-
137	یورک ایسڈ نجات کورس	650/-
138	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-
139	7 تخم شفاء	180/-
140	عبقری قہوہ	10/-
141	روغن ناریل 60ML	120/-
142	روغن ناریل 500ML	700/-

دس منٹ کے عمل سے کاروبار کو چار چاند لگ گئے

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے سال پہلی مرتبہ تسبیح خانہ اپنی اہلیہ کے کہنے پر آیا تھا۔ میرے گھر عبقری رسالہ ہر ماہ آتا ہے جو گھر والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں دیے گئے وظائف اور ٹوٹکے اکثر آزماتے ہیں۔ لیکن میں نے خود کو کاروبار میں اتنا مصروف کیا ہوا تھا کہ اعمال والی زندگی کا کبھی خیال بھی نہ آیا۔ اچانک میرا کاروبار زوال کا شکار ہونے لگا۔

میں بہت پریشان تھا میرے سر پہ پورے خاندان کی کفالت کا بوجھ تھا۔ میری اہلیہ نے ہمیشہ برے وقت میں میرا ساتھ دیا ہے۔ سخت آمائش اور مشکل حالات کے باوجود اس نے کبھی کوئی گلہ نہیں کیا بلکہ ہر مشکل میں مجھے تسلی دی اور میرا بھرپور ساتھ دیا۔ اہلیہ نے مشورہ دیا کہ تسبیح خانہ میں سورۃ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کا عمل شروع ہو رہا ہے۔ آپ صرف گیارہ جمعراتیں سورۃ اخلاص کے عمل میں شامل ہو جائیں۔ اللہ ہمیں ان مسائل سے نکال دے گا۔ میں نے اہلیہ سے کہا پہلے ہی کاروبار کے حالات خراب ہیں اور اگر میں کاروبار چھوڑ کر چلا گیا تو اور نقصان ہوگا، لیکن اہلیہ نے مجھے سمجھایا کہ آپ نے اپنی سب تدبیریں کر کے دیکھ لیں ہیں لیکن اب ایک بار اللہ پہ بھروسہ کر کے دیکھیں۔ آخر میں رضامند ہو گیا۔ میں اگلے ہی دن تسبیح خانہ لاہور کے لئے روانہ ہو گیا۔

روح اور جسم کو تسکین مل گئی

جب لاہور پہنچا تو انٹرنیٹ پر میپ لوکیشن کی مدد سے تسبیح خانہ پہنچ گیا۔ جہاں بہت سے لوگ بیگ اٹھائے تسبیح خانہ کے گیٹ کے اندر داخل ہو رہے تھے۔ لوگوں کی کثیر تعداد میری طرح سفر کر کے تسبیح خانہ پہنچ رہی تھی۔ یہاں بہت رونق اور چہل پہل تھی ہر بندے میں انوکھا جوش اور ولولہ نظر آ رہا تھا۔ تسبیح خانہ میں موجود تبرکات کی زیارت کر کے روح کو بہت تسکین پہنچی۔ جس ہال میں محفل ہو رہی تھی مغرب کی نماز تک لوگوں سے بھر چکا تھا۔ میں عصر سے پہلے پہنچ چکا تھا اس لیے منبر کے قریب ہی جگہ مل گئی۔ مغرب کی نماز کے بعد حضرت شیخ الوظائف منبر پر جلوہ افروز ہوئے تو اتنی باوقار اور نورانی شخصیت کو میں دیکھتا ہی رہ گیا۔ دل گداز محفل شروع ہوئی تو میں ایسا کھویا کہ کب ختم ہوئی پتہ ہی نہ چلا۔ اس کے بعد گیارہ جمعراتوں والے سورۃ اخلاص کے عمل کا اعلان ہوا، تقریباً دس منٹ سب نے ڈوب کر سورۃ اخلاص پڑھی پھر شیخ الوظائف نے دعا کروائی۔ مجمع میں سسکیوں آہوں کی آوازیں تھیں۔ دعا کے بعد میں واپسی سفر کے لئے نکلا۔

اگلے دن دکان پر بیٹھا تو دل و دماغ میں تسبیح خانہ سے ملی وہ روحانی کیفیات یہاں بھی محسوس کر رہا تھا۔ میں نے پہلے دن ہی محسوس کیا کہ میرے کاروبار میں کچھ بہتری ہوئی ہے۔ میں سورۃ اخلاص کی بقیہ جمعراتوں کے عمل میں آن لائن شریک ہوا جس کے بعد میرے کاروبار میں انوکھی برکات ملنا شروع ہو گئیں۔ میرا کام اتنا بڑھ گیا ہے کہ میں نے تین ملازم اور رکھ لئے ہیں۔ دکان پر گاہکوں کا رش لگا رہتا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے لوگوں کو اب صرف میری ہی دکان نظر آتی ہے۔ (راؤ عبدالنصیر، فیصل آباد)

سسرال میں عزت و توقیر پانے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ سورہ الفتح کی آیت نمبر 8، 9 اور 10 روزانہ نماز عصر کے بعد کم از کم 21 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود شریف کے ساتھ۔ اپنے شوہر اور سسرال والوں کا تصور کر کے دم کر دیں، وہ فرمانبردار ہو جائیں گے اور وہاں آپ کی خوب عزت ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ (صائمہ مجید، چکوال)

جس نے اس نقش کو اپنے پاس رکھا اس پر فتوحات کے دروازے کھل گئے، تدبیریں ہمیشہ کارگر ہوئیں بلکہ الٹی بھی سیدھی ہو گئیں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

جنات کی چوریاں ختم	بار بار پیشاب نہیں آئے گا	جیولری شاپ کی بندش
ماسخورہ کا بہترین علاج	بیٹا کند ذہن ہے	قبض کے لئے نسخہ بتائیں

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اوراس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اکتوبر کے جوابات

1) آپ کاغذ پر سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ لکھ کر ہر دروازے کی چوکھٹ پر چسپاں کردیں، چوری اور جنات کے حملوں سے ہمیشہ حفاظت رہے گی۔ یہ میرا آزمودہ عمل ہے۔ الحمدللہ ہرطرح سے حفاظت ہے۔ (طالب حسین)

2) میرے ساتھ بھی جنات کا بہت زیادہ مسئلہ تھا۔ میں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا 625 مرتبہ کا نقش جب سے لکھا ہے، دوبارہ مجھے کسی چیز نے تنگ نہیں کیا، یہ بہت طاقتور ڈھال ثابت ہوا ہے۔ (واجد علی، خانپور)

3) یہ ماسخورہ کے لئے بہت مفید ٹوٹکہ ہے۔ سرخ کاہی 2 گرام، پھٹکری 3 گرام، نیلا تھوتھا 3 گرام، ہیرا کسیس سبز 2 گرام۔ ان سب کو کوٹ کر منجن بنالیں۔ منجن دانتوں پر ملیں اور بیس منٹ تک کلی نہ کریں۔ بعد میں جوشاندہ دال مسور میں سرکہ انگوری ملا کر منہ میں کلی لے کر ایک منٹ تک منہ بند رکھیں۔ اس طرح تین کلیاں کریں انشاءاللہ ایک ہفتہ میں فائدہ ہوگا۔ (حکیم غلام عباس، کراچی)

4) ایام کے دوران ہونے والی تکلیف میں دو ٹوٹکے بہت مفید ہیں۔ دارچینی کو پیس کر کیپسول میں ہم وزن بھرلیں اور ان دنوں کے شروع کے تین دنوں میں دن میں تین مرتبہ اس کیپسول کو کھائیں۔ دوسرا ٹوٹکہ یہ ہے: ادرک کے ایک چھوٹے ٹکڑے کو کش کرکے ابلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں اور اس کو کچھ دیر تک پڑا رہنے دیں اس کے بعد اس کو چھان کر پی لیں اس سے فوری طور پر درد میں آرام ملتا ہے

5) بار بار پیشاب مثانے کی کمزوری کی وجہ سے آتا ہے۔ آپ سو گرام کالے تل، بیس گرام اجوائن اور ایک چمچ دیسی شکر اچھی طرح مکس کرکے کسی شیشے کی ڈبیا میں رکھ لیں۔ اس مکسچر کا آدھا چمچ رات سوتے وقت پانی کے ساتھ لیں۔ اس میں پیٹ اور معدے کے بہت سے امراض کا بھی علاج ہے۔ (اختر محمود، لاہور)

نومبر کے سوالات

1) قارئین السلام علیکم! میری بچی 11 سال کی ہوگئی ہے جو بہت ضدی اور جھگڑالو ہے۔ ہرکسی سے بدتمیزی کرتی۔ کبھی کبھی لگتا ہے کہ اس کے ساتھ کوئی چیز ہے لیکن کچھ سمجھ نہیں آتی۔ کسی کے پاس اس کا کوئی علاج ہے تو بتا دیں۔ (صائمہ امیر، کراچی)

2) قارئین السلام علیکم! ہماری جیولری کی دکان ہے۔ کام بہت اچھا چل رہا تھا۔ چند سالوں پہلے ہمارے ساتھ جیولرز کی نئی دکانیں بنی ہیں۔ جب سے یہ دکانیں بنی ہیں ہمارا کاروبار کم ہوتا گیا اور اب اس وقت کاروبار ختم ہوگیا ہے۔ گاہک ہماری دکان کی طرف دیکھتا نہیں اور اگر دکان پر کوئی گاہک آ بھی جائے تو کچھ خرید وفروخت کیے بغیر دکان سے چلا جاتا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ہماری دکان بازار میں نہیں ہے۔ بعض اوقات تو باہر سے ہی کہہ دیتے ہیں کہ اس دکان میں نہیں جانا۔ کاروبار کی بہت زیادہ بندش ہے۔ قارئین میں سے کوئی اپنا آزمودہ عمل بتادے کہ اگر کسی نے کوئی جادو، ٹونہ اور بندش کروائی ہے تو وہ ختم ہوجائے سدا دعا گو ہوں گا (محمد ریاض، ٹوبہ ٹیک سنگھ)۔

3) قارئین السلام علیکم! میرے معدہ میں اکثر تیزابیت رہتی ہے اور گیس کی بھی شکایت رہتی ہے۔ قارئین آپ میرے لیے کوئی اچھا اور بہترین نسخہ بتادیں تاکہ میں اس مرض سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا پالوں۔ (ع۔ش، کوہاٹ)

4) قارئین السلام علیکم! میرا بیٹا سات سال کا ہے۔ مگر پڑھائی کی طرف ذرا بھی دھیان نہیں دیتا۔ میں بہت پریشان ہوں، میری بڑی حسرت ہے کہ وہ پڑھ لکھ کر اچھا انسان بنے۔ اس کے دین و دنیا دونوں سنور جائیں۔ قارئین برائے مہربانی کوئی وظیفہ بتائیں جس سے میرے بیٹے کا دھیان پڑھائی کی طرف ہوجائے تاکہ میرا بیٹا بڑا ہو کے ایک اچھا اور کامیاب انسان بن جائے۔ آپ کا بے حد مشکور ہوں گا۔ (والدہ محمد احمد، سیالکوٹ)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبہ! حیرت کا انوکھا جہان مشکلات کا سوفیصد حل

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

مراقبہ دورجدید کی تمام ضدی بیماریوں کا آزمودہ علاج ہے خاص طور پر ٹینشن، ڈیپریشن، ذہنی، جسمانی دباؤ، کھچاؤ، نیند کی کمی کا پوری دنیا میں مانا ہوا علاج ہے، بڑے بڑے ماہر نفسیات ان تمام بیماریوں کا علاج مراقبہ سے ہی کررہے ہیں، جدید سائنس آج اسے امراض کا یقینی علاج قرار دے رہی ہے۔ Meditation یعنی مراقبہ ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل یَا خَالِقُ یَا مُصَوِّرُ پڑھیں، اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سوفیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ (نوٹ: مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔)

شیخ الوظائف کی کتابوں میں غلطیاں

ایڈیٹر نے ہمیشہ اعتراف کیا ہے کہ میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں، کسی کتاب میں حوالہ رہ گیا ہو کوئی کمی ہو ایڈیٹر نے اپنی کتاب کے لیے کسی کتاب کا حوالہ لیا ہو وہ نہ لکھ سکے ہوں، کیونکہ اب سے پہلے کتب ادارے چھاپتے تھے اب عبقری خود چھاپتا ہے جہاں کوئی کمی، غلطی، آپ کی نظر سے گزرے آپ ادارہ کو ضرور اطلاع دیں، کیونکہ بندہ ہر پل اصلاح کا محتاج ہے۔

اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز رشتہ دار کسی ناجائز مقدمات میں پھنس چکا ہے تو یہ نادر موقع ہرگز مت گنوائیں، سورہ اخلاص کے اس عمل میں شامل ہوں جو آپ کو خلاصی دلوائے گا۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65)

جناتی اذیتیں! نیند کے نام سے ہی لرز جاتی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کچھ عرصہ پہلے بیمار ہوگئی۔ ڈاکٹر کے پاس گئے جس کے بعد میرا علاج شروع ہوا کافی دنوں بعد جا کر مجھے شفاء ہوئی۔ ابھی تین دن بھی نہ گزرے تھے کہ مجھے دوبارہ بخار ہوا۔ ڈاکٹر نے کچھ ٹیسٹ لکھ دیئے جس کے بعد پتہ چلا کہ یرقان ہوگیا ہے۔ میں نے اس بیماری سے متعلق کچھ احتیاط اور تدبیری کیں مگر مجھے کچھ زیادہ افاقہ نہ ہوسکا۔ اس کے بعد میری حالت یہ ہوگئی کہ ایک بیماری ابھی ختم نہیں ہوتی تھی کہ دوسری شروع ہو جاتی تھی۔ جب رات کو میں سونے لگتی تھی تو ڈراؤنے خواب آتے اور میں اٹھ کر بیٹھ جاتی‘ ساری ساری رات میری اکثر جاگ کر گزرتی تھی۔ اگر کسی طرح آنکھ لگ جاتی تو مجھے جسم پر سخت دباؤ محسوس ہونے لگتا تھا۔ میرے خاوند بھی میری حالت دیکھ کر بہت زیادہ پریشان رہنے لگے۔ اللہ نے کرم کیا اور میری ٹوکن کے ذریعے آپ سے ملاقات ہوگئی۔ آپ نے مجھے کالے کپڑے کا ایک روحانی عمل کرنے کے لئے بتایا۔ میں نے اسی دن وہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ عمل کرنے کے پہلے دن مجھے بظاہر کوئی فائدہ محسوس نہ ہوا۔ لیکن میں نے آپ کی ہدایات کے مطابق عمل کو جاری رکھا۔

طبیعت میں بہتری آنا شروع ہوئی

ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ میری طبیعت سنبھلنا شروع ہو گئی۔ مجھے جو رات کو ڈراؤنے خواب آتے تھے وہ ختم ہو گئے۔ مگر کبھی کبھار جسم میں دباؤ محسوس ہوتا تھا۔ میں نے عمل کو نہ چھوڑا اور مزید توجہ اور شیطانی اثرات سے نجات کا سخت تصور کرتے ہوئے عمل کرنا شروع کر دیا۔ اس عمل سے تھوڑے ہی عرصہ میں بالکل صحت یاب اور تندرست ہوگئی۔ میری تمام روحانی و جسمانی بیماریاں ختم ہوگئیں۔ عمل یہ ہے: ایک میٹر کالا سوتی کپڑا لے کر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اس کپڑے پر بیٹھ کر روزانہ 25 منٹ تک مسلسل پڑھنا ہے۔ 21 دن تک مسلسل یہ عمل اسی طریقے سے کرنا ہے اور پھر اس کپڑے کو جلا کر نہر میں بہا دیں۔ میں نے پانچ کالے کپڑے کے عمل کیے تھے۔ آج اسی عمل کی وجہ میں بالکل ٹھیک ہوچکی ہوں۔ اس عمل کے بعد آج تک مجھے دوبارہ ان مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

زبان میں نرمی‘ الجھے مسائل کا حل

حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ جتنا لوگ تنگدستی سے ڈرتے ہیں اتنا اگر دوزخ سے ڈریں تو دونوں سے بچ جائیں اور جتنا لوگ جنت کی فکر کرتے ہیں اتنی اگر ایمان کی فکر کریں تو دونوں پالیں۔ عبادت جنت کیلئے مت کرو اس لیے کرو کہ "اللہ عبادت کے لائق ہے۔ ☆ اللہ پاک کو دل اور زبان کا سخت ہونا پسند نہیں۔ اس لیے اللہ نے دونوں کو ہڈی کے بغیر بنایا ہے" اسے نرم رکھو، دل محبت سے نرم ہوگا اور زبان اخلاق سے۔ ☆ رشتوں کو ایسی محبت اور احترام سے نبھایا کرو جیسے شہد کی مکھی پھولوں سے اگر رس نکال بھی لے تب بھی پھولوں کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہونے دیتی۔ ☆ توبہ روح کا غسل ہے، جتنی بار کرو گے نکھار آتا رہے گا، ان لوگوں کو معاف کر دو جو آپ کی تکلیف کا سبب بنے اور انہیں یاد رکھو جو ہر وقت آپ کی خوشیوں کے متلاشی رہتے ہیں۔ زبان میں نرمی اور مزاج میں عاجزی الجھے ہوئے مسائل کو حل کر دیتی ہے۔ (فرزانہ جبین کھوئیاں)

قلم اٹھایئے‘ شیخ الوظائف سے ملاقات کا ٹوکن پایئے!

ادارہ عبقری اور عبقری خدمت خلق (ٹرسٹ) سالہا سال مخلوق سے خدا کے دکھوں کے مداوا کیلئے دن رات کوشاں ہے‘ بے شمار شعراء نے عبقری خدمت خلق اور عبقری رسالہ کی خدمات اور عبقری ادویات کے فوائد پر مختلف نظمیں لکھ کر بھیجیں‘ عبقری مزید شعراء کو یہ خاص خدمت اور سعادت دے رہا ہے کہ آپ بھی عبقری ادارہ کی خدمات پر نظم یا ترانہ لکھ کر ہمیں بذریعہ خط یا اس نمبر پر واٹس ایپ کریں۔ جس شاعر کا ترانہ شیخ الوظائف منتخب فرمائیں گے اس کو شیخ الوظائف کی طرف سے خاص ہدیہ اور ملاقات کا ٹوکن فراہم کیا جائے گا۔

بخار کا دیسی جڑی بوٹی سے آزمودہ علاج

قارئین السلام علیکم! آج کل جس کسی کی طبیعت یا حال چال پوچھو تو اکثریت ایک لفظ ضرور جواب میں ادا کرتی ہے کہ بخار تھا' بخار ہے یا گھر والے بخار میں مبتلا ہیں۔ ہر دوسرا شخص اس مرض میں مبتلا کراہ رہا ہے۔ چونکہ میرا تعلق ایک معالج گھرانے سے ہے اس حوالے سے میرے پاس سے کچھ طبی شفاء بخش معلومات ہیں جو میں آپ کی نذر کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ یا آپ کا کوئی پیارا اس دردناک اذیت میں مبتلا ہو تو آپ گھر بیٹھے اس کا علاج کر سکیں اور اس کو مہلک بخار سے نجات دلا سکیں۔ ان شاء اللہ یہ نبویؐ جڑی بوٹی ضدی سے ضدی بخار حتیٰ کہ ٹائیفائیڈ میں بھی بھرپور اثر رکھتی ہے اور مریض کو شفاء یاب کرتی ہے۔ طب جدید میں بخار کا علاج اینٹی بایونک ادویات سے کیا جاتا ہے بخار کی شدت توڑنے کیلئے اسپرین وغیرہ دی جاتی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے بخار کو جہنم کی آگ قرار دیکر فرمایا کہ اسے پانی سے ٹھنڈا کرو' تیز بخار کیلئے مریض کے جسم پر پانی پھیرا جائے کپڑے کو پانی میں تر کر کے ماتھے پر اور پیروں پر بار بار پھیرنے سے بخار کی شدت کم ہو جاتی ہے بخار اگر زیادہ ہو اور موسم سرد نہ ہو تو یہی کپڑا بدن پر بھی پھیرا جائے۔ مریض کی قوت مدافعت قائم رکھنے کیلئے اس کی غذا پر خصوصی توجہ دی جائے جو ابال کر چھان کر یہ پانی دن میں کئی بار پلایا جائے اگر جو کے پانی میں شہد ملا کر پیا جائے تو سب سے بہتر ہے' شہد ایک مکمل غذا ہے جسم کی قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے شہد مکمل طور پر جراثیم کش ہے اسے پلانے سے پیٹ کے زخم مندمل ہوتے ہیں۔ شہد پینے والوں کی آنتوں میں سوراخ نہیں ہوتا دل اور نبض کی کمزوری دور کرنے کیلئے شہد ایک مقوی دوا ہے۔ ٹائیفائیڈ بخار کے علاج کا بنیادی اصول یہ ہے کہ مریض کو ایسی غذائیں دی جائیں جن میں بھوک کم از کم ہو، تاکہ ہضم ہونے کے بعد وہ آنتوں پر وزن نہ ڈالیں کیونکہ ایسا ہونے سے آنتوں کے زخم پھٹ سکتے ہیں یا ان میں سوراخ ہو سکتا ہے اس لیے گوشت کھانا سب سے آسان گوشت کی یخنی یا باریک کر کے مصالحوں کے بغیر قیمہ بنا کر دیا جائے۔ قسط شیریں (پنسار سے عام مل جاتی ہے) کو جراثیم کے ہلاک کرنے اور سوزشوں کے خلاف جسم کی قوت مدافعت بڑھانے میں کمال حاصل ہے۔ ایک مشہور ڈاکٹر نے بتایا کہ ہم نے ٹائیفائیڈ بخار کے مریضوں کو قسط شیریں 80 گرام برگ مہندی 20 گرام پیس کر ملا کر چھوٹا چمچ صبح و شام دیا ہر ایک مریض کو ایک ہفتہ میں شفایاب ہو گیا۔ اگر ایک ہفتہ میں شفایابی نہ ہو تو علاج کو چند روز ماہنامہ عبقری کی یاقوتی جاری رکھی جائے۔ شہد بکثرت استعمال کیا جائے کیونکہ شہد ہر بیماری میں شفاء کا مظہر ہے۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''جوہر شفاء مدینہ'' بخار کیلئے انتہائی مفید ہے' یہ بھی بے شمار دفعہ کے تجربہ میں آئی ہے۔ آزمودہ ہے۔ (اظہر کامران' لاہور)

دل و جسم کے کمزور افراد کیلئے طاقت کا خزانہ

عمدہ گاجریں لے کر ان کو پہلے پانی سے خوب اچھی طرح سے دھو کر اوپر سے چھیل لیں اور اندر سے ہڈی سی نکال دیں اور پھر کدوکش کر لیں یا پھر کدوکش نہ ملنے کی صورت میں سل بٹہ پر باریک پیس لیں۔ اب ان گاجروں کو سیر بھر لے کر سیر بھر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ جب گاجریں اچھی طرح گل جائیں اور تمام دودھ خشک ہو جائے تو اتار کر رکھ لیں اور علیحدہ کڑاہی میں گھی ڈیڑھ پاؤ ڈال کر چولہے پر رکھیں اور نیچے نرم نرم آگ جلائیں۔ جب گھی سرخ ہو جائے تو اس میں گاجریں نرم شدہ ڈال کر بریاں کریں، یہاں تک کہ نہ ہی تو کچی رہیں اور نہ ہی جلنے پائیں۔ اب اس میں آدھ سیر مصری باریک شدہ ڈال کر پانچ منٹ تک رہنے دیں اور پھر اتار لیں اور نیچے لکھے ہوئے مغزیات جو کوب کر کے شامل کریں۔ مغز بادام شریں 5 تولہ، مغز اخروٹ 2 تولہ، مغز چلغوزہ 2 تولہ، مغز زجیل (کھوپا) 5 تولہ، مغز پستہ 2 تولہ، فندق 2 تولہ، مغز چرونجی 2 تولہ، بس حلوہ تیار ہے۔ ترکیب استعمال: بوقت صبح ناشتہ کے طور پر 5 تولہ سے 7 تولہ تک اور چاندی کا ورق لپیٹ کر کھایا کریں۔ دل کی کمزوری اور کمزور لوگوں کے لیے ایک بے بہا چیز ہے۔

شیخ الوظائف کی گوشہ درود وسلام کراچی آمد

5 مارچ 2023ء بروز اتوار صبح 10 بجے

الحمدللہ کے سالانہ طاقتور چلہ کی اختتامی دعا اور نئے چلہ کا آغاز۔ جادو جنات' بندشیں' مسائل' مشکلات ختم۔

21 اگست 2022ء کو گوشہ درود وسلام میں ہونے والی محفل میں شیخ الوظائف نے دو عمل عطا فرمائے تھے۔

پہلا عمل: سورۂ کوثر 129 مرتبہ روزانہ 129 دن تک۔

دوسرا عمل: دو نفل حاجت کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین روزانہ ستر دن تک ان دونوں چلہ کی الوداعی دعا اور عمل کی زکوٰۃ بھی اسی دن بتائی جائے گی۔ مزید 9 طاقتور روحانی پیکیجز بھی کروائے جائیں گے۔

1۔ عبقری نورانی حفاظتی کڑا: ہمراہ لائیں۔ شیخ الوظائف پہلی دفعہ کڑا کا خاص الخاص عمل کروائینگے۔ جسمانی' روحانی بیماریوں کا علاج' لڑائی جھگڑے ختم۔ (پہنا نظر نہ آئے)

2۔ کالا دھاگہ سے کالی چیزیں ختم: کالا دھاگہ لائیں' خاص اسم کا عمل کروایا جائے گا۔ سر کے بالوں سے لیکر ناخنوں تک جادو ختم کالی چیزوں' بیماریوں کا خاتمہ

3۔ 21 چھوہارے اور ایک عدد ناریل: 21 عدد چھوہارے اور ایک عدد ناریل لائیں' ناریل کے 21 ٹکڑے کریں' بے اولادی ختم۔ انتہائی آسان اور کامیاب عمل۔

4۔ انگوٹھے پر سیاہی لگائیں' کمال پائیں: مارکر ہمراہ لائیں۔ شیخ الوظائف عمل کروائیں گے۔ ٹینشن' ڈپریشن' گھبراہٹ' وساوس' بیماری' جادو' جنات' نظر بد ختم ہوتی جائیگی۔

5۔ دولت میں حیرت انگیز اضافہ کا عمل: پانچ عدد کوڈی (کوڑی) لائیں۔ عمل ہوگا۔ رزق' دولت اور برکت پائیں۔

6۔ پڑھائی کمزور بچے ٹاپ پوزیشن لینگے: اکیس عدد دکنی مرچ، 21 عدد بادام کی گریاں' پیس کر کسی شیشے کے جار میں لے آئیں' ٹاپ پوزیشن چاہنے والے ہمیشہ کامیاب۔

7۔ گڑ سے زندگی کی کڑواہٹ ختم: ڈلی گڑ ہمراہ لائیں۔ عمل ہوگا۔ بس یہ گڑ آپ کی زندگیوں سے تمام کڑواہٹیں ختم' مٹھاس اور مسکراہٹیں بھر دے گا۔

8۔ روئی کا عمل: محفل میں اتنی روئی لائیں کہ اس کے دو پھاہے بن جائیں۔ عمل ہوگا۔ روحانی جسمانی بیماریاں ختم

نوٹ: درج بالا پیکیجز میں استعمال ہونے والی تمام چیزیں ''گوشہ درود وسلام'' سے بھی مل جائیں گی' چاہیں تو گھر سے لے آئیں۔ لانا نہ بھولیے! تیل' چینی' چاول' آٹا' نمک' پانی' صابن (نہانے' کپڑے دھونے) اور ماچس' پھر کرشمے دیکھیں!

مخلصین کا مسلسل اصرار اور شیخ الوظائف کی اجازت

نو اور دس محرم مخلصین نے بہت زیادہ لنگر تقسیم کیا۔ بہت خیریں اور برکات سمیٹیں۔ بے شمار عقیدت مند لنگر اور سبیل لگانا چاہتے تھے مگر سہولت نہ ہونے کی وجہ سے پریشان تھے۔ آئندہ سے ایسے احباب جو اپنا انتظام نہیں کر سکتے لنگر اور سبیل لگوانے کیلئے ٹیلی نار کے اس نمبر 0343-8710009 پر سو فیصد اعتماد اور بھروسہ کریں۔ (صرف میسج اور واٹس ایپ کیجئے)

آپ مالدار سخی ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ مال و دولت اور سخاوت نسلوں تک چلے تو سورۂ اخلاص کی اختتامی دعا میں شامل ہوں اور دل کھول کر خوب لنگر تقسیم کریں۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

خارش اور زخموں سے بھرا جسم 11 دن میں ٹھیک

(محمد اسلم جھنگی، وہاڑی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عمل ہے جس سے جلد کی کوئی بھی بیماری ختم ہو جاتی ہے۔ میں نے بہت لوگوں پر اس آیت کو آزمایا ہے۔ ہر بار حیران کن نتائج ملتے ہیں۔ جلد کی جو بیماریاں بڑے بڑے علاج کروا کے بھی حل نہیں ہوتیں وہ اس آیت مبارکہ کے عمل سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ میں چند مشاہدات عرض کرتا ہوں۔

بچی کا جسم زخموں سے بھر چکا تھا

میرے ایک قریبی دوست کی بیٹی اپنے خاوند کے ساتھ یورپ میں رہتی ہے، وہاں اس کی بچی کو خارش ہو گئی، اس کی عمر تقریباً چار سال ہے۔ خارش سے سارا جسم زخموں سے بھر گیا، انہوں نے بہت علاج کروائے مگر وہ ٹھیک نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے اسے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 101 دفعہ آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (۴۵) پوری پڑھنے کیلئے بتائی۔ میں نے کہا کہ یہ آیت پڑھ کر تیل پر دم کر کے اس کے جسم پر لگائیں۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے بچی معجزاتی طور پر 11 دن میں بالکل ٹھیک ہو گئی۔ وہ لوگ بہت خوش ہوئے۔ کیونکہ وہ علاج کروا کر تھک چکے تھے۔

پاؤں پر اذیت ناک دانہ نکل آیا

ایک مرتبہ میرے بیٹے کے پاؤں پر ایک بڑا سا دانہ بن گیا۔ بہت تکلیف دہ تھا۔ بیٹے نے مجھے بتایا اور کہا اسے کسی ڈاکٹر کو دکھانا چاہیے۔ میں نے کہا اس کا علاج قرآن کی ایک آیت میں ہے۔ میں نے دو انچ کی رسی لے کر اس پر گیارہ دفعہ درود شریف اور گیارہ دفعہ یہی آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھ کر دم کر دیا اور پرانی روڑی میں دفن کر دیا۔ اس عمل کے بعد جیسے ہی رسی گلتی ہے اس کے ساتھ ہی جو دانہ یا جلدی بیماری ہو وہ بھی ختم ہو جاتی ہے۔ تقریباً 21 دن کے بعد وہ دانہ پاؤں میں نظر نہ آیا‘ جبکہ یہ دانہ کافی بڑا تھا۔ میں اس آیت کے کیا کیا فوائد لکھوں‘ بس اتنا کہوں گا یہ آیت بہت بڑا خزانہ ہے۔

آنکھ کے پیچیدہ مسائل کا حل

میری ہارڈ ویئر کی دکان ہے۔ میرے ساتھ کچھ ویلڈنگ اور مکینک کی دکانیں ہیں۔ جس مارکیٹ میں دکان ہے وہاں اکثر دھول‘ دھواں اور مٹی وغیرہ سارا دن رہتی ہے۔ گرمیوں کے موسم میں میری آنکھوں میں چبھن اور جلن ہونا شروع ہو گئی۔ میں گھر جا کر ٹھنڈے پانی سے آنکھوں کو دھوتا جس سے مجھے اس وقت کچھ آرام مل جاتا تھا۔ آہستہ آہستہ یہ مسئلہ بڑھتا گیا اور پھر آنکھوں میں چبھن اور جلن ہر وقت رہنا شروع ہو گئی۔ جب میں سو کر اٹھتا تو آنکھیں گرد و غبار سے بھری ہوتی تھیں۔ اسی دوران میری نظر ساتھ والی دکان کے شخص پر پڑی جو ویلڈنگ کا کام کر رہا تھا۔ میں حیران ہوا کہ آخر کیا وجہ ہے کہ یہ شخص بھی سارا دن اسی ماحول میں مسلسل باہر کام کرتا ہے لیکن اس کی آنکھوں میں ایسا کوئی مسئلہ نظر نہیں آتا۔ میں نے اس شخص کو جب اپنا مسئلہ بتایا اور اس سے پوچھا کہ ایسی کیا بات ہے جس وجہ سے آپ کو آنکھوں کے امراض لاحق نہیں ہوئے۔ وہ شخص بتانے لگا کہ میری بیوی عبقری رسالہ پڑھتی ہے اس نے مجھے رسالہ سے عبقری کا آنکھ شفاء ڈراپ استعمال کرنے کا کہا۔ جس کے استعمال کے بعد میرا یہ مسئلہ حل ہو گیا۔ میں نے بھی دو ہفتے آنکھ شفاء ڈراپ کا مستقل استعمال کیا۔ میری آنکھوں چبھن اور جلن ختم ہو گئی۔ (کاشف عمران‘ اوکاڑہ)

ہر کاروباری ڈیل میری خواہش کے مطابق ہوتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا کام ایسا ہے کہ مجھے اکثر دوسرے شہروں میں سفر کرنا پڑتا ہے۔ جب سے میں نے عبقری رسالہ تقسیم کرنے کے مشاہدات پڑھے، بہت متاثر ہوا۔ میں نے سوچا کہ اس رسالہ کو تقسیم کرنے سے کیسے فائدہ ہوسکتا ہے؟ تو اللہ نے ذہن میں ڈالا، کیونکہ یہ رسالہ لوگوں کی مشکلات اور مسائل کا حل دیتا ہے، اس سے لوگ اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کے قریب ہوتے ہیں۔ اس لئے اس نیک کام کی برکت سے لوگوں کے اپنے مسائل اور مشکلات حل ہوتے ہیں۔ عموماً کاروبار میں مشکلات تو آتی رہتی ہیں، اب میں بھی دوران سفر کچھ عبقری رسالے اپنے ساتھ رکھتا ہوں اور راستے میں تقسیم کر دیتا ہوں۔ اس عمل کی برکت سے ہر ڈیل کا فیصلہ میری خواہش کے مطابق ہوتا ہے اور آمدن میں بہت برکت ہے۔ میں اس عمل کے بعد بہت مطمئن رہتا ہوں اور کسی قسم کی ٹینشن یا پریشانی نہیں ہوتی۔ (کفیل حسین، گوجرہ)

میرے پیسوں پر قابض شخص، لوٹانے پر رضامند ہوگیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ تقسیم کرنے کے بارے میں اپنا ایک زبردست مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں۔ میری والدہ تسبیح خانہ کی بہت عقیدت مند ہیں۔ ہر جمعرات محفل میں حاضر ہوتی ہیں۔ میں نے کاروبار کے لئے ایک بندے کو کچھ رقم دی۔ وہ کام تو نہ ہوسکا الٹا وہ شخص رقم پہ پر قابض ہوگیا۔ بہت کوشش کے باوجود بہانے بنا کر ٹال دیتا۔ میں نے والدہ سے دعا کے لئے عرض کیا۔ والدہ نے کہا آپ عبقری دفتر سے رسالے خرید کر تقسیم کرو۔ کیونکہ بہت سی خواتین مجھے بتاتی ہیں کہ رسالہ تقسیم کرنے کی برکت سے فوراً مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ میں نے ایسا ہی کیا تقریباً ایک سو رسالہ لے کر مختلف جگہوں پر تقسیم کر دیا۔ میں نے پھر اس بندے سے رابطہ کیا، اسنے رقم دینے کی حامی بھر لی۔ ایک ہفتے بعد اس نے آدھی رقم واپس کر دی، اب دو ماہ کا وقت مانگ رہا ہے کہ باقی رقم بھی واپس کردے گا (علیم، لاہور)